يا ايها الذين امنوا كتب عليكم الصيام

# صیام السالکین

## رمضان روزے اور ہم

صاحبزادہ محمد برہان الحق جلالی

اہل السنہ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

یا ایھا الذین امنوا کتب علیکم الصیام

# صیام السالکین

## رمضان روزے اور ہم



مولف

محمد برھان الحق جلالی

اہل السنہ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

0321-7641096

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں


| | |
|---|---|
| نام کتاب | صیام السالکین (رمضان روزے اور ہم) |
| مؤلف | محمد برہان الحق جلالی (بی۔ایم۔ایس۔ایس۔ٹی۔این۔پی) |
| کمپوزنگ | محمد ناصر الہاشمی |
| پروف ریڈنگ | حافظ سید کبیر حسین شاہ (فاضل عربی، بی۔اے، بی۔ایڈ) |
| ناشر | اہل السنہ پبلی کیشنز دینہ (جہلم) |
| قیمت | 120 روپے |

## ملنے کے پتے

مکتبہ جمال کرم 9 مرکز الاولیس دربار مارکیٹ لاہور 042-7324948

فرید بک سٹال 38 اردو بازار لاہور 042-7312173

مکتبہ نوریہ رضویہ گلبرک اے فیصل آباد 041-626046

احمد بک کارپوریشن راولپنڈی 051-5558320

ضیاء القرآن دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ لاہور

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

مکتبہ فکر اسلامی نیو انارکلی بازار کھاریاں

اسلامک بک کارپوریشن کمیٹی چوک راولپنڈی 051-5536111

مکتبہ المجاہد بک ڈپو بھیرہ شریف سرگودھا 0486-691763




## ☆فہرست☆


| عنوان | نمبر شمار | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| انتساب | 1 | بخشش کا سرٹیفکیٹ | 17 |
| نذر عقیدت | 2 | دس لاکھ افراد کی رہائی | 17 |
| حرف اول | 3 | روزہ ڈھال ہے | 18 |
| تقریظ حضرت مولانا امیر احمد وارثی | 5 | روزے دار کا سونا | 19 |
| تقریظ حضرت مولانا عبدالحمید سیالوی | 7 | روزے دار کے گناہ سابقہ | 19 |
| تقریظ پروفیسر ظفر اقبال جلالی | 8 | قرب الٰہی | 19 |
| **باب نمبر: 1** | | ساٹھ لاکھ افراد کی بخشش | 20 |
| فضائل رمضان | | خدا کی رحمت | 21 |
| آمد ماہ صیام (نظم) | 10 | بندے کے حق میں شفاعت | 21 |
| آمد رمضان (نظم) | 12 | خیر ہی خیر والا مہینہ | 22 |
| ماہ رمضان المبارک | 13 | جنت کے دروازے | 22 |
| باطنی عبادات | 13 | رمضان کیا چیز ہے؟ | 23 |
| مہینوں کے نام | 14 | رحمت و مغفرت اور آزادی جہنم کا مہینہ | 23 |
| رمضان کے حروف | 14 | پانچ خاص باتیں | 23 |
| نزول قرآن | 15 | دعاؤں کی قبولیت | 24 |
| خدا کا بزرگ برتر مہینہ | 16 | رمضان کا ادب | 25 |
| فضائل رمضان المبارک | 16 | ہماری مائیں بہنیں | 25 |

| عنوان | نمبر شمار |
|---|---|
| پاکستان کی حالت | 26 |
| حقیقی مفہوم | 27 |
| بھوکا پیاسا رہنا | 27 |
| روزہ کی مثل | 27 |
| ریان دروازہ | 28 |
| آسمان اور رحمت کے دروازے | 29 |
| جنتیوں اور جہنمیوں کی آوازیں | 29 |
| شیاطین و سرکش جن | 30 |
| روزہ میرے لئے ہے | 30 |
| قلبی صفائی روزہ ایک بھٹی | 31 |
| روزے کا اجر و ثواب | 31 |
| ادنی نیکی کا اجر | 32 |
| جہنم کے قیدی | 32 |
| دعا میں عاجزی | 32 |
| دعا کا بدلہ | 33 |
| ہماری دعا قبول کیوں نہیں ہوتی | 33 |
| مستجاب الدعوات | 34 |
| مشیرہ نامی ہوا | 35 |

| عنوان | نمبر شمار |
|---|---|
| حضرت ابوبکر صدیق | 35 |
| آقا علیہ السلام کا خطبہ | 36 |
| مکۃ المکرمۃ میں رمضان | 37 |
| مقدس مقامات | 37 |
| روزہ کا معنی | 38 |
| روزہ صبر ہے | 39 |
| ذرا غور کریں | 41 |
| جسکی مغفرت نہ ہوئی | 43 |
| درود نہ پڑھنے والا | 44 |
| بوڑھے والدین | 45 |
| جنتی دروازے | 46 |
| ابوالبشر کا روزہ | 47 |
| حضرت نوح علیہ السلام کا روزہ | 48 |
| حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ | 48 |
| شریعت ابراہیمی میں روزہ | 49 |
| حضرت مریم علیہ السلام | 50 |
| حضرت عیسی علیہ السلام | 50 |
| نماز تراویح اور روزہ سائنس کی نظر میں | 53 |





| عنوان | نمبر شمار |
|---|---|
| کولیسٹرول | 54 |
| روزے کی طبی اہمیت | 54 |
| امراض دل | 55 |
| لبلبہ کے خلیے | 55 |
| تراویح کی طبی افادیت | 56 |
| مور پالڈ کا بیان | 56 |
| ایلف گال کا بیان | 57 |
| سگمنڈ فرائیڈ کا بیان | 57 |
| انگریزوں کی تحقیقاتی ٹیم | 57 |
| چند ہدایات | 58 |
| **باب نمبر: 2** | 60 |
| مقاصد روزہ | 60 |
| حصول تقوی پرہیزگاری | 60 |
| تعمیر اخلاق | 62 |
| جذبہ اطاعت | 63 |
| باطنی صفائی | 63 |
| محبت الہی | 64 |
| تزکیہ نفس | 64 |

| عنوان | نمبر شمار |
|---|---|
| تندرستی | 65 |
| ضبط نفس | 66 |
| بدن کی صفائی | 66 |
| بیماریوں سے شفا | 67 |
| گناہوں سے پاکی | 67 |
| شکر خداوندی | 68 |
| استقامت ایمان | 69 |
| زلزلہ | 71 |
| مجاہدانہ اوصاف | 73 |
| آزادی جہنم | 74 |
| بخشش انسانی | 75 |
| بغیر روزے کے نجات | 75 |
| **باب نمبر:3** | 77 |
| نماز تراویح کے مسائل | |
| امام اعظم ابوحنیفہ | 77 |
| عمل مصطفی ﷺ | 78 |
| مولانا شاہ احمد نورانی | 79 |


Scanned with CamScanner

| عنوان | نمبر شمار | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| نماز تراویح کی تعداد | 80 | اعتکاف خیر العمل | 104 |
| علی الدوام ہر شب پڑھنا | 80 | دو حج دو عمرے | 104 |
| وتر کی رکعات | 81 | فرشتے ہم نشین | 104 |
| نماز تراویح کی رکعات | 84 | امہات المومنین | 105 |
| بیس رکعات نماز تراویح کے دلائل | 87 | ہر روز حج کا ثواب | 105 |
| باجماعت نماز تراویح | 89 | آقا علیہ السلام کا اعتکاف اور | 105 |
| فضائل تراویح | 91 | جائے اعتکاف | |
| فریاد قرآن | 97 | اسطوانۃ السریر | 106 |
| **باب نمبر**:4 | | گناہوں سے حفاظت | 106 |
| تعریف | 99 | آپ کا معمول مبارک | 106 |
| لغوی معنی | 99 | آپ ﷺ کی رمضان میں فیاضی | 108 |
| اصطلاحی تعریف | 99 | نماز تہجد | 108 |
| اعتکاف کے فضائل | 99 | سنت طریقہ | 108 |
| اے مرد مسلم | 101 | خلاصہ کلام | 109 |
| اعتکاف کے فیوض | 101 | نورانی تجلیات | 109 |
| عام دن کا اعتکاف | 102 | مختلف مساجد کے مراتب | 110 |
| گناہ سابقہ کی بخشش | 103 | اعتکاف کا لغوی اور اصطلاحی معنی | 110 |
| حضرت عطا خراسانی کا قول | 103 | اقسام اعتکاف | 111 |





| عنوان | نمبر شمار | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| فضائل اعتکاف | 111 | عید الفطر | 140 |
| سنت اعتکاف | 111 | انعام واکرام کی رات | 140 |
| واجب اعتکاف | 112 | خواب | 140 |
| **باب نمبر**؛ 5 | | زندگی کا مقصد | 153 |
| آج کی رات (نظم) | 113 | خدا کی رضا | 153 |
| فضائل لیلۃ القدر | 113 | **باب نمبر** 7 | |
| حضرت امام زہری | 115 | مسائل رمضان | 157 |
| ہزار ماہ کا جہاد -- | 115 | مفسدات روزہ | 159 |
| سابقہ گناہ معاف | 117 | جن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا | 161 |
| لمحہ فکریہ | 118 | جن سے صرف قضا لازم آتی ہے | 163 |
| برگزیدہ ہستیاں | 119 | قضا روزہ رکھنے کے مسائل | 165 |
| لیلۃ القدر | 119 | جن سے قضا اور کفارہ لازم ہوتے ہیں | 166 |
| ملائکہ کی تعداد | 124 | کفارے کے مسائل | 169 |
| سبز پرچم | 124 | قے کی صورتیں | 170 |
| بدبخت و بدنصیب افراد | 125 | تراویح کے مسائل | 172 |
| علامات | 128 | اعتکاف کے مسائل | 175 |
| ستائیسویں شب | 133 | سحر و افطار کی چند باتیں | 180 |
| **باب نمبر** 6 | | | |


Scanned with CamScanner

| عنوان | نمبرشمار | عنوان | نمبرشمار |
|---|---|---|---|
| فطرانہ کے مسائل | 181 | سید حاجی وارث علی شاہ | 203 |
| عیدالفطر کے مسائل | 183 | غلام علی | 204 |
| **باب نمبر 8** | | بہاؤالدین ذکریا ملتانی | 205 |
| واقعات | 186 | سید عبدالہادی | 206 |
| نزول قرآن | 187 | الحاج محمد ہالائی | 207 |
| غزوہ بدر | 188 | یوم آزادی پاکستان | 208 |
| فتح مکہ | 191 | سید غوث علی | 209 |
| حضرت خدیجۃ الکبری | 193 | خواجہ ناصرالدین عبداللہ | 201 |
| حضرت فاطمۃ الزہراء | 194 | خواجہ محمد زمان ثانی | 211 |
| حضرت علی | 195 | محمد سعید مہاجر مکی | 212 |
| حضرت عائشہ | 196 | میاں پیر محمد | 213 |
| حضرت غوث اعظم | 198 | **اعراس** | 214 |
| خواجہ محمد نقشبندی | 199 | حضرت سری سقطی | 215 |
| محمد ابراہیم جان خلیل | 200 | مفتی احمد یار خان | 216 |
| حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح | 201 | زلزلہ | 217 |
| خواجہ نور محمد | 201 | علامہ ابوالفیض محمد عبدالکریم | 218 |
| غلام محمد ملکانی | 202 | حضرت سید میراں شاہ بھیکہ | 219 |
| خواجہ محمد زمان | 203 | حضرت خواجہ حبیب عجمی | 219 |





| عنوان | نمبرشمار | عنوان | نمبرشمار |
|---|---|---|---|
| حضرت داؤد طائی | 221 | حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ | 229 |
| شیخ شرف الدین بوعلی قلندر | 222 | حضرت یحی بن معاذ | 230 |
| قاضی حمیدالدین ناگوری | 223 | مفتی محمد رفیق صاحب | 231 |
| پیر سید محمد امیر شاہ گیلانی | 223 | مفتی اقتدار احمد خان نعیمی | 231 |
| حضرت بایزید بسطامی | 224 | قاضی سید عبدالمالک | 232 |
| حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی | 225 | حضرت عزیزاں رامیتنی | 232 |
| حضرت مخدوم محمد سیوستانی | 227 | سلطان علی خان تالپور | 232 |
| ڈاکٹر محمد بن علی المالکی | 227 | اختتامیہ | 233 |
| حضرت پیر قمرالدین سیالوی | 228 | ماخذ و مراجع | 234 |


Scanned with CamScanner

# انتساب

محمد مصطفٰے کریم صلی اللہ علیہ وسلم

"و"

تمام اہل بیت اطہار رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین

"و"

امام اہلسنت مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

"و"

فقیہ اعظم، قطب وقت، سراج المشائخ، عمدۃ الکاملین شیخ القرآن والحدیث

حافظ القرآن والحدیث حضور سیدی مرشدی

پیر سید جلال الدین شاہ صاحب نور اللہ مرقدہ

بانی جامعہ محمدیہ نوریہ رضویہ بھکھی شریف ضلع منڈی بہاوالدین

"و"

پیکر اخلاص ومحبت ولی ابن ولی جگر گوشہ حضور حافظ الحدیث

پیر طریقت رہبر شریعت پیر سید محمد مظہر قیوم شاہ صاحب جلالی مشہدی

دامت برکاتہم العالیہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ بھکھی شریف کے نام

جنکے صدقے سے میں آج اس قابل ہوا

از سگ در آستانہ عالیہ بھکھی شریف

محمد برہان الحق جلالی عفی اللہ عنہ



# ☆ نذر عقیدت ☆

خواجہ خواجگاں پیر طریقت رہبر شریعت

حضور پیر سید خواجہ **نور الحسن** بخاری شاہ صاحب

کیلانی رحمۃ اللہ علیہ

آستانہ عالیہ کیلیانوالہ شریف

"و"

خطیب اعظم یورپ مناظر اہلسنت حجۃ الاسلام

جگر گوشہ حافظ الحدیث علامہ مولانا پیر سید قاری **محمد عرفان** شاہ صاحب مشہدی

دامت برکاتہم القدسیہ

"و"

میرے مربی ومحسن حضور قبلہ وکعبہ والد محترم مدظلہ العالی

جنکی دعاؤں کی وجہ سے میں آج اس کتاب کو لکھنے کے قابل ہوا

از

محمد برہان الحق جلالی (بی۔ایم۔ایس۔ایس، ٹی۔این۔پی)

ابن علامہ قاری ڈاکٹر محمد خالد جلالی

مصنف "**مقام والدین**"

Scanned with CamScanner

# ☆حرف اول☆

**الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوۃ والسلام**

**علی سید المرسلین**

## میرے معزز قارئین محترم:۔

**اللہ رب العزت نے اس کائنات کو تخلیق کیا اور اس** کائنات کو انسان کی خدمت پر کار بند کر دیا درخت، پتھر، چرند، پرند، چوپائے سب کو انسان کی خدمت پر مامور کر دیا اور انسان کی تخلیق کا مقصد اللہ تعالی اپنے کلام مقدس میں کچھ یوں بیان فرماتا ہے﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ﴾ہم نے جن وانس کو عبادت کے لئے پیدا کیا ہے اور انسان کے لئے اللہ تعالی نے بارہ (12) مہینے بنائے ہر مہینے کی اپنی جگہ پر بڑی فضیلت ہے مگر ماہ رمضان المبارک وہ مہینہ ہے کہ جس کے بارے میں فرمان الٰہی ہے کہ ''روزہ میرے لئے ہے اور اس کی جزا میں ہی دوں گا اس سے ہی اس کی فضیلت واہمیت ظاہر ہو جاتی ہے۔

بہرحال رمضان کے موضوع پر کافی کتب لکھی گئی ہیں مگر میری یہ خواہش تھی کہ کوئی ایسی کتاب لکھوں جس میں ہر چیز (مسائل، فضائل، تاریخ) میسر ہو سکے لہذا میں نے اس مقصد کے لئے ''صیام السالکین'' کتاب لکھی ہے جس میں رمضان کے فضائل ومسائل اور تاریخ ہر چیز میسر آئے گی امید ہے کہ آپ کو پسند آئے گی میں نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی ہے مگر کوئی کمی رہ گئی ہو تو اس کو میری طرف منسوب کریں اور اگر صحیح پائیں تو اس کو فضل خداوندی جانیے

آخر پر اگر میں ان حضرات کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے ہر لحاظ سے میری مدد فرمائی تو یہ انصاف نہ ہوگا کیونکہ



**﴿ھل جزاء الاحسان الا الاحسان﴾**

کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ اپنے محسنوں کا شکریہ ادا کیا جائے خصوصاً میں انتہائی محترم جناب حضرت علامہ پروفیسر محمد ظفر اقبال جلالی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے ہر قدم پر میری رہنمائی کی اور اس کام کو اپنے قیمتی مشوروں سے پایہ تکمیل تک پہنچایا۔

میں ذکر کرنا چاہوں گا ان کے نام جنہوں نے اپنے قیمتی لمحات میں سے وقت نکال کر میرے شانہ بشانہ کام کیا اور میری مشکلوں کو آسان بنا دیا جناب حافظ سید کبیر حسین شاہ صاحب (ایبٹ آباد) اور جناب حافظ اسد محمود (واہ کینٹ) کا۔اور آخر میں میں پروفیسر محمد ظفر اقبال جلالی صاحب کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ جنہوں نے میری اس کتاب کا نام تجویز فرمایا۔

امیدوار کرم

*محمد برہان الحق جلالی (بی۔ایم۔ایس۔ایس)*

Scanned with CamScanner

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ☆تقریظ☆

حضرت علامہ مولانا **امیر احمد وارثی** صاحب (ایم اے، بی ایڈ)

سابق پرنسپل جامعہ وارثیہ بیول ضلع راولپنڈی

نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

**اما بعد**

فَاَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ،بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

**الدال علی الخیر کفاعلہ**

نیکی کی طرف رہنمائی کرنے والا (اجر وثواب میں) نیکی کرنے والے کی طرح ہے

حدیث قدسی ہے

**﴿الصوم لی وانا اجزی بہ﴾**

روزہ میرے لئے ہے اور میں خود ہی اسکی جزا ہوں یعنی روزہ کے ذریعے ایک مسلمان کے لئے قرب خداوندی آسان ہو جاتا ہے۔

مذاہب عالم میں دین اسلام کا یہ طرہ امتیاز ہے کہ اس نے عیسائیت کی طرح اپنی تمام قوتوں کو انسانیت کے کسی ایک وصف پر صرف نہیں کیا اور نہ ہی یہودیت اور ہندوازم کی طرح اسکے احکامات کی پوٹلی اسقدر محدود ہے جو مرور زمانہ کا مقابلہ کرنے کی سکت ہی نہ رکھتی ہو ہندوازم کی طرح غیر فطرتی امور کا بھی اس سے دور کا واسطہ نہیں اور بدھ مت کی طرح آلتی پالتی مارے ہپناٹزم کی مشقتوں سے بھی اسے کوئی سروکار نہیں بلکہ یہ تو وہ دین ہے جو کہ عین فطرت انسانی کے موافق ہے اسے نہ تو مرور زمانہ کے جدید مشاہدات و تجربات پچھاڑ سکے اور نہ ہی



ماڈرن زمانہ کا کوئی فرد اپنی تحقیق کی روشنی میں اسکے احکامات کو فرسودہ قرار دے سکا بلکہ سچ تو یہ ہے کہ تاریخ گواہ ہے کہ موجودہ روز افزوں ترقی کے در و بام اسی وقت کھلے جب عقل وخرد کے دریچے اسلام کی تعلیمات سے وا ہوئے

دین اسلام میں تبلیغ کے لئے ایک کسوٹی رکھی گئی ہے

**﴿الدال علی الخیر کفاعلہ﴾**

جامع الکلمات رسول عربی ﷺ کے ان چار الفاظ میں ایسا فطرتی جوش وولولہ پایا جاتا ہے جو اسکے ہر پیروکار کو اس مشن کا پرخلوص سپاہی بنا دیتا ہے۔

یقیناً موجودہ دور میں جہاں انسانی ذہن جدید سائنس وٹیکنالوجی کا شکار ہوتا جا رہا ہے وہاں اسکی بے راہ روی بھی اسے روحانیت اور مقصد انسانیت سے دور لے جا رہی ہے یہی وہ امور ہیں جنہوں نے عزیزم نوجوان **محمد برھان الحق** جلالی کو اپنے علم وقلم کی طاقت استعمال کرنے پر مجبور کیا۔

''**صیام السالکین**'' ایک ایسی ہی کاوش ہے جس میں ایک عام سے قاری کے لئے روزہ کے تمام احکامات شرعی اور سائنسی فوائد کو یکجا کر دیا گیا ہے جنکے لئے اسے پہلے کی ضخیم کتابوں کو کھنگالنا پڑتا تھا۔ اسکی خاص بات اسکا سادہ اور دلنشین اسلوب ہے جسمیں بجائے الفاظ کے پیچ وخم میں الجھانے کے سہل انداز میں بات سلجھائی گئی ہے۔

دعا ہے اللہ تعالی نوجوان مؤلف کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت کی سند عطا فرمائے اور بے راہ روانسانیت کی راہنمائی کا ذریعہ بنائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم

والسلام

Scanned with CamScanner

# ☆تقریظ☆

استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا **عبد الحمید** صاحب سیالوی مدظلہ العالی

ڈبل گولڈ میڈلسٹ (ڈبل ایم اے، بی ایڈ) فاضل بھیرہ شریف

وائس پرنسپل جامعہ قادریہ وارثیہ میرا تھس تحصیل گوجر خان

اللہ تعالی نے انسان کو اپنی بندگی اور فرمانبرداری کے لئے پیدا فرمایا جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہوتا ہے۔

﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ﴾

''اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اپنی عبادت و بندگی کے لئے پیدا فرمایا ہے''

اور اس نے مسلمانوں پر مختلف قسم کے فرائض و واجبات عائد فرمائے مثلا نماز روزہ زکوۃ اور حج اور انہی میں سے ایک کے متعلق یعنی رمضان کے روزوں کے متعلق عزیزم ''محمد برہان الحق جلالی'' کی کتاب ''**صیام السالکین**'' میں نے پڑھی۔

اس میں مؤلف کی سنجیدگی اور علمی ذوق وشوق کا پہلو نمایاں ہے اور اس میں بہترین اور عمدہ الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے اس میں تاریخ پر بحث کے ساتھ ساتھ موجودہ دور کے مسائل پر سیر حاصل بحث بڑی تحقیق کے ساتھ کی گئی ہے۔

میری بارگاہ الہی میں التجا ہے کہ اللہ تعالی مولف کو اس میدان میں مزید ترقیاں عطا فرمائے اور اپنی بارگاہ بے کس پناہ میں شرف قبولیت سے نوازے۔

آمین بجاہ النبی الکریم

☆☆☆



# ☆تقریظ☆

خطیب اہل سنت نوجوان مذہبی سکالر، حضرت علامہ مولانا پروفیسر

ڈاکٹر ابوالحماد **محمد ظفر اقبال** صاحب جلالی مدظلہ العالی

فاضل محمدیہ نوریہ رضویہ بھکھی شریف ضلع منڈی بہاوالدین

پرنسپل:۔غوثیہ رضویہ 1.8/4 اسلام آباد — پی۔ایچ۔ڈی سکالر

لیکچرار:۔I.C.B کالج اسلام آباد — خطیب:۔نور مدینہ مسجد اسلام آباد

رمضان المبارک وہ مقدس و مبارک مہینہ ہے جو اپنے دامن کرم میں اللہ تعالی کی بے پایاں رحمتوں اور مغفرتوں کی نوید لے کر آتا ہے اور جس کے آغاز سے ہی ہر طرف فیوض وبرکات الٰہیہ کی بارشیں ہونے لگتی ہیں اور مسلمانان عالم کے لئے یہ ماہ مکرم موسم بہار کی مانند ہوتا ہے جس میں اہل ایمان اپنے گناہوں کی مغفرت وبخشش کروا کر اپنے نفوس کو نیکی تقوی اور رحمت و نور سے معمور کرتے ہیں حدیث شریف میں ہے ﴿**اذا دخل رمضان فتحت ابواب الرحمة وفي رواية فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب الجهنم وسلسلت الشياطين**﴾ ''جب رمضان المبارک کا مہینہ آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیریں پہنا دی جاتی ہیں''

رمضان شریف کی عبادات میں سے روزہ اہم ترین عبادت ہے جس کا مقصد تقوی اور پرہیزگاری کا حصول ہے اور اس سے صبر وشکر اور قناعت کا سبق ملتا اور روزے کی حقیقی افادیت دلی اطمینان اور روحانی سکون کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ روزہ دار اپنے آپ کو جھوٹ ،غیبت، بہتان، چغلی لعن طعن، گالی گلوچ، فتنہ فساد، فریب اور دھوکے سے دور رکھے تا کہ تقوی

Scanned with CamScanner

اور پرہیزگاری اس کا مزاج بن جائے اور باقی زندگی تقویٰ کے سائبان تلے گزارے۔

برادر عزیز مولانا **محمد برھان الحق** جلالی حفظہ اللہ کا مرتب کردہ رسالہ چند مقامات سے دیکھنے کا موقع ملا انتہائی دلی مسرت حاصل ہوئی کہ مؤلف نے دوران تعلیم کم عمری میں ایک اہم موضوع پر ایک دلچسپ اور جاندار تحریر پیش کی ہے جس سے ان کے علمی ذوق و شوق اور قلم و قرطاس کی اہمیت سے آگاہی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

مؤلف کا اسلوب تحریر علمی و تحقیقی ہونے کے ساتھ ساتھ سادہ اور عام فہم ہے جس سے عوام الناس با آسانی مستفید ہوسکتے ہیں۔

رسالہ ہذا میں رمضان شریف کے فضائل و آداب روزے کے فقہی مسائل اور روزے کی اہمیت وافادیت کے ساتھ ساتھ بزرگان دین کی سیرت واحوال پر مشتمل باب بھی انتہائی مفید ہے۔

اللہ تعالیٰ کے حضور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مصنف کے علم و عمل اخلاص اور عمر میں برکت فرمائے اور ان کی اس سعی جمیلہ کو مشکور فرمائے۔

آمین بجاہ النبی الکریم صلی اللہ علی حبیبہ محمد والہ وسلم



# باب نمبر 1 فضائل رمضان

## ﴿آمد ماہ صیام﴾

مرحبا صد مرحبا پھر آمد رمضان ہے — کھل اٹھے مرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے
ہم گنہگاروں پہ یہ کتنا بڑا احسان ہے — یا خدا تو نے عطا پھر کر دیا رمضان ہے
تجھ پہ صدقے جاؤں رمضان تو عظیم الشان ہے — کہ خدا نے تجھ میں ہی نازل کیا قرآن ہے
ابر رحمت چھا گیا ہے اور سماں ہے نور نور — فضل رب سے مغفرت کا ہوگیا سامان ہے
ہر گھڑی رحمت بھری ہر طرف ہیں برکتیں — ماہ رمضان رحمتوں اور برکتوں کی کان ہے
آگیا رمضان عبادت پر کمر باندھ لو — فیض لے لو جلد کہ دن تیس کا مہمان ہے
عاصیوں کی مغفرت کا لیکر آیا ہے پیام — جھوم جاؤ مجرمو! رمضان و زعفران ہے
بھائیو کر لو گناہوں سے بھی توبہ کہ اب — پڑ گئے دوزخ پر تالے قید میں شیطان ہے
مسجدیں آباد ہیں زور گناہ کم ہو گیا — ماہ رمضان المبارک کا یہ سب فیضان ہے
روزہ دارو! جھوم جاؤ کیونکہ دیدار خدا — خلد میں ہوگا تمہی پہ وعدۂ رحمٰن ہے
دو جہاں کی نعمتیں ملتی ہیں روزہ دار کو — جو نہیں رکھتا ہے روزہ وہ بڑا نادان ہے

اسی طرح کسی شاعر نے یوں کہا۔

ایک نیکی کی ستر(۷۰) ملیں نیکیاں — اس عبادت کا ستر(۷۰) گنا اجر ہے
روزہ داروں کی رمضان میں قسمتیں — بے شبہ بے گماں اوج پر آگئیں

اسی طرح ایک اور نے کہا۔

ایہہ ہے ماہ رمضان ذا اللہ دے احسان دا — لٹ لے رب دیاں رحمتاں مسلم اسی مہینے وچ

پھر کسی نے کہا۔

آئے دن رحمتاں دے لائی فضلاں جھڑی   کھلے در جنتاں دے ٹولی حوراں دی کھڑی

آیا ماہ رمضان اچی جس دی ہے شان   اس پاک مہینے رب بھیجیا قرآن

ویلے ہین برکتاں دے زمیں موتیاں جڑی   اٹھ جاگ روزے دار ویکھ رب دا نظارا

نور جگمگ کردا پیا جاگے جگ سارا   آکیں ہمنر رحمتاں دے کئی نبیﷺ دی پھڑی

قاضی شفیق الرحمان صاحب فرماتے ہیں۔

اب لکھواتے ہیں تجھے ہم فائدہ رمضان کا   ہے پسندیدہ مہینہ صاحب ایمان کا

اس میں روزے فرض ہیں رکھنے مسلمان کے لئے   معاف ہیں یہ مرض میں مسلمان کے لئے

ہے اجر اس کا بہت دے گا تمھیں خود آپ رب   جو کرے اس کا ادب رہتا ہے وہ محروم کب

رحمتوں اور برکتوں کا ہے مہینہ خوب یہ   بچوں بوڑھوں نوجوانوں کو ہوا محبوب یہ

سحری افطاری میں مومن کے لئے ہیں رحمتیں   بے عمل کے واسطے دونوں ہی ٹھہری زحمتیں

سحری افطاری کریں تیار وہ محبوب ہیں   حق کو رحمت کے لئے وہ مرد وزن مطلوب ہیں

اس کی افطاری بھی مومن کیلئے اک عید ہے   صاحب روزہ کی خاطر یہ سامان دید ہے

دید اللہ پاک کی مدنی لولاک کی   باعث تخلیق عالم کے شہر کی خاک کی

اس میں جو کھائے پیئے مومن وہ سارا معاف ہے   دفتر اعمال جرم و معصیت سے صاف ہے

پھر روزی میں برکت دیتا ہے آپ خدا   رحمتیں ہی رحمتیں پاتا ہے مومن ۔۔۔۔ بخدا

دیکھ تو شفیق کہ رمضان اب آنے کو ہے خوش   نصیب ہے تو کہ پھر حرمیں میں جانے کو ہے

(نوائے عارف صفحہ 255,254)



## ☆ آمد رمضان ☆

مبارک رحمتوں والا مہینہ آیا   سب مہینوں میں حسیں پیارا نگینہ آگیا

بے عمل بدبخت کو دیکھو پسینہ آگیا   اہل ایماں پہ کرم کا سائباں سا چھا گیا ہے

ماہِ رمضان آگیا جی ماہِ رمضان آگیا

مومنو سحری کو اٹھو شام کو افطاری کرو   بے کسوں نادار بندوں سے ملویاری کرو

کر سکو تو اہل ایماں کی بھی غمخواری کرو   خیر و برکت جھولیوں میں اہل ایماں پا گیا

ماہِ رمضان آگیا جی ماہِ رمضان آگیا

دن کا روزہ خوب ہے اللہ کو محبوب ہے   حق تعالی کو بندوں سے تقویٰ ہی مقصود ہے

مسلمان کو پیارے مولا کی رضا مطلوب ہے   اپنے خالق کو منانے کا مہینہ آگیا

ماہِ رمضان آگیا جی ماہِ رمضان آگیا

شاعر کیا خوب کہتا ہے!

سلطان زماں حضرت ماہِ رمضان ہے   کیا شان ہے کیا شوکت ماہِ رمضان ہے

قرآن کا نزول اس میں، اس میں ہی قدر   کیا مرتبہ کیا عزت ماہِ رمضان ہے

مشہور مدتوں سے روایت ہے مومنو   رمضان کے مہینے کی برکت ہے مومنو

Scanned with CamScanner

## ☆ماہِ رمضان المبارک☆

مالک کون و مکان خدائے وحدہ لاشریک نے بارہ مہینے ہمیں عطا فرمائے ہیں۔ ان سب کی اپنی اپنی جگہ فضیلتیں ہیں۔ سب فضائل کے حامل ہیں جسطرح شعبان المعظم کے بارے میں میرے اور آپ سب کے آقا و مولا حضور نبی اکرم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ شعبان میرا مہینہ ہے اور رمضان اللہ تعالیٰ کا مہینہ ہے اور خداوند قدوس نے خود فرمایا کہ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا۔

بہر حال رمضان المبارک کے بے حد بے شمار فضائل اور رحمتیں ہیں۔ خداوند قدوس کا بے حد احسان عظیم ہے کہ اس نے ہمیں ماہ رمضان جیسی عظیم الشان نعمت سے نوازا ہے۔ ماہ رمضان کا ہر لمحہ رحمت بھرا ہے اس ماہ مقدس میں عبادات کا ثواب دوسرے مہینوں میں عبادت سے کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ اس میں اگر کوئی نفل ادا کرے گا تو اس کا ثواب فرض کے برابر اور اگر کوئی فرض ادا کرے گا تو اسکا ثواب ستر گنا کر دیا جاتا ہے یہ دور رہا اس ماہ مقدس میں سونا بھی عبادت ہے۔ تیز روزے دار کی دعا پر ملائکہ امین کہتے ہیں۔ مزید یہ کہ روزے دار کیلئے پانی میں رہنے والی مچھلیاں بھی دعا کرتی ہیں۔

(الترغیب والترہیب جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۲۰)

## باطنی عبادات:۔

زکوۃ مالی عبادت ہے نماز جسمانی عبادت ہے جبکہ روزہ یہ باطنی عبادت ہے۔

ہمارا کسی کو بتائے بغیر کسی کو یہ ہرگز پتہ نہیں چلتا کہ ہمارا روزہ ہے۔ اسی لیئے خدائے وحدہ لاشریک نے نے اسی باطنی عبادت کو بے حد پسند فرمایا ہے۔ لہذا اس طرح حدیث مبارکہ کے الفاظ ہیں کہ روزہ عبادت کا دروازہ ہے۔ (کنز العمال جلد نمبر ۸ صفحہ نمبر ۲۰۹)



## مہینوں کے نام:۔

حکیم الامت مفتی اعظم حضرت علامہ مولانا مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرہ آفاق تفسیر ''تفسیر نعیمی'' میں رقم طراز ہیں کہ بعض مفسرین عظام رحمہم اللہ تعالیٰ عنہم نے فرمایا ہے کہ جب مہینوں کے نام رکھے گئے تو جس موسم میں جو مہینہ تھا اسی سے اس کا نام ہوا۔ لہذا جو مہینہ گرمیوں میں تھا تو اس کا نام ماہ ''رمضان'' رکھ دیا۔ اسی طرح جو موسم بہار میں تھا اس کو ربیع الاول کہہ دیا۔ اور جو سردی میں تھا جب پانی جم رہا تھا اسے ''جمادی الاول'' کہا گیا۔ اسلام میں ہر نام کی کوئی نہ کوئی وجہ ہوتی ہے۔ اور نام کام کے مطابق رکھا جاتا ہے۔ جبکہ دوسری اصطلاحات میں یہ بات نہیں۔ ہمارے یہاں بڑے جاہل کا نام ''محمد فاضل'' اور بزدل کا نام ''شیر بہادر'' ہوتا ہے۔ اور بدصورت کو ''یوسف خان'' کہتے ہیں۔ اسلام میں یہ عیب نہیں ہے۔ بہر حال رمضان بہت خوبیوں کا جامع تھا اسی لئے اسی کا نام رمضان ہوا۔

## حدیث مبارکہ:۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت بیان کی گئی ہے کہ نبی کریم رؤف الرحیم حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا تھا کہ اس مہینے کا نام رمضان رکھا گیا ہے کیونکہ یہ گناہوں کو جلا دیتا ہے۔ (کنز العمال جلد نمبر ۸ صفحہ نمبر ۲۳۰)

## رمضان کے حروف:۔

رمضان المبارک میں پانچ حروف ہیں را۔ میم۔ ضاد۔ الف۔ نون۔ ر سے رحمت الٰہی مراد ہے میم سے محبت الٰہی مراد ہے ضاد سے ضمان الٰہی مراد ہے اور الف سے الفت الٰہی مراد ہے اور نون سے نور الٰہی مراد ہے۔ یعنی خداوحدہ لاشریک اس مقدس مہینے میں اپنے بندوں کو پانچ

Scanned with CamScanner

انعامات سے نوازتا ہے۔ بندے کو اپنی رحمت کی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ بندے کو اپنی محبت و الفت عطا فرماتا ہے اور اس کو ضمان عطا فرماتا ہے۔ اور اس کو نورانیت سے مشرف کرتا ہے۔

(تفسیر نعیمی)

## نزول قرآن:۔

اس ماہِ مقدس کی ایک اور خاص بات یہ ہے کہ خالق کون و مکان خداوند قدوس نے اس میں قرآن کریم فرقان حمید نازل فرمایا ہے۔ خدائے قدوس نے اس لاریب کتاب کو اپنے لاریب درحیم وکریم نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام پر نازل فرمایا۔ جس کا ذکر اس نے اپنے عالیشان قرآن میں کیا۔ ''فرمان ذیشان ہے''

﴿شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن ھدی للناس وبینت من الھدی والفرقان فمن شھد منکم الشھر فلیصمہ ومن کان مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر۔ یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر ولتکملوا العدۃ ولتکبروا اللہ علی ماھدکم ولعلکم تشکرون﴾

(پارہ نمبر ۲ سورہ بقرہ آیت نمبر ۱۸۵)

**ترجمہ:۔**

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا۔ لوگوں کے لئے ہدایت اور رہنمائی اور فیصلہ کی روشن باتیں تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے۔ اور جو بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں۔ اللہ عزوجل تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا اور اس لئے کہ تم گنتی پوری کرو۔ اور اللہ عزوجل کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی اور کہیں تم حق گزار ہو۔ (کنزالایمان از امام اہلسنت امام احمد رضا خان بریلوی)



یعنی ماہِ رمضان المبارک اس مقدس کتاب کے نزول کا مہینہ ہے۔ ماہِ رمضان المبارک میں خدا بزرگ و برتر نے اپنے پیارے بندوں کی رہنمائی اور ہدایت کے لئے قرآن کریم فرقان حمید کو نازل فرمایا۔

## خدا بزرگ و برتر کا مہینہ:۔

رمضان المبارک خداوند قدوس کا مہینہ ہے کیونکہ اس ماہِ مقدس میں دن رات، صبح شام خداوند قدوس کی عبادت و ریاضت ہوتی ہے۔ اسی طرح کہ جس طرح مسجد اور کعبہ کو بیت اللہ یعنی اللہ کا گھر کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان جگہوں میں خداوند قدوس کے ہی کام ہوتے ہیں لہذا اس مہینے میں کیونکہ سب خداوند کے کام ہوتے ہیں۔ اللہ کے بندے اس ماہِ مقدس میں روزے رکھتے ہیں ،نوافل ادا کرتے ہیں ،قرآن کریم کی تلاوت کرتے ہیں ،نماز تراویح ادا کرتے ہیں ،تہجد ادا کرتے ہیں اور رزق حلال حاصل کرنے کے لئے تگ و دو کرتے ہیں۔ محنت کرتے ہیں۔ جائز طریقوں سے سود، چوری، ڈاکا اور دھوکہ کے بغیر لوگ نوکری کرتے ہیں۔ تو یہ سب کام خدائے بزرگ و برتر کے قرار پاتے ہیں۔ اسی وجہ سے اس ماہِ مقدس کو اللہ عزوجل کا مہینہ کہا جاتا ہے۔

## رمضاء سے مشتق:۔

رمضان رمضاء سے مشتق ہے۔ رمضاء موسم خریف کی بارش کو کہتے ہیں۔ جس سے زمین دھل جاتی ہے اور فصل ربیع خوب ہوتی ہے یہ ماہ مبارک دلوں کے گرد و غبار کو دھو ڈالتا ہے۔ اور اس سے اعمال کی کھیتی ہری بھری ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے اس ماہ مقدس کو رمضان المبارک کا نام دیا گیا ہے۔

## فضائل رمضان المبارک:۔

یوں تو ہر ماہ کے بے شمار فضائل ہیں مگر رمضان المبارک کے فضائل کا کیا کہنا۔ اس ماہ

Scanned with CamScanner

مقدس کی ہر گھڑی ہر لحہ رحمتوں برکتوں سے بھر پور ہے۔اس کی ہر گھڑی گناہگاروں کی بخشش و مغفرت ہوتی ہے۔اس میں ہر طرف خدائے بزرگ و برتر کی لاریب کتاب کی تلاوت کی آوازیں آرہی ہوتی ہیں۔اس ماہِ مقدس کی آمد سے ہم غریبوں کے وارے نیارے ہوجاتے ہیں۔

## بخشش کا سر ٹیفیکیٹ:۔

فاتح خیبر حضرت سیدنا حیدر کرار مولا علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں!

''کہ اگر اللہ عزوجل کو امت محمدی پر عذاب کرنا مقصود ہوتا (یعنی اگر انکی شفاعت نہ کرنی ہوتی) تو پھر خداوند قدوس امت محمدی کو سورۂ قل ھو اللہ شریف (یعنی سورۂ اخلاص) اور ماہ رمضان المبارک ہرگز عطا نہ کرتا''۔ (نزہتہ المجالس جلد نمبر ا صفحہ نمبر ۱۶۳)

امام اہلسنت مجدد دین وملت امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ:۔

ڈر تھا کہ عصیاں کی سزا اب ہوگی یا روز جزا دی ان کی رحمت نے صدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

## ہر روز دس لاکھ افراد کی رہائی:۔

ماہِ رمضان المبارک وہ مہینہ ہے کہ جس میں شیطان لعین کو قید کر دیا جاتا ہے دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اس ماہِ مقدس میں خداوند قدوس اپنے پیارے بندوں اور اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کے گناہگار امتیوں کو بخش دیتا ہے۔اسی وجہ سے تاجدار مدینہ سرور قلب وسینہ آقائے نامدار مدنی ء بدار ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب ماہِ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف نظر فرماتا ہے۔اور جب اللہ عزوجل کسی بندے کی طرف نظر فرماتا ہے تو اسے کبھی عذاب نہیں دیتا۔اور ہر روز دس لاکھ گناہگار بندوں کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے اور جب رمضان بارک کی انتیسویں (۲۹) رات ہوتی ہے تو مہینے بھر میں جتنے آزاد کیے ان کے مجموعے کے



برابر اس ایک رات میں آزاد فرماتا ہے۔پھر جب عید الفطر کی رات آتی ہے ملائکہ خوشی کرتے ہیں۔اور خداوند قدوس اپنے نور کی خاص تجلی فرماتا ہے۔اور فرشتوں سے فرماتا ہے۔''اے گروہ ملائکہ! اس مزدور کا کیا بدلہ ہے جس نے کام پورا کر لیا؟ فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اس کو پورا پورا اجر دیا جائے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تمہیں گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے ان سب کو بخش دیا۔ (کنز العمال جلد نمبر ۸ صفحہ نمبر ۲۱۹)

## قارئین محترم!

ذرا توجہ فرمائیں اور سوچیں کہ رب کریم اپنے بندوں پر کتنا رحیم وکریم ہے۔اس کو اپنے گناہگار بندوں پر کتنا ترس آتا ہے پھر بھی ہم خداوند قدوس کو ٹھہراتے ہیں۔کہتے ہیں ظلم خدا کا وغیرہ۔افسوس ہے ایسے بندوں پر جو عقل کے اندھے ہیں۔جو منہ سے آئے بکواس کر ڈالتے ہیں۔یاد رکھیے اس کا بہت بڑا عذاب ہے۔یہ گناہ کبیرہ میں شامل ہے۔

## روزہ ڈھال ہے:۔

صحاح ستہ کی مشہور ومعروف کتاب صحیح بخاری میں آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ ﷺ کی حدیث مبارکہ موجود ہے جس کا ترجمہ درج ذیل ہے فرمایا!

صحابی رسول حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے۔روزہدار کو چاہیے کہ وہ نہ تو جماع کرے اور نہ ہی جاہلوں والی باتیں کرے۔اگر کوئی آدمی اس سے لڑائی کرے یا اس کو گالی گلوچ کرے۔تو روزہ دار دو مرتبہ یہ کہے کہ میں روزہ دار ہوں۔اس ذات باری تعالیٰ کی قسم کہ جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔کہ روزہ دار کے منہ کی بو خداوند کو مشک سے زیادہ پسند ہے۔کہ روزہ دار کھانے پینے اور نفس کی خواہشات کو میری وجہ سے ترک کرتا ہے۔روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی

جزادوں گا۔اور باقی نیکیوں کا اجر دس گنا ہے۔ (صحیح بخاری جلد 1 صفحہ 254)

## روزہ دار کا سونا:۔

امام الانبیاء حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے روزہ دار کی شان کے بارے میں ارشاد فرمایا:

کہ ''روزہ دار کا سونا بھی عبادت ہے۔روزہ دار کی سانسیں تسبیح کرتی ہیں۔روزہ دار کی دعا مقبول ہے۔اس کے گناہ بخشے ہوئے ہیں۔روزہ دار کے اعمال صالح دوگنا ہو جاتے ہیں'' الغرض رمضان المبارک کا مہینہ رحمت ہی رحمت اور برکت ہی برکت ہے۔

(نزہۃ المجالس جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 328)

## روزہ دار کے گناہِ سابقہ:۔

آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ سرور قلب وسینہ حبیب الوریٰ علیہ الصلوۃ والسلام اپنے گناہگار امتی کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں۔

## عربی عبارت

﴿من صام رمضان ایمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه﴾

(مشکوٰۃ شریف 173)

**ترجمہ:** جس کسی نے ایمان اور خلوص نیت کے ساتھ رمضان شریف کے روزے رکھے اس کے سب سابقہ گناہ بخش دیئے گئے۔

## قرب الٰہی:۔

ایک دفعہ موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے بارگاہِ خداوند میں عرض کی کہ اے بار الٰہ جو تو نے



رفعت وشان مجھے عطاء فرمائی ہے میرے سوا کسی اور کو نہیں دی کیونکہ اے خداوند قدوس تو نے میرے ساتھ کلام کیا ہے۔پھر پروردگار عالم نے ارشاد فرمایا کہ میرے موسیٰ بے شک یہ صحیح ہے مگر سب سے آخر میں میرا محبوب آئیگا۔اور اس کی امت کی شان رفعت یہ ہوگی کہ میں تجھ سے زیادہ ان کے قریب ہوں گا۔موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے عرض کی کہ میرے خداوند وہ کیسے؟ فرمایا اے موسیٰ تجھ سے میں کلام کرتا ہوں تو میرے اور تیرے درمیان ستر ہزار پردے حائل ہوتے ہیں۔پس جب میرے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کی امت روزہ رکھے گی سارا دن بھوک پیاس میں کاٹے گی۔ان کے رنگ پیلے پڑ جائیں گے۔مگر جب افطاری کا وقت ہوگا تو میں ان تمام پردوں کو اٹھا دونگا۔ (درۃ الناصحین جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 44)

## ہر شب ساٹھ ہزار افراد کی بخشش:۔

جیسا کہ حدیث مبارکہ گزر چکی ہے جس میں دس لاکھ افراد کی دوزخ سے رہائی کی خوشخبری دی گئی تھی۔اسی طرح مندرجہ ذیل حدیث شریفہ میں باعث کون ومکان امام الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام ارشاد فرما رہے ہیں کہ ''ماہِ رمضان المبارک میں ہر شب آسمانوں میں صبح صادق تک ایک منادی یہ ندا کرتا ہے۔'' اے اچھائی طلب کرنے والے تو اللہ تبارک وتعالیٰ کی اطاعت کی طرف آگے بڑھ اور خوش ہو جا۔اے شریر انسان شرارتوں سے باز آجا۔اور عبرت حاصل کر۔پھر ندا دیتا ہے کہ ہے کوئی بخشش ومغفرت کا طالب کہ جس کی طلب پوری کی جائے۔ہے کوئی توبہ کرنے والا کہ اس کی توبہ قبول کی جائے۔اور ہے کوئی دعا مانگنے والا کہ اس کی دعا قبول کی جائے۔ہے کوئی سوال کرنے والا جس کا سوال پورا کیا جائے۔اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کی ہر شب میں وقت افطار ساٹھ ہزار گناہگاروں کی دوزخ سے آزاد فرماتا ہے اور عید کے دن کو سارے مہینے کے برابر گناہگاروں کی بخشش کی جاتی ہے۔ (الدر المنثور جلد نمبر 1 صفحہ نمبر 146)

Scanned with CamScanner

## جمعۃ المبارک کے دن ہر گھڑی دس لاکھ کی مغفرت:۔

حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی آخر الزمان ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اللہ عزوجل ماہِ رمضان میں روزانہ افطار کیوقت دس لاکھ ایسے گناہگاروں کو جہنم سے آزاد فرماتا ہے جن پر گناہوں کی وجہ سے جہنم واجب ہو چکی تھی۔ نیز شب جمعہ اور روز جمعہ کی ہر گھڑی میں ایسے ہی دس دس لاکھ گناہگاروں کو جہنم سے آزاد کیا جاتا ہے۔ جو عذاب کے حقدار قرار دیئے جا چکے ہوتے ہیں۔ (کنز العمال جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 223)

## خداوند کی رحمت:۔

سبحان اللہ خدائے وحدہ لاشریک کی رحمت کے کیا کہنے کہ جن پر جہنم کا عذاب واجب ہو چکا ہوتا ہے جنہوں نے اپنے پروردگار عالم کی بے پناہ نافرمانی کی خدا ان کو جہنم میں ڈالنا گوارا نہیں کرتا۔ ان کو بھی جنت میں داخل کرتا ہے۔ یہ سب خدائے وحدہ لاشریک کی رحمت رمضان المقدس کی وجہ سے ہے۔ اب ہمارا بھی کچھ فرض بنتا ہے کہ ہم رمضان المبارک کا احترام کریں تاکہ دونوں جہانوں میں سرخرو ہو سکیں۔

## بندے کے حق میں شفاعت:۔

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی آخر الزمان ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ روزہ اور قرآن قیامت والے دن بندے کے لئے شفاعت کریں گے۔ روزہ بارگاہِ الٰہی میں عرض کرے گا کہ اے رب کریم! میں نے کھانے اور خواہشوں سے دن میں اس کو روکا میری شفاعت اس بندے کے حق میں قبول و منظور فرما۔ جبکہ قرآن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے گا کہ اے پروردگار میں نے رات کو سونے سے اس بندے کو باز رکھا۔ اور میری



شفاعت اس بندے کے حق میں قبول کر۔ پس اللہ تعالیٰ ان دونوں کی شفاعتیں اس بندے کے حق میں قبول کرے گا۔ (مسند امام احمد جلد 2 صفحہ 586)

اس سے ثابت ہوتا ہے کہ روزہ بھی قیامت والے دن روزہ دار کے حق میں اللہ تعالیٰ سے شفاعت کرے گا ہمیں بھی چاہیے کہ ہم اس کے ادب واحترام کا خیال رکھیں۔

## خیر ہی خیر والا مہینہ:۔

اسی طرح رمضان کی فضیلتوں کے بارے میں خلیفہ ثانی امیر المؤمنین حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا اس مہینے کو خوش آمدید ہے جو کہ ہمیں پاک صاف کرنے والا ہے۔ پورا رمضان المبارک خیر ہی خیر ہے دن کا روزہ ہو یا رات کا قیام اس مہینے میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا جہاد میں خرچ کرنے کا درجہ رکھتا ہے۔

(تنبیہ الغافلین صفحہ 321)

## جنت کے دروازے:۔

روزے کے فضائل کے بارے میں سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب ماہِ رمضان المبارک کی پہلی رات آتی ہے تو آسمانوں اور جنت کے دروازوں کو کھول دیا جاتا ہے۔ جو کہ آخر رات تک بند نہیں ہوتے جو کوئی اس ماہِ رمضان المبارک کی کسی بھی رات میں نماز پڑھتا ہے۔ تو اللہ عزوجل اس کے ایک سجدے کے بدلے میں اس کے لئے پندرہ (1500) صد نیکیاں لکھتا ہے۔ اس کے لئے جنت میں سرخ یاقوت کا مکان بناتا ہے۔ جس میں ساٹھ ہزار دروازے ہونگے۔ اور ہر دروازے کے پٹ سونے کے بنے ہوں گے جن میں سرخ یاقوت جڑے ہوں گے۔ پس جو کوئی ماہِ رمضان المبارک کا پہلا روزہ رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ مہینے کے آخر دن تک اس

Scanned with CamScanner

کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔اور اس کے لئے صبح سے شام تک ستر ہزار فرشتوں کا گروہ دعا کرتا ہے۔رات اور دن میں جب بھی وہ دو سجدے کرتا ہے تو اسے ہر سجدے کے عوض جنت میں ایک ایسا درخت عطا ہوتا ہے کہ اس کے سائے میں گھڑ سوار پانچ سو برس تک چلتا رہے گا۔

## رمضان کا ادب واحترام:۔

رمضان المبارک کے ادب واحترام کے متعلق ہی آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ہے کہ ”جب تک میری امت رمضان کی حرمت (عزت واحترام) کو باقی رکھے گی تو وہ رسوا نہ ہوگی۔ (بیہقی شریف)

## رمضان کیا چیز ہے:۔

آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ ﷺ کی حدیث مبارکہ کہ حضرت سیدنا ابو مسعود غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل کرتے ہیں کہ نبی روف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اگر بندوں کو معلوم ہوتا کہ رمضان کیا چیز ہے؟ تو میری امت تمنا کرتی کہ پورا سال رمضان ہو۔

## رحمت ومغفرت اور آزادی جہنم کا مہینہ:۔

حضرت سلیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا رمضان المقدس ایسا بابرکت مہینہ ہے جس کا اول حصہ رحمت ہے درمیانی حصہ مغفرت ہے اور آخری حصہ آگ سے آزادی کا ہے۔ (بیہقی شریف)

## پانچ خاص باتیں:۔

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ



والسلام نے فرمایا کہ میری امت کو پانچ خاص باتیں رمضان المقدس میں دی گئی ہیں جو کہ مجھ سے پہلے کسی اور نبی کو نہیں ملیں۔(جو کہ مندرجہ ذیل ہیں)

۱۔جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کی طرف نظر فرماتا ہے اور جب وہ کسی کی طرف نظر فرمائے گا اسے کبھی بھی عذاب نہ ہوگا۔

۲۔شام کے وقت اس کے منہ کی بو خدائے بزرگ وبرتر کے نزدیک مشک (ایک خوشبو کا نام) سے زیادہ اچھی ہے۔

۳۔ہر دن اور رات میں فرشتے ان کے لئے استغفار کرتے ہیں۔

۴۔اللہ تعالیٰ جنت کو حکم فرماتا ہے مستعد ہو جا اور میرے بندوں کے لئے مزین ہو جا۔قریب ہے کہ وہ دنیا کی تعیب سے یہاں آکر آرام کریں۔

۵۔جب آخری رات ہوتی ہے ان (روزہ داروں) کی مغفرت فرما دیتا ہے۔

کسی صحابی نے عرض کیا یارسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام وہ (آخری) رات شب قدر ہے آپ نے فرمایا نہیں کیا تو نہیں دیکھتا کہ کام کرنے والے کام کرتے ہیں جب کام سے فارغ ہو جاتے ہیں اس وقت مزدوری پاتے ہیں (یعنی اس سے مراد عید الفطر کی رات ہے)۔

## دعاؤں کی قبولیت:۔

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا رمضان میں اللہ تبارک وتعالیٰ تمہاری دعاؤں کو قبول فرماتا ہے اور خطاؤں (یعنی گناہوں) کو معاف فرماتا ہے۔ (طبرانی)

## گناہوں کا کفارہ:۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دو جہاں حضور علیہ الصلوۃ

Scanned with CamScanner

والسلام نے فرمایا جس نے رمضان کا روزہ رکھا اور رمضان المقدس کی حدود کو پہچانا اور جس چیز سے بچنا چاہیے اس سے بچا تو جو پہلے گناہ کر چکا (سابقہ گناہ) تو یہ روزہ اس کا کفارہ ہوگا

## رمضان کا ادب:۔

ہم ماہِ مقدس کی عزت واحترام نہیں کرتے اگر ہم فرض کریں کہ روزہ رکھ لیتے ہیں تو تب بھی شرم وحیا تو آتی نہیں اصل میں برائی کرنا عادت (فطرت ثانیہ) بن چکی ہے۔ ہم جو جہان کے فحش کام ہیں وہ کرتے ہیں۔ فلم دیکھنا ہم نہیں چھوڑتے گانے بجانے ہم نہیں چھوڑتے بے حیائی والے کام نہیں چھورتے اگر کوئی ان سے پوچھ لے کہ بھائی آخر تم ماہِ مقدس کا روزہ رکھ کر یہ برائی والے کام کیوں کرتے ہو تو ان بے شرموں اور بے حیاؤں کا جواب ہی نرالا ہوتا ہے کہ بھائی ہم روزے کو بھلا رہے ہیں تعجب ہے تم پر۔

اور نوجوان تو نوجوان رہے ہماری جو مائیں بہنیں وہ بھی اس ماہ مقدس کا احترام نہیں کرتی۔ وہ بے پردگی کو عریانی کو فحاشی کو پسند کرتی ہیں اور ایسا لباس زیب تن کرتی ہیں کہ سارا جسم نمایاں ہوتا ہے۔ پردہ کرنا تو بہت دور کی بات ہے جو اپنے جسم کو اچھی طرح نہیں ڈھانپتی وہ پردہ کیا کریں گی۔ اور اگر کچھ خدا خوفی کر کے وہ اپنے جسم کو ڈھانپ ہی لیں اور پردے کو لیں گی تو پردے کو گلے میں ڈال دیں گی تعجب ہے ایسی ماؤں بہنوں پر۔

## ہماری مائیں بہنیں:۔

وہ بھی ہماری ہی مائیں بہنیں تھیں جو کہ پانچ وقت نماز کی پابند ہوتی تھیں۔ جو روزہ باقائدگی سے رکھتی تھیں جو اپنے بچوں کی تربیت اسلامی قوائد وضوابط کے مطابق کرتی تھیں۔ جو پردے کی بے حد پابند تھیں۔ جو روزانہ صبح سویرے اٹھ کر نماز پڑھتی تھیں۔ قرآن کریم فرقان حمید کی تلاوت کرتی تھیں۔ جو عشق مصطفیٰ ﷺ سے سرشار ہوتی تھیں۔ جنہوں نے اس پاک وطن کی



خاطر اپنے بیٹوں اپنے بھائیوں اور اپنے شوہروں کو اپنے سے جدا ہوتے دیکھا کیا یہ وہی ملک ہے جس کو اسلام اور قرآن کے نام پر حاصل کیا گیا۔ جس کو حاصل کرتے وقت ہمارا نعرہ ہوا کرتا تھا پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ

## پاکستان کی موجودہ حالت:۔

اب اس میں ہر طرف بے حیائی و بے شرمی کا دور دورہ ہے۔ جہاں ہر گلی گلی کوچہ کوچہ پر سینما گھر نظر آتے ہیں وہی نوجوان جو پہلے تلاوت قرآن مجید کرتے تھے وہی اب اس اسلامی ملک میں سینما بین (فلم) بنے ہوئے ہیں۔

وہ نوجوان جوان اپنے اوقات میں نماز کی ادائیگی، اسباق کی تیاری، والدین کی اطاعت وفرمانبرداری اور حلال روزی کے حصول کے لئے محنت کیا کرتے تھے وہی اب اپنے والدین کے نافرما، گلوکار، ہر وقت ان کی زبان پر گانا، ہر وقت گلی کوچہ میں موٹر سائیکلوں پر آوارہ گردی، اور اپنی جوان بہنوں کی عزت وآبرو پر ہاتھ اٹھانا۔ ان کو چلتے ہوئے تنگ کرنا ان آج کے بگڑے ہوئے نوجوانوں کا مشغلہ ہے۔ یہی نوجوان روزے کا احترام نہیں کرتے اس کی بے حرمتی کرتے ہیں۔ یہ فیشن ایبل کلین شیو نوجوان بے نماز اگر رمضان المبارک میں روزہ رکھ ہی لیں تو روزے کا احسان جتائے پھریں گے۔ بری عادات (جو ان کی فطرت ثانیہ بن چکی ہیں) سے باز نہیں آئیں گے۔ اس طرح کے لوگوں کا روزہ رکھنا الٹا گناہ ہے ثواب نہیں خدا کو ان کے اس روزے کی ضرورت نہیں۔ ان کو لاکھ سمجھائیں مگر ان کو شرم وحیا نہیں آئے گی۔

کعبہ کس منہ سے جاؤ گے غالب (شرم مگر تم کو نہیں آتی)

انہی نوجوانوں کے بارے میں شاعر مشرق حضرت ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے جواب شکوہ میں بہت خوب نقشہ کھینچا ہے کہ

Scanned with CamScanner

غافل آداب سے سکان زمیں کیسے ہیں شوخ وگستاخ یہ پستی کے مکیں کیسے ہیں

ہم تو مائل با کرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں — راہ دکھلائیں کسے کوئی راہرو منزل ہی نہیں

کوئی قابل ہو تو ہم شان کئی دیتے ہیں — ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

کس قدر تم پہ گراں صبح کی بیداری ہے — ہم سے کب پیار ہے ہاں نیند تمہیں پیاری ہے

طبع آزاد پہ قید رمضان بھاری ہے — تمہیں کہہ دو کہ یہ آئین وفاداری ہے

شور ہے ہو گئے دنیا سے مسلمان نابود — ہم یہ کہتے ہیں کہ تھے بھی کہیں مسلم موجود

وضع میں تم نصاریٰ ہو تو تمدن میں ہنود — یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کر شرمائیں یہود

## حقیقی مفہوم:۔

روزہ تو دراصل آنکھوں کو ناجائز نظارے سے، زبان کو مکروہ، فحش اور جھوٹی باتوں سے ۔کانوں کو غیبت اور لغویات سننے سے، پیٹ کو (خوب بھر کر) کھانے سے بلکہ تمام اعضائے جسمانی کو خلاف شرع افعال سے باز رکھنے کا نام روزہ ہے۔

## بھوکا پیاسا رہنا:۔

نبی کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان عالیشان کا کچھ یوں مفہوم ہے کہ ”بہت سے روزے دار ایسے ہیں جن کو ان کے روزہ سے سوائے بھوک، پیاسا رہنے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ (ابن ماجہ شریف)

یہ وہ ہی لوگ ہیں جن کا کریکٹر کا چیدہ چیدہ حال اوپر بیان ہوا ہے۔ ان افراد کو سوائے بھوکا پیاسا رہنے کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

## روزہ کی مثل:۔



حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے بارگاہِ نبوی ﷺ میں عرض کی کہ یارسول اللہ ﷺ مجھ کو کسی بڑے عمل کا حکم دیجئے آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ ”روزہ رکھا کرو“ تین مرتبہ صحابی نے عرض کیا۔ اور سرکار علیہ الصلوۃ والسلام نے یہی حکم فرمایا کہ ”روزہ رکھا کرو“ کیونکہ کوئی عمل اس کی مثل اور اس کے برابر نہیں ہے۔ (نسائی شریف وابن خزیمہ)

## ریان دروازہ:۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جنت میں آٹھ دروازے ہیں ان میں سے ایک کا نام ریان ہے اس سے روزے داروں کے علاوہ کوئی داخل نہیں ہوگا۔ (بخاری ومسلم)

## ریان کی خصوصیات:۔

اس کی طرف جاری ہونے والی نہروں کی کثرت کے سبب سے اور اس کے قریب تر وتازہ پھول پھل کیوجہ سے وہ دروازہ بذات خود سیراب اور سرسبز وشاداب ہے۔ ریان ری سے نکلا ہے۔ جس کا معنی سیرابی ہے۔ اس دروازہ کو ریان اس وجہ سے بھی کہا جاتا ہے کہ جو اس کی طرف پہنچ گیا۔ اس سے قیامت کے دن کی پیاس زائل ہو جائے گی۔ اور ٹھہرنے کی جگہ میں ہمیشہ اس کے لئے عراوت ونظافت رہیگی۔

زرکشی نے کہا کہ ریان فعلان کے وزن پر زیادہ سیرابی والا کے معنی میں ہے عطش کی ضد ہے اس کیساتھ اس لیئے نام رکھا گیا کہ وہ ان کی پیاس اور ان کی بھوک پر روزہ داروں کی جزا ہے۔

اس سے مراد ہرگز نہیں کہ وہ صرف رمضان کے مہینہ کے روزہ ہی پر موقوف ہے بلکہ

Scanned with CamScanner

نوافل روزوں کو لازم کرنے اور اس کی کثرت پر بھی باب ریان سے روزے داروں کو داخل کیا جائے گا۔

## آسمان اور رحمت کے دروازے:۔

صحابی رسول حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ سے مروی ہے کہ آقائے کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد دلپذیر فرمایا کہ جب ماہ رمضان داخل ہوتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ایک روایت میں آتا ہے کہ جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ اور شیاطین کو زنجیر میں باندھ دیا جاتا ہے اور ایک روایت میں آتا ہے کہ رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

(بخاری و مسلم)

## قارئین گرامی قدر:۔

آسمان کے دروازوں کا کھولا جانا رحمت کے نازل ہونے سے کنایہ ہے۔ جبکہ جنت کے دروازوں کا کھولا جانا نیکیوں اور بھلائیوں کی توفیق سے کنایہ ہے۔ جو کہ جنت میں داخل ہونے کا سبب ہے۔ (جبکہ جہنم کے دروازوں کے بند ہونے سے کیا روزہ رکھنے والوں کی جانوں کا خواہشوں کے توڑنے کے سبب گناہوں پر آمادہ کرنے والی چیزوں سے پانا کنایہ ہے) علامہ نووی رحمۃ اللہ علیہ نے جنت کے دروازوں کے کھلنے اور دوزخ کے دروازوں کے بند ہونے میں حقیقت و مجاز دونوں صورتوں کو جائز قرار دیا ہے۔ (لمعات)

## جنتیوں اور جہنمیوں کی آوازیں:۔

ایک دفعہ ایک صحابی رسول نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی بارگاہ میں حاضری دی اور



عرض کرنے لگے کہ آقا میں رہتا تو مدینہ میں ہوں مگر میں اپنے کانوں سے جنتیوں کی آوازیں سنتا ہوں۔ اور دوزخیوں کی آوازیں (چیخ و پکار) بھی سنتا ہوں۔ آقائے نامدار مدنی تاجدار مدینہ سرور قلب وسینہ علیہ الصلوۃ والسلام نے اس سے پوچھا کہ تو کیا عمل کرتا ہے؟ اس نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں دن کو روزہ رکھتا ہوں۔

## شیاطین و سرکش جن:۔

حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب ماہ رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو شیاطین اور سرکش جن قید کر لئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ پھر رمضان بھر ان میں سے کوئی دروازہ کھولا نہیں جاتا اور جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں تو ان میں سے کوئی دروازہ بند نہیں کیا جاتا۔

(ترمذی وابن ماجہ شریف)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۲۲ پر رقم طراز ہیں کہ آسمان کے دروازے کھول دیئے جانے سے مراد ہے پے در پے رحمت کا بھیجا جانا اور بغیر کسی رکاوٹ کے بارگاہ الٰہی میں اعمال کا پہنچنا اور دعا کا قبول ہونا اور جنت کے دروازے کھول دیئے جانے کا مطلب ہے۔ نیک اعمال کی توفیق اور حسن قبول عطا فرمانا اور دوزخ کے دروازے بند کیئے جانے سے مراد ہے روزہ داروں کے نفوس کو ممنوعات شرعیہ کی آلودگی سے پاک کرنا اور گناہوں پر ابھارنے والی چیزوں سے نجات دلانا اور دل سے لذتوں کے حصول کی خواہشات کا توڑنا اور شیاطین کو زنجیروں سے جکڑ دیئے جانے سے مراد برے خیالات کے راستوں کا بند کرنا ہے۔

## روزہ میرے لئے ہے:۔

نسائی شریف میں آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ہے کہ حضرت ابو سعید سے

Scanned with CamScanner

مروی ہے کہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ روزہ ایسی عبادت ہے کہ صرف میرے لیئے ہے اور میں ہی اس کا بدلہ دونگا اور روزے دار کو دو خوشیاں ملتی ہیں۔ایک خوشی جس وقت وہ روزہ کھولتا ہے اور دوسری خوشی اس وقت ہوگی جب وہ پروردگار سے ملے گا۔اس ذات کی قسم جسکے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔روزہ دار کے منہ کی خوشبو اللہ تعالیٰ کو مشک سے بھی زیادہ پسند ہے۔

## روزہ ایک بھٹی:۔

ماہ رمضان المبارک ایک بھٹی ہے جس طرح بھٹی گندے لوہے کو صاف اور صاف لوہے کو مشین کا پرزہ بنا کر قیمتی کر دیتی ہے اور سونے کو زیور بنا کر محبوب کے استعمال کے لائق کر دیتی ہے ایسے ہی ماہ رمضان المقدس گناہگاروں کو پاک کرتا ہے جبکہ نیکوکاروں کے درجات کو بڑھاتا ہے

## قلبی صفائی:۔

روزہ فضل خداوندی کا آئینہ ہے اللہ تبارک وتعالیٰ کا فضل وخزانہ محبت ہے۔جو جسے مل جائے اس کا دین ودنیا سنور جائے اللہ بڑا بے نیاز ہے جسے چاہے اپنے فضل وکرم سے سرفراز کر دے رمضان المبارک قلبی صفائی کا مہینہ ہے۔

## روزے کا اجر وثواب:۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ بنی آدم کا ہر نیک عمل اس کے لئے بڑھایا جاتا ہے اس طرح کہ ایک نیکی کے بدلے میں دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے جو سات سو نیکیوں تک جا پہنچتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ روزہ



میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا کیونکہ روزہ دار اپنی خواہشات نفس اور اپنے کھانے کو میرے لئے چھوڑتا ہے روزہ دار کے لئے دو فرحتیں ہیں۔ایک فرحت افطار کے وقت اور دوسری اپنے رب سے ملاقات کے وقت کی۔روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پسندیدہ ہے اور روزہ ڈھال ہے پس جب تم میں سے کوئی روزے سے ہو تو اس میں بدکلامی نہ کرے۔اور نہ دنگا فساد، پس اگر کوئی اسے برا کہے یا اس سے لڑنا چاہے تو اسے کہنا چاہئے کہ میں روزہ دار ہوں۔ (بخاری شریف)

## ادنیٰ نیکی کا اجر:۔

سب سے ادنیٰ نیکی والے کام کا اجر دس گنا ہے۔مطلب یہ ہے کہ نیکی تو ایک ہوگی مگر اس کا اجر دس گنا ملے گا۔پھر اس کے بعد نیک عمل کرنے والے کے صدق وخلوص پر انحصار ہوتا ہے۔کہ اس کی ریاضت ومجاہدہ میں جس قدر کمال بڑھے گا اسی قدر اس کا ثواب بھی بڑھتا جائے گا۔اسی طرح ماہ سید الشھور کے فضائل میں سے روزے کی فضیلت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ روزہ دار کی دعا قبول فرماتا ہے۔

## جہنم کے قیدی:۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ رمضان المبارک کی ہر شب وروز میں اللہ تعالیٰ کے ھاں سے جہنم کے قیدی چھوڑے جاتے ہیں اور ہر مسلمان کے لئے ہر شب وروز میں ایک دعا ضرور قبول ہوتی ہے۔

## دعا میں عاجزی:۔

جس آدمی کی دعا میں عاجزی وانکساری اور خلوص نیت ہوتی ہے تو اس شخص کی دعا بارگاہ

Scanned with CamScanner

رب العزت میں پیش ہوتی ہے تو اس کی دعا خدائے وحدہ لاشریک قبول ومنظور فرماتا ہے۔اگر آدمی چاہے تو ہر وقت بارگاہ رب العزت میں دعا کر سکتا ہے مگر کچھ مقامات ایسے ہیں کہ خدا نے ان کو فضیلت دے رکھی ہے اور اگر اسی طرح کے موقعوں پر کوئی اچھی دعا مانگی جائے تو وہ ضرور مستجاب (قبول) ہوگی۔

## دعا کا بدلہ:۔

نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد عالی شان ہے کہ جب مسلمان اللہ رب العزت کی بارگاہ عالی شان میں دعا کرتا ہے بشرطیکہ قطع رحمی یا کوئی اور گناہ کی دعا نہ کرے تو حق تعالیٰ شانہ کے یہاں سے تین چیزوں میں سے ایک ضرور ملتی ہے یا وہ چیز خود ہی ملتی ہے جس کی دعا کی یا اس کے بدلے میں کوئی برائی یا مصیبت اس سے ہٹادی جاتی ہے یا آخرت میں اسی قدر ثواب اس کے حصے میں لگادیا جاتا ہے۔

(رمضان المبارک صفحہ نمبر ۶۷)

## ہماری دعا قبول کیوں نہیں ہوتی:۔

دعا تو ہم بارگاہ رب العزت میں بے انتہا کرتے ہیں مگر ہماری دعا قبول نہیں ہوتی آخر قبول بھی کیسے ہو ہماری خوراک حرام ہماری کمائی حرام ہمارے لباس حرام۔کھانا پینا حرام جب ہم حرام کمائی کر کے بارگاہ رب العزت سے دعا کرتے ہیں تو رب کی رحمت منہ پھیر لیتی ہے۔اور اس کی دعا رد کر دی جاتی ہے۔نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ بہت سے پریشان حال مظلوم آسمان کی طرف ہاتھ کھینچ کر دعا مانگتے ہیں یا رب یا رب کرتے ہیں مگر کھانا حرام پینا حرام لباس حرام ایسی حالت میں دعا کہاں قبول ہو سکتی ہے۔



## قارئین محترم:۔

ذرا غور فرمائیں کہ جب ہم سود کھاتے ہیں اور سود کی رقم سے ہی ہم کھانے پینے کا سامان خریدتے ہیں اس سے لباس خریدتے ہیں اسکو حرام راستوں پر خرچ کرتے ہیں ظاہر ہے حرام حرام ہی کے راستے پر جائے گا۔جب ہم شراب پئیں ہیروئن وغیرہ استعمال کریں اور حرام کھائیں پئیں تو جب ہمارا جسم حرام مال سے پلا ہو تو روحانیت نہ ہوگی اور اس کی دعا رد کر دی جائیگی آقا علیہ السلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ بھی ہے کہ حرام کا ایک لقمہ کھانے سے چالیس دن کی عبادت رائیگاں چلی جاتی ہے۔

## مستجاب الدعوات:۔

کہا جاتا ہے کہ کوفہ میں ایک گروہ تھا جو کہ مستجاب الدعوات تھا۔جب کوئی حاکم ان پر مسلط ہوتا تو یہ لوگ اس حاکم کے لئے بددعا کرتے تو وہ ہلاک ہوجاتا تو جب حجاج بن یوسف کا دور شروع ہوا وہ بڑا ظالم اور سفاک حکمران تھا۔تو اس نے ان مستجاب الدعا لوگوں کی خاص طور پر دعوت کی۔جب وہ لوگ کھانے سے فارغ ہو چکے تو اس نے کہا کہ اب ان لوگوں کی بددعا سے میں محفوظ ہو گیا ہوں کیونکہ حرام کی روزی ان کے پیٹ میں داخل ہوگئی ہے۔

## قارئین گرامی:۔

کچھ تو اس سے عبرت حاصل کریں مگر کیا کریں کہ ہمارے دل پر گناہوں کا زنگ چڑھ گیا ہے ہمارے دل سیاہ ہو گئے ہیں۔ہم پر کوئی نصیحت اثر انداز نہیں ہوتی۔کوئی چاہے لاکھ سمجھائے مگر ہم اپنی عادات پر پختہ ہو گئے ہیں۔

Scanned with CamScanner

## مشیرہ نامی ہوا:۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان عالیشان ہے کہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ ہوتی ہے۔تو عرش عظیم کے نیچے سے مشیرہ نامی ہوا چلتی ہے جو کہ جنت کے درختوں کے پتوں کو ہلاتی ہے۔اس ہوا کے چلنے سے ایسی دلکش آواز پیدا ہوتی ہے۔

کہ اس سے بہتر آواز آج تک کسی نے نہیں سنی حوریں رب العزت کی بارگاہ میں عرض کرتی ہیں کہ یا اللہ اپنے بندوں میں سے ہمارے لئے شوہر مقرر فرما پس رمضان کے روزہ داروں میں سے کوئی ایسا نہ ہوگا کہ جس کو ان حوروں میں سے کوئی حور نہ ملے۔ان حوروں کے واسطے یاقوت سے بنا ہوا تخت ہے ہر تخت پر ستر فرش ہیں اور ستر نعمت کے خوان جو مختلف کھانوں سے بھرے ہوئے ہیں یہ سب نعمتیں روزے داروں کے لئے ہوں گی۔اور ان نیکیوں کے علاوہ ہوں گی جو انہوں نے ماہ رمضان المقدس میں کیں۔سبحان اللہ روزے داروں کی کیا بلند شان ہے؟

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ (نسائی شریف کی حدیث مبارکہ ہے) کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اللہ کی راہ میں ایک جوڑا دے اسے جنت میں پکارا جائے گا اے اللہ کے بندے یہ تیری نیکی ہے تو جو شخص نمازی ہوگا وہ نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا اور جو شخص جہاد کرنے والوں سے ہوگا وہ جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا جو شخص صدقہ دینے والا ہوگا وہ صدقے کے دروازے سے بلایا جائے گا جو روزہ دار ہوگا اس کو روزے کے دروازے سے بلایا جائے گا۔ حضرت ابوبکر صدیق



رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ جو شخص سب دروازوں سے بلایا جائے گا اس پر کیا ہے؟ کوئی ایسا بھی شخص ہوگا؟ جو کہ سارے دروازوں میں سے بلایا جائے گا۔تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا ہاں اور مجھے توقع ہے کہ تم ایسے ہی لوگوں میں سے ہو۔

## آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا خطبہ:۔

حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ ہم کو رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے شعبان کے آخری دن میں خطبہ دیا پس فرمایا! اے لوگو! بے شک تم پر ایک عظمت اور برکت والا مہینہ سایہ فگن ہونے والا ہے اس مہینے میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔اللہ نے اس مہینے کے روزے کو فرض اور اس کی رات میں کھڑے ہونے کو نفل بنایا۔جو شخص اس میں نفل کی قسموں میں سے نیکی کی ایک صفت کے ساتھ قریب ہوا تو وہ اس کی طرح ہوگا جس نے اس مہینے کے علاوہ میں فرض نماز پڑھی اور جس نے اس میں ایک فریضہ کو ادا کیا وہ اس کی طرح ہوگا جس نے اس مہینے کے علاوہ میں ستر فرض نمازیں پڑھیں (اس مہینہ میں نفلوں میں سے کوئی بھی نیکی خواہ وہ نماز ہو یا صدقہ اس کا ثواب دوسرے مہینوں کے فرض کے برابر ہے اور اس مہینے میں ایک فرض عبادت کی ادائیگی کا ثواب دوسرے مہینے میں ستر فرضوں کی ادائیگی کے ثواب کے مثل ہے) یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے (اس لئے کہ روزہ رکھنا کھانے پینے کی چیزوں میں اور اس کے علاوہ سے صبر کرنے کی طرح ہے۔) یہ غمگساری (شہر المواساۃ) اور وہ مہینہ ہے جس میں مومن کا رزق زیادہ کیا جاتا ہے۔جس نے اس مہینہ میں روزہ کسی کو افطار کرایا (افطار کے وقت کھانا کھلایا)۔اس کے لیئے اس کے گناہوں سے مغفرت ہوگی۔اور دوزخ سے اسکی گردن کی آزادی ہوگی۔اور اس کے لیئے جس روزہ دار کو افطار کے وقت کھلایا اس کے اجر کے مثل ثواب ملے گا۔اور وہ شخص اس روزہ دار کے اجر سے کچھ کمی نہیں کرے گا۔ہم نے کہا

Scanned with CamScanner

یارسول اللہ ﷺ ہم میں سے ہر شخص اس چیز کو نہیں پاتا جس سے ہم لوگ روزہ دار کو افطار کرائیں تو رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ یہ ثواب اسے بھی عطا فرمائے گا جو کسی روزہ دار کو ایک گھونٹ دودھ یا ایک کھجور یا ایک گھونٹ پانی پلائے گا اور جس نے روزہ دار کو آسودہ کیا اللہ تعالیٰ اس کو میرے حوض سے پانی پلائیگا کہ پھر وہ پیاسا نہیں ہوگا یہاں تک کہ وہ جنت میں داخل ہو جائیگا۔ یہ وہ مہینہ ہے جس کا اول رحمت اور اس کا وسط مغفرت اور اس کا آخر دوزخ سے آزادی ہے جس نے ماہ رمضان میں اپنے غلام سے تخفیف کی تو اللہ تعالیٰ اس کو بخش دے گا۔ اور اس کو دوزخ سے آزاد کردے گا۔ (بیہقی)

## مکۃ المکرمہ میں رمضان:۔

ابن ماجہ کی حدیث مبارکہ ہے حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور کریم علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جس نے رمضان المبارک کو مکہ مکرمہ میں پالیا اور اس نے اپنی طاقت کے مطابق روزہ رکھا اور قیام کیا تو اسکو دوسری جگہ کے اعتبار سے اس جگہ رمضان گزارنے کا ثواب ملتا ہے اور ہر ایک دن کے بدلے میں ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے اسی طرح ہر ایک رات کے بدلے میں ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے اور ایک دن کے بدلے راہ خدا میں سواری دینے کا ثواب ملتا ہے ہر رات اور دن کے بدلے میں اس کو نیکیاں ہی نیکیاں ملتی ہیں

## مقدس مقامات:۔

مقدس مقامات پر ماہ رمضان المبارک کے روزے رکھنے کا ثواب باقی مقامات سے کئی گناہ زیادہ ہے جبکہ ان سب مقامات مقدسہ میں سے مکہ مکرمہ کو سب سے زیادہ بزرگی و فضیلت حاصل ہے اس میں بیت اللہ شریف ہے اور یہ میرے اور اسکے پیارے آقا و مولیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کا آبائی شہر ہے جسکی وجہ سے وہ سب سے افضل مقام مکہ مکرمہ ہے پھر اس کے بعد آقائے



نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ علیہ الصلوۃ والسلام کا مدفن یعنی مدینہ منورہ ہے جہاں پر مسجد نبوی واقع ہے اور اس کو مکہ مکرمہ کے بعد بے حد بزرگی اور شہرت حاصل ہے اس کو وہ بزرگی و فضیلت حاصل ہے جو کسی کو حاصل نہیں۔ ان کے علاوہ بیت المقدس (فلسطین) بھی مقدس مقامات میں سے ہے۔

ان افراد کیلئے انتہائی خوش بختی اور خوش نصیبی ہے جو کہ ماہ رمضان المبارک شہر مکہ میں گزارتے ہیں یا پھر سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے مدفن شریف شہر نبی مدینہ شریف میں گزارتے ہیں یا پھر بیت المقدس میں۔

صوفیاء کرام اور اولیاء کرام کی از حد کوشش ہوتی ہے کہ وہ خانہ کعبہ اور مسجد نبوی میں ماہ رمضان المبارک گزاریں کیونکہ ان عالی شان مقامات پر فقراء صوفیاء اور اولیاء کرام خصوصی روحانی کیفیات اور انوارات محسوس کرتے ہیں اور مشاھدات دیکھتے ہیں جو کہ عام مقامات پر میسر نہیں ہوتیں۔

## روزہ کا معنی:۔

روزہ قلبی صفائی کرتا ہے اور روزہ جسم کی زکوۃ ہے اور زکوۃ کا معنی پاکی ہے اور یہ لفظ زکیٰ سے بنا ہے عربوں میں یہ لفظ افزائش پاکیزگی اور صفائی وطہارت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے لہذا جب زکوۃ کے فریضہ کا اطلاق ہوا تو اس کا مطلب بھی یہی تھا کہ اللہ کی راہ میں مال کا کچھ حصہ خرچ کرکے اپنے مال کو پاک صاف و پاکیزہ کرلیا جائے اسی طرح روزہ دار کو روزہ رکھنے میں کچھ مشقت و تکلیف اٹھانا پڑتی ہے جس سے باطنی صفائی ہوتی ہے اسی بناء پر حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے روزے کو جسم کی زکوۃ قرار دیا ہے۔ حدیث ملاحظہ کیجئے۔

حضرت ابوھریرۃ سے روایت ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ

Scanned with CamScanner

ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے اور محرز نے اپنی حدیث میں اتنا اضافہ کیا کہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ روزہ آدھا صبر ہے۔(ابن ماجہ شریف)

## روزہ صبر ہے:۔

خدائے رب العزت نے اس انسان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے مال اور دولت، حسن، صحت اور علم وغیرہ وغیرہ سب اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ہیں اور ان نعمتوں کا جتنا بھی شکر ادا کرے کم ہے ان نعمت ھائے گونا گوں کے شکر کی صورت یہ ہے کہ خداوند قدوس کی راہ میں رضائے الٰہی کی خاطر ان نعمتوں کو دوسروں کے فائدے کے لئے خرچ کرے مال و دولت کا شکر عاجزی وانکساری کی ساتھ خدائے وحدہٗ لاشریک کی بارگاہ میں پیش کرے صحت کا شکر یہ ہے کہ بندہ خداوند قدوس کی عبادت و ریاضت کرے جبکہ علم کی زکوٰۃ یہ ہے کہ جو آدمی ایک علم کو حاصل کرے تو اس علم کو دنیا میں آگے دوسرے لوگوں تک پہنچائے تاکہ وہ علم سے بہرہ مند ہوں۔روزہ میں اس کمزور و ناتواں انسان کو پورا دن بھوکا پیاسا رہنا پڑتا ہے بھوک و پیاس کو برداشت کرنا پڑتا ہے اس کے علاوہ بے شمار خواہشات نفسانی کو قابو کرنا پڑتا ہے۔پورے صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا پڑتا ہے روزہ دار کو بے شمار مشقت و محنت اٹھانی پڑتی ہے اس کا مقصود صرف اور صرف رضائے الٰہی ہوتا ہے روزہ کی مشقت اور تکلیف یہ صحت و تندرستی اور جسم انسانی کی زکوٰۃ کے مترادف ہے روزے کے بارے میں اللہ رب العزت کے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا الصیام نصف الصبر یعنی روزہ آدھا صبر ہے۔

## قارئین محترم:۔

بے شک روزہ صبر کا نام ہے مگر ہم ماہ رمضان المبارک میں صبر کی بجائے بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں سحری ہو یا افطاری ہماری بے صبری انتہا کو پہنچی ہوتی ہے سحری میں اگر ہم نے



ایک کم کھالیا تو افطاری کے وقت ہم ٹوٹ پڑتے ہے اگر کوئی پوچھے کہ بھائی آخر کیا بات ہے تو روزہ دار صاحب یہ جواب مرحمت فرماتے ہیں کہ بھائی تم کو نہیں معلوم کہ میں نے تمام دن کچھ کھائے پئے بغیر گزار دیا ہے پورا دن سخت بھوک لگی تھی۔میں تمام دن روزے کی حالت میں پھر کوئی کہے کہ یار تم نے روزہ رکھا تھا تو اپنے لئے رکھا تھا ہمیں کیوں کوستا ہے تو آپ فرماتے ہیں کہ چپ کر میں روزے میں سے ہوں۔واہ کیا کہنے ہیں صاحب آپ کے اگر ہم شام کے وقت بازار میں پکوڑے سموسے والی دکان پر جا کر دیکھیں تو ہمیں اس کا نظارہ بہت اچھی طرح نظر آئے گا۔ہر کوئی بے صبری کا مظاہرہ کر رہا ہوتا ہے۔دفتر میں آفیسر حضرات اپنے نوکروں اور ماتحت عملہ پر گرم ہو رہے ہوتے ہیں کیوں بھائی یار وہ روزے سے ہوتے ہیں وہ اللہ رب العزت پر احسان کر رہے ہیں اگر ان کی یہ سوچ ہے تو ان ہی کے بارے میں آقائے کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

جس کا مفہوم یہ ہے کہ ”تم میں سے بعض ایسے ہیں کہ جنکے روزے ان کے بھوکا پیاسا رہنے کے سوا کچھ نہیں ایسے روزوں کی خدائے وحدہ لاشریک کو کوئی ضرورت نہیں ہے“

## قارئین محترم!

ذرا غور و فکر کا مقام ہے کہ ایسے روزے کا کیا فائدہ؟ کہ جس سے ہم ثواب کی بجائے الٹا گناہ کمائیں۔امید ہے آپ اس پر ذرا غور و فکر کریں گے۔

## حدیث مبارکہ:۔

آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا (اس کو حضرت ابوھریرہ نے روایت کیا ہے) کہ جس شخص نے اللہ کی راہ میں ایک روزہ رکھا۔اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو دوزخ سے ستر سال کی مسافت پر دور کر دیتا ہے۔(مسلم،ابن ماجہ)

Scanned with CamScanner

## ترمذی شریف کی حدیث مبارکہ:۔

جبکہ ترمذی شریف میں اس حدیث کو یوں بیان کیا گیا ہے۔حضرت ابوامامہ روایت کرتے ہیں کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جس نے اللہ کی رضا کی خاطر ایک روزہ رکھا۔تو اللہ تعالیٰ اس کے اور دوزخ کے درمیان اتنی خندق بنا دیتا ہے جتنا زمین و آسمان کے درمیان فاصلہ ہے۔

دوزخ بہت برا ٹھکانہ ہے جس کا قرآن کریم میں بارہا ذکر آیا ہے۔جب اللہ رب العزت کسی سے ناراض ہوگا تو اس کو جہنم کے گڑھوں میں پھینک دیگا۔مگر اس کے غضب سے بچنے کا طریقہ بھی ہے وہ یہ کہ آدمی فرضی عبادات کو احسن طریقے سے نبھائیں اور اسکی تسبیح و تحلیل کریں اس کی عبادت و ریاضت کریں اور اپنے سابقہ گناہوں سے توبہ و استغفار کریں بے شک اللہ رب العزت بڑا غفور الرحیم ہے۔

## ذرا غور کریں:۔

اسی طرح ایک روایت بیان کی جاتی ہے کہ ایک شخص آیا اور عرض کرنے لگا یا رسول اللہ ﷺ میں دین و دنیا کی بہتری کے لئے آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا پوچھ لو جو پوچھنا ہے۔اس نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں چاہتا ہوں میں سب سے زیادہ جاننے والا بن جاؤں، آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو سب سے زیادہ جاننے والے ہو جاؤ گے۔اس نے عرض کی کہ حضور ﷺ میں چاہتا ہوں کہ میں سب سے زیادہ غنی ہو جاؤں آپ ﷺ نے فرمایا قناعت اختیار کرو سب سے زیادہ غنی ہو جاؤ گے۔اس نے عرض کی میں چاہتا ہوں کہ میں اچھا بن جاؤں آپ ﷺ نے فرمایا لوگوں کے ساتھ اچھائی کرو۔اچھے بن



جاؤ گے۔پھر اس نے عرض کی کہ حضور ﷺ میں چاہتا ہوں کہ میں انصاف کرنے والا بن جاؤں فرمایا جو اپنے لیئے پسند کرتے ہو اسے دوسروں کے لیئے بھی پسند کرو۔انصاف کرنے والے بن جاؤ گے۔پھر عرض کی کہ میں چاہتا ہوں کہ میں اللہ کا خاص بندہ بن جاؤں فرمایا اللہ کی یاد کثرت سے کیا کرو اس کے خاص بندے بن جاؤ گے۔عرض کی کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا ایمان کامل ہو جائے فرمایا اپنے اخلاق اچھے کرلو ایمان کامل ہو جائے گا۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ اللہ کے تابعداروں میں سے ہو جاؤں فرمایا اللہ کے فرائض ادا کرتے رہو اس کے تعبدار بن جاؤ گے۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ میں قیامت کو نور میں اٹھوں۔فرمایا کسی پر ظلم نہ کرو۔قیامت میں نور میں اٹھو گے۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ اللہ مجھ پر رحم کرے۔فرمایا خود اپنی جان پر اور اللہ کی مخلوق پر رحم کرو۔اللہ تم پر رحم کرے گا۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ میرے گناہ کم ہو جائیں فرمایا کثرت کے ساتھ استغفار کیا کرو گناہ کم ہو جائیں گے۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے رزق میں وسعت عطا فرمائے فرمایا ہمیشہ طہارت سے رہو رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔عرض کی میں چاہتا ہوں کہ اللہ اور اس کے رسول کے دوستوں میں سے ہو جاؤں فرمایا جس کو اللہ اور رسول ﷺ کو محبت ہے اس سے محبت کرو۔اور جس سے دشمنی ہے اس سے دشمنی رکھو۔اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے دوستوں میں سے ہو جاؤ گے۔عرض کی کہ میں چاہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچ جاؤں فرمایا تم کسی پر غضب نہ کرو۔اللہ تعالیٰ کے غضب سے بچ جاؤ گے۔حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا ہر افطار کے وقت اور ہر رات میں لوگوں کو دوزخ سے آزاد کیا جاتا ہے

(ابن ماجہ در رمضان المبارک صفحہ ۸۸،۸۹)

## قارئین گرامی!

اگر ہم ان بے مثال فرمودات پر عمل کریں تو ہم اپنی زندگی سنوار سکتے ہیں۔ اگر ان فرمودات پر عمل کیا جائے تو ہمیں کوئی شکایت باقی نہیں رہے گی۔

## جس کی مغفرت نہ ہو:۔

حضرت کعب بن عجرہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ منبر کے قریب ہو جاؤ ہم لوگ حاضر ہو گئے جب حضور ﷺ نے پہلے درجہ پر قدم رکھا تو فرمایا آمین پھر دوسرے درجے پر قدم رکھا فرمایا آمین پھر تیسرے درجہ پر قدم رکھا فرمایا آمین ۔جب خطبہ سے فارغ ہو کر نیچے اترے تو ہم نے عرض کیا کہ ہم نے آج آپ ﷺ سے ایسی بات سنی ہے جو پہلے کبھی نہیں سنی۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس وقت جبرائیل علیہ السلام میرے سامنے تھے۔ جب پہلے درجے پر قدم رکھا تو انہوں نے کہا کہ ہلاک ہو وہ جس نے رمضان کا مہینہ پایا اور اس کی مغفرت نہ ہوئی میں نے کہا آمین۔ پھر جب میں دوسرے درجے پر چڑھا تو انہوں نے کہا کہ ہلاک ہو وہ جس کے سامنے آپ ﷺ کا ذکر ہوا اور اس نے درود نہ بھیجا میں نے کہا آمین۔ جب تیسرے درجے پر چڑھا تو انہوں نے کہا کہ ہلاک ہو وہ جس کے سامنے والدین یا ان میں سے کوئی ایک بڑھاپے کو پائیں اور وہ اس کو جنت میں داخل نہ کرائیں میں نے کہا آمین۔

## قارئین محترم!

ذرا غور کریں کہ ہم آج کس مقام پر ہیں؟ جب سردار ملائکہ اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتے دعا کر رہے ہیں تو نبی آخر الزمان علیہ الصلوۃ والسلام نے آمین فرمایا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام



نے دعا کی کہ ایسے آدمی کے لئے حلاکت ہو جو ماہ رمضان المبارک کو پائے اور اس کی بخشش ومغفرت نہ ہوئی ہو یعنی اگر اس نے ماہ رمضان المبارک میں روزے رکھے مگر خلاف شرع امور سے باز نہ آیا۔ حرام کھایا پیا، تو ایسے آدمی کے لیئے کب مغفرت وبخشش ہوگی؟ رمضان المقدس میں برکتوں اور رحمتوں کی بے انتہا بارش ہوتی ہے۔ مگر اس سے فائدہ اٹھانے کے لیئے عبادت وریاضت کا کثرت سے ہونا ضروری ہے اگر عبادت وریاضت نہ کر سکیں تو کم از کم برائی مت کریں۔ مگر جب ہم عبادت وریاضت کے علاوہ گناہوں اور برائیوں میں ہی مبتلاء رہیں تو پھر ہم کو ثواب کی بجائے گناہ ملیگا۔ ہم برے افعال سے باز نہیں آتے۔ فلم دیکھتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں فحش گوئی، گالی گلوچ کرتے ہیں۔ آنکھوں کا ناجائز استعمال کرتے ہیں۔ غیبت کرتے ہیں غیبت ولغویات سنتے ہیں۔ ہاتھ کا غلط استعمال الغرض ہر طرح کے خلاف شرع امور سے باز نہیں آتے۔ پھر بخشش ومغفرت کیسے ہوگی؟ کچھ غور وفکر کریں کچھ تو خوف خدا کریں۔

## درود نہ پڑھنے والا:۔

پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام نے اس کی ہلاکت کی دعا کی جس نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا نام نامی اسم گرامی سنا مگر مردود نے درود نہ پڑھا تو اس کے لیئے ہلاکت ہو۔ آمین ۔۔۔۔۔ وہ بد بخت جو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا نام سنے مگر آپ پر درود نہ پڑھے وہ بخیل ہے۔ درود شریف کی بے انتہا فضیلت ہے۔ جو کوئی آپ علیہ الصلوۃ والسلام پر درود پڑھے ایک مرتبہ تو اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ دس گناہوں کو معاف فرماتا ہے۔ دس نیکیوں کو بڑھاتا ہے۔ اگر ہم درود شریف پڑھیں تو اس میں ہمارا ہی فائدہ ہے۔ اگر نہ پڑھیں تو آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی شان کم نہ ہوگی۔ زندگی میں ایک مرتبہ پڑھنا فرض ہے۔ درود پڑھنے والے کی آپ ﷺ شفاعت فرمائیں گے۔ آپ ﷺ کے دربار کا تقرب نصیب ہوگا۔ دشمنوں اور اعداء

Scanned with CamScanner

اسلام پر مدد و نصرت نصیب ہوگی۔ دل کی کدورتوں، دشمنیوں سے صفائی ہوتی ہے۔ لوگ درود پڑھنے والوں سے محبت کرتے ہیں۔ آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان عالیشان ہے جس نے مجھ پر ایک دن میں ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھا وہ اس وقت تک نہ مرے گا جب تک جنت میں اپنا مقام نہ دیکھ لے۔ (الترغیب والترہیب جلد نمبر ۲ صفحہ ۳۲۸)

پھر فرمایا جس نے مجھ پر دس مرتبہ صبح اور دس مرتبہ شام درود شریف پڑھا اسے قیامت کے دن میری شفاعت ملے گی۔ (مجمع الزوائد جلد ۱۰ صفحہ ۱۶۳ رقم الحدیث ۱۷۰۲۲) اب کوئی جتنا چاہے درود شریف پڑھے۔

## بوڑھے والدین:۔

پھر تیسرے نمبر پر فرمایا والدین کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہوا والدین کی خدمت بہت معنی رکھتی ہے آپ کے اس ارشاد سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی جنت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اپنے بوڑھے والدین کی خدمت کرلے چاہے ماں بوڑھی ہو یا باپ یا دونوں مگر ہمارا طرز عمل کچھ نرالا ہے کہ ہم بوڑھے والدین کو گھر ہی سے نکال دیتے ہیں بجائے ان کی دعائیں لینے کے بددعائیں لیتے ہیں۔

آج کل کے نوجوان بیوی کو ماں پر ترجیح دیتے ہیں اس کے بارے میں ہی آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ! ''لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا ان کا مقصد ان کا پیٹ ہوگا دولت ان کی عزت ہوگی اور عورت ان کا قبلہ ہوگا اور روپیہ ان کا دین ہوگا اور وہ بدترین لوگ ہوں گے اور آخرت میں ان کا حصہ نہیں ہوگا۔

## قارئین کرام!

ذرا غور کریں کہ کیا ہم میں یہ ساری صفات پائی نہیں جاتیں؟ اگر پائی جاتی ہیں تو ہم



ان کو دور کیوں نہیں کرتے خدارا کچھ اپنے حال پر رحم فرمائیں اور اپنے والدین کا ادب و احترام کریں اپنی بیویوں کو سمجھائیں اور اپنا قبلہ بیویوں کو مت بنائیں ورنہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ وہ بدترین لوگ ہیں۔

## جنتی دروازے

سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے کہ جب ماہ رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو آسمانوں اور جنت کے دروازوں کو کھول دیا جاتا ہے جو آخر رات تک بند نہیں ہوتے جو کوئی بندہ اس ماہ رمضان المبارک کی کسی بھی رات میں نماز پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے ہر سجدہ کے عوض اس کے لئے پندرہ سو (1500) نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے جنت میں سرخ یاقوت کا گھر بناتا ہے جس میں ساٹھ ہزار دروازے ہوں گے جن میں یاقوت سرخ جڑے ہوئے ہوں گے پس جو کوئی ماہ رمضان کا پہلا روزہ رکھتا ہے تو اللہ مہینے کے آخر دن تک اس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کے لئے صبح شام تک ستر ہزار (70000) فرشتے دعائے مغفرت کرتے رہتے ہیں رات اور دن میں وہ جب بھی سجدہ کرتا ہے اس ہر سجدے کے عوض اسے ایک ایسا درخت عطا کیا جاتا ہے کہ اس کے سائے میں گھڑسوار پانچ سو (500) برس تک چلتا رہے۔

(فیضان رمضان ص ۵،۴/شعب الایمان ج ۳ ص ۳۱۴)

سبحان اللہ اتنی برکتوں والے مہینہ کی کیا شان ہے ہمیں اس میں جتنی ہوسکے عبادت کی کثرت کرنی چاہیے ہم کو چاہیے کہ ہم حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا اسوہ حسنہ اپنائیں ہمیں اس میں خوب خوب عبادت کرنی چاہیے گڑگڑا کر دعائیں مانگنی چاہیں جبکہ ہم سب کے آقا و مولا کے بارے میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب ماہ رمضان آتا تو میرے

Scanned with CamScanner

سرتاج صاحب معراج علیہ الصلوۃ والسلام اللہ عزوجل کی عبادت کے لئے کمربستہ ہوجاتے اور پورا مہینہ اپنے بستر پر تشریف نہ لاتے۔ (الدرالمنثور ج1 ص449)

جبکہ دوسری جگہ ارشاد فرماتے ہیں'' کہ جب ماہ رمضان تشریف لاتا تو نبی کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام کا رنگ انور متغیر ہوجاتا اور آپ علیہ الصلوۃ والسلام نماز کی کثرت فرماتے اور خوب گڑگڑا کر دعائیں مانگتے اور اللہ عزوجل کا خوف آپ پر طاری ہوجاتا۔

(شعب الایمان ج3 ص310)

جب ہمارے آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا یہ حال ہے تو کم از کم ہمیں کچھ عبادت تو کرنی چاہیئے۔

## قارئین گرامی:۔

اللہ تعالی نے ہم سے پہلی امتوں پر بھی روزہ فرض کیا تھا لہذا کچھ پہلی امتوں کے روزے کے بارے میں مختصر اتحریر ہے کہ

روزہ وہ عبادت خداوندی ہے جو کہ اسلام سے قبل بھی پہلی امتوں پر فرض تھی مگر روزہ ایک بہترین اور جامع صورت میں مسلمانوں میں رائج ہوا اللہ نے اپنے عظیم الشان کلام میں اس کا ذکر بھی فرمایا ہے۔روزہ رکھنے کا معمول اسلام سے قبل سے رائج ہے اسلام سے قبل جو روزہ رکھنے کی کیفیت تھی وہ ہمارے روزوں سے مختلف ہے یہ عبادت معروف پیغمبروں کی عبادت و ریاضت ومجاہدہ میں شامل تھی اب ہم ان کا مختصر اجائزہ لیتے ہیں۔

## ابوالبشر علیہ السلام کا روزہ:۔

ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام جب زمین پر جنت سے اتارے گئے تو وہ درخت جس کے کھانے سے اللہ رب العزت نے منع کیا تھا اس کے کھانے سے آپ کا جسم اطہر سیاہ ہوگیا آپ تین سو (300) برس تک زمین پر رب العزت کی بارگاہ میں روتے رہے اور آہوزاری



کرتے رہے پھر خداوند قدوس کو آپ پر رحم آیا ترس آیا تو آپ کو ایک دعا سکھلا دی تو پھر حضرت ابوالبشر نے وہ دعا مانگی اور ایام بیض یعنی چاند کی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخ (13,14,15) کو روزے رکھے جب آپ نے پہلا روزہ رکھا تو پھر ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کا ایک تہائی حصہ سفید ہوگیا پھر دوسرے دن کا روزہ رکھا تو پھر دوتہائی حصہ سفید ہوگیا پھر جب تیسرے دن کا روزہ رکھا تو اس کی برکت سے آپ کا سارے کا سارا جسم روشن ومنور ہوگیا پھر اللہ تعالی نے دعا قبول فرمائی۔لہذا اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ روزہ کی ابتدا حضرت ابوالبشر علیہ السلام کے روزے سے ہوئی۔

## حضرت نوح علیہ السلام کا روزہ:۔

جب اللہ رب العزت نے حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے ساتھوں کو طوفان سے نجات دی اور ان کی کشتی محرم کے مقدس مہینے میں ایک پہاڑ جودی پر ٹھہری اس دن دس محرم تھی آپ نے خداوند قدوس کی بارگاہ میں شکر ادا کیا حضرت نوح علیہ السلام اور آپ کے ساتھوں نے اس دن روزہ رکھا حضرت ابن مسعود، حضرت ضحاک، حضرت معاذ اور حضرت ابن عباس وغیرہم رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین ارشاد فرماتے ہیں آپ کے زمانہ سے ہر زمانہ میں ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کا حکم تھا پھر یہ حکم اللہ تعالی نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی امت کے لئے اور ہم مہینے کی بجائے ایک مہینہ میں مکمل روزے رکھنے کا حکم فرمایا۔

## حضرت دداؤد علیہ السلام کا روزہ:۔

زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر اتری اس میں روزہ کا نام قرب آیا ہے لہذا پتہ چلا کہ حضرت داؤد علیہ السلام کی شریعت میں بھی روزہ کا حکم تھا ان کے روزہ رکھنے کا یہ معمول تھا کہ وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک افطار کرتے یعنی روزہ نہ رکھتے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی

Scanned with CamScanner

عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے محبوب روزہ خدا کے نزدیک حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے جو ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن روزہ نہ رکھتے (آپ کے اس طریقے سے روزہ رکھنے کو صوم داؤدی کہا جاتا ہے) بخاری شریف: یہ سب سے مشکل روزہ ہے۔

## شریعت ابراہیمی میں روزہ:۔

حضرت خلیل اللہ یعنی ابراہیم علیہ السلام کی شریعت میں روزہ کا ہونا ثابت ہوتا ہے صوم یعنی روزہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ملت کی ایک خاص علامت تھی یہی وجہ ہے کہ عرب کے لوگ اسلام سے پہلے بھی دین ابراہیمی کی اتباع میں روزہ رکھتے تھے۔

حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے عاشورہ اور ذیقعد کے تیس (30) اور ذوالحجہ کے پہلے دس (10) روزے رکھے جس کی وضاحت درج ذیل ہے۔

کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم بنی اسرائیل کو رب العزت نے جب فرعون کے ظلم وستم سے نجات دی بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ بحر احمر کو صحیح سلامت پار کیا پھر فرعون اپنے لشکر کے ساتھ اس میں غرق ہوا تو وہ عاشورہ کا دن تھا لہذا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے خدا کے شکرانے کے طور پر روزہ رکھا۔ پھر یہود نے بھی اس دن کا روزہ رکھنا شروع کر دیا

نیز یہ بھی کہ جس وقت فرعون سمندر میں غرق ہوا تو اللہ رب العزت نے آپ کو حکم دیا کہ آپ پہاڑ پر تیس راتیں خلوت نشینی اختیار کریں اور تیس دن روزے رکھیں تا کہ تم کو تمہاری قوم کی ہدایت وراہنمائی کے لیے کتاب عطا کی جائے یعنی تورات۔ لہذا آپ نے تیس (30) راتیں خلوت نشینی اختیار کی اور تیس (30) دن روزہ رکھا پھر حکم ہوا کہ دس دن مزید روزے رکھیں پھر خداوند قدوس نے آپ کو تورات عطا فرمائی۔



یہودیوں پر بھی روزے فرض تھے اس میں اختلاف ہے یہودیوں پر کونسے روزے اور کس مہینے کے روزے فرض ہوئے تھے لہذا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم روزے رکھا کرتی تھی۔

## حضرت مریم علیہا السلام:۔

حضرت مریم علیہا السلام جب حاملہ ہوئیں تو آپ غم کر رہی تھیں پھر خداوند قدوس نے ان کو جو حکم فرمایا اس کے بارے میں خداوند کریم نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا "پس ہم نے اس تنے کے نیچے سے پکارا کہ غم نہ کھا بیشک خدا نے تیرے پاؤں تلے ایک نہر بہا دی ہے اور کھجور کو پکڑ کر اپنی طرف ہلا تجھ پر تازی اور پکی کھجوریں گریں گی تو کھا اور پی اور اپنی آنکھیں ٹھنڈی کر پھر تو کسی آدمی کو دیکھے تو کہہ دینا میں نے آج رحمٰن کے لئے روزے کی نذر مانی ہے تو میں آج ہرگز کسی سے بات نہیں کروں گی"۔

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا روزہ:۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے چالیس (40) دن رات کے روزے رکھے جس وقت آپ بیابان میں تھے عیسائی روزے رکھا کرتے تھے ایک روایت میں ملتا ہے کہ رمضان کے روزے رکھا کرتے تھے کفایہ شعبی میں آیا ہے کہ انجیل مقدس میں رمضان کا نام طالب تھا کہ اس مہینے میں روزہ دار روزہ رکھنے سے گناہوں سے پاک ہو جاتے ہیں۔

ایک روایت میں ہے کہ عیسائیوں پر ماہ رمضان کے روزے رکھنا واجب تھے جس طرح ہم پر فرض ہیں پس نصاری نے کچھ زمانہ رمضان کے روزے رکھے پس جب سردی کا وقت آتا سخت سردی میں سفروں میں بھاری گزرتا اور روزی کے کمانے کے سلسلہ میں انکو نقصان پہنچتا تو ان کے علماء ورؤساء کی یہ رائے ٹھہری کہ وہ اپنے روزوں کو سال کی ایسی فصل میں رکھیں جب نہ

Scanned with CamScanner

زیادہ گرمی ہو اور نہ زیادہ سردی بلکہ اعتدال والا موسم ہو پس انہوں نے موسم ربیع میں یہ مہینہ رکھا اور اپنی طرف سے تبدیلی کرنے کی وجہ سے دس دن کفارہ کے طور پر زائد روزے رکھتے لہذا چالیس روزے ہو گئے کچھ عرصہ بعد ان کے بادشاہ کا منہ سوج گیا تو ان عیسائیوں نے اپنے اوپر یہ بات لازم کی کہ وہ ٹھیک ہوا تو سات روزے مزید رکھیں گے پھر بادشاہ ٹھیک ہوا تو انہوں نے سات روزے بڑھا دیے لہذا سینتالیس (47) روزے ہو گئے پھر وہ مر گیا جب دوسرا بادشاہ جانشین بنا تو اس نے کہا کہ مزید تین روزے رکھو لہذا پچاس (50) روزے ہو گئے۔

لہذا ان سے پتہ چلتا ہے کہ سابقہ امتیں بھی روزہ رکھا کرتی تھیں مگر ان کے روزوں کے احکامات مختلف تھے ان میں روزوں کے مہینوں کے بارے اختلاف تھا بہرحال یہ بات ثابت ہوئی کہ پہلی امتیں بھی روزے رکھا کرتی تھیں۔

آخر میں امت محمدیہ پر روزے فرض ہوئے روزے کی فرضیت کا حکم ۲ ہجری میں تحویل کعبہ کے واقعہ کے تقریباً دس یا پندرہ (10یا15) روز بعد نازل ہوا روزے کے بارے میں آیت قرآنی ماہ شعبان المعظم میں نازل ہوئی۔

کچھ مفسرین عظام بیان کرتے ہیں کہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے جب مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی تو اس وقت مسلمانوں کو کفار کی اذیتوں ان کے ظلم وستم سے کچھ سکون ملا تو پھر اس امر کی ضرورت پیش آئی کہ ان کو عبادات کے طریقے سکھائے جائیں پھر اس وقت ۲ ہجری میں رمضان کے روزے فرض ہو گئے۔

روزوں کی فرضیت سے قبل توحید اور نماز فرض ہو چکی تھی جبکہ روزہ کی پابندی سے پہلے ان دو ارکان اسلام پر مسلمان پابندی سے عمل پیرا ہو چکے تھے لیکن روزے کی وجہ سے مسلمانوں میں انتہائی استقامت پیدا ہوئی جبکہ ان کی فرضیت سے قبل یوم عاشورہ اور یوم بیض یعنی چاند کی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخ (13,14,15) کے روزے فرض تھے مگر جس وقت ماہ



رمضان المبارک کے روزے فرض ہوئے تو یوم بیض اور یوم عاشورہ کے روزے منسوخ ہو گئے۔

رمضان کے روزے کی فرضیت کے بارے میں احادیث مبارکہ حسب ذیل ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور اس کا حکم بھی دیا جب رمضان کے روزے فرض ہوئے تو اسے ترک کر دیا گیا اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ اس دن روزہ نہ رکھتے مگر یہ کہ وہ دن آ پڑتا تو تو روزہ رکھ لیتے۔

(صحیح بخاری شریف)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ روایت فرماتے ہیں کہ میں رسول علیہ الصلوۃ والسلام سے سنا کہ جو اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے کہ اس نے اللہ کا کوئی شریک نہ ٹھہرایا ہو پانچوں نمازیں روزانہ پڑھی ہوں رمضان کے روزے رکھے ہوں تو اس کی مغفرت ہو جائیگی راوی کہتے ہیں میں نے عرض کیا میں لوگوں کو یہ بشارت سنا دوں فرمایا چھوڑ دو ان کو عبادت کرنے دو۔ (احمد)

Scanned with CamScanner

# نماز تراویح اور روزہ کی سائنس کی نظر میں حیثیت

سائنس نے آج بہت ترقی کر لی ہے مگر سائنس جو کچھ آج بتاتی ہے اسلام نے آج سے چودہ سو اٹھائیس سال قبل بتا دیا ہے لہٰذا اب یہاں اختصار کے ساتھ روزے، نماز اور تراویح کی سائنسی اہمیت تحریر کی جاتی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی جو لاریب کتاب اپنے نبی پر نازل کی ہے وہ قرآن کریم اپنی تعلیمات کے لحاظ سے انسان کی نجی زندگی کی فکری وعملی ضروریات سے لیکر عالمی زندگی کے جملہ معاملات پر حاوی ہے حیات انسانی کا مذہبی اور روحانی پہلو ہو یا مادی وجسمانی پہلو قرآن حکیم، فرقان حمید ہر مسئلے پر اصولی رہنمائی فراہم کرتا ہے دنیا کا کوئی مغیر علم ایسا نہیں ہے جسکی اصولی رہنمائی قرآن وسنت میں موجود نہیں طبیعات وحیاتیات کے جملہ مسائل پر اصولی اور بنیادی رہنمائی قرآن مجید اور حدیث نبوی میں موجود ہے۔

نماز ارکان اسلام کا ایک بڑا ہی اہم رکن ہے جس کے بارے میں بروز حشر سب سے پہلے پرسش ہوگی اللہ اور اسکے رسول نے اس کو ایمان اور کفر کے درمیان حد فاصل قرار دیا ہے ۔نماز کی روحانی اور ایمانی برکات اپنی جگہ مسلم ہے مگر ماہرین طب کے مطابق نماز سے بہتر کسی اور ہلکی پھلکی ورزش کا تصور نہیں کیا جا سکتا فزیوتھراپی کے ماہرین کہتے ہیں کہ اس ورزش کا کوئی فائدہ نہیں جس میں تسلسل نہ ہو یا وہ اتنی زیادہ کی جائے کہ جسم بری طرح تھک جائے اللہ رب العزت نے اپنی عبادت کے طور پر وہ عمل عطا کیا جس میں ورزش اور فزیوتھراپی کی تمام صورتیں موجود ہیں ایک مومن کی نماز میں جہاں اسے مکمل روحانی اور جسمانی منافع کا پیکج مہیا ہوتا ہے وہاں پر دشمنان اسلام (منافقوں) کی علامت میں ایک علامت انکی نماز میں کاہلی اور سستی بھی بیان کی گئی ہے جو کہ ہمارے اندر بے بہا پائی جاتی ہے خالق کون ومکاں نے ارشاد فرمایا'' اور وہ



جب نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں ڈھیلے ڈھالے انداز سے نماز پڑھنے کا کوئی فائدہ نہیں اگر انسان درست طریقے سے نماز پڑھے تو کولیسٹرول کا لیول اعتدال پر رہتا ہے۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارک ہے'' کہ بے شک نماز میں شفاء ہے'' (سنن ابن ماجہ 255) جدید سائنسی پیش رفت کے مطابق وہ چربی جو شریانوں میں جم جاتی ہے رفتہ رفتہ ہماری شریانوں کو تنگ کر دیتی ہے اور اس کے نتیجہ میں بلڈ پریشر، امراض قلب اور فالج جیسی مہلک بیماریاں جنم لیتی ہیں اور انکا حل نماز ہی ہے پانچ وقت نماز کی ادائیگی سے جسم کا کوئی عضو ایسا نہیں جس کی احسن طریقے سے ورزش نہ ہو۔

## کولیسٹرول:۔

عام طور پر انسانی بدن میں کولیسٹرول کی مقدار 150 سے 250 ملی گرام کے درمیان ہوتی ہے کھانا کھانے کے بعد اچانک اس کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور کولیسٹرول کو جمنے سے قبل تحلیل کرنے کا سادہ طریقہ اور فطری طریقہ اللہ کریم کی نماز پنجگانہ کا ادا کرنا ہے۔ میرے ساتھیو! ذرا غور کرنا کہ ہم نماز فجر، عصر اور مغرب کی بالترتیب 4، 8 اور 7 رکعات ادا کرتے ہیں عموماً ان نمازوں سے قبل انسان کا معدہ خالی ہوتا ہے جسکی وجہ سے انکی رکعات کم رکھی گئی ہیں اسی طرح ظہر اور عشاء میں انسان کا معدہ بھرا ہوتا ہے اسی وجہ سے ان کی بالترتیب 12 اور 17 رکعتیں ادا کرتے ہیں تاکہ کھانا ہضم ہو جائے نیز کولیسٹرول کی زائد مقدار کو تحلیل کیا جا سکے۔

## روزے کی طبی اہمیت:۔

روزہ نماز کی طرح اسلام کا ایک اہم رکن ہے جو کہ سال میں ایک مرتبہ (ایک) ماہ رکھا جاتا ہے روزہ صحیح معنوں میں مسلمانوں کو ریاضت کی بھٹی میں سے گزار کر کندن بنائے جانے کی

Scanned with CamScanner

طرف اہم قدم ہے امت محمدیہ پر روزے 2 ہجری کو فرض ہوئے۔

## امراض دل:۔

طبی تحقیق کے مطابق یہ بات عیاں ہے کہ دل کی زیادہ تر بیماریاں معدے سے جنم لیتی ہیں کوئی شخص جتنی زیادہ غذا کھاتا ہے اتنی ہی زیادہ بیماریاں مول لیتا ہے جبکہ زائد کھانے سے اجتناب دل کے امراض سے بچاؤ میں فائدہ مند ثابت ہوتا ہے زیادہ خوراک کھانے کی عادت انسانی صحت پر بری طرح اثر انداز ہوتی ہے اسی وجہ سے دین اسلام نے بھوک رکھ کر کھانے کا حکم دیا ہے ایک وقت میں کھانے کی مقدار زیادہ تناول کر جانا یا پھر روز زیادہ بھاری ناشتہ کرنا، شام کو بھرپور کھانا تناول کرنا روزانہ دن میں تین وقت کا بھرپور کھانا تناول کرنا خاص کر زیادہ کیلوریز پر مشتمل خوراک اور سیر شدہ چکنائیاں نہ صرف صحت کے لئے نقصان دہ ہیں بلکہ امراض قلب کے ساتھ ساتھ دوسری بہت سی خطرناک بیماریوں کا موجب بھی ہے جن میں ہائی بلڈ پریشر اور شوگر شامل ہیں۔

لبلبہ کے خلئے انسان کی کمر سیدھی رکھنے کے لئے چند لقمے ہی کافی ہیں اور زیادہ کھانا کھانے کو دل چاہے تو ایک بات یاد رکھئے کہ معدہ کا ایک تہائی حصہ کھانے کے لئے ایک تہائی حصہ مشروبات کے لئے استعمال کرو اور ایک تہائی حصہ سانس لینے میں آسانی کے لئے چھوڑ دو کثرت طعام ذیابیطس جیسے مہلک امراض کا باعث ہے جب بسیار خوری کی جاتی ہے انسان کا لبلبہ جو ہارمون یعنی اندرونی رطوبت انسولین پیدا کرتا ہے اس میں کھانے کے زیادہ استعمال کے باعث فعل سرانجام دینے کی قوت میں کمی واقع ہو جاتی ہے زیادہ خوراک تناول کرنے کے باعث لبلبہ کو زیادہ کام کرنا پڑتا ہے بار بار ایسا کرنے سے لبلبہ کے خلئے تھک جاتے ہیں اور کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں اس لئے کھانا کم تناول کرنا چاہیے کبھی کبھار فاقہ میں رہنا چاہیے چونکہ ماہ



رمضان المقدس میں انسان کا معدہ خالی رہتا ہے اور خوراک کے دباؤ سے بھی محفوظ رہتا ہے جس کی وجہ سے انسانی معدہ درست کام کرنے کے قابل ہو جاتا ہے اور غیر ضروری رطوبتیں بھی پیدا نہیں ہوتیں لہذا البلبہ بھی درست کام کرتا ہے لہذا انسان سال میں ایک مہینہ روزے رکھنے کے باعث بہت سی مہلک اور جان لیوا بیماریوں سے بچ جانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

## تراویح کی طبی افادیت:۔

رمضان المبارک میں افطار کے بعد عام طور پر کھانے اور مشروبات کی نسبت زیادہ مقدار کے استعمال کی وجہ سے بدن میں عام دنوں کی نسبت کولیسٹرول کی مقدار غیر معمولی حد تک بڑھ جاتی ہے اس لئے عشاء کی سترہ رکعت کے ساتھ بیس رکعات نماز تراویح بھی رکھی گئی ہیں افطار کے بعد 20 رکعات نماز تراویح پڑھنے سے کھانا ہضم ہو جاتا ہے نماز کے ذریعے کولیسٹرول لیول کو اعتدال میں رکھنے کی حکمت دور جدید کی تحقیقات سے ہی سامنے نہیں آئی بلکہ تاجدار علم و حکمت ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے کہ ''اپنی خوراک کو اللہ تعالیٰ کی یاد اور نماز کی ادائیگی سے حل کرو'' اگر ہم آقا علیہ الصلوۃ والسلام کے فرمان عالیشان پر عمل کریں تو ہمارا معدہ وغیرہ درست ہو جائے گا مزید یہ کہ ہر عضو کی صحیح معنوں میں ورزش ہو جائے گی۔

## مور پالڈ کا بیان:۔

روزہ اجر و ثواب کے ساتھ حصول صحت کا بھی ذریعہ ہے اب تو سائنسدان بھی اپنی تحقیقات میں اس حقیقت کو تسلیم کرنے لگے ہیں جیسا کہ آکسفورڈ یونیورسٹی کا پروفیسر مور پالڈ کہتا ہے ''میں اسلامی علوم پڑھ رہا تھا جب روزوں کے بارے میں پڑھا تو اچھل پڑا کہ اسلام نے اپنے ماننے والوں کو اتنا عظیم الشان نسخہ دیا ہے مجھے بھی شوق ہوا لہذا میں نے مسلمانوں کی طرح روزے رکھنے شروع کر دیئے عرصہ دراز سے میرے معدے میں ورم تھا کچھ ہی دنوں میں مجھے

Scanned with CamScanner

تکلیف میں کمی محسوس ہوئی میں روزے رکھتا رہا یہاں تک کہ ایک مہینے میں میرا مرض بالکل ختم ہو گیا''۔

## ایلف گال کا بیان:۔

اسی طرح ہالینڈ کا پادری ایلف گال (ALFGAAL) کہتا ہے کہ ''میں نے شوگر، دل اور معدے کے مریضوں کو مسلسل 30 دن روزے رکھوائے نتیجۃً شوگر والوں کی شوگر کنٹرول ہو گئی دل کے مریضوں کی گھبراہٹ اور سانس کا پھولنا کم ہوا اور معدے کے مریضوں کو سب سے زیادہ فائدہ ہوا۔

## سیگمنڈ فرائیڈ کا بیان:۔

ایک انگریز ماہر نفسیات سیگمنڈ فرائیڈ (SIGMENDFRIDE) کا بیان ہے کہ ''روزے سے جسمانی کھچاؤ، ذہنی ڈپریشن اور نفسیاتی امراض کا خاتمہ ہو جاتا ہے''۔

## انگریزوں کی تحقیقاتی ٹیم:۔

ایک اخباری رپورٹ کے مطابق جرمنی، انگلینڈ اور امریکہ کے ماہر ڈاکٹروں کی تحقیقاتی ٹیم رمضان المبارک میں سروے (SURVEY) کرنے پاکستان آئی انہوں نے کراچی، مرکز الاولیاء لاہور اور دیار محدث اعظم پاکستان فیصل آباد کا انتخاب کر کے جو جائزہ (SURVEY) رپورٹ پیش کی تھی اس میں لکھا تھا کہ

''چونکہ مسلمان نماز پڑھتے اور ماہ رمضان المبارک میں روزے رکھتے ہیں رمضان میں نماز کی زیادہ پابندی کرتے ہیں اسلیئے وضو کرنے سے E.N.T یعنی ناک، کان اور گلے کے امراض میں کمی واقع ہو جاتی ہے نیز مسلمان روزے کے باعث کم کھاتے ہیں لہذا معدہ، جگر، دل



اور اعصاب کے امراض میں کم مبتلا ہوتے ہیں

## ☆چند ہدایات برائے مریضانِ ذیابطیس☆

مریض رمضان میں چکناہٹ والی اشیاء کھانے سے پرہیز کرے اور پھل زیادہ استعمال کرے ذیابطیس والے مریض توجہ کریں

میڈیکل سائنس ذیابطیس والے افراد کو تین گروہوں میں بانٹ دیتی ہے

(۱)۔

وہ افراد جن کی ذیابطیس خوراک اور ورزش سے کنٹرول میں ہو ایسے تمام افراد روزہ رکھ سکتے ہیں موٹی جسامت کے مالک افراد روزہ کی بدولت اپنا وزن اور زیابطیس بہتر کنٹرول کر سکتے ہیں ماہ رمضان میں خوراک کی احتیاط وہی ہے جو عام دنوں میں ہے۔

(۱)۔چینی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز۔

(۲)۔تلی ہوئی اشیاء سے پرہیز۔

(۳)۔جوس اور کولڈ ڈرنک سے پرہیز۔

وزن کی زیادتی ہونے کی صورت میں کلوریز کم کریں ایک گرام چکنائی میں 9 کلوریز، نشاستہ اور پروٹین میں 4 کلوریز ہوتی ہیں ہر چیز کو تولنا ضروری نہیں ایک عام پاکستانی خاتون کی مٹھی میں آٹا تقریبا 42 گرام اور کچے چاول تقریبا 44 گرام آتے ہیں ذیابطیس والے مریض خصوصی شوگر فری اشیاء کا استعمال کریں سبزیوں کو زیادہ استعمال کریں ابلے آلو استعمال کر سکتے ہیں۔

روزہ پانی یا ٹماٹر کے جوس سے کھولیں نماز کے بعد کھانا کھائیں اور سبزیاں، دہی، دال روٹی، ابلے چاول، مچھلی استعمال کریں سونے سے قبل ملائی نکلا ہوا دودھ استعمال کریں۔

سحری میں دودھ، پھینی، دلیہ اور روٹی استعمال کریں۔

Scanned with CamScanner

(۲)۔

وہ افراد جو ذیابطیس کنٹرول کرنے کی ادویات استعمال کر رہے ہوں وہ بھی روزہ رکھ سکتے ہیں ان کو خوراک کے ساتھ چند اور چیزوں کا بھی خیال رکھنا ہوگا۔

صبح نہار منہ گولی کھانے کی بجائے افطار کے وقت استعمال کریں دوائیں اگر تین وقت لی جا رہی ہیں تو ڈاکٹر حضرات کے مشورہ سے دو وقت میں تبدیل کرائی جا سکتی ہیں۔

(۳)۔

وہ افراد جو انسولین استعمال کر رہے ہیں ایسے افراد روزہ نہ رکھیں تو بہتر ہے کیونکہ خون میں شوگر کم ہونے کے باعث کسی وقت روزہ کھولنا پڑ سکتا ہے ایسے افراد عام انسولین کی بجائے مختصر دورانیہ کی انسولین استعمال کریں اگر روزہ رکھنا ہو تو ڈاکٹر کے مشورہ سے روزہ رکھیں۔

ہر ذیابطیس کا مریض اپنی ضرورت کے مطابق کلوریز استعمال کرے رمضان میں چکناہٹ والی اشیاء سے خصوصی پرہیز کرے روزوں میں کام کرنے سے کچھ فرق نہیں پڑتا تاہم رات کو آرام کر سکتے ہیں ورزش لازمی کریں ذیابطیس کے مریض سحر سے آدھ گھنٹہ قبل چہل قدمی کریں۔خوراک اور دوا کا خصوصاً دھیان رکھیں شوگر چیک کراتے رہیں ڈاکٹر سے مشورہ کرتے رہیں۔



# باب نمبر:2

## ☆مقاصدِ روزہ☆

اسلام کی ہر عبادت کا مقصد رضاء الٰہی اور رضائے محبوب الٰہی ہے عبادت جو بھی ہو چاہے کلمہ، نماز، حج، زکوۃ، تلاوت قرآن جو بھی ہو بنیادی مقصد رضائے الٰہی ہی ہوتا ہے اسلامی عبادات انسان کو بندگی و اطاعت سے سرفراز کرتی ہیں جس مقصد کے لئے انسان کو پیدا کیا گیا تھا اگر ہم اس میں کچھ غور و فکر کریں تو اچھے خصائل اور نیک عادات ان سے پیدا ہوتی ہیں ان ہی فرض عبادات میں سے روزہ بھی ہے جس کو رکھنے کا بنیادی مقصد خدائے بزرگ و برتر کی رضا و خوشنودی ہے اس کی وجہ سے روزے دار کو بیشمار فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں روزہ کو عبادات میں سے اجر و ثواب کے لحاظ سے انفرادی حیثیت حاصل ہے کیونکہ خداوند قدوس نے اس کا اجر و ثواب دینے کا خود وعدہ کیا ہے روزہ بندے اور اس کے رب کے درمیان راز ہے روزہ کے بیشمار مقاصد ہیں چند ایک روزہ کے مقاصد درج ذیل ہیں۔

## 1۔مقصد اول

### حصول تقویٰ و پرہیزگاری:۔

روزہ انسان کے اندر تقویٰ اور پرہیزگاری پیدا کرتا ہے جس کے بارے میں پارہ نمبر 2 سورۃ بقرہ کی آیت نمبر 183 میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔کہ

''اے ایمان والو تم پر روزے فرض کیے گئے ہیں جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض تھے تا کہ تم متقی و پرہیزگار بنو''

تقویٰ کے صحیح معنی یہ ہیں کہ انسان اللہ تبارک و تعالیٰ سے ڈرے اور اسکی نافرمانی سے

Scanned with CamScanner

باز رہے یا پھر یوں کہیں کہ اطاعت الٰہی کا نام تقویٰ ہے اور جب روزے سے اطاعت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے تو منشاء الٰہی ''لعلکم تتقون'' پورا ہو جاتا ہے یہی روزے کا مقصد اعظم ہے تقویٰ کا مزید مفہوم اس سے سمجھئے کہ۔

ایک مرتبہ حضرت ابن ابی کعب نے حضرت سیدنا عمر فاروق سے فرمایا کیا آپ کبھی کسی ایسے تنگ راستے سے گزرے ہیں جس کے دونوں جانب جھاڑیاں ہوں تو آپ نے فرمایا ہاں میں اکثر ایسے راستے سے گزرتا ہوں تو حضرت ابی ابن کعب نے فرمایا تو آپ ایسے راستے سے کیسے گزرتے ہیں تو آپ نے فرمایا ایسے راستے سے اپنے دامن کو سمیٹ کر کانٹوں اور جھاڑیوں سے بچا کر گزرتا ہوں کہیں میرا دامن جھاڑیوں اور کانٹوں سے الجھ نہ جائے۔تو حضرت ابن ابی کعب نے فرمایا کہ ایک مومن کی یہی شان ہے اور اسی کا نام تقویٰ ہے۔

روزے کا سب سے اعلیٰ مقصد اور سخت عبادت وریاضت کا پھل یہ ملتا ہے کہ آدمی متقی اور پرہیزگار بن جاتا ہے اور اس کا مقصد یہی ہے کہ تم میں تقوی والی صفت پیدا ہو صوم یعنی روزہ تین باتوں (چیزوں) سے یعنی کھانے، پینے اور جماع کرنے سے پرہیز کا نام نہیں ہے بلکہ مقصد یہ ہے کہ انسان تمام تر اخلاق رذیلہ اور برے اعمال سے بچ جائے۔

جب تم کو بے حد پیاس لگی ہو پیاس میں تڑپ رہے ہو اور ساتھ سخت بھوک بھی لگی ہو پھر تمہارے پاس طرح طرح کے لذیذ کھانے موجود ہوں پانی موجود ہو مگر تم ان کا استعمال نہ کرو استعمال کرنا کجا تم ان کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھو۔تو یہی مقصد ہے کہ جو رب العزت سمجھانا چاہتا ہے کہ جن چیزوں کو میں نے حلال ٹھہرایا پھر کہا کہ تم ان سے رک جاؤ جب تم ان سے رکے پھر اس نے جن چیزوں کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے حرام ٹھہرا دیا ہے مثلاً زنا، چوری، فریب، ملاوٹ رشوت، بددیانتی وغیرہ تو ان سے بچنا بدرجہ اولیٰ لازم ہے۔



## قارئینِ گرامی:۔

جب ہم میں یہ سوچ وسمجھ پیدا ہو جائے تو ہمارے حالات سنور جائیں گے اور پھر ہم ایسے برے کاموں اور اخلاق رذیلہ کے ارتکاب کے بارے میں سوچیں گے بھی نہیں۔

مقام غور ہے روزہ سے تقویٰ کا حصول اسوقت ہوگا جب انسان روزے کو تمام شرعی قواعد اور ضوابط کے تحت پورا کرے اگر انسان کھانے، پینے اور جماع سے تو روزے رکھے مگر باقی تمام اخلاق رذیلہ سے اجتناب نہ کرے تو پھر اس قسم کے روزے سے تقویٰ کا حصول نہیں ہوگا روزے دار جتنا خدا کی رضا کو سامنے رکھے گا اتنی ہی اس میں تقوی کی صفت پیدا ہوگی روزہ کا صحیح معنوں میں فائدہ اور حق ادا اسی صوررت میں ہوگا جب پورے صدقِ دل اور خلوص نیت کے ساتھ ہر کام میں اللہ تبارک وتعالی کی رضا اور خوشنودی کا دھیان رکھا جائے خدا ہمیں عمل کی توفیق دے آمین۔

## 2۔مقصد ثانی:۔

## تعمیرِ اخلاق:۔

روزے کا ایک مقصد اخلاق کی تعمیر ہے۔روزے کے ذریعے اپنے اخلاق کو بلند کیا جاتا ہے۔اپنے ضبطِ نفس، تحمل وبرداشت اور بردباری کی صفات پیدا کی جائیں شرارت فتنہ اور شر انگیزی سے اپنے آپ کو بچایا جائے۔کیونکہ تمام اخلاق رذیلہ سے بچنا اور اپنے اندر اچھی صفات کا پیدا کرنا روزے کے اولین مقاصد میں سے ہے غرضیکہ روزہ تمام جسمانی اور روحانی بیماریوں سے بچاؤ اور شفایابی کا واحد ذریعہ علاج اور نسخہ ہے۔

Scanned with CamScanner

## 3۔مقصد ثالث:۔

### جذبہ اطاعت:۔

روزہ انسان میں اطاعت کا جذبہ بھی پیدا کرتا ہے اور یہ اطاعت اللہ تبارک وتعالی اور اسکے پیارے محبوب علیہ الصلوۃ والسلام کی ہوتی ہے سال بھر میں سے ایک مہینہ ماہ رمضان المبارک میں مکمل شریعت اسلامیہ پر اتباع کے بعد انسان سارا سال مکمل شریعت اسلامیہ میں گزارنے اور اس پر اتباع کرنے کا عادی ہوجاتا ہے۔آئندہ سال پھر ایک مہینہ میں انسان کی تربیت ہوجائے تو اس سے جذبہ اطاعت دوبارہ تازہ ہوجاتا ہے۔روزے کی تربیت سے انسان کے اندر سستی اور ڈھیلا پن پیدا نہیں ہوتا بلکہ چستی پیدا ہوتی ہے انسان چاک وچوبند ہوجاتا ہے۔ اللہ کے حکم کے مطابق انسان صبح سویرے سحری کے لئے جاگتا ہے پھر سحری کرکے نماز فجر میں مشغول ہوتا ہے، تلاوت قرآن کریم کرتا ہے، تسبیح وتہلیل کرتا ہے پھر انسان اپنے کام کاج میں مصروف ہوجاتا ہے کام کاج کرتا ہے ساتھ ساتھ نمازیں باجماعت ادا کرتا ہے پھر شام کے وقت حکم خداوندی کے مطابق افطاری کرتا ہے رات کو تراویح ادا کرتا ہے یہ روزے دار کے لئے اطاعت کی تربیت ہے اس طرح انسان میں خداوندی احکامات کی اطاعت اور وقت کی پابندی کی عادت پڑجاتی ہے جو کہ انسان کے دوسرے شعبوں میں کام آتی ہے۔

## 4۔مقصد رابع:۔

### باطنی صفائی:۔

رمضان المبارک باطن کی صفائی کا مہینہ ہے حضرت سیدنا غوث اعظم پیر سید عبدالقادر جیلانی آپ فرمایا کرتے تھے اگر یہ مہینہ تیرے دل کی درستگی نہیں کرے گا اور تجھے گناہوں سے



نہیں بچائے گا تو پھر اور کونسی چیز تمہیں ان باتوں سے بچائے گی اور پھر اس سے بہتر کون سی چیز تم پر اثر انداز ہوگی اور ایسی صورت میں تجھ سے کسی نیکی کی توقع بھی نہیں کی جاسکتی اور نہ ہی تجھ سے کوئی بدبختی دور ہوتی نظر آتی ہے۔

یعنی یہ مہینہ تم کو گناہوں سے دور رکھے گا اور تمہاری اصلاح کرے گا اور تمہیں بری باتوں سے روکے گا۔

## 5۔ مقصد خامس:۔

### محبت الٰہی جل جلالہ:۔

روزے کا ایک اور مقصد محبت خداوندی ہے روزہ میں ایک خاص بات موجود ہے جو کسی اور عبادت میں نہیں اور وہ یہ ہے کہ چونکہ روزہ ہونے یا نہ ہونے کی خبر سوائے اللہ تبارک وتعالی کے اور کسی کو نہیں ہوسکتی اس لئے روزہ وہی رکھے گا جس کو اللہ تبارک وتعالیٰ کا ڈر ہوگا اور اگر اللہ تبارک وتعالی سے فی الحال محبت یا ڈر ہونے میں کچھ کمی بھی ہوگی تو محبت وعظمت کے کام (یعنی روزہ رکھنے) سے محبت وعظمت پیدا ہوجاتی ہے اس لئے روزہ رکھنے کا مقصد حصول محبت الٰہی بھی ہے

## 6۔ مقصد سادس:۔

### تزکیہ نفس:۔

روزے کا ایک مقصد تزکیہ نفس ہے۔روزہ انسان کے قلب وباطن کو ہر قسم کی آلودگی سے پاک وصاف کردیتا ہے انسانی جسم مادے سے مرکب ہے۔جسے اپنی خوراک اور دیگر ضروری لوازمات فراہم کرنا پڑتے ہیں۔جبکہ روح ایک لطیف شے ہے۔جس کی نشونما کے لئے

Scanned with CamScanner

خوراک مادی ضروریات اور دنیاوی لذات کو تخفیف کرنا اس کے لئے ضروری ہے روزہ جسم کو اپنا پابند بنا کر مادی قوتوں کو لگام دیتا ہے جس سے روح قوی تر ہوتی چلی جاتی ہے جوں جوں روزے کی بدولت بندہ خواہشات نفسانی سے آزادی حاصل کرتا ہے اس کی روح غالب وتوانا ہوتی ہے۔

مسلسل روزے کے عمل اور مجاہدے سے تزکیۂ نفس کا عمل تیز ہوتا چلا جاتا ہے جس کی وجہ سے روح کثافتوں سے پاک صاف (پاکیزہ مطہر) ہو کر بندۂ مومن میں بقول حضرت ڈاکٹر محمد اقبال (شاعر مشرق قلندر لاہوری) یہ قوت پیدا کر دیتی ہے۔

دو نیم اس کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی

یہ قوت اسی وقت پیدا ہوتی ہے جب تزکیۂ نفس ہوگا۔

## 7۔ مقصد سابع:۔

### تندرستی:۔

حضرت سیدنا ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ آقائے کریم حضور رؤف الرحیم ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''روزہ رکھا کرو تندرست رہو گے (طبرانی) یعنی حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ایک بہت بڑی حقیقت جو اس میں پوشیدہ ہے اس کی طرف اشارہ فرمایا روزہ رکھنے سے انسان کا وہ معدہ جو گیارہ ماہ لگا تار کھا کھا کر صحیح طرح کام نہیں کر سکتا وہ اس مہینے میں صحیح کام کرنا شروع کر دیتا ہے کیونکہ انسان اس مہینے تقریباً 13,14 گھنٹے مسلسل ہر کھانے والی چیز سے بچا رہتا ہے یعنی جسطرح روزہ رکھنے سے ظاہری اور باطنی مضرات زائل ہوتے ہیں اسی طرح اس سے ظاہری و باطنی مسرت حاصل ہوتی ہے جس سے یہ انسان تندرست رہتا ہے جس کو آج ڈاکٹر مفید قرار دے رہے ہیں اسے میرے اور آپ کے آقا و مولی علیہ الصلوۃ والسلام نے آج سے تقریباً چودہ سو چھبیس سال قبل بیان کر دیا۔



## 8۔ مقصد ثامن:۔

### ضبط نفس:۔

حدیث قدسی ہے اللہ تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ روزہ دار اپنا کھانا، پینا اور اپنی نفسانی خواہشات میرے لئے چھوڑ دیتا ہے (یعنی جائز لذات کو بھی میرے لئے ترک کر دیتا ہے) جبکہ ایک دوسری حدیث قدسی ہے جس میں نبی کریم، آقائے نامدار، مدنی تاجدار، تاجدار مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرا اور تمہارا رب ارشاد فرماتا ہے آدمی کے سب اعمال اسی کے لئے ہیں مگر روزہ کہ وہ خاص میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا اس لئے روزہ ضبط نفس انسانی کا بہترین ذریعہ ہے۔

انسان اپنے رب کریم کے حکم کو سامنے رکھ کر انتہائے سحر سے وقت افطار تک تمام قسم کی لذات سے۔ کھانے پینے سے جماع سے۔ آنکھوں کے ناجائز استعمال سے اور کانوں کے لغویات اور غیبت اور بری باتیں سننے سے۔ حاتھوں کو کسی کو نقصان پہنچانے۔ دھوکہ دینے۔ چوری اور ڈاکہ زنی سے۔ زبان کے مکروہ استعمال، فحش، جھوٹی باتوں سے، گالی گلوچ سے۔ پاؤں کے برائی کی طرف اٹھنے سے الغرض تمام اعضائے جسم کے خلاف شرع امور سے بچا رہتا ہے۔ صرف اپنے رب کی خاطر اگر وہ کبھی تنہا ہو اور کھانے پینے کی اشیاء سامنے ہوں۔ پھر بھی خدا کی خاطر اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ یہ ہی ضبط نفس ہے۔ اور روزہ ہمیں ضبط نفس کا بہترین درس دیتا ہے۔

## 9۔ مقصد تاسع:۔

### بدن کی صفائی:۔

Scanned with CamScanner

آقائے کریم رؤف الرحیم ﷺ کی حدیث مبارکہ ہے جس کو حضرت ابوھریرہ روایت کرتے ہیں۔ آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر شئے کی ایک زکوۃ ہے بدن کی زکوٰۃ روزہ ہے۔ یعنی جس طرح زکوۃ نکالنے سے انسان کا جمع شدہ مال میل کچیل سے پاک صاف ہوجاتا ہے۔ اس میں سے میل کچیل نکل جاتی ہے اسی طرح روزہ رکھنے سے انسان کے بدن کی میل کچیل یعنی غلیظ فاسد مادہ (جس سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں) وہ دور ہوجاتا ہے اور بدن صاف ستھرا ہوجاتا ہے۔

## 10۔ مقصد عشر :۔

### بیماریوں سے شفاء :۔

حدیث مبارکہ ہے جس میں سردار الانبیاء، باعث تخلیق کون و مکاں۔ امام الانبیاء ﷺ نے ارشاد عالیشان فرمایا کہ "روزہ ڈھال ہے اور مضبوط قلعہ ہے"۔ یعنی روزہ باطنی بیماریوں یعنی گناہوں اور خطاؤں سے بچاتا ہے اسی طرح بہت سی ظاہری جسمانی بیماریوں سے بھی بچاتا ہے۔ کیونکہ زیادہ بیماریاں کھانے پینے کی زیادتی سے پیدا ہوتی ہیں۔ جلد اور معدے کی بیماریاں، دل کی بیماریاں وغیرہ یہ ہمارے بے حد کھانے سے۔ چٹ پٹی چیزوں کے بے تحاشا استعمال سے۔ مرغن اور تلی ہوئی چیزوں کا بے حد استعمال کرنے سے پیدا ہوتی ہیں۔ جب ماہ رمضان المبارک میں کھانے پینے میں کمی ہوگی تو ایسی بیماریاں بھی نہ آئیں گی۔ لہذا روزہ شفاء بھی دیتا ہے۔

## 11۔ مقصد احد عشر :۔

### گناہوں سے پاکی :۔

روزے کا ایک مقصد گناہوں سے پاکی ہے کیونکہ انسان گیارہ ماہ مسلسل گناہوں اور



خطاؤں کی میل کچیل سے آلودہ ہوجاتا ہے تو یہ ماہ مقدس اس کو گناہوں اور خطاؤں سے پاک کرتا ہے۔ حدیث سرور دو عالم ﷺ ہے آپ نے فرمایا کہ "جو شخص ایمان اور ثواب کے اعتقاد سے رمضان المبارک کے روزے رکھے۔ اور رمضان المبارک میں شب بیداری کرے یعنی نماز تراویح ادا کرے۔ تو وہ گناہوں اور خطاؤں سے اس طرح پاک وصاف ہوجاتا ہے۔ جس طرح آج ہی ماں کے بطن سے پیدا ہوا ہے۔

اب انسان کو بھی چاہیے کہ وہ گناہوں اور خطاؤں سے اپنے دامن کو آلودہ مت کرے۔ اور ان سے بچا رہے، تاکہ وہ خداوند کریم کی بارگاہ میں سرخرو ہوسکے۔

## 12۔ مقصد ثانی عشر :

### شکر خداوندی:

روزے کا ایک اہم مقصد شکر کا حصول ہے۔ دن بھر کی بھوک پیاس سے اللہ تبارک و تعالیٰ کی نعمتوں کا اعتراف دل میں بیٹھتا ہے۔ اور شکر خداوندی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ روزہ انسان کے اندر یہ جوہر پیدا کرتا ہے کہ نعمت کے چھن جانے پر اور ہر قسم کی مصیبتوں اور آزمائشوں کا سامنا کرتے وقت اس کی طبیعت میں ملال اور پیشانی پر شکن کے آثار پیدا نہیں ہوتے بلکہ وہ ہر تنگی اور ہر مصیبت کا خندہ پیشانی کے ساتھ مقابلہ کرتا ہے۔ اور پھر اپنے پروردگار کا شکر بجالاتا ہے۔

دو بزرگان دین کا واقعہ حاضر خدمت ہے کہ وہ ایک دوسرے سے کافی مدت گزر جانے کے بعد ملے۔ جب ملے تو ایک دوسرے کا حال پوچھا تو ایک نے کہا کہ اپنا حال تو یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ کسی نعمت سے نوازتا ہے تو اس کا شکر ادا کرتا ہے ورگرنہ صبر کرتا ہے۔ جب کہ دوسرے بزرگ نے کہا کہ یہ تو کوئی بات نہ ہوئی کہ ہمارے شہر کے کتوں کا بھی یہ حال ہے کہ وہ مالک کے

Scanned with CamScanner

در پر پڑے رہتے ہیں اگر کچھ مل جائے تو دم ہلا کر اس کے آگے پیچھے جاتے ہیں اور کچھ نہ ملے تو صبر کرتے ہیں۔ پھر فرمایا کہ اپنا حال تو یہ ہے جو مولا دے دے تو اس کے بندوں میں بانٹ دیتے ہیں اور کچھ نہ دے تو ہر حال میں اس کا شکر ادا کرتے ہیں۔

## قارئین گرامی!

اس کے برعکس ہمارا حال یہ ہے کہ ہم نعمت کے ملنے پر بھی خداوند کریم کا شکر ادا نہیں کرتے۔ چہ جائیکہ ہم نہ ملنے پر شکر ادا کریں بلکہ اگر مل جائے تو ہم کہتے ہیں کہ یہ ہمارا کمال ہے، غرور و تکبر کرتے ہیں اور اگر کچھ نہ ملے یا کچھ کم ملے۔ یا کوئی مصیبت نازل ہو جائے تو ہم قصوروار خدا کو ٹھہراتے ہیں۔ جب کہ یہ ہمارے ہی کرتوت ہوتے ہیں جو ہمارے آگے آتے ہیں۔ ہمیں ہر حال میں رب العزت کا شکر ادا کرنا چاہیے۔ تا کہ ہم اس کی بارگاہ میں سرخرو ہو سکیں۔

اللہ تعالیٰ نے خود ہی اپنے کلام مجید میں ارشاد فرمایا ہے۔

﴿ولقداتینالقمن الحکمۃان اشکرللہ ومن یشکرفانمایشکرلنفسہ ومن کفرفان اللہ غنی حمید﴾

اور بے شک ہم نے لقمان کو حکمت عطا فرمائی تا کہ اللہ کا شکر کرے۔ اور جو شکر کرے وہ اپنے بھلے کے لئے شکر کرتا ہے۔ اور جو ناشکری کرے تو بے شک اللہ بے پرواہ ہے۔ سب خوبیوں سے سراہا گیا ہے۔ (لقمان۔ پارہ نمبر ۲۱ آیت نمبر ۱۲)

## 13۔ مقصد ثالث عشر:۔

### استقامت ایمان:۔



روزے کا ایک مقصد استقامت ایمان ہے۔ روزے کی وجہ سے غیب پر ایمان کے عقیدے میں پختگی پیدا ہوتی ہے۔ اگر چہ یہ انسان اپنی آنکھوں سے اپنے خدا کو نہیں دیکھ پاتا مگر کائنات کے ذرے ذرے میں اللہ کی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔ جس سے انسان خداوند کے موجود ہونے کا اقرار کرتا ہے۔ اور خداوند کو دیکھے بغیر ہی اس پر ایمان لاتا ہے۔ روزہ بھی اسی ایمان بالغیب میں استقامت پیدا کرتا ہے۔

رمضان کا پورا مہینہ انسان خداوند کے ڈر خوف سے چوری چھپے بھی کچھ نہیں کھاتا۔ اگر گرمی کا دور دورہ ہو۔ ہر طرف گرمی کی شدت ہو۔ انسان کو پیاس لگے۔ بھوک لگے تب بھی وہ اپنے رب کریم کے خوف کو مدنظر رکھ کر لوگوں کی نگاہوں سے پوشیدہ ہو کر (چوری چھپے) بھی نہ پانی پیتا ہے اور نہ کوئی چیز کھاتا ہے۔

رمضان المقدس میں انسان کا اپنے رب کریم پر ایمان اس قدر پختہ ہو جاتا ہے کہ وہ ہر لمحہ یہ خیال کرتا ہے کہ مجھ سے کوئی خلاف شرع فعل سرزد نہ ہو جائے۔ نہ روزے کو توڑنے والی حرکت ہو یا کوئی ایسی حرکت جو اسلام کے مخالف ہو وہ نہ ہو۔ کیونکہ خداوند کریم دیکھنے والا ہے۔ کوئی بھی حرکت اس سے چھپ نہیں سکتی۔ دراصل یہی ایمان بالغیب کے بنیادی عقیدے میں استحکام ہے۔

روزے سے ایمان بالغیب مضبوط ہو جاتا ہے کیونکہ اس میں انسان خیال کرتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نگران ہے۔ وہ ہمارے قول و فعل کو دیکھ رہا ہے۔ مگر ہمارے حال یہ ہیں ذرا اس پر غور و فکر کیا جائے تو معلوم ہوگا۔ چاہے رمضان کا مہینہ ہو یا محرم کا ہم بے ضمیر ہو چکے ہیں۔ شہروں میں ہر جگہ سینما بنی ہو رہی ہے۔ فحش و مکروہ کام ہو رہے ہیں۔ ہر جگہ مظلوموں کو پیسا جا رہا ہے۔ کم از کم خدارا رمضان کے مہینے کا کچھ خیال کرو۔ مگر تم ایسے ڈھیٹ قسم کی قوم ہو کہ تم کو حیاء نہیں آئے گی۔ انہی اعمال کی وجہ سے تو ہماری پکڑ ہو رہی ہے۔ کبھی سیلاب آ رہے ہیں کبھی

Scanned with CamScanner

زلزلے آرہے ہیں۔ کبھی ریل گاڑیوں کے حادثے ہو رہے ہیں۔ ۸ اکتوبر ۲۰۰۵ء بروز ہفتہ کی صبح ۸ بجے آنے والا زلزلہ ہماری بداعمالیوں کے سبب سے تھا پاکستان کے شہروں میں بے حیائی وفحاشی وعریانی اور بے پردگی عام ہے۔ جہاں رمضان المبارک میں بھی شراب نوشی، جوئے کا کاروبار ہوتا ہے۔ جہاں پر فحاشی وعریانی عروج پر ہے۔ ہر جگہ آپ کو خواتین بے پردہ ہی نظر آئیں گی۔ شائد الاماشاء اللہ کوئی باپردہ خاتون دیکھنے کو ملے۔ ہمارے حکمران اسلام کو روشن خیالی سے منسوب کرتے ہیں (تعبیر کررہے ہیں)۔ اصل میں ہماری عوام ہی ایسی ہے۔ خدا جس طرح کی قوم ہوتی ہے اسی طرح کے حکمران اس قوم پر مسلط کرتا ہے۔ دراصل ہماری عوام بے راہ روی، فحاشی وعریانی وغیرہ کا شکار ہے۔ تو اسی طرح کے حکمران ہم پر مسلط ہوئے ہیں۔

کچھ تو وہ ہیں جو اس کے احکام کی پابندی کرتے ہیں۔ مگر جونہی رمضان المقدس گزر جاتا ہے۔ ان کے دل ودماغ سے خدا کا خوف اٹھ جاتا ہے۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم میں روزہ رکھنے میں بہت سی کوتاہیاں ہیں۔ جو انسان میں صحیح ایمانی قوت کو بیدار رکھنے میں مددگار ثابت نہیں ہو رہی ہیں۔

خداوند کریم نے اپنی لاریب کتاب میں ارشاد فرمایا کہ

﴿ان الذین قالو اربنا اللہ لم استقاموا فلاخوف علیھم ولا ھم یحزنون﴾ بیشک وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ اللہ ہمارا رب ہے پھر ثابت قدم رہے ان پر نہ خوف اور نہ غم آئے گا۔ (پارہ ۲۶ سورہ احقاف ۱۳)

۱۹ اکتوبر ۲۰۰۵ء بروز اتوار رات ۲:۳۰ اور ۲:۴۵ پر آنے والے زلزلے کے جھٹکے یہ خدا کا غضب ہیں۔ کیونکہ ہم نے اس کے غضب کو خوب للکارا ہے۔ ارے خدا کے بندو! اب بھی کچھ ہوش سنبھالو ابھی بھی وقت ہے کچھ سنبھلو۔ ۸ اکتوبر ۲۰۰۵ کو آنے والے زلزلے کی شدت ۷.۶ بتائی گئی ہے یہ ہماری بداعمالیوں کا نتیجہ ہے اب خدا سے ان کے لئے دعائے مغفرت کرنی چاہئے۔ خدا ان



کی بخشش ومغفرت فرمائے۔ جو غلطیاں وخطائیں ہوچکی ہیں خدا ان کی بخشش فرمائے۔

اگر کسی کی اس سے دل شکنی ہوئی ہو تو میں معذرت کرتا ہوں مگر ذرا اپنی اداؤں پر خود ہی غور کریں۔

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں    ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہوگی

کچھ اپنے آپ کو بہتر بنائیں۔ مہربانی ہوگی۔ اور اسی طرح سے علمائے کرام سے بھی گزارش ہے کہ وہ بھی اپنی حالت کو بہتر بنائیں۔ اقبال نے کہا!

مجھ کو تو سکھا دی ہے افرنگ نے زندیقی    اس دور کے ملا ہیں کیوں ننگ مسلمانی

پھر کسی نے یوں کہا!

یہ شان دین ہے باطل کی پیروی کرنا؟    چمن سے اڑ کے دربتکدہ پہ جا مرنا؟
ردائے علم کو گاندھی کے پاؤں پر دھرنا؟    عجم ہنوزنہ داند رموز دیں ورنہ
زدیوبند حسین احمد ایں چہ بوالعجبی است

یعنی ہم اس کو اپنی شان سمجھتے ہیں کہ ہم باطل کی کفر کی پیروی کریں ارے خدا کے بندو کچھ خوف کرو ابھی بھی موقع ہے۔

الا ماشاء اللہ حکمران وعوام چھوٹے بڑے اور مرد وعورت عیاشی وفحاشی فسق وفجور فلم بازی وگانے بجانے میں ملوث ومبتلا ہیں اور ہر طرف نماز وداڑھی اور حیاء وشرافت کے قتل عام نے ماحول اور معاشرہ کو اتنا بگاڑ دیا ہے کہ بقول شاعر

نمازیں بھول بیٹھے علم قرآنی بھلا بیٹھے    وہ ذوق دینی اور وہ جوش ایمانی بھلا بیٹھے
مصائب کے پہاڑ ان پر نہ ٹوٹیں گے تو کیا ہوگا    جنہیں کلمہ ہی یاد ہے معنی بھلا بیٹھے

مگر اس تمام تر صورت حال کے باوجود بہت کم ایسے لوگ ہوں گے جنہیں گناہ کا احساس اور اصلاح احوال کی فکر ہوگی اور یہ وہ چیز ہے جو مکمل تباہی اور دنیا وآخرت میں خسارہ کا باعث ہے لہٰذا جن لوگوں کو اپنے دین کا پیار اور آخرت وایمان پر یقین ہے ان پر لازم ہے کہ وہ

Scanned with CamScanner

اپنے آپ کی اور اہل وعیال کی صحیح اسلامی تربیت کریں اور اپنی صورت وسیرت کو محمدی سانچے میں ڈھالیں۔

ہماری حالت یہ ہے کہ ''بروز جمعۃ المبارک مورخہ 7-6-2006 کو جمعہ کے وقت ایک آدمی نے پوچھا (جو کہ تقریباً 35 سال کا نوجوان تھا اور شکل وصورت سے کوئی بڑا آفیسر لگ رہا تھا) کہ آپ کیا پڑھ رہے ہیں میں نے بتایا کہ درود شریف وہ کہنے لگا کہ درود شریف کیا چیز ہے؟ ہمیں درود شریف کا نہیں پتہ کہ کیا چیز ہے حالانکہ وہ عرصہ دراز سے جمعہ کی نماز کے لئے وقت نکال کر آتا ہے۔ بہرحال آپ ذرا خود ہی غور کریں مہربانی ہوگی۔

میرے اس پوائنٹ کو تفصیل سے لکھنے کا مقصد صرف اور صرف آپ کو اصل حالت بتانا مقصود ہے شاید کہ ہم راہ راست پر آجائیں۔ خدا ہماری اصلاح کرے اور ہماری اور حادثے کا شکار لوگوں کی بخشش ومغفرت کرے آمین ثم آمین۔

## 14۔مقصد رابع عشر:۔

### مجاہدانہ اوصاف:۔

روزے کا ایک مقصد عظیم مسلمانوں میں مجاہدانہ اوصاف پیدا کرنا ہے کیونکہ مسلمان اپنے خالق حقیقی کا مجاہد ہے اس کو کسی وقت کفر سے پالا پڑ سکتا ہے کیونکہ حق اور باطل کی لڑائی انسانیت کے آغاز سے جاری وساری ہے جو کہ ہمیشہ جاری رہے گی نیکی بدی کے ساتھ ٹکراتی ہے سچ جھوٹ کے ساتھ ٹکراتا ہے اسلام کفر کے ساتھ ٹکراتا ہے بہرحال مجاہد کو کسی وقت پکارا جاسکتا ہے اور اس کو میدان جنگ میں بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کئی کئی دن بھوک اور پیاس کی حالت میں گزارنے پڑتے ہیں دشمنوں کے زیرنگیں روٹی، پانی میسر نہیں ہوتا گھریلو سہولیات سے اور ازدواجی تعلقات سے محرومی برداشت کرنا پڑتی ہے۔



مجاہد اسلام کو میدان جنگ میں بے پناہ مصائب وآلام کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر وہ شروع سے روزہ رکھتا رہا ہو بھوک وپیاس میں دن گزارتا رہا ہو ازدواجی لذات سے بچا رہا ہو تو ایسے مجاہد اسلام کے لئے میدان جنگ میں لڑنا آسان ہوتا ہے اور جہاد کا فریضہ احسن طریقے سے سرانجام دیتا ہے۔

جو شخص مندرجہ بالا تکالیف ومشکلات کا عادی نہ ہو وہ جہاد کا فریضہ احسن طریقے سے سرانجام نہیں دے سکتا روزہ رکھ کر مسلمانوں کی ایسی تربیت کرنا مقصود ہے کہ وہ گھر رہ کر تمام سختیوں کو برداشت کرنے کا متحمل ہو جائے اور ماہ صیام کی بدولت مسلمانوں میں مجاہدانہ زندگی کے مصائب کو برداشت کرنے کا جذبہ بیدار رہتا ہے اور اس خاکی اور فانی انسان کے اندر سختیوں کو برداشت کرنے والے مجاہدانہ اوصاف پیدا ہوتے ہیں۔ خدا ہمیں عمل کی توفیق دے آمین ثم آمین

## 15۔مقصد خامس عشر:۔

### آزادی جہنم:۔

روزے کا اہم مقصد خدائے وحدہ لاشریک کے بندوں کو جہنم سے چھٹکارا دلانا ہے روزہ ایک بے مثل وبے مثال عبادت ہے جو صرف اور صرف خداوند کریم کے خوف اور اس کی محبت کی خاطر کی جاتی ہے۔

روزہ دار اگر اس بات کا خیال رکھے تو وہ ضرور بضرور گناہوں سے بچے گا اور گناہوں سے بچ جائے گا تو وہ شخص خود بخود دوزخ یعنی جہنم سے بھی آزاد ہو جائیگا (آزادی ہو جائے گی)

اب یہ ہم پر منحصر ہے کہ گناہوں کی طرف مائل ہوتے ہیں یا کہ نیکیوں کی طرف۔ اگر نیکیوں کی طرف مائل ہوں تو ہماری قسمت میں جنت ورنہ جہنم۔

Scanned with CamScanner

## 16۔ مقصد سادس عشر:۔

### بخشش انسانی:۔

آقا کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ہے جس کو روایت کرنے والے حضرت عبداللہ ابن عمر ہیں کہ نبی کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ "روزہ اور قرآن دونوں قیامت کے دن بندے کی شفاعت کریں گے روزہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار میں نے اس کو کھانے پینے اور نفسانی خواہش سے روکے رکھا تو اس کے حق میں میری سفارش قبول فرما اور قرآن کریم کہے گا کہ میں نے اس کو رات میں سونے سے منع رکھا تو اس کے حق میں میری سفارش قبول فرما (اور اس کو بخش دے)

## 17۔ مقصد سابع عشر:۔

### بغیر روزہ کے نجات:۔

حضرت عمارہ بن حزم سے روایت ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کلمہ شریف کے علاوہ اللہ تعالی نے اسلام میں چار چیزیں اور فرض کی ہیں پس جو شخص ان میں سے تین کو ادا کرے تو اس کو پورے کام کی اجرت نہ ملے گی جب تک سب کو ادا نہ کرے نماز، زکوۃ اور رمضان کے روزے اور بیت اللہ کا حج۔

اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص نماز، زکوۃ، حج بیت اللہ ادا کرتا ہو اور وہ چوتھا فرض ادا نہ کرتا ہو تو پہلے تین فرض اس کی نجات کے لئے کافی نہیں ہیں۔

لہذا روزے کی برکات اور اس کے بے شمار مقاصد کو پانے کے لئے رمضان المبارک کی بابرکت اور مقدس گھڑیوں سے غافل نہیں ہونا چاہیے اور مسلمان کو اپنی آخرت سنوارنے کے



لئے اس ماہ ذیشان کی برکتوں سے اپنی جھولیاں بھر لینی چاہئیں ہوسکتا ہے کہ زندگی میں پھر یہ نورانی عرفانی مہینہ میسر آئے یا نہ آئے۔

روزے کے ذریعے سے دوسروں کی بھوک اور پیاس کا احساس ہوتا ہے اور نفس کو جہاد کی تربیت حاصل ہوتی ہے۔

روزے سے انسان کے اندر صبر وتحمل کی عادت پیدا ہوتی ہے روزے سے اللہ تعالی کی نعمتوں پر شکر گزاری کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اور روزے سے اللہ تعالی اور ملائکہ کا قرب نصیب ہوتا ہے

آخر میں خداوند سے دعا ہے کہ وہ ہمیں روزے کا مفہوم سمجھنے اور صحیح معنوں میں اس کا حق ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین اور ہمارے ملک کی حفاظت فرمائے اور اس کو اندرونی اور بیرونی دشمنوں سے اور ناگہانی آفات ومصائب سے محفوظ فرمائے۔آمین ثم آمین

### قارئین محترم:

آپ سے گزارش ہے کہ آپ اس قیامت صغری یعنی زلزلہ سے ہلاک ہونے والے ہزار ہا افراد کے لئے دعا کریں کہ خدا ان کو بخش دے ان کے گناہ کبیرہ اور صغیرہ معاف فرمائے۔

اور لواحقین کے لئے صبر وتحمل کی دعا کریں مزید یہ کہ اس وارننگ کے ملنے کے بعد آپ اعمال کی اصلاح کریں نیک اعمال کریں برے اعمال سے جتنا ہوسکے دور رہنے کی کوشش کریں کیونکہ کبھی کبھار فاسق وفاجر کا عذاب پوری قوم کو برداشت کرنا پڑتا ہے بہرحال ان امتحانات سے سبق حاصل کریں خدا ساری قوم کو اپنی حفظ وامان میں رکھے سب کی ناگہانی آفات سے حفاظت فرمائے ہمیں نیک اعمال کرنے کی توفیق عطا فرمائے ہمارے اعمال سیئہ کو معاف فرمائے اور جاں بحق ہونے والے افراد کی بخشش ومغفرت فرمائے۔آمین ثم آمین۔

Scanned with CamScanner

# باب نمبر:3

## ☆نماز تراویح کے فضائل☆

### سنت مؤکدہ:۔

تراویح سنت مؤکدہ ہے رمضان المبارک میں ہمیں بے حد و بے حساب نعمتیں میسر آتی ہیں ان میں سے ہی ایک نماز تراویح ہے تراویح ادا کرنا سنت ہے سنت کی شان حدیث مبارکہ کی روشنی میں ملاحظہ فرمائیں (ترمذی شریف جلد نمبر۴ صفحہ نمبر۳۱۰) میں ہے آقا کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے میری سنت سے محبت کی وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگا۔

### امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ:۔

نماز تراویح سنت مؤکدہ ہے اور نماز تراویح میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی بے مثال و لاریب کتاب قرآن مجید فرقان حمید کا ایک مرتبہ ختم کرنا بھی سنت مؤکدہ ہے مگر قربان جائیں میرے اور آپ کے امام اعظم ابوحنیفہ پر کہ وہ ماہ رمضان المقدس میں ۶۱ بار قرآن مجید فرقان حمید مکمل فرمایا کرتے تھے وہ اس طرح کہ ۳۰ قران مجید دن میں اور ۳۰ قرآن مجید رات میں اور ایک قرآن مجید، فرقان حمید نماز تراویح میں ختم فرمایا کرتے تھے نیز یہ کہ انہوں نے ۴۵ برس تک عشاء کے وضو سے نماز فجر ادا کی۔ یعنی نماز عشاء پڑھ کر نہ سوتے۔ رات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں عبادت کرتے رہتے یہاں تک کہ نماز فجر کا وقت ہو جاتا سبحان اللہ۔

یہ تھی ہمارے امام کی شان کہ وہ اتنی عبادت و ریاضت کرتے اور ماہ ذیشان میں اکسٹھ بار قرآن مجید فرقان حمید کو ختم کرنے کی سعادت حاصل کرتے۔ مگر ہم ایک بار بھی قرآن کریم مکمل نہیں کرسکتے۔



### نمازِ تراویح:۔

نماز بہت فائدہ مند عبادت ہے اس کی بے حد و حساب برکات ہیں اس کی وجہ سے اللہ کے پیارے بندوں کو اپنے رب کریم کو راضی کرنے کا بہترین موقع مل جاتا ہے انسان پورا سال دنیا مافیہا کے کاموں میں پھنسا رہے اس کو اللہ تبارک وتعالیٰ کو راضی کرنے کے لئے وقت میسر نہ ہو تو اگر وہ اس ماہ مقدس میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے اس کے عطا کیے ہوئے وقت میں سے رات کے وقت چند لمحے نکال لے اور اسی کو خدا تعالیٰ کی یاد میں لگا دے تاکہ اس کا رب کریم اس سے راضی ہو جائے تو یقیناً بلا شک وشبہ اس کیلئے یہ بڑا نفع بخش کام ہے امام اعظم رمضان میں ۶۱ مرتبہ قرآن کریم ختم کرنے کی سعادت حاصل کرتے مگر ہم ہیں ایک پورے کامل مہینے میں ایک قرآن کریم سننے سے گھبراتے ہیں اب آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا عمل ملاحظہ فرمائیں۔

### عملِ مصطفےٰ ﷺ:۔

نماز تراویح کی اہمیت وفضیلت کے پیش نظر آقا علیہ الصلوۃ والسلام اس ماہ مبارک میں عبادت خداوندی کی اتنی کثرت فرماتے تھے اور رمضان المبارک میں اتنی جدو جہد کرتے کہ رمضان المبارک میں بستر مبارک کو کمر مبارک سے لگانے کا شاید ہی موقع ملتا یعنی اتنی عبادت و ریاضت کی کثرت فرماتے کہ سوتے تک نہ تھے آپ نے خدائے بزرگ و برتر کی اتنی عبادت کی کہ کوئی بھی وہاں تک نہیں پہنچ سکتا پھر بھی فرماتے کہ میں نے اپنی بندگی کا حق ادا نہیں کیا

### قارئینِ گرامی:۔

مقام فکر ہے کہ ہمارے آقا و مولی علیہ الصلوۃ والسلام آپ اتنی زیادہ عبادت و ریاضت کرنے کے باوجود فرماتے کہ میں نے بندگی کا حق ادا نہیں کیا مگر ہم ہیں کہ ہمیں کوئی فکر ہی نہیں ہمارے دنیا کے کام ہی ختم ہونے کا نام نہیں لیتے ہمیں کچھ غور و فکر کرنا چاہیے۔

Scanned with CamScanner

## خلیفۂ سوم:۔

خلیفۃ الرسول جناب حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ دن کے وقت روزہ رکھتے اور رات نماز پڑھنے میں گزار دیتے تھے اور ایک رکعت میں پورا قرآن کریم ،فرقان حمید مکمل کرلیا کرتے تھے۔

## مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ:۔

جگر گوشۂ صدیق اکبر حق وصداقت کی نشانی امام الشاہ احمد نورانی صدیقی رحمۃ اللہ علیہ جب ماہ رمضان المقدس آتا تو آپ ایک ،قرآن مجید تہجد میں اور ایک اوابین میں اور ایک نماز تراویح میں سنایا کرتے تھے جبکہ اس سے قبل امام اعظم ابوحنیفہ کا ذکر ہو چکا ہے۔

نماز تراویح کی اس قدر واہمیت کے پیش نظر یہ بات عیاں ہے کہ نماز تراویح ہر عاقل وبالغ مرد وعورت پر لازم ہے دن کو روزہ رکھنا فرض اور رات کا قیام سنت ہے بلا عذر اس سنت کو ترک کرنا اچھا نہیں لہذا پورے ماہ رمضان المقدس میں ایک مرتبہ لازمی قرآن سنا جائے یا پھر سنایا جائے اسی سلسلے میں حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم علیہ الصلوۃ والسلام قیام رمضان (نماز تراویح) کی طرف رغبت دلاتے لیکن تاکید کے ساتھ حکم نہ کرتے البتہ یہ فرماتے جو شخص عقیدت واخلاص کے ساتھ حصول ثواب کے لئے رمضان میں قیام کرے تو اس کے گزشتہ گناہ معاف کردیے جاتے ہیں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے رفیق اعلیٰ سے ملنے کے بعد خلافتِ صدیقی اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے ابتدائی دور میں یہ سلسلہ جاری وساری رہا۔



## نماز تراویح کی تعداد:۔

نماز تراویح کی تعداد بیس ہے ۔ یہ ماہِ رمضان المقدس میں عشاء کے فرائض اور دو رکعت نفل کے بعد ادا کی جاتی ہے۔ لفظ تراویح یہ ترویحہ کی جمع ہے جس کا معنیٰ آرام کرنا ہے۔ چونکہ نماز تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد استراحت کی جاتی ہے اور تسبیح تراویح پڑھی جاتی ہے۔ لہٰذا نمازِ تراویح کی تعداد کے بارے میں مختصر سی تحریر باحوالہ پیش خدمت ہے۔ بعض مدعیان علم وتقویٰ کا خیال ہے کہ وتر کی صرف ایک رکعت ہے اور ماہِ رمضان المقدس میں بلا ناغہ ہر رات نمازِ تراویح پڑھنا اور بیس رکعتوں میں منحصر سمجھنا صحیح نہیں۔ انکے ہاں تراویح اور وتر کی رکعتیں ۱۱ ہیں اور علی الدوام ہر شب کو نماز تراویح کی ادائیگی خلاف سنت ہے۔ ان کے کچھ دلائل ہیں۔

۱۔ حضرت عائشہ صدیقہ سے روایت ہے کہ رسول نبی کریم رات کو گیارہ رکعتیں ادا فرماتے ان میں سے ایک وتر کی ہوتی (مسلم بمع شرح نووی ج ۱ ص ۲۵۳، موطا امام مالک مع زرقانی جلد ا صفحہ ۲۴۵) حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا رات کو نماز دو رکعتیں پڑھیں اگر کسی کو طلوع صبح کا اندیشہ ہو تو وہ ایک پڑھ لے یہ ایک رکعت اس کی نماز وتر ہوگی۔ (مسلم شریف جلد اول، ص ۲۵۷)

## علی الدوام ہر شب پڑھنا:۔

حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ایک رات مسجد میں نماز (تراویح) ادا فرمائی بہت سے لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ یہ نماز ادا کی پھر آپ نے آئندہ رات یہی نماز ادا فرمائی اس رات بہت سے لوگ آئے تیسری یا چوتھی رات بھی لوگ جمع ہوئے لیکن آقا علیہ الصلوۃ والسلام نہ آئے صبح ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ آپ لوگوں۔ نے جو کچھ کیا میں نے دیکھا ۔(بخاری شریف، جلد سوم ص ۵۹)(بخاری شریف جلد اول

Scanned with CamScanner

صفحہ۶۳ موطا۱۴۲ تا ۱۴۱) پھر کہتے ہیں کہ حضرت ابی سلمہ کی روایت کردہ حدیث سے ثابت ہے کہ وتر اور تراویح کی تعداد ہے۔ ابوسلمہ سے روایت ہے کے انہوں نے حضرت عائشہ صدیقہ سے پوچھا کہ رمضان المبارک میں رسول اللہ ﷺ کی نماز تراویح کیسی ہوتی ؟ تو انہوں نے فرمایا کہ آپ رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ سے زیادہ رکعتیں ادا نہیں فرماتے تھے۔ آپ چار رکعتیں اس انداز سے فرماتے کہ بس حسنِ ادائیگی اور طوالت کے متعلق کچھ نہ پوچھیئے (ان آٹھ رکعتوں کے بعد) پھر آپ تین رکعتیں ادا فرماتے۔ (طحاوی شریف جلد نمبر ا صفحہ ۱۹۶) ان حدیثوں سے استدلال کرتے ہوئے وہ امام اعظم ابوحنیفہ پر زبانِ طعن دراز کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ نہ جانے ابوحنیفہ مقلدین وتر کی تین حتمی اور لازمی رکعتیں کہاں سے لے آئے۔ تراویح کی بیس رکعتیں بلاناغہ ہر شب رمضان کو ادا کرنا کہاں سے سمجھ لیا حالانکہ یہ خلاف سنت ہے وغیرہ۔

## وتر کی رکعات:۔

کئی احادیث صحیحہ سے اور آثار صحابہ سے واضح ہوتا ہے کہ وتر کی تین رکعتیں ہیں۔ ابتداء اسلام میں وتر کی ایک رکعت تھی مگر بعد میں یہ حکم منسوخ ہوگیا۔ اور آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عمر مبارک کے آخری سالوں میں وتر کی تین ہی رکعتیں ادا فرمائیں۔ کسی بھی حدیث مبارکہ سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ آپ نے عمر کے آخری حصے میں صرف ایک رکعت ادا فرمائی ہو قاعدہ یہ ہے ﴿انما الاعتبار وللنحو اتیم﴾ اعتبار خاتمہ پر ہوتا ہے احادیث ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت عبداللہ بن ابی قیس سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا کہ رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام وتر کی کتنی رکعتیں ادا فرماتے تھے تو انہوں نے جواب دیا کہ چار اور تین پڑھتے (یعنی کبھی چار تہجد کی اور تین وتر کی) کبھی چھ اور تین یعنی تہجد کی چھ اور وتر کی تین کبھی آٹھ اور تین یعنی آٹھ تہجد کی اور تین وتر کی آپ نے ایسا کبھی نہیں کیا کہ وتر اور تہجد کی نماز



سات رکعات سے کم پڑھی ہوں یا تیرہ رکعتوں سے زائد پڑھی ہوں۔

(ترمذی ص ۸۵، طحاوی جلد اول ص ۱۹۶، جامع المسانید ص ۴۰۷ مطبوعہ دار الکتب علمیہ)

(۱)۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی اپنی شرح آفاق کتاب ''شرح مشکوۃ'' میں فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا آخر شب کی پوری نماز کو وتر کے نام سے تعبیر فرما رہی ہیں۔ در حقیقت اس میں تین رکعت وتر کی اور باقی تہجد کی ہوتی تھیں۔

ابوسلمہ کی روایت میں جس سے معترضین استدلال کرتے ہیں وتر کی تین ہی رکعتیں بیان ہوئی ہیں۔

(۲)۔

حضرت عبدالعزیز سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے پوچھا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نماز وتر میں کونسی سورتیں تلاوت فرماتے ؟ تو انہوں نے فرمایا کہ ﴿سبح اسم ربک الاعلی﴾ دوسری میں ﴿قل یاایھا الکافرون﴾ اور تیسری میں ﴿قل ھو اللہ احد﴾ اور معوذتین تلاوت فرماتے تھے۔

(سنن نسائی ج ا ص ۲۰۱، طحاوی ج ا ص ۱۹۳، مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۲۹۵)

(۳)۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا سے ایک عمل مصطفیٰ ﷺ یوں روایت ہوا ہے ''کہ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام وتر کی رکعتوں میں سلام نہیں پھیرتے تھے۔ (بلکہ تین رکعتیں اکٹھی پڑھا کرتے تھے۔ (مصنف ابن ابی شیبہ ج ۲ ص ۲۹۴)

(۴)۔

حاکم نے مستدرک میں اسے قدرے مختلف الفاظ سے بیان کیا ہے ''کہ حضور علیہ

Scanned with CamScanner

الصلوۃ والسلام وتر کی تین رکعتوں کو ادا کر کے ایک ہی بار آخر میں سلام پھیرتے

(مصنف ابن ابی شیبہ جلد دوم، ص ۲۹۴)

(۵)۔

حاکم کے بقول مندرجہ ذیل حدیث مبارکہ شیخین کی شرائط کے مطابق ہے ''حضرت ابو سلمہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام آخر شب میں وتر کی تین رکعتیں ادا فرمایا کرتے تھے

(طحاوی شریف ج ا ص ۱۹۲)

(۶)۔

حضرت شعبی سے روایت ہے انہوں نے حضرت ابن عباس اور ابن عمر سے رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام کی نماز شب کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ آپ تیرہ رکعتیں ادا فرماتے ان میں سے آٹھ تہجد کی تین وتر کی اور طلوع فجر کے بعد دو رکعت فجر کی سنت ہوتیں۔

(ترمذی شریف ص ۸۵)

(۷)۔

حضرت ابن کعب سے روایت ہے رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام وتر کی تین رکعتیں ادا فرماتے پہلی رکعت میں ''سورۃ الاعلیٰ'' دوسری میں ''سورۃ الکافرون'' اور تیسری میں ''سورۃ الاخلاص'' کی تلاوت فرماتے۔ (جامع المسانید ص ۳۸۸، مسند امام اعظم ص ۹۶)

(۸)۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام وتر کی تین رکعتیں ادا فرماتے اور دعائے قنوت رکوع سے قبل پڑھتے۔ (طحاوی شریف ج ا ص ۲۰۰)

(۹)۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام وتر کی تین



رکعتیں ادا فرماتے۔ (طحاوی شریف ج ا ص ۲۰۲، موطا امام محمد ص ۱۵۰)

(۱۰)۔

حضرت ابو سعید خدری کی حدیث ہے آپ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام نے تبیرا سے منع فرمایا تبیرا کا مطلب ہے کہ کوئی شخص وتر کی نیت سے صرف ایک رکعت پڑھے (طحاوی شریف ج ا ص ۲۰۲)

(۱۱)۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے وتر کی تین رکعتیں ہیں اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام تین تین رکعتیں ہی ادا فرماتے۔ (طحاوی شریف ج ا ص ۲۰۴)

(۱۲)۔

قاسم فرماتے ہیں کہ میں نے جب سے ہوش سنبھالا لوگ وتر کی تین رکعتیں ہی ادا کرتے آرہے ہیں۔ (مصنف ابن ابی شیبہ۔ ج ۲ ص ۲۹۴)

قاسم حضرت ابوبکر صدیق کے بیٹے محمد کے صاحبزادے ہیں

(۱۳)۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ نماز وتر میں ایک رکعت کافی نہیں ہے

## نماز تراویح کی رکعات:۔

اب نماز تراویح کی رکعات کی طرف آتے ہیں۔

خلیفۃ الرسول حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت سے جبکہ ہزاروں صحابہ بقید حیات تھے آج تک کسی نے نماز تراویح کی بیس رکعات تعداد سے انکار نہیں کیا یہ ہمارے دور کے کچھ ہی نام نہاد ملاں ہیں جو انکار کر رہے ہیں اور صحابہ کرام کی غلطیاں نکالنے کی

Scanned with CamScanner

ناپاک جنابت کرتے ہیں مشہور ہے۔

حلوہ خوردن را روئے باید   یعنی حلوہ کھانے کو منہ چاہیے

نہ ہر جائے مرکب تواں تاختن   کہ جاہا سپر باید انداختن

کافی زیادہ احادیث مقدسہ جو کہ صحاح ستہ میں مذکور ہیں وہ اتباع صحابہ پر دلالت کرتی ہیں چند احادیث ملاحظہ کریں۔

(۱) ﴿علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین﴾ (نسائی ج اص۱۹۲)

(۲) ﴿اصحابی کاالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم﴾ کثیر کتب احادیث میں ہے

(۳) ﴿اقتدوا باللذین من بعدی ابی بکر وعمر﴾

(ترمذی شریف ص۱۳۹، نسائی ج اص۱۹۲)

چنانچہ ”غایۃ التنقیح“ اور افتائے اثبات بیست رکعات تراویح از ”شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی“ میں ہے کہ ان روایات میں جن میں بیس سے کم یا زیادہ کی تصریح ہے تطبیق وارد صورت یہ ہے کہ بیس رکعت والی احادیث کو نماز تراویح پر محمول کیا جائے اور کمی یا زیادتی والی احادیث مبارکہ کو نماز تہجد پر محمول کیا جائے جو رمضان اور غیر رمضان میں یکساں پڑھی جاتی ہیں اور ان کی تعداد وتروں کو ملا کر گیارہ بنتی ہے حدیث مبارکہ ہے۔

﴿قالت عائشه فقلت یارسول الله ﷺ اتنام قبل ان توتر قال یا عائشه ان عینی تنامان ولا ینام قلبی﴾

(مسلم شریف ج اص۲۵۹)

اور ظاہر ہے قبل از وتر سونا نماز تہجد میں متصور ہوتا ہے نہ کہ نماز تراویح میں اور وہ روایات جن میں زیادہ رکعات کا بیان ہے اس کو نماز تراویح پر معمول کیا جائے گا جس کو عرف عام میں قیام رمضان کا نام دیا جاتا ہے۔



حدیث مبارکہ ہے ﴿من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر الله له ما تقدم من ذنبه﴾

(نووی شریف مع مسلم شریف ج اص۲۵۹)

یعنی جس نے ایمان اور احتساب کے ساتھ رمضان میں قیام کیا اللہ تعالی اس کے سابقہ گناہ بخش دیتا ہے۔

اس میں قیام رمضان کی تعمیم ہے نہ کہ گیارہ کے ساتھ تخصیص حدیث مبارکہ ہے کہ ”حضرت ابی طلحہ سے روایت ہے فرماتے ہیں میں نے نعمان بن بشیر کو حمص کی جامع مسجد کے منبر پر یہ فرماتے سنا کہ ہم نے رمضان کی تیئسویں تاریخ کو رسول علیہ الصلوۃ والسلام کے۔ تہ رات کی پہلی تہائی تک قیام کیا پھر پچیسویں تاریخ کو نصف رات تک آپ کے ساتھ نماز پڑھتے رہے پھر ستائیسویں شب کو نماز پڑھتے رہے حتی کہ ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں سحری رہ نہ جائے۔

(زرقانی علی الموطا ج اص۲۳۷)

پہلے روز تیسرے حصے تک قیام پھر نصف شب تک قیام پھر آخر شب تک قیام بغیر کسی تصریح کے گیارہ رکعتوں پر منحصر کرنا عقل کے خلاف ہے اور خلفائے کرام اور صحابہ عظام کے جم غفیر کے عمل کے بھی خلاف ہے۔

اس قسم کی دوسری کئی احادیث ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی نماز تراویح کی تعداد گیارہ رکعتوں کے ساتھ مقید نہیں ہے اور یہ نماز یقیناً قیام رمضان سے تعلق رکھتی ہے قیام اللیل سے نہیں کیونکہ تراویح ابتدائے شب میں پڑھی جاتی ہے اور نماز تہجد آخر شب میں۔

آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے نماز تراویح پر اس لئے مداومت اختیار نہ کی کہ کہیں فرض نہ ہو جائے جیسا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مقدسہ سے ثابت ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ میں تراویح پر مداومت اس لئے اختیار نہیں کرتا کہ کہیں یہ میری امت پر فرض نہ ہو جائے (او

Scanned with CamScanner

کما قال علیہ الصلوۃ والسلام)۔

## بیس رکعات نماز تراویح کے دلائل:۔

**دلیل نمبر 1:۔** حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام رمضان میں بیس رکعت تراویح اور تین رکعت وتر ادا کرتے تھے۔ (سنن بیہقی ج ۲)

**دلیل نمبر 2:۔** حضرت سائب بن یزید سے روایت ہے کہ ہم حضرت عمر کے دور میں بیس رکعت تراویح اور تین رکعت وتر پڑھتے تھے۔ (سنن بیہقی)

**دلیل نمبر 3:۔** جمہور کا مذہب یہ ہے کہ تراویح کی بیس رکعتیں ہیں اور یہی احادیث سے ثابت ہے بیہقی نے بسند صحیح سائب بن یزید سے روایت ہے کہ لوگ فاروق اعظم کے زمانہ میں بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور عثمان وعلی کے دور میں یہی تھا اور موطا میں یزید بن رومان سے روایت ہے کہ عمر کے زمانے میں لوگ رمضان میں ۲۳ رکعتیں پڑھتے تھے بیہقی نے کہا اس میں تین رکعتیں وتر کی ہیں اور مولی علی نے ایک شخص کو حکم فرمایا کہ رمضان میں لوگوں کو بیس رکعتیں پڑھائے نیز اس کی بیس رکعت میں یہ حکمت ہے کہ فرائض وواجبات سے اس کی تکمیل ہوتی ہے اور کل فرائض و واجب کی ہر روز بیس رکعتیں ہیں لہذا مناسب یہ ہے (بیس رکعتیں ہی) کہ دونوں مکمل مکمل برابر ہوں۔ (بہار شریعت، حصہ چہارم، جلد اص ۲۶۲)

**دلیل نمبر 4:۔** حضرت یزید بن رومان سے روایت ہے کہ حضرت عمر کے زمانے میں لوگ رمضان میں ۲۳ رکعتیں پڑھا کرتے تھے۔ (موطا امام مالک)

**دلیل نمبر 5:۔** حضرت ابوعبدالرحمان سلیمی سے روایت ہے کہ حضرت علی نے رمضان میں قاریوں کو بلایا پھر ایک شخص کو حکم دیا کہ لوگوں کو بیس رکعتیں پڑھاؤ حضرت علی انہیں وتر پڑھاتے تھے۔ (سنن بیہقی)



**دلیل نمبر 6:۔** ترمذی شریف ابواب الصوم باب" ماجاء فی قیام شهر رمضان "میں ہے

**ترجمہ:۔** یعنی اہل علم کا عمل اس پر ہے جو حضرت علی و عمر و دیگر صحابہ کرام سے مروی ہے یعنی بیس رکعت یہی فرمان سفیان ثوری ابن مبارک اور اسی طرح امام شافعی نے اپنے شہر مکہ معظمہ میں یہ ہی عمل پایا کہ مسلمان بیس رکعت تراویح پڑھتے ہیں۔

**دلیل نمبر 7:۔** (عمدۃ القاری شرح بخاری جلد پنجم صفحہ ۳۰۷) پر ہے حارث ابن عبدالرحمان ابن ابی زباب سائب بن یزید سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے دور میں ۲۳ رکعتیں ہوا کرتی تھیں ابن عبداللہ فرماتے ہیں یہ محمول ہے ان میں تین وتر ہوا کرتے تھے۔

**دلیل نمبر 8:۔** (فتح الملہم شرح مسلم جلد دوم صفحہ ۲۹۱) پر ہے محمد ابن نصر طریق عطا سے روایت کرتے ہیں فرماتے ہیں کہ میں نے ان کو پایا کہ وہ بیس رکعتیں پڑھتے ہیں اور تین رکعت وتر کی ہیں۔

**دلیل نمبر 9:۔** ملا علی قاری نے "شرح نقایہ" میں صحیح اسناد کے ساتھ بیہقی روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت عمر کے عہد میں بیس رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور اسی طرح حضرت عثمان اور حضرت علی کے عہد میں بھی۔

**دلیل نمبر 10:۔** مولوی عبدالحی صاحب نے اپنے فتاوی جلد اول صفحہ ۱۸۲ میں علامہ ابن حجر مکی کا قول نقل فرمایا صحابہ کا اسی پر اجماع ہے کہ تراویح کی بیس رکعات ہیں۔

**دلیل نمبر 11:۔** موطا امام مالک میں حضرت سائب ابن یزید سے روایت ہے کہ ہم عہد عمر میں ۲۰ رکعات نماز پڑھتے تھے بہر حال المختصر تراویح کی ۲۰ رکعات ہیں اور آٹھ رکعات خلاف سنت ہیں۔

Scanned with CamScanner

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالی عنہ روایت فرماتے ہیں کہ:

نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے مسجد کے اندر کھجور کی چٹائی سے ایک حجرہ بنایا اس حجرہ میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے (اعتکاف کی حالت میں) چند راتیں لوگوں کے ساتھ جماعت سے نماز تراویح ادا فرمائی پھر اس کے بعد لوگوں نے آپ کی آواز نہ سنی لوگوں نے سمجھا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام سو گئے ہیں تو کچھ لوگوں نے کھنگارنا شروع کیا تا کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام ان کے پاس آئیں حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اتنی دیر سے جو کچھ کر رہے ہو میں نے سب کچھ دیکھا ہے مجھے اس بات کا خوف تھا کہ کہیں تم پر فرض ہی نہ ہو جائے اگر تم پر نماز تراویح فرض کر دی جائیگی تو تم اسے نبھا نہ سکو گے تو اے لوگو! اب تم اس نماز کو اپنے گھروں میں ہی پڑھ لیا کرو۔

## باجماعت نماز تراویح:۔

باجماعت تراویح کا آغاز حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ نے کیا یہ بدعت حسنہ ہے ہر بدعت بری نہیں ہوتی بلکہ بعض بدعتیں جو اصول دین سے ٹکراتی نہ ہوں ان سے دین میں فائدہ ہو وہ اچھی ہوتی ہیں اگر بدعت کو دیکھا جائے تو انسان خود بدعت ہے جو کہ حضرت محمد مصطفیٰ علیہ الصلوۃ والسلام کے دور میں نہ تھا۔

حضرت عمر فاروق نے جب یہ سوچا کہ ''حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے تین روز تک باجماعت اس نماز کو ادا کیا لیکن فرض ہو جانے کے اندیشے کے پیش نظر باجماعت ادا کرے بند کر دیا اور تن تنہا اس کے ادا کرنے کا سب کو حکم دیا'' تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی ظاہری وفات کے بعد کسی اور چیز کے فرض ہو جانے کا ڈر نہیں کیونکہ جو کچھ فرض ہونا تھا آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی زندگی میں فرض ہو چکا اور دین مکمل ہو گیا لہذا اب اگر نماز تراویح ایک امام کی اقتداء میں ایک ہی



جماعت کے ساتھ مل کر پڑھی جائے تو اس کے فرض ہونے کا اندیشہ نہیں کیونکہ فرض ہونے کا عذر آپ کی ظاہری وفات سے دور ہو گیا لہذا اب نماز تراویح کو ایک ہی امام کی اقتداء میں دوبارہ جاری کر دیا جائے لہذا انہوں نے باجماعت نماز تراویح کا انتظام کیا۔

اللہ کے پیارے محبوب دانائے غیوب منزہ عن العیوب نے خود بھی تراویح پڑھی اور اس کو خوب پسند فرمایا چنانچہ آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جو ایمان اور طلب ثواب کے سبب سے رمضان میں قیام کرے اس کے اگلے پچھلے گناہ (گناہ صغیرہ) بخش دیے جائیں گے پھر اس اندیشے کے مدنظر ترک کی کہ میری امت پر فرض نہ ہو جائے حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنے دور خلافت میں ماہ رمضان کی ایک رات مسجد میں دیکھا کہ لوگ جدا جدا انداز پر تراویح ادا کر رہے ہیں کوئی اکیلا تو کچھ کسی کی اقتدا میں پڑھ رہے ہیں یہ دیکھ کر آپ نے فرمایا میں مناسب خیال کرتا ہوں کہ ان سب کو ایک امام کے ساتھ جمع کر دوں لہذا آپ نے سیدنا ابی بن کعب کو سب کا امام بنا دیا پھر جب دوسری رات تشریف لائے تو دیکھا کہ لوگ باجماعت تراویح ادا کر رہے ہیں فرمایا ﴿نعمة البدعة هذه﴾ یعنی یہ اچھی بدعت ہے۔

آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ہے کہ ''جو کوئی اسلام میں اچھا طریقہ جاری کرے اس کو اس کا ثواب ملے گا اور اس کا بھی جو لوگ اس کے بعد اس پر عمل کریں گے اور ان کے ثواب سے کچھ کم نہ ہوگا اور جو شخص اسلام میں برا طریقہ جاری کرے اس پر اس کا گناہ بھی ہے اور ان کا بھی جو اس کے بعد اس پر عمل کریں اور ان کے گناہ میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

(صحیح مسلم ج ۱ ص ۳۲۲)

آقا علیہ الصلوۃ والسلام کے فرمان عالیشان سے معلوم ہو رہا ہے کہ اسلام میں قیامت تک اچھے طریقے نکالنے کی اجازت ہے اس کو بدعت حسنہ کہتے ہیں۔

اب کچھ ﴿بدعات حسنہ﴾ ملاحظہ فرمائیں۔

Scanned with CamScanner

(۱)۔حضرت عمر فاروق نے باجماعت نماز تراویح کا آغاز فرمایا اور اس کو اچھی بدعت قرار دیا۔

(۲)۔سیدنا عمر بن عبدالعزیز نے مسجد نبوی شریف پر گنبد بنایا جو کہ بے حد مقبول ہوا اور ہر مسجد پر گنبد مسجد کی پہچان ہے۔

(۳)۔ایمان مفصل اور ایمان مجمل اور چھ کلمے۔

(۴)۔قرآن حکیم کے تیس پارے بنانا اس پر اعراب لگانا ان میں رکوع اور رموز واوقاف کی علامات لگانا۔

(۵)۔سلاسل اربعہ۔

(۶)۔ہوائی جہاز پر سفر حج کرنا، دینی مدارس کا نصاب وغیرہ المختصر بدعات حسنہ کے بغیر زندگی گزارنا ممکن نہیں (بہرحال اب نماز تراویح کے فضائل ملاحظہ فرمائیں)۔

## فضائلِ تراویح:۔

یوں تو ماہ رمضان میں تمام نیکیوں کا ثواب بڑھ جاتا ہے یعنی اس میں ایک فرض ادا کرنے کا ثواب دوسرے میں وں میں ستر فرائض ادا کرنے کے برابر اور اس میں ایک نفل کا ثواب دوسرے مہینوں میں فرض ادا کرنے کے برابر ہے مگر نماز تراویح کی ایک خاص شان ہے اس کو حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے خاص طور پر ماہ رمضان میں اپنی سنت قرار دیا ہے آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا۔

(۱)۔﴿ان اللہ فرض صیام رمضان وسنت لکم قیامہ فمن صامہ وقامہ ایمانا واحتسابا خرج من ذنوبہ کیوم ولدتہ امہ﴾ (سنن نسائی)

"یعنی اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کئے اور میں نے تمہارے لئے رمضان کی راتوں میں نماز تراویح سنت ٹھہرائی تو جو صحیح العقیدہ مسلمان شخص محض ثواب حاصل کرنے کے



لئے ماہ رمضان میں روزے رکھے اور راتوں میں نماز تراویح بھی ادا کرے تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے کہ جیسا کہ اس روز پاک تھا جب اس کی ماں نے اس کو جنم دیا"

حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا!

(۲)۔﴿من قام رمضان ایمانا واحتسابا خرج من ذنوبہ کیوم ولدتہ امہ﴾

یعنی جس صحیح العقیدہ مسلمان نے خالص اللہ کی رضا اور ثواب حاصل کرنے کے لئے نماز تراویح پڑھی وہ اپنے گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جیسا کہ وہ اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہونے کے روز گناہوں سے پاک تھا۔

(۳)۔حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک بار ماہ رمضان المبارک کی فضیلتیں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا!

﴿الیس عبد مومن یصلی فی لیلۃ فیھا الا کتب اللہ لہ الفا وخمس مأۃ حسنۃ بکل سجدۃ وبنی لہ بیتا فی الجنۃ من یاقوتۃ حمراء لھا ستون الف باب لکل باب منھا قصر من ذھب موشح بیاقوتہ حمراء﴾

جو بندہ مومن ماہ رمضان المبارک میں رات کے وقت نماز پڑھے تو ضرور ہی اللہ تعالیٰ ہر سجدے کے بدلے میں اس کے لئے پندرہ سو نیکیاں لکھے گا اور جنت میں اس کے لئے سرخ یاقوت کا ایک شاندار گھر بنائے گا جس کے ساٹھ ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازے کے اندر ایک سونے کا محل ہو گا جس کے حاشیوں پر آرائش کے لئے سرخ یاقوت کی لڑیوں والی جھالریں پہنائی ہوں گی۔ (شعب الایمان، بیہقی شریف)

(۴)۔حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ﴿کان رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام یرغب فی قیام رمضان من غیر ان یا مرھم لعزیمۃ ثم یقول من قام رمضان ایمان واحتسابا غفرلہ ما تقدم من ذنبہ﴾ (سنن نسائی)

Scanned with CamScanner

یعنی رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام بڑے اہتمام سے رمضان میں نماز تراویح پڑھنے کا شوق دلایا کرتے تھے لیکن اس کی تائید فرض کی طرح نہ فرماتے پھر فرماتے کہ جو مومن مسلمان رمضان کی راتوں میں نماز تراویح محض ثواب پانے کے لئے پڑھے تو اس بندہ مومن کے تمام گناہ مٹادیے جائیں گے۔

(۵)۔اسی طرح حضرت عمر بن الجہنی سے مروی ہے کہ ''ایک شخص اللہ کے پیارے رسول دانائے غیوب ،منزہ من العیوب حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا۔ یا رسول اللہ ﷺ اگر میں اللہ کی توحید اور آپ کی رسالت کی گواہی دوں نماز پنجگانہ پڑھوں زکوۃ دوں ماہ رمضان کے روزے رکھوں اور اس کی راتوں میں قیام کروں یعنی نماز تراویح ادا کروں تو میں کن لوگوں سے ہوں گا ﴿قال من الصدیقین والشھداء﴾ آقا کریم علیہ الصلوہ والسلام نے فرمایا! کہ تب تو صدیقوں اور شہیدوں میں سے ہوگا

(صحیح بخاری، وصحیح ابن خزیمہ)

بہر حال ماہ رمضان المبارک میں بیس رکعت تراویح ہوتی ہیں اور ہر رکعت میں دو سجدے ہوتے ہیں اس طرح چالیس سجدے بنے ایک مہینے میں تیس دن ہوتے ہیں لہذا ۳۰ کو ۴۰ سے ضرب دیں یعنی ۱۲۰۰ سو سجدے اور رمضان میں ایک سجدے کا ثواب ۱۵۰۰ نیکیوں کے برابر ہے (فیضان سنت) لہذا ۱۵۰۰ کو ۱۲۰۰ سے ضرب دیں تو اٹھارہ (۱۸۰۰۰۰۰) لاکھ نیکیوں کا ثواب ملے گا۔

اسی طرح اگر کوئی آٹھ رکعت نماز تراویح ادا کرے اور آٹھ کو دو سے ضرب دیں تو سولہ اور سولہ کو تیس سے ضرب دیں تو چار سو اسی (۴۸۰) اور ۴۸۰ کو ۱۵۰۰ سے ضرب دی تو سات لاکھ بیس ہزار (۷۲۰۰۰۰) لہذا ان دونوں میں فرق ۱۰۸۰۰۰۰ گنا ثواب ہا ہے لہذا ان حضرات پر منحصر ہے کہ وہ تراویح بیس رکعت ادا کر کے چاہیں تو اٹھارہ لاکھ نیکیاں کمائیں اور چاہیں تو آٹھ



رکعت نماز تراویح ادا کر کے ۷۲۰۰۰۰ گنا ثواب کمائیں۔

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

لہذا بیس رکعات تراویح کی نماز کا بے حد وحساب ثواب ہے۔

اسی طرح فرمایا کہ ہر سجدے کے بدلے میں انسان کو اتنا اجر دیا جاتا ہے کہ فرمایا جنت میں اس آدمی کے لئے سرخ یاقوت سے ایک مکان بنائیگا جس کے ساٹھ ہزار دروازے ہوں گے اور ہر دروازے کے اندر ایک ایک سونے کا محل ہوگا اسی سے ایک حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں ابن ماجہ ابن عباس سے مروی ہے کہ حضور اقدس علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جس نے مکہ میں ماہ رمضان پایا اور روزہ رکھا اور رات میں جتنا میسر آیا قیام کیا تو اللہ تعالی اس کے لئے کسی اور جگہ کے ایک لاکھ رمضان کا ثواب لکھے گا اور ہر دن ایک گردن آزاد کرنے کا ثواب اور ہر رات ایک گردن آزاد کرنے کا ثواب اور ہر روز جہاد میں گھوڑے پر سوار کر دینے کا ثواب اور ہر دن اور رات میں حسنہ (نیکی) لکھے گا۔

## قارئین محترم:۔

آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی ایک اور حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

ابن خزیمہ نے ابو مسعود غفاری سے ایک طویل حدیث روایت کی اس میں یہ بھی فرمایا کہ اگر بندوں کو معلوم ہوتا کہ رمضان کیا چیز ہے تو میری امت تمنا کرتی کہ پورا سال رمضان ہی ہو۔

بیہقی میں ابن عباس سے روایت ہے کہ جب رمضان آتا رسول اللہ علیہ الصلوۃ والسلام سب قیدیوں کو رہا کر دیتے اور ہر سائل کو عطا فرماتے

(بہار شریعت ص ۳۹۷ حصہ پنجم ج ۱)

ابو یعلی بیہقی سلمہ بن قیس اور احمد و بزار ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ علیہ الصلوۃ

Scanned with CamScanner

والسلام نے فرمایا جس نے اللہ عزوجل کی رضا کے لئے ایک دن کا روزہ رکھا اللہ تعالیٰ اس کو جہنم سے اتنا دور کردے گا جیسے کوا جب بچہ تھا اس وقت سے اڑتا رہا یہاں تک کہ بوڑھا ہو کر مرا۔

بہر حال نماز تراویح کی بے بہا فضیلت واہمیت ہے نماز تراویح میں قرآن کریم فرقان حمید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا چاہیئے جس کی یہ آیت کریمہ بھی ترجمانی کررہی ہے ﴿ورتل القرآن ترتیلا﴾ جس کا ترجمہ مجدد دین وملت امام اہلسنت امام احمد رضا خان بریلوی نے یوں فرمایا ہے

''اور قرآن خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو''

آج کل دینی معاملات میں بے حد سستی کا دور دورہ ہے نماز تراویح میں ایک بار بھی قرآن صحیح معنوں میں ختم نہیں ہوتا قرآن کریم کو اس طرح پڑھا جاتا ہے کہ اس کے الفاظ کی مقتدیوں کو بالکل سمجھ نہیں آتی دراصل اس موجودہ دور میں اسی حافظ قرآن کو پسند کرتے ہیں جو چاہے کیسا ہی کیوں نہ ہو مگر تراویح کو جلد از جلد ختم کردے تاکہ ہم جلد از جلد بستروں پر محو استراحت ہوسکیں صاحب بہار شریعت حضرت صدر شریعت بدر طریقت خلیفہ اعلیٰ حضرت حضرت علامہ مولانا مفتی محمد ابوالعلی امجد علی اعظمی رضوی کا فیصلہ اس صورت میں ملاحظہ فرمائیں کہ

''امام فرضوں میں ٹھہر ٹھہر کر قرأت کرے تراویح میں متوسط اور رات کے نوافل میں جلد پڑھنے کی اجازت ہے مگر ایسا پڑھے کہ سمجھ میں آسکے یعنی کم سے کم مد کا درجہ جو قاریوں نے رکھا ہے اس کو ادا کرے ورنہ حرام ہے اس لئے کہ ترتیل سے قرآن پڑھنے کا حکم ہے''۔

(بہار شریعت، الدرالمختار وردالمحتار ج ۲ ص ۲۶۲)

دنیا کی کوئی کتاب بغیر سوچے سمجھے نہیں پڑھی جاتی مگر اس کے برخلاف رویہ صرف الکتاب (قرآن) کے ساتھ روا رکھا جاتا ہے حالانکہ دنیا کا کوئی بھی مصنف اپنی کتاب میں یہ نہیں لکھتا کہ اس کی کتاب کو سوچ سمجھ کر پڑھا جائے پھر بھی کتابیں سوچ سمجھ کر پڑھی جاتی ہیں اس کے برعکس عجب یہ ہے کہ اگرچہ کتاب اللہ میں جگہ جگہ خود اللہ اس قرآن کریم فرقان حمید کو سمجھنے کی



دعوت دیتے ہیں اس کے باوجود اس کے سمجھنے کی طرف کوئی دھیان نہیں۔

قرآن کریم میں سورۃ قمر کی آیات ۱۷،۲۲،۳۲،۴۰ میں ارشاد ربانی ہے اور ہم نے قرآن کو سمجھنے اور ہدایت کیلئے آسمان سے نازل فرمایا ہے تو کوئی ہے اس کو سمجھے اور قبول کرے'' پھر ارشاد فرمایا:

بھلا تم اس کو سمجھتے نہیں ہو (انبیاء۔۱۰) بھلا تم اس پر غور نہیں کرتے (نحل ۱۷) بھلا تم سوچتے کیوں نہیں (انعام۔۵۰) بھلا تم اس طرف دھیان کیوں نہیں دیتے ہو (انعام۔۸۰)

بہر حال حفاظ کرام سے گزارش ہے کہ وہ اتنی رفتار سے قرآن کریم کو پڑھیں کہ با آسانی سمجھا جاسکے حفاظ کرام کی بے پناہ فضیلت ہے ہمارے آج کل کے حفاظ کرام بھی نام کے ہی حافظ ہیں جنہیں منزل یاد ہی نہیں حالانکہ اس کی بے حد سخت سزا ملے گی لہذا حفاظ کرام قرآن کریم کو روزانہ پڑھیں اور اس کو مت بھلائیں اس کو صرف رمضان تک ہی محدود نہ کریں باقی گیارہ ماہ میں بھی قرآن کریم کو پکڑیں رکھیں اسی ضمن میں قرآن کریم فرقان حمید کی فریاد بھی ملاحظہ فرمائیں۔

Scanned with CamScanner

## ☆فریاد قرآن☆

طاقوں میں سجایا جاتا ہوں  آنکھوں سے لگایا جاتا ہوں
تعویذ بنایا جاتا ہوں  دھو دھو کر پلایا جاتا ہوں
جزدان حریر و ریشم کے  اور پھول ستارے چاندی کے
پھر عطر کی بارش ہوتی ہے  خوشبو میں بسایا جاتا ہوں
جس طرح طوطا مینا کو  کچھ بول سکھائے جاتے ہیں
اس طرح پڑھا جاتا ہوں  اسطرح سکھایا جاتا ہوں
جب قول وقسم لینے کے لئے  تکرار کی نوبت آتی ہے
پھر میری ضرورت پڑتی ہے  ہاتھوں پر اٹھایا جاتا ہوں
دل سوز سے خالی رہتے ہیں  آنکھیں ہیں کہ نم ہوتی ہی نہیں
کہنے کو میں اک اک جلسہ میں  پڑھ پڑھ کے سنایا جاتا ہوں
نیکی پہ بدی کا غلبہ ہے  سچائی سے بڑھ کر دھوکہ ہے
اک بار ہنسایا جاتا ہوں  سو بار رلایا جاتا ہوں
مجھ پہ عقیدت کے دعوے  قانون پہ راضی غیروں کے
یوں مجھ کو رسوا کرتے ہیں  ایسے بھی ستایا جاتا ہوں
کس بزم میں مجھ کو یاد نہیں  کس عرس میں میری دھوم نہیں
پھر بھی میں اکیلا رہتا ہوں  مجھ سا کوئی مظلوم نہیں

## قارئین محترم:

ویسے تو ہم نے اپنے گھروں میں قرآن کریم رکھا ہے مختلف قسم کے قرآن



کریم رکھے ہیں کوئی ترجمہ والا ہے تو کوئی بڑی لکھائی والا تو کوئی باریک لکھائی والا مگر میرے خیال کے مطابق اکثر گھروں میں قرآن کریم غلافوں میں بند ہی پڑا رہتا ہے ہوسکتا ہے کہ رمضان المبارک کے مہینے میں اس کو کھولا جاتا ہو مگر پھر گیارہ ماہ اس کو بند ہی رکھا جاتا ہے یہ ہمارے لئے ایک لمحہ فکریہ ہے خدا ہمیں عمل کی توفیق عنایت فرمائے آمین۔

Scanned with CamScanner

# باب نمبر:4

## ☆اعتکاف☆

### تعریف:۔

اعتکاف ایک ایسی عبادت ہے جس میں بندۂ خدا دنیا سے قطع تعلق ہوکر مسجد میں ایک جگہ مخصوص کر لیتا ہے اور ماہ رمضان المبارک کے آخری عشرے (یعنی آزادیٔ جہنم کے عشرے) میں دنیا کی حرص وطمع ومحبت کو ایک طرف ڈال کر اللہ کی محبت میں گم ہوکر مسجد میں گوشہ نشین ہو جاتا ہے اس خلوت میں جلوت ہی جلوت ہے۔

### اعتکاف کا لغوی معنی:۔

اعتکاف کا لغوی معنی نفس کو دنیاوی لذات سے باز رکھنا (مسجد میں معین مدت کیلئے گوشہ نشین ہونا) دھرنا مارنا۔

### اصطلاحی تعریف:۔

مسجد میں خدائے وحدہ لاشریک کی رضا کی خاطر گوشہ نشین ہونا بہ نیت اعتکاف ٹھہرنا اعتکاف کہلاتا ہے'' اس کے لئے مسلمان کا عاقل ہونا اور جنابت اور حیض ونفاس سے پاک ہونا شرط ہے۔ انسان کا بالغ ہونا شرط نہیں۔ ہر وہ نابالغ بچہ جو کہ تمیز رکھتا ہے اگر اعتکاف کی نیت سے مسجد میں ٹھہرے تو یہ اعتکاف صحیح ہوگا۔

### اعتکاف کے فضائل:۔

اعتکاف کا ایک لغوی معنی جو لغت کی کتب میں بیان کیا گیا ہے وہ 'دھرنا مارنا' بھی ہے



جس کا مطلب یہ ہے کہ معتکف رمضان المبارک کے آخری عشرے میں خدائے وحدہ لاشریک کی بارگاہ میں اس کی عبادت پر کمر بستہ ہوکر دھرنا مار کر پڑا رہتا ہے اس کی یہی آرزو وخواہش ہوتی ہے کہ خدا اس سے راضی ہو جائے۔ اور اس کے سابقہ گناہ جو ہو چکے ہیں ان کو معاف کر دے۔

(شعب الایمان ج ۳ ص ۴۲۶) میں حضرت سیدنا عطا خراسانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معتکف کی مثال اس شخص کی سی ہے جو اللہ تعالی کے در پر آ پڑا ہوا اور یہ کہہ رہا ہو کہ یا اللہ جب تک تو میری مغفرت نہیں کرے گا میں یہاں سے نہیں ہٹوں گا اس لئے تو امام اہلسنت مجدد دین وملت امام الشاہ احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کیا خوب ارشاد فرماتے ہیں کہ۔

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیے ہیں

انسان کو دنیا نے غافل کر دیا انسان کو زندگی کے آداب سے ناآشنا کر دیا انسان لذت آشنائی سے بیگانہ رہا اور راہ محبت کو نہ پا سکا انسان حب الٰہی اور عشق مصطفیٰ ﷺ سے بیگانہ رہا یہی انسان غلامیٔ مصطفیٰ کو نہ پہچان سکا اور متاع آخرت سے بے سروسامان رہا پھر خداوند قدوس کو اپنے ناتواں بندوں پر رحم آیا اور رحمت الٰہی کی بہار آئی تو خداوند نے اپنے بندے سے کہا اے میرے پیارے بندے دنیا کی حرص کو چھوڑ میرے دربار میں آجا چند دن میرے دربار میں بیٹھ جا وہم وگمان سے خالی الذہن ہو جا خیالات کو ترک کر دے اپنی نفسانی خواہشات کو فنا کر دے اور اپنے بال بچوں سے چند دن علیحدہ ہو جا یہاں تک کہ تیرے دل میں میری محبت کے سوا کچھ نہ رہے پھر ہمہ تن میری یاد میں مگن ہو جا اپنے گناہوں اور غفلت پر نادم و پشیماں ہو محبت الٰہی کو عافیت جان اور غلامان مصطفیٰ میں اپنا نام لکھوا اور جو تمہیں یہ قیمتی موقع ملا ہے اس کو اپنے پروردگار کا خاص فضل وکرم جان یہاں پر پھر وہ مقام ہے کہ جہاں پر خدا ہے اور اس کا بندہ ہے ندا دینے والا ندا دیتا ہے کہ آقا سے مانگنے والے مانگ جو کچھ تو چاہتا ہے اے خدا کریم اور اسکے

Scanned with CamScanner

پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کے پیارے غلاموں مانگ لو جو کچھ مانگنا ہے یہ مانگنے کا وقت ہے پھر خداوند کریم کی رحمت جوش میں آتی ہے اور پکار اٹھتی ہے کہ میرے پیارے بندے تو نے میری خاطر دنیا کو ترک کیا دنیا کی لذت کو ترک کیا میری خاطر بیوی بچوں کو چھوڑا اور آرام وسکون چھوڑا اور چند روز کی تکلیف برداشت کی اب اے بندے آ تو اب میرا ہے اور یہ دنیا تیری ہے۔

## اے مرد مسلم:۔

اگر تو اعتکاف جیسی عظیم عبادت سے محروم ہے اور تو اس کی قدر و اہمیت جاننا چاہتا ہے تو چند راستے ہیں جن کے ذریعے تو اسکی فضیلت و اہمیت کو جان لے گا اس کی اہمیت پوچھنی ہے تو کسی ولی کامل کے در کا خادم بن جا کسی محرم راز سے پوچھ اگر تو اعتکاف کے انعامات سے مستفید ہونا چاہتا ہے تو کسی صوفی کا اسیر ہو کر دیکھ جو سال بھر اعتکاف کا منتظر رہتا ہے۔

## اعتکاف کے فیوض و برکات:۔

اے مرد مومن اگر تمہیں اعتکاف کی نعمت میسر آئے اور تو اس کے انوارات کو جاننا چاہتا ہو تو خدا وحدہ لاشریک کے حضور اعتکاف کی راتوں میں سر خدا کی بارگاہ میں جھکا کر دیکھ اسی طرح اگر تو دین و دنیا کی سربلندی چاہتا ہے تو اعتکاف میں اس کی بارگاہ میں ہاتھ بلند کر کے دیکھ اور اگر تو اپنے گناہوں کی بخشش و مغفرت چاہتا ہے۔ تو بارگاہ الہی میں شرمندہ ہو اور گڑگڑا کر چشم نم سے دعا کر کے دیکھ۔

اگر تو حق کا وصل چاہتا ہے تو پھر تو اعتکاف کی راتوں میں قیام و سجود کر کے دیکھ لے اگر تو لذت شوق و نیاز چاہتا ہے تو پھر اعتکاف میں زہد و ریاضت کر کے دیکھ لے اگر اے بندہ مومن تو ولایت و بزرگی حاصل کرنا چاہتا ہے تو پھر اعتکاف میں زہد و ریاضت کر کے دیکھ لے۔

الغرض بندہ مومن (صحیح العقیدہ) جو کچھ مانگتا ہے تو خدائے بزرگ و برتر اس کو وہی کچھ



عطا فرماتے ہیں جس کا وہ طالب ہوتا ہے بشرطیکہ اس کو اپنے پروردگار پر یقین کامل ہو اور خلوص نیت کے ساتھ یہ اعمال کرے تو خدا اس کا بہتر اجر عطا فرمائے گا۔

اے بندہ مومن! اعتکاف کے اتنے زیادہ فیوض و برکات ہیں جو شمار میں نہیں آتے تو تو بھی وقت نکال اور اعتکاف کر لے شاید کہ زندگی میں یہ موقع دوبارہ نہ مل سکے۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام ماہ رمضان المبارک میں اعتکاف کا بہت اہتمام فرماتے تھے کبھی کبھار رمضان المبارک کا پورا مہینہ اعتکاف فرماتے اور کبھی کبھار رمضان شریف کے آخری عشرے میں اعتکاف فرماتے۔ اس کو کبھی ترک نہ فرماتے یہاں تک کہ ایک بار کسی خاص عذر کے تحت آپ ﷺ رمضان المبارک میں اعتکاف نہ کر سکے تو شوال المکرم کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا۔ (صحیح بخاری ج۲ ص۳۱۱۲)

ایک مرتبہ سفر کی وجہ سے آپ علیہ الصلوۃ والسلام کا اعتکاف رہ گیا تو اگلے رمضان شریف میں بیس دن کا اعتکاف فرمایا۔ (ترمذی ج۲ ص۳۱۲)

## حدیث مبارکہ:۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص مسجد میں مغرب سے لیکر عشاء تک معتکف رہے نماز اور قرآن مجید کی تلاوت کے سوا کلام نہ کرے تو اللہ تعالی پر لازم ہے کہ اپنے کرم سے اس معتکف کے لئے جنت میں محل تیار کرے۔ (کشف الغمہ)

## عام دنوں کا اعتکاف:۔

جو رمضان المبارک کے علاوہ بھی صرف ایک دن مسجد کے اندر اخلاص کے ساتھ اعتکاف کرے اس کے لئے بھی زبردست ثواب کی بشارت ہے چنانچہ اعتکاف کی ترغیب دلاتے ہوئے حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ

Scanned with CamScanner

جو شخص اللہ عزوجل کی خوشنودی کے لئے ایک دن کا اعتکاف کرے گا اللہ عزوجل اس کے اور جہنم کے درمیان تین خندقیں حائل کر دے گا جنکی مسافت مشرق و مغرب کے فاصلے سے بھی زیادہ ہوگی۔ (کنز العمال، درمنثور ج۱ ص۴۸۶)

## فرمانِ رسول ﷺ :۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جو شخص رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں صدق و اخلاص کے ساتھ اعتکاف کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ہزار سال کی عبادت درج فرمائے گا اور قیامت کے دن اس کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ دے گا۔ (تذکرۃ الواعظین ص۳۵۸)

## سابقہ گناہوں کی بخشش :۔

ام المومنین حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد دلنشین فرمایا کہ جس شخص نے ایمان کے ساتھ ثواب حاصل کرنے کی نیت سے اعتکاف کیا اس کے تمام پچھلے گناہ بخش دیے جائیں گے۔ (جامع صغیر)

## حدیث مبارکہ :۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد دلپذیر فرمایا کہ جو شخص خداوند کریم کی رضا کے پیش نظر ایک دن اور ایک رات کا اعتکاف کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے تین سو شہیدوں جیسا ثواب عطا فرمائے گا۔

(تذکرۃ الواعظین ص۳۵۲)

## حضرت عطا خراسانی کا قول :۔



حضرت عطا خراسانی کا ارشاد ہے کہ معتکف اس شخص کی طرح ہے جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ڈیرہ جمائے بیٹھا ہو اور یہ کہہ رہا ہو کہ یاالٰہی جب تک تو میری بخشش نہ فرمائے گا میں یہاں سے نہ جاؤں گا۔ (بدائع الصنائع جزو دوم)

## اعتکاف خیر العمل :۔

اعتکاف ایک ایسا بہترین عمل ہے کہ اس کا ثواب نیکیاں ہی نیکیاں ہیں جس کے متعلق آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا فرمان عالی شان ہے کہ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص اعتکاف کرتا ہے وہ گناہوں سے بچا رہتا ہے ﴿هو يعكف الذنوب ويجزى له من الحسنات كعامل الحسنات كلها﴾ اور نیکیوں سے اسے اسقدر ثواب ملتا ہے جیسے اس نے تمام نیکیاں ہی کی ہوں۔ (ابن ماجہ)

## دو حج اور دو عمروں کا ثواب :۔

ایک اور مقام پر اعتکاف کی فضیلت کے بارے ارشاد فرمایا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ جس نے رمضان المبارک میں دس یوم اعتکاف کیا تو وہ ایسا ہے جس طرح اس نے دو حج اور دو عمرے کیے۔ (سنن بیہقی، شعب الایمان ج۳)

## فرشتے ہم نشین :۔

ایک اور جگہ پر آتا ہے کہ کچھ لوگ مسجدوں کے لئے میخ بن جاتے ہیں (یعنی وہ ہر وقت مسجد میں بیٹھے رہتے ہیں) ایسے لوگوں کے ہم نشین فرشتے ہوتے ہیں اگر یہ لوگ مسجد سے غائب

Scanned with CamScanner

ہو جائیں تو فرشتے انہیں تلاش کرتے ہیں اگر بیمار ہو جائیں تو ان کی عیادت کرتے ہیں اگر ان کو کوئی ضرورت پیش ہو تو فرشتے ان کی مدد کرتے ہیں۔ (مسند امام احمد)

## امہات المومنین:۔

آقائے کریم رؤف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام ہر بار ماہ رمضان المقدس کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے اور آپ کی اس پیاری سنت کو زندہ قائم و دائم رکھنے کے لئے امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن اعتکاف فرمایا کرتی تھیں۔

اور آقائے نامدار مدنی تاجدار سرور قلب وسینہ ﷺ کے عاشق تو چاہتے ہی یہی ہیں کہ ان کو آپ علیہ الصلوۃ والسلام کی کوئی سنت مل جائے جس پر وہ عمل کریں خواہ سنت مؤکدہ ہو یا سنت غیر مؤکدہ۔ اعتکاف کرنا یہ سنت مؤکدہ ہے اور یاد رہے کہ اس کو بستی میں اگر کوئی ایک ادا کرے تو سب بری الذمہ اگر کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب سے پوچھ ہوگی اعتکاف کے مسائل آگے آئیں گے۔

## ہر روز حج کا ثواب:۔

حضرت سیدنا حسن بصری سے منقول ہے کہ معتکف کو ہر روز ایک حج کا ثواب ملتا ہے۔

(الدر المنثور رجلد ۱ صفحہ ۴۸۶)

## آقا علیہ الصلوۃ والسلام کا اعتکاف اور جاء اعتکاف:۔

آقا علیہ الصلوۃ والسلام ہر سال ماہِ رمضان المعظم میں اعتکاف بیٹھتے تھے۔ لہٰذا حضرت سیدنا نافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مدینے کے سردار سلطان عرب وعجم حضور علیہ الصلوۃ والسلام ماہِ رمضان کے آخری عشرے کا



اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔ حضرت سیدنا نافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مجھے مسجد میں وہ جگہ دکھائی جہاں سرکار مدینہ اعتکاف فرمایا کرتے تھے۔

## اسطوانۃ السریر:۔

حضور علیہ الصلوۃ والسلام جس جگہ مسجد نبوی میں کھجور یا لکڑی سے بنی ہوئی چارپائی بچھاتے تھے وہاں بطور یادگار ایک ستون آج بھی قائم ہے جس کا مبارک نام (اسطوانۃ السریر) ہے۔ اور عشاق اپنے دل کے عشق کی آگ ٹھنڈی کرنے کیلئے اس مبارک جگہ پر نوافل ادا کرتے ہیں۔ تاکہ ثواب بھی حاصل ہو جائے اور دل کی آگ بھی ٹھنڈی ہو جائے۔

## گناہوں سے حفاظت:۔

اعتکاف کی وجہ سے انسان گناہوں سے محفوظ رہتا ہے اور جو گناہ وہ باہر کرتا ہے ان سے بھی بچا رہتا ہے اور معتکف حضرات کے نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ اور یہ رب کریم کی خاص رحمت ہے۔ کہ انسان جو نیکیاں باہر رہ کر کرتا ہے اور اعتکاف کی حالت میں نہیں کرسکتا ان کا بھی ثواب اسکے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے مثال کے طور پر اگر باہر رہتا تو مریضوں کی عیادت کرتا مگر اب اعتکاف کی حالت میں یہ کام نہیں کرسکتا تب بھی اس کے نامہ اعمال میں انکا ثواب درج ہوتا رہیگا اس کو ایسا ہی ثواب ملتا رہے گا جیسے وہ خود اس کو انجام دیتا رہا ہو۔ بہرحال آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام رمضان المبارک میں اعتکاف فرمایا کرتے تھے ان کا جو معمول اعتکاف کی حالت میں ہوتا تھا اس کو بیان کرنا میں مناسب سمجھتا ہوں۔

## آپ ﷺ کا معمول مبارک:۔

ہجرت کے دوسرے سال رمضان المقدس کے روزے فرض ہوئے۔ صحابہ کرام نے

Scanned with CamScanner

روزوں کا خیر مقدم کیا۔اور اسی سال روزے رکھنے کا آغاز کر دیا۔اور اسی سال رمضان المبارک کی ۱۷ تاریخ معرکہ بدر پیش آیا۔اس سال آپ نے پہلے عشرے میں اعتکاف فرمایا(اس کی تفصیل آگے ہے )اعتکاف کی حالت میں آپ زیادہ دیر تک ذکر و فکر میں مصروف رہتے تھے۔پہلے روزے کو صبح کے وقت آپ پردۂ اعتکاف میں داخل ہوئے۔آپکی جائے اعتکاف مسجد نبوی کے بائیں کونے میں ستونِ توبہ کے ساتھ ستون سریر کے ساتھ تھی۔اعتکاف کی حالت میں آپکا معمول تھا کہ نماز فجر ادا فرمانے کے بعد نماز اشراق ادا فرماتے۔اشراق کے نوافل ادا فرمانے کے بعد مراقبہ کی حالت میں خداوند کریم کو یاد کیا کرتے تھے۔اور بعض اوقات آپ آرام بھی فرمالیتے تھے۔پھر تازہ وضو فرمایا کرتے تھے۔اور چاشت کے نوافل ادا فرماتے اور پھر پردہ اعتکاف میں تشریف لیجاتے۔اس کے بعد عموماً لیٹ جاتے۔پھر ظہر کی نماز پڑھاتے۔پھر آپ قرآن کریم کی تلاوت فرمایا کرتے تھے حتیٰ کہ عصر کی نماز کا وقت ہو جاتا۔پھر آپ عصر کی نماز پڑھاتے۔پھر خدائے وحدہٗ لاشریک کے ذکر میں مشغول ہو جاتے تھے۔پھر افطاری کرتے۔ اتنے میں مغرب کی آذان ہو جاتی۔اس کے بعد آپ کھانا تناول فرمایا کرتے تھے۔یاد رہے کہ مغرب کی نماز پڑھانے کے بعد آپ پردۂ اعتکاف کے اندر تشریف لا کر اوابین کے نوافل ادا فرمایا کرتے تھے۔اور عموماً ان کی تعداد چھ ہوتی تھی۔آپکا کھانا مناسب ہوا کرتا تھا۔پھر نماز عشاء ادا فرمانے کے بعد نماز تراویح ادا فرماتے۔رات کے وقت آپ حضرت جبرائیلِ آمین علیہ السلام کے ساتھ قرآن کریم کا دور کیا کرتے تھے۔اعتکاف کے دوران آپ صحابہ کرام سے عام ملاقات سے بالکل اجتناب کیا کرتے تھے۔لیکن اگر کوئی ضروری بات ہو تو آپ اس کو سماعت کرتے تھے۔



## آپ ﷺ کی رمضان میں فیاضی:۔

حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام بھلائی کے معاملے میں تمام انسانوں سے فیاض تھے۔اور خاص طور پر آپ رمضان المقدس میں بے پناہ فیاضی (سخاوت) کرتے تھے۔ہر رات ہم رسولِ خدا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس تشریف لایا کرتے تھے۔تو آپ نیکی کے معاملے میں چلتی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ فیاض ہوتے تھے۔اس کے بعد اگر آپ پر نیند کا غلبہ ہوتا تو پل بھر آرام فرمالیتے اور زیادہ تر آپ شب بیداری کیا کرتے تھے۔

## نمازِ تہجد:۔

آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام ہر روز سحری سے قبل نماز تہجد ادا کیا کرتے تھے اور ماہِ رمضان المقدس میں عموماً یہی معمول ہوا کرتا تھا۔البتہ بعض اوقات خاص حالات میں معمولی سی تبدیلی کیا کرتے تھے۔

## سنت طریقہ:۔

آپ نے زیادہ ماہ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف فرمایا جس کی وجہ سے یہی طریقہ سنت ٹھہرا۔آپ نے ہجرت کے دوسرے سال رمضان کے پہلے عشرے میں اعتکاف فرمایا۔تین ہجری کو رمضان کے دوسرے عشرے کا اعتکاف فرمایا۴ ہجری کو تیسرا اعتکاف رمضان کے آخری عشرے میں فرمایا۔۵ ہجری میں شوال کے پہلے عشرے میں اعتکاف ادا کر کے قضا ادا کر لی۔۶ ہجری رمضان المقدس کے تیسرے عشرے میں اعتکاف فرمایا ساتویں ہجری میں بھی آپ رمضان المعظم کے تیسرے عشرے میں اعتکاف فرمایا۔آٹھویں ہجری میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے پہلے عشرے میں اعتکاف فرمایا۔نویں ہجری میں آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے

Scanned with CamScanner

تیسرے عشرے میں اعتکاف فرمایا۔دسویں ہجری میں آپ نے رمضان المبارک کے آخری بیس دن اعتکاف فرمایا۔

## خلاصہ کلام:۔

لہذا ثابت ہوا کہ رمضان المقدس کے تیسرے عشرے میں اعتکاف سنت ہے کیونکہ آپ علیہ الصلو ۃ والسلام نے پہلے عشرے کا دو مرتبہ اور دوسرے عشرے کا ایک مرتبہ اعتکاف فرمایا اور زیادہ تر تیسرے عشرے میں اعتکاف فرمایا اور آپ نے تیسرے عشرے کے اعتکاف کو پسند فرمایا۔

## نورانی تجلیات:۔

اعتکاف کے دوران آپ پر نورانی تجلیات کا ظہور رہتا بظاہر تو آپ مسجد نبوی کے کونے میں معتکف ہوتے تھے لیکن درحقیقت آپ ذات باری تعالی کے پاس ہی معتکف ہوتے تھے۔

## قارئین محترم:۔

زمانہ حضور علیہ الصلو ۃ والسلام میں ہی مسجد نبوی شریف میں بے شمار ستون موجود تھے ان ستونوں میں سے ایک استوانہ توبہ ہے جہاں پر صحابی رسول حضرت ابولبابہ انصاری رضی اللہ تعالی عنہ کی توبہ قبول ہوئی تھی ۔اور آپ کا خیمہ اس ستون کے پیچھے لگایا جاتا تھا جبکہ دوسری روایات میں آتا ہے استوانہ السریر کے پاس آپ کے اعتکاف کی جگہ مقرر ہوتی تھی ۔جنکے بارے میں مندرجہ ذیل حدیث مبارکہ ہیں ملاحظہ فرمائیں۔

﴿عن ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ عن النبی ﷺ انہ کان اذا اعتکف طرح لہ فراشہ اویوضع لہ سریرہ وراء استوانۃ التوبۃ﴾ (ابن ماجہ شریف)



یعنی حضرت ابن عمر رسول علیہ الصلو ۃ والسلام سے روایت بیان کرتے ہیں کہ جب آپ اعتکاف کا ارادہ فرماتے تو آپ کے لئے مسجد میں بستر بچھا دیا جاتا استوانہ توبہ کے پیچھے چارپائی بچھائی جاتی تھی۔

ستون سریر کے بالکل ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کا حجرہ مبارک تھا جب آپ کو ضرورت محسوس ہوتی اپنا سر اس طرف جھکا دیتے اور وہ آپ کے بالوں میں کنگھی کر دیا کرتی تھیں۔

## حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

کہ آقائے کریم علیہ الصلو ۃ والسلام اعتکاف کے دوران اپنا سر مبارک مسجد نبوی میں ہوتے ہوئے بھی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا کے حجرے کی طرف جھکا دیتے اور وہ آپ کے سر مبارک میں کنگھی کر دیا کرتی تھیں۔

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطان عرب وعجم حضور علیہ الصلو ۃ والسلام کی جائے اعتکاف (اعتکاف کی جگہ) ستون توبہ سے تھوڑا سا آگے ستون سریر کے قریب ہوا کرتی تھی

## مختلف مقدس مساجد کے مراتب:۔

اگر کوئی شخص کسی عام مسجد میں اعتکاف بیٹھا ہے تو اس کو عام محلے کی مسجد میں اعتکاف کے برابر ثواب ملے گا اگر کوئی جامع مسجد میں اعتکاف کرے گا تو اس کو پہلے آدمی کی بنسبت زیادہ اجر و ثواب ملے گا۔اس سے بڑھ کر قبلہ اول بیت المقدس میں اعتکاف کا درجہ ہے اور سب سے افضل درجہ کا اعتکاف مکہ شریف خانہ کعبہ میں ہے کیونکہ یہ مسجد خانہ کعبہ کی نسبت کی وجہ سے روئے زمین کی تمام مساجد سے افضل واہم ہے۔

Scanned with CamScanner

## اقسام اعتکاف:۔

اعتکاف کی تین اقسام ہیں جنکی تفصیل درج ذیل ہے۔

## (۱) نفل اعتکاف

یعنی غیر مشروط ہے نہ ہی اس اعتکاف کے لئے روزہ ہونا ضروری ہے اور نہ ہی کوئی وقت خاص ہونا ضروری ہے بلکہ مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ نیت کرلے ﴿نویت سنة الاعتکاف﴾ معتکف مسجد میں داخل ہوتے وقت یہ کہے کہ میں خدا کی رضا جوئی کیلئے اتنے وقت تک مسجد میں قیام کررہا ہوں بیشک وہ مسجد میں نماز، تسبیح وتہلیل، حمد وثنا اور تلاوت کلام مجید میں محو رہے گا معتکف رہے گا اور جس وقت مسجد سے چلا جائے گا تو اسی وقت اعتکاف بھی ختم ہوجائے گا یہ اعتکاف عارضی طور پر ہوتا ہے اس میں مفت کا ثواب بھی اور اعتکاف بھی تسبیح وتہلیل کا بھی ثواب اور اعتکاف کا بھی ثواب ملتا رہے گا۔

لہذا میرے بھائیو جب بھی مسجد جانا ہو نماز پڑھنے کے لئے خواہ کسی عبادت کے لئے تو اعتکاف کی نیت کرلیا کریں اور مفت کا اجر وثواب حاصل کریں اعتکاف کی وجہ سے انسان گناہوں سے بچا رہتا ہے فضول باتوں سے بچا رہا ہے لہذا کتنا ہی اچھا ہو کہ مسجد میں فضول باتوں کے سوا اعتکاف کی نیت کرکے حمد وثنا درود شریف اور تسبیح وتہلیل وغیرہ کرکے ڈھیروں اجر وثواب کمائیں اس میں ہماری بہت بہتری ہے۔

## (۲) سنت اعتکاف:۔

یہ اعتکاف بیسویں رمضان کو غروب آفتاب سے عید الفطر کے چاند نظر آنے تک ہے یعنی عید کا چاند نظر آتے ہی اعتکاف اتمام کو پہنچ جاتا ہے (درمختار مع ردالمحتار ج ۳ ص ۳۳۰) میں



ہے یہ اعتکاف سنت مؤکدہ علی الکفایہ ہے یعنی اگر پورے شہر، پوری بستی اور گاؤں میں سے کسی نے بھی اعتکاف نہ کیا تو سب گنہگار ہوں گے اگر کسی ایک نے اعتکاف کرلیا تو باقی سب بری الذمہ ہوجائیں گے۔ (بہار شریعت حصہ پنجم ص ۹۱)

سنت مؤکدہ اعتکاف وہ ہے جو بیسویں رمضان المقدس میں سورج غروب ہوتے وقت اعتکاف کی نیت کرتے ہوئے مسجد میں موجود ہو اور پورے عشرے کا اعتکاف کرے ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿ولا تباشروهن وانتم عاكفون فی المسجد تلك حدود الله فلا تقربوها كذالك يبين الله ايته للناس لعلهم يتقون﴾ (سورۃ بقرۃ پارہ نمبر ۲)

**ترجمہ:۔**

اور عورتوں سے مباشرت نہ کرو جب تم مسجد میں اعتکاف کرو یہ اللہ کی حدیں ہیں اور اللہ اپنی نشانیاں یونہی لوگوں سے بیان کرتا ہے تاکہ وہ متقی (پرہیزگار) بن جائیں خداوند کریم اس آیت کریمہ میں اعتکاف کے کچھ قواعد وضوابط بتارہا ہے اور ساتھ ہی اعتکاف کا مقصد (متقی و پرہیزگار بن جانا) بیان کررہا ہے۔

## (۳) واجب اعتکاف:۔

واجب اعتکاف وہ ہے کہ جب کسی نے اعتکاف کی نذر مانی یعنی اس شخص نے زبان سے کہا کہ میں اللہ عزوجل کے لئے فلاں دن یا اتنے دن کا اعتکاف کروں گا تو اس شخص کے لئے ضروری ہے (واجب ہے) کہ جتنے دن کے اعتکاف کی اس نے نذر مانی ہے وہ اعتکاف کرے ردالمحتار جلد ۳ ص ۳۳۰ میں لکھا ہے کہ جب آدمی نے کسی بھی قسم کی نذر مانی تو شرط یہ ہے کہ منت کے الفاظ زبان سے ادا کیے جائیں صرف دل ہی دل میں منت کا ارادہ یا نیت کرکے لینے سے منت صحیح نہیں ہوتی۔ (اس قسم کی نیت کرلینے سے منت کا پورا کرنا واجب نہیں ہوتا)

Scanned with CamScanner

# باب نمبر5 فضائل لیلۃ القدر

## آج کی رات

نوری محفل پہ چادر تنی نور کی — نور پھیلا ہوا آج کی رات ہے
چاندنی میں ہیں ڈوبے ہوئے دو جہاں — کون جلوہ نما آج کی رات ہے
عرش پہ دھوم ہے فرش پہ دھوم ہے — ہے وہ بد بخت جوع آج محروم ہے
پھر یہ آئے گی شب کس کو معلوم ہے — ہم پہ لطف خدا آج کی رات ہے
مومنو آج گنج سخا لوٹ لو — لوٹ لو اے مریضو شفا لوٹ لو
عاصیو رحمت مصطفیٰ لوٹ لو — لوٹنے کا مزہ آج کی رات ہے
مانگ لو مانگ لو چشم تر مانگ لو — درد دل اور حسن نظر مانگ لو
کملی والے کی نگری میں گھر مانگ لو — مانگنے کا مزہ آج کی رات ہے
اس طرف نور ہے اس طرف نور ہے — سارا عالم مسرت سے مسرور ہے
جس کو دیکھو وہی آج مسرور ہے — مہک اٹھی فضا آج کی رات ہے
وقت لائے خدا ،سب مدینے چلیں — لوٹنے رحمت کے خزینے چلیں
سب کی منزل کی جانب سفینے چلیں — میری صائم دعا آج کی رات ہے

## فضائل لیلۃ القدر:۔

شب قدر بڑی بزرگ و برتر اور انتہائی عظمت کی حامل رات ہے اس میں خیر ہی خیر اور برکت ہی برکت ہے اس رات میں عبادت و ریاضت کر کے قرب خداوندی نصیب ہوتا ہے بہت ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جو اس رات میں خدائے بزرگ و برتر کا ذکر کرتے ہیں اس



رات کی عبادت و ریاضت میں رضائے الٰہی پوشیدہ ہے دراصل اگر ہم لیلۃ القدر اور شب قدر کے الفاظ پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ لیلۃ القدر عربی میں شب قدر فارسی اور اردو کے الفاظ ہیں اور قدر عربی لغت میں معنی (بڑائی اور عظمت) کے ہیں لیل کے معنی رات کے ہیں تو اس طرح لفظ لیلۃ القدر کا معنی ہوا (بزرگی اور عظمت والی رات) امت محمدیہ کی ہی یہ خاصیت ہے کہ لیلۃ القدر صرف اسی امت کو عطا کی گئی ہے اور یہ صرف ہمارے رحیم و کریم آقا علیہ الصلوۃ والسلام کی ہی وجہ ہے۔

اسی رات کے بارے میں خداوند کریم نے اپنے پیارے نبی ﷺ پر اتاری گئی کتاب میں (اس کے بارے میں) پوری سورت نازل کی ہے ارشاد باری تعالی ہے۔

﴿انا انزلنه فی لیلة القدر ٥ وما ادرک ما لیلة القدر ٥ لیلة القدر خیر من الف شهر ٥ تنزل الملئكة والروح فیها باذن ربهم من كل امر ٥ سلام هی حتی مطلع الفجر ٥﴾

**ترجمہ:** بیشک ہم نے اسے شب قدر میں اتارا تم کیا جانو کہ شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے اس میں فرشتے اور جبرائیل امیں اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے لئے اترتے ہیں اسی رات میں صبح طلوع ہونے تک سلامتی رہتی ہے۔

(سورۃ القدر پارہ ۳۰)

حضرت علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ اس رات میں اتنی زیادہ خیر کثیر تقسیم ہوتی ہے کہ اتنی زیادہ خیر کثیر ایک ہزار مہینے میں بھی تقسیم نہیں ہوتی بعض علمائے کرام فرماتے ہیں کہ اسے شب قدر اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس رات میں عبادت کرنے والے صاحب قدر و شرف بن جاتے ہیں جو کہ اس سے پہلے بے عملی کی وجہ سے کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتے تھے۔

میرے اور آپ کے رحیم و کریم آقا علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا (جسکو حضرت

Scanned with CamScanner

ابو ہریرہ نے روایت کیا ہے کہ) ''جس نے حالت ایمان میں اپنا احتساب کرتے ہوئے شب قدر میں قیام کیا اس کے سابقہ تمام گناہ (گناہ صغیرہ) معاف کر دیے جاتے ہیں''

(صحیح بخاری شریف)

## حضرت امام زہری:۔

ان کے نزدیک اس رات کو شب قدر اس لئے کہتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالی نے اس میں ایک بڑی قدر ومنزلت والی کتاب بڑی قدر ومنزلت والے رسول پر اور بڑی قدر ومنزلت والی امت کے لئے نازل فرمائی۔

(یہ ایسی قدر ومنزلت والی رات ہے کہ اس میں رسول کریم رووف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام عبادت و ریاضت کرنے کا خاص اہتمام فرمایا کرتے تھے اس میں آپ علیہ الصلوۃ والسلام خود بھی شب بیداری فرماتے تھے اور اپنے اہل وعیال کو بھی جگایا کرتے تھے یہ آپ کا معمول مبارک تھا (قربان جائیں آپ علیہ الصلوۃ والسلام پر)

اس قدر ومنزلت والی رات کے متعلق جو سورہ مبارکہ اتری ہے اس کے شان نزول کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنی امت کی عمروں کو کم پایا (مختصر پایا) اور خیال ہوا کہ وہ مختصر عمر میں اتنے اعمال صالحہ نہ کر سکیں گے جتنے اعمال صالحہ پچھلی امتوں نے کئے ہیں ﴿فاعطاه الله ليلة القدر خير من الف شهر﴾ تو خدائے وحدہ لاشریک نے اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کو لیلۃ القدر عطا فرمائی جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ (تفسیر مظہری)

اکثر مفسرین عظام اس رات کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ﴿العمل فيها خير من العمل في الف شهر ليس فيها ليلة القدر﴾



## ترجمہ:۔

کہ اس ایک رات میں جو عمل کیا جاتا ہے وہ ایک ہزار ماہ کے عمل سے بہتر ہے جس میں لیلۃ القدر نہ ہو۔

ابن جریر نے مجاہد کا قول اس طرح نقل کیا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک آدمی تھا جو صبح تک نماز پڑھتا تھا اور صبح سے شام تک جہاد کیا کرتا تھا اس شخص کا یہ عمل ہزار مہینے تک جاری رہا اس پر اللہ تعالی نے نازل فرمایا ﴿لیلۃ القدر خیر من الف شہر﴾ یعنی اس شخص کے (مذکورہ بالا) اعمال صالحہ کے ہزار مہینوں سے لیلۃ القدر بہتر ہے۔ (تفسیر مظہری ج ۱۲ ص ۴۸۲)

حضرت امام مالک اپنی شہرہ آفاق کتاب موطا امام مالک میں لکھتے ہیں (جسکو قاضی ثناء اللہ پانی پتی بھی اپنی تفسیر مظہری میں رقم فرماتے ہیں) کہ میں نے ایک قابل اعتماد عالم سے سنا ہے جو کہہ رہے تھے کہ رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی امت کی عمریں چونکہ تھوڑی ہیں اس لئے دوسری امتوں کے اعمال کی تعداد کے برابر تو ان کے اعمال ہو نہیں سکتے ان کی عمریں زیادہ تھیں لہذا خدائے بزرگ و برتر نے آقا علیہ الصلوۃ والسلام کو لیلۃ القدر عطا فرمائی جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ (موطا امام مالک، تفسیر مظہری ج ۱۲ ص ۴۸۳، ۴۸۲)

## ہزار ماہ کا جہاد اور لیلۃ القدر:۔

کچھ مفسرین عظام رحمہم اللہ تعالی علیہم نے اپنی اپنی استطاعت سے اس سورہ کے شان نزول کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک نیک خصلت بادشاہ تھا اللہ تعالی نے اس زمانے میں نبی علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ فلاں بادشاہ سے کہو کہ وہ اپنی تمنا بیان کرے جب اس کو پیغام ملا تو اس نے عرض کی اے میرے رب العزت میری تمنا ہے کہ میں اپنے مال اولاد اور جان کے ساتھ جہاد کروں اللہ تعالی نے اس کو ہزار بیٹے عطا فرمائے وہ اپنے

Scanned with CamScanner

ایک ایک شہزادے کو اپنے مال کے ساتھ لشکر کے لئے تیار کیا کرتا اور پھر اسے اللہ کی راہ میں مجاھد بنا کر بھیج دیتا وہ ایک ماہ تک جہاد کرتا پھر وہ شہید ہو جاتا پھر دوسرے شہزادے کو لشکر کے ساتھ تیار کر کے بھیج دیتا وہ ایک ماہ تک جہاد کرتا پھر وہ شہید ہو جاتا پھر دوسرے شہزادے کو لشکر کے ساتھ تیار کر کے بھیج دیتا تو ہر ماہ میں ایک شہزادہ شہید ہو جاتا اس کے ساتھ ساتھ بادشاہ رات کو قیام کرتا اور دن کو روزہ رکھا کرتا ایک ہزار مہینوں میں اس کے ہزار شہزادے شہید ہو گئے ۔ پھر خود آگے بڑھ کر جہاد کیا اور شہید ہو گیا۔ لوگوں نے کہا کہ اس بادشاہ کا مرتبہ کوئی شخص نہیں پا سکتا۔ تو اللہ رب العزت نے اپنے محبوب کے امتیوں (صحابہ کرام) پر نظرِ رحمت فرمائی اور اس کو انکی حالت پر رحم آ گیا تو یہ آیت نازل فرمائی کہ ''لیلتہ القدرِ خیر من الف شھر '' اس کا ترجمہ اعلیٰ حضرت نے یوں فرمایا کہ ''شب قدر ہزاروں مہینوں سے زیادہ بہتر ہے'' یعنی اس بادشاہ کے ہزار مہینوں سے جو کہ اس نے رات کے قیام دن ک روزوں اور مال، جان اور اولاد کے ساتھ راہِ خدا میں جہاد کر کے گزارے اس سے بہتر ہے

(تفسیر قرطبی جلد ۱۰، پارہ ۳۰ صفحہ ۹۳)

## سابقہ گناہ معاف:۔

حضرت ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جس نے حالت ایمان میں اپنا احتساب کرتے ہوئے شب قدر میں قیام کیا اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔ (بخاری شریف)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا رب کتنا رحیم ہے ہم پر وہ کتنا زیادہ مہربان ہے وہ ہماری بخشش کے بہانے ڈھونڈتا ہے کہ کسی طرح میرے بندے میری بارگاہ میں آئیں اور میں ان کے گناہوں کو مٹا دوں۔



## قارئین گرامی:۔

یہاں پر ایک بات کرتا چلوں کہ ایک ہوتا ہے کسی چیز کو سرے سے ہی مٹا دینا کہ اس کا کوئی نام ونشان باقی نہ رہے اور اسی طرح ایک ہوتا ہے کاٹ دینا یعنی کسی چیز کو کاٹ دینا اس پر کراس لگانا اور اس کا نام ونشان باقی رہے اس کو کاٹ دینا کہتے ہیں ان کی مثال ملاحظہ فرمائیں۔

آپ کا کسی دوکاندار کے پاس ادھار ہے اور آپ اس کے پیسے اسکو واپس کرتے ہیں تو وہ آپ کے حساب کتاب پر پنسل کے ساتھ کراس لگا دیتا ہے اس کو کاٹنا کہتے ہیں اور اگر وہ اسکی ریمور یا ربڑ سے اس کو سرے سے ختم ہی کر دے تو اسے مٹانا کہتے ہیں (جس کے بعد کوئی نام ونشان باقی نہیں رہتا)

لہذا اللہ اپنے بندوں کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اس طرح ان کا کوئی نام ونشان باقی نہیں رہتا۔ تا کہ قیامت والے دن اللہ تعالیٰ کے بندے اپنے گناہوں کو دیکھ کر شرمندہ نہ ہوں

## لمحہ فکریہ:۔

پھر بھی ہم اپنی گفتگو میں ظلم کو خدا کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ نعوذ باللہ ''ظلم خدا کا خدا نے ہم پر ظلم کیا ہے'' (نقل کفر کفر نباشد)

ارے خدا کے بندوں خدا تو بڑا رحیم وکریم ہے وہ تو ظلم کو ناپسند کرتا ہے خداوند کریم خود قرآن کریم میں بار بار ارشاد فرما رہا ہے ﴿ان اللہ لا یحب الظالمیں﴾ کہ بیشک خدا ظالموں کو پسند نہیں کرتا لہذا میرے بھائیو! یہ کس طرح ممکن ہو سکتا ہے کہ خدا ظالموں کو تو ناپسند کرے مگر خود اپنے بندوں پر ظلم وستم کرے لہذا خدا کا خوف کریں اور اس قسم کے کفریہ فقرات سے پرہیز کریں ہم اس قسم کے فقرات کو روزمرہ کے کلام میں بکثرت استعمال کرتے ہیں جو کہ نہایت ہی کم عقلی کے ہیں لہذا یہ ہمارے لئے لمحہ فکریہ ہے ہمیں اس پر ذرا غور کرنا چاہیئے۔ اور ہمیں گفتگو

Scanned with CamScanner

کرنے سے قبل یہ سوچ لینا چاہیے کہ ہم اپنے منہ سے کیا اُگل رہے ہیں۔ ہمارا رب بڑا رحیم وکریم ہے۔" صحابی رسول حضرت سیدنا ابوہریرۃ سے مروی ہے کہ آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جس شخص نے شب قدر میں اجر وثواب کی امید سے عبادات کیں اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں"۔

(صحیح بخاری ج ۱ ص ۲۷۰ کتاب الصیام رقم حدیث ۱۹۱۰)

اس ارشادِ نبوی علیہ الصلوۃ والسلام میں جہاں لیلۃ القدر کی ساعتوں میں ذکر وفکر ،عبادات واطاعت کی تلقین کی گئی ہے۔ وہاں اس بات کی طرف بھی متوجہ کیا گیا ہے۔ کہ عبادات سے محض خداوند کریم کی خوشنودی مقصود ہو ریا کاری بدیانتی نہ ہو۔ اور آئندہ یہ عہد (وعدہ) کریں کہ ہم اب اس برائی (گناہ) میں نہیں پڑیں گے (ارتکاب نہیں کریں گے) چنانچہ اس شان کے ساتھ عبادت کرنے والے بندے کیلئے یہ مژدہ مغفرت بن کر آتی ہے۔

## برگزیدہ ہستیاں:۔

یہ رات وہ ہے کہ جس کے بارے میں امام قرطبی لکھتے ہیں (روایت نقل کرتے ہوئے) کہ ایک مرتبہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے صحابہ کرام کے سامنے مختلف شخصیات حضرت ایوب، حضرت ذکریا، حضرت یوشع، حضرت حزقیل علیہم السلام کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ ان حضرات نے اسی، اسی سال اللہ کی عبادت کی ہے۔ اور پلک جھپکنے کے برابر بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی۔ صحابہ کرام کو ان برگزیدہ ہستیوں پر رشک آیا۔ اس وقت حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے۔ اور عرض کیا اے نبی محترم آپ کی امت کے لوگ ان سابقہ لوگوں کی اسی اسی سالہ عبادت پر رشک کررہے ہیں۔ تو آپ کے رب نے آپ کو اس سے بہتر عطا فرمادیا ہے۔ اور پھر سورۃ القدر کی تلاوت فرمائی۔ اس سے رسول علیہ الصلوۃ والسلام



کا چہرہ فرطِ مسرت سے چمک اٹھا (تفسیر القرطبی ج ۱ ص ۱۳۲)

## قارئین گرامی:۔

کتنی عظیم الشان رات ہے۔ خداوندِ قدوس نے اپنے حبیب کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے طفیل (وسیلہ) یہ کرم فرمایا کہ اتنی عظیم الشان رات اپنے پیارے نبی کی پیاری امت کو عطا فرمائی۔ اسکی عبادت کو اسی ۸۰ سال نہیں بلکہ ۸۳ سال چار (۴) ماہ بڑھ کر قرار دیا ہے۔ صحابی رسول حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ کہ آقا نامدار مدنی تاجدار تاجدارِ مدینہ علیہ الصلوۃ والسلام نے اس عظیم الشان رات کی فضیلت بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ شب قدر میں حضرت جبرائیل امین فرشتوں کے جھرمٹ میں زمین پر اتر آتے ہیں۔ اور ہر شخص کیلئے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ جو کھڑے یا بیٹھے (یعنی کسی حال میں) اللہ کو یاد کررہا ہو۔ (شعب الایمان ج ۳ ص ۳۴۳) ایسے شخص کی محرومی میں واقعتاً کیا شک ہوسکتا ہے۔ جو اپنی اتنی بڑی غفلت کی وجہ سے گنوادے۔ جب معمولی معمولی بات پر انسان کئی راتیں جاگ کر گزار دیتا ہے۔ مگر وہ رات جو ۸۳ سال اور چار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس کو عبادت کیلئے کیوں نہیں گزار سکتا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے شب قدر کو ہزار (۱۰۰۰) مہینوں سے افضل قرار دے کر اس کی عظمت واہمیت میں مہرِ تصدیق ثبت کی۔ اس شب میں اللہ رب العزت سب سے نچلے آسمان پر نزول فرماتا ہے۔ مغفرت کی بشارتیں ملتی ہیں۔ اس عظیم الشان رات میں امن وعافیت کی دولت لٹائی جاتی ہے۔ دریائے رحمت جوش میں آتا ہے۔ تو اللہ اپنے بندوں سے خطاب فرماتا ہے کہ مغفرت اور بخشش کا طلبگار کوئی ہے؟ تا کہ میں اس کو گناہوں سے بری کردوں۔ اسے بخش دوں۔ ہے کوئی رزق تلاش کرنے والا؟ تا کہ میں اسے رزق دوں کوئی مصیبت زدہ ہے جسے میں تندرستی وعافیت دوں؟ لہٰذا اس رات کو کثرت سے عبادت کرنی چاہیئے۔ قارین محترم! ہم پر ساری عنایات و

Scanned with CamScanner

نوازشیں آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی غلامی کا صدقہ ہیں۔آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام رمضان کے آخری عشرے میں اس قدر قیام (عبادت) کیا کرتے تھے کہ آپ کے پاؤں مبارک سوجھ جایا کرتے تھے۔ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ﴿کـــان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یجتھد فی العشر الاواخر مالا یجتھد فی غیرہ﴾ (مسلم شریف ج ۱ ص ۳۷۲) فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے آخری عشرے میں اتنی زیادہ کوشش سے عبادت کیا کرتے جو اور دنوں میں نہیں کرتے۔اسی قسم کی ایک اور روایت بخاری شریف میں موجود ہے اس کو بھی ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا روایت فرماتی ہیں کہ ﴿کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اذا دخل العشر شدمیزرہ واحیٰ لیلہ والقیظ اھلہ﴾ (مسلم وبخاری ج ۱ ص ۲۷۱) رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام کا معمول تھا کہ جب رمضان کا آخری عشرہ آتا تو عبادت کیلئے کمربستہ ہو جاتے خود رات بھر بیدار رہتے اور اپنے اہل خانہ کو بیدار رہنے کی ترغیب دیتے تھے۔قارئین محترم! رمضان المقدس کے آخری عشرہ کی اتنی زیادہ عظمت واہمیت ہے کہ آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام اس عشرہ میں اس قدر محنت کے ساتھ عبادت کیا کرتے تھے۔کہ اس کے علاوہ اور دنوں میں نہ کرتے۔اس کے ساتھ ساتھ اہل خانہ کو بھی بیدار رہنے کی ترغیب دیتے تھے۔کیونکہ یہ عشرہ وہ عشرہ ہے کہ جس کی راتوں میں سے ایک رات قدر والی ہے۔

## قارئین گرامی قدر!

اگر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام آپ تمام انبیاء ورسل (کم وبیش ۱۲۴۰۰۰) کے سردار ہیں۔آپ کی امت تمام امتوں سے بہتر امت ہے۔اور آپ کے اوپر نازل ہونے والی کتاب مقدس قرآن مجید فرقان حمید تمام کتب سماویہ کی سردار ہے۔اور



جمعۃ المبارک کا دن تمام دنوں کا سردار ہے۔اسی طرح ماہ صیام مقدس بھی تمام مہینوں کا سردار ہے۔اور لیلۃ القدر یہ ایسی رات ہے جو کہ سال کی تمام راتوں سے زیادہ فضیلت والی ہے اور تمام راتوں کی سردار ہے۔شب قدر بڑی عظمت وشان کی حامل ہے۔یہ رات وہ رات ہے کہ جس رات میں خالق کون ومکان کی تجلی شام سے لیکر صبح تک بندگانِ خدا کی طرف خاص طور پر متوجہ ہوتی ہے۔یہ رات وہ رات ہے کہ جس میں حضرت جبرائیل امین اور دوسرے ملائکہ اور ارواح آسمان سے زمین پر عبادت کرنے والوں کی ملاقات کیلئے نزول کرتی (اترتی) ہیں۔

ان ملائکہ اور ارواح کے آنے کی وجہ سے عبادت میں عجیب سی لذت اور کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جو کہ دوسری راتوں کی عبادت میں پیدا نہیں ہوتی۔

(۱)۔لیلۃ القدر میں قرآن مجید فرقان حمید جیسی کتاب نازل ہوئی۔

(۲)۔ملائکہ کی پیدائش بھی اسی رات ہوئی۔

(۳)۔اسی رات کو بہشت میں باغ لگائے گئے۔

(۴)۔اسی رات کو حضرت آدم علیہ السلام کا مادہ جمع کیا گیا۔

(فضائل الایام والشہور۔ص ۴۳۸)

## قارئین گرامی:۔

لیلۃ القدر کی اتنی عظمت واہمیت ہے کہ اگر آدمی اپنی ناقص عقل سے غور کرے تو معلوم ہو گا کہ یہ رات تو رحمت خداوندی کے حصول کی رات ہے یہ قرب خداوندی کی رات ہے لیلۃ القدر عزت وشرافت اور مبارک ومسعود اور کیف وسرور والی رات ہے یہ رات انسان کے بگڑے ہوئے کاموں کو سنوارنے کی رات ہے۔اللہ رب العزت سے روزی مانگنے کی رات ہے اسی رات میں انوار وتجلیات کا نزول ہوتا ہے یہ اپنے ناراض پروردگار عالم کو منانے کی رات ہے اس سے بخشش و

Scanned with CamScanner

مغفرت طلب کرنے کی رات ہے یہ رات اپنے مقدر چمکانے کی اور رنگ ونور سے بھری رات ہے الغرض لیلۃ القدر خدائے بزرگ و برتر کی عنایات، تجلیات اور رحمتوں کی رات ہے۔

آقا کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے اسی رات کی عظمت بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ

﴿من قام لیلۃ القدر ایمانا واحتسابا غفرلہ ما تقدم من ذنبہ﴾

(بخاری شریف ج ا ص ۲۷)

جو شخص شب قدر کو ایمان واخلاص کے ساتھ کھڑا ہوا اس کے سابقہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ سورۃ لیلۃ القدر کا شانِ نزول کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے جس کو (صاوی علی الجلالین ص ۲۸۷ ج ۴) اور (مکاشفۃ القلوب ص ۶۴۷ میں لکھا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کی خدمت میں بنی اسرائیل کے ایک شخص کا تذکرہ کیا گیا جس نے ایک ہزار مہینے تک اللہ کی راہ میں اپنے کندھے پر ہتھیار اٹھائے تھے۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے اس پر اظہارِ تعجب فرمایا اور اپنی امت کیلئے بھی ایسی ہی نیکی کی خواہش کی۔ ﴿فقال یا رب جعلت امتی اقصر الامم﴾ پس کہا اے میرے رب تو نے میری امت کو سب سے کم عمر والا بنایا۔ اور اعمال میں سب امتوں سے کم کیا ہے۔ تب خداوندِ کریم نے آقا علیہ الصلوۃ والسلام کے اظہار تعجب کو دیکھ کر انہیں لیلۃ القدر عطا فرمائی۔ جو کہ ایک ہزار مہینوں سے افضل ہے۔ ﴿فھی من خصائص ھذہ امتہ﴾ پس یہ نعمتِ عظمیٰ اس امت کے خصائص میں سے ہے۔

شاعر خوب کہتا ہے۔

بن کے خیر الوریٰ آ گئے مصطفیٰ ﷺ ہم گناہگاروں کی بہتری کیلئے
اک طرف بخششیں اک طرف جنتیں کیسے انعامات ہیں امتی کے لئے

لمحہ فکریہ: کیا ہم حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے امتی ہونے کے ناطے سے امتی ہونے



کے تقاضے پورے کر رہے ہیں؟ ہم اعمال برے سے برے کر رہے ہیں۔ یہ نہ ہو کہ قیامت کے دن ہم سب کے غمخوار آقا علیہ الصلوۃ والسلام ہم سب کے دلدار اپنے اللہ کے سامنے ہمارے اعمال دیکھ کر شرمندہ ہو جائیں۔ خدا کیلئے اعمالِ سیہ سے اجتناب کریں اور اعمالِ حسنہ کو ہی اپنا شیوہ بنالیں۔ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد ذی شان فرمایا کہ لیلۃ القدر کی رات میں فرشتے حضرت جبرائیل علیہ السلام کیساتھ چار جھنڈے لیکر اترتے ہیں۔ ایک جھنڈا حمد کا دوسرا مغفرت کا تیسرا رحمت کا اور چوتھا جھنڈا کرامت کا۔ اور ہر جھنڈے کے ساتھ ستر ہزار فرشتے آتے ہیں اور ہر جھنڈے پر لکھا ہوا ہوتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے شب قدر میں تین دفعہ کلمہ شریف پڑھا ایک دفعہ پڑھنے سے اسے اللہ تعالیٰ معاف فرمادے گا۔ جب کہ اللہ رب العزت دوسری مرتبہ پڑھنے سے اس کو دوزخ سے نجات دے گا اور تیسری مرتبہ پڑھنے سے اس کو جنت میں داخل فرمادے گا۔ پھر فرمایا کہ ﴿فینتصب لواء الحمد بین السماء والارض ولواء الرحمۃ فوق الکعبۃ ولواء الکرامۃ فوق الصخرۃ فی بیت المقدس ولواء المغفرۃ علی قبر النبی علیہ الصلوۃ والسلام﴾

## ملائکہ کی تعداد:۔

(تفسیر درمنثور جلد ۸ ص ۵۷۹) پر ہے شب قدر کو اترنے والے ملائکہ کی تعداد روئے زمیں کی کنکریوں سے بھی زیادہ ہوتی ہے اور یہ سب سلام و رحمت لیکر نازل ہوتے ہیں۔

## سبز پرچم:۔

ایک اور طویل حدیث مبارکہ (شعب الایمان جلد نمبر ۳ صفحہ نمبر ۳۳۶) پر مذکور ہے جس کو حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے روایت کیا ہے جس میں شب قدر کے

Scanned with CamScanner

بارے میں سرکار مدینہ ﷺ کا فرمان عالیشان ہے'' کہ جب شب قدر آتی ہے تو اللہ رب العزت کے حکم سے حضرت جبریل امیں علیہ السلام ایک سبز جھنڈا لئے فرشتوں کی بہت بڑی فوج کے ساتھ زمیں پر نزول فرما ہوتے ہیں۔ اور اس سبز جھنڈے کو کعبہ معظمہ پر لہرا دیتے ہیں حضرت جبریل امیں کے سو بازو ہیں جن میں دو بازو صرف اس مقدس رات کو کھلتے ہیں جو مشرق و مغرب میں پھیل جاتے ہیں پھر حضرت جبریل امیں فرشتوں کو حکم صادر فرماتے ہیں جو کوئی مسلمان آج رات ذکر یا قیام میں مشغول ہے اس سے سلام و مصافحہ کرو نیز ان کی دعاؤں پر آمیں بھی کہو چنانچہ صبح تک یہ سلسلہ جاری رہتا ہے صبح ہونے پر حضرت روح الامیں فرشتوں کو واپسی کا حکم دیتے ہیں پھر فرشتے حضرت جبریل امیں سے عرض کرتے ہیں کہ اے جبریل اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوۃ والسلام کی امت کی حاجات کا کیا کیا ہے؟ جبریل فرماتے ہیں اللہ نے ان لوگوں پر خصوصی نظر کرم فرمائی اور چار قسم کے لوگوں کے علاوہ تمام لوگوں کو معاف کر دیا صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ چار قسم کے لوگ کون ہیں؟ ارشاد فرمایا (۱)۔ عادی شرابی (۲) والدین کے نافرمان (۳) قطع رحمی کرنے والے (۴) وہ لوگ جو آپس میں بغض و کینہ رکھتے ہیں اور آپس میں قطع تعلق کرنے والے۔

## بدبخت و بدنصیب افراد:۔

حدیث مبارکہ میں چار بدنصیب و بدبخت افراد کا تذکرہ ہے کہ جن کے علاوہ خدائے رب العزت سب کو معاف فرما دیتا ہے وہ بدنصیب افراد یہ ہیں (نمبر۱) وہ افراد جو شراب پینے کے عادی ہیں (نمبر۲) پر ارشاد فرمایا کہ وہ افراد جو کہ والدین کے نافرمان ہیں (نمبر۳) وہ جو کہ قطع رحمی کرنے والے ہیں (نمبر۴) وہ جو کہ آپس میں بغض و کینہ رکھنے والے ہیں۔

دراصل یہ حقوق العباد میں آتے ہیں والدین جب تک معاف نہ کریں گے خداوند



معاف نہ کرے گا اسی طرح قطع رحمی کرنے والے اور بغض و کینہ رکھنے والے کو خدا معاف نہ کرے گا اور جو عادی شرابی ہیں آج کے دور میں شراب بے حد عام ہو گئی ہے بھارت میں گائے کی پوجا پاٹ کرنے والے ہندو گائے کا پیشاب اتنا نہیں پیتے جتنا کہ ہمارے ہاں شراب پی جاتی ہے شراب کے ساتھ ہی مہمان کی خاطر تواضع کی جاتی ہے اگر کوئی بیمار ہو جائے تو اس کو شراب کا ہی مشورہ دیا جاتا ہے۔

اے خدا کے بندو! کچھ تو خدا کا خوف کرو اگر آپ عبرت حاصل کرنا چاہتے ہین تو اس ہی حدیث مبارکہ کو غور سے پڑھیں تو آپ پر ساری حقیقت آشکار ہو جائے گی کہ شراب کسقدر منع ہے خدا ہم کو عمل کی توفیق دے آمیں۔

## حدیث مبارکہ:۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا نے دربار رسالت ماٰب میں عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اگر مجھ کو لیلۃ القدر دیکھنا نصیب ہو جائے اور مجھ کو معلوم ہو جائے کہ آج کے ہی رات قدر والی ہے تو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں کیا عرض کروں تو نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ اے عائشہ تو اللہ تعالی کی بارگاہ میں یہ عرض کرنا ﴿اللھم انک عفو کریم تحب العفو فاعف عنی﴾ (مشکوۃ شریف ص۱۸۲)

اے اللہ تو بیشک درگزر فرمانے والا اور کرم فرمانے والا ہے اور تو درگزر کو پسند کرتا ہے اے اللہ مجھ سے درگزر فرما۔

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ماہ رمضان المقدس تشریف لایا تو حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ'' تمہارے پاس ایک ایسا مہینہ آیا ہے جس میں ایک رات ایسی بھی ہے جو ہزار مہینوں سے افضل ہے اور جو شخص اس رات

Scanned with CamScanner

سے محروم رہ گیا گویا تمام کی تمام بھلائی سے محروم رہ گیا اور اس کی بھلائی سے محروم نہیں رہتا مگر وہ جو کہ حقیقۃً محروم ہے (ابن ماجہ ج۲ ص۲۹۸)

اسی طرح حضرت سیدنا ابو بکر فرماتے ہیں کہ سیدنا سلیمان علیہ السلام کی ملکیت میں پانچ سو شہر تھے اور اسی طرح حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کی ملکیت میں بھی ۵۰۰ سو شہر تھے یوں ان دونوں کی ملکیت میں ۱۰۰۰ (ایک ہزار) شہر ہوئے تو اللہ رب العزت نے لیلۃ القدر کو (جو عمل کو پائے) (جو لیلۃ القدر میں نیک اعمال کرے) اس کے لئے ان دونوں کی ملک سے بہتر بنایا ہے۔ (تفسیر قرطبی ض۱۰ پارہ نمبر۳۰ ص۹۳)

حضرت اسمٰعیل حقی رحمہ اللہ علیہ آپ نقل فرماتے ہیں ''یہ رات امن وسلامتی والی رات ہے یعنی اس میں بہت سی چیزوں سے سلامتی ہے اس رات میں شر اور آفات سے سلامتی ہے اسی طرح آندھی بجلی وغیرہ ایسی باتیں کہ جن سے ڈر اور خوف پیدا ہوتا ہے ان سے بھی سلامتی ہے بلکہ اس مقدس رات میں جو کچھ نازل ہوتا ہے وہ سب سلامتی نفع اور خیر پر مشتمل ہوتا ہے اور نہ ہی اس میں شیطان برائی کرانے کی طاقت رکھتا ہے اور نہ ہی جادوگر کا جادو اس میں چلتا ہے بس اس مقدس و متبرک رات میں سلامتی ہی سلامتی ہے۔

(روح البیان ج۱۰ ص۴۸۵)

شب قدر فضیلت واہمیت والی کیوں نہ ہو اس کے بارے میں خالق کون و مکان نے پوری سورت اتاری قرآن کا فرمان عالی شان ہے کہ ''ہم نے قرآن کو شب قدر میں اتارا'' قرآن کے ساتھ جب اس رات کی نسبت ہوگئی تو اس کی نسبت سے یہ رات بھی ہزار مہینوں سے افضل ہوگئی۔

اگر اس رات جشن نزول قرآن منایا جاسکتا ہے تو جشن صاحب قرآن کیوں نہیں منایا جاسکتا؟ قرآن ہم کو صاحب قرآن علیہ الصلوۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے عطا ہوا شاعر کہتا ہے



نثار تیری چہل پہل پہ ہزاروں عیدیں ربیع الاول
سوائے ابلیس کے جہاں میں سبھی تو خوشیاں منا رہے ہیں

اگر ہم نسبت کی عظمت واہمیت کو دیکھنا چاہیں تو میں دو تین مثالیں آپ کے سامنے رکھوں گا۔

(۱)۔ ایک سنگ مرمر ہے جو گلی میں لگا ہوا ہے اس پر سے انسان جوتا پہن کر گزرتا ہے اس کا کوئی ادب واحترام نہیں کرتا اور یہی سنگ مرمر اگر مسجد میں لگا ہو تو جوتے اتار کر ہر کوئی اس پر پاؤں رکھتا ہے پتھر وہ بھی ہے جو گلی میں لگا مگر اس کی نسبت جب مسجد کے ساتھ ہوئی یہ بھی متبرک ہوگیا۔

(۲)۔ اسی طرح ہم اگر غور کریں تو زمزم کا کنواں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسبت سے دنیا بھر کے لئے متبرک بن گیا۔

(۳) صفا مروہ کی پہاڑیوں کو حضرت سیدہ ہاجرہ کی نسبت سے باقی تمام پہاڑیوں سے زیادہ افضلیت واہمیت اور عظمت ملی۔

بہر حال یہ تو ضمناً نسبت کی بات آگئی تھی۔

**علامات:**۔ علمائے کرام نے اس کی بے شمار علامات بیان کی ہیں۔

علامات کے بارے میں حضور علیہ التحیۃ والثناء کی حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں کہ۔

حضرت سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سرکار عالی مقام مدنی تاجدار نبی مختار علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت بابرکت میں شب قدر کے بارے میں سوال کیا تو سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ''شب قدر رمضان المبارک کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں یعنی اکیسویں تیئسویں پچیسویں ستائیسویں یا انتیسویں شب یا رمضان کی

Scanned with CamScanner

آخری شب میں ہے تو جو کوئی ایمان کے ساتھ بہ نیت ثواب اس مبارک رات میں عبادت کرے اس کے تمام گزشتہ گناہ بخش دیے جاتے ہیں اس کی علامات یہ بھی ہیں کہ وہ مبارک شب روشن اور بالکل صاف وشفاف ہوتی ہے اس میں نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے اور نہ زیادہ سردی بلکہ یہ رات معتدل ہوتی ہے گویا کہ اس میں چاند کھلا ہوا ہوتا ہے اس پوری رات میں شیاطین کو آسمان کے ستارے نہیں مارے جاتے مزید نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس رات کے گزرنے کے بعد جو صبح آتی ہے اس میں سورج بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے اور وہ ایسا ہوتا ہے کہ گویا کہ چودھویں کا چاند اور اللہ عزوجل نے اس دن طلوع آفتاب کے ساتھ شیطان کو نکلنے سے روک دیا ہے (اس دن کے علاوہ ہر روز سورج کے ساتھ ساتھ شیطان بھی نکلتا ہے)

(فیضان رمضان ۲۰۷، مسند امام احمد ج ۸ ص ۴۱۴)

اس رات میں خدا کی عنایات و رحمتیں جوش پر ہوتی ہیں اس شب میں فضاء میں کیف و سرور ہوتا ہے اور اس میں خود بخود انسان اللہ رب العزت کی عبادت کی طرف مائل ہوتا ہے وہی مساجد جو باقی ایام میں ویران ہوتی ہیں ان میں رونق آجاتی ہے۔

بعض بزرگوں نے کہا کہ اس رات کو سمندر کا پانی میٹھا ہو جاتا ہے کچھ اس کی علامتوں میں یہ بھی بیان کرتے ہیں کہ اس میں ہر چیز بارگاہ خداوندی میں سجدہ ریز ہو جاتی ہے اس میں درخت بھی خدا کی بارگاہ میں جھکتے ہیں۔

مگر یہ علامتیں ہر ایک کو نظر نہیں آتی جو اہل بصارت افراد ہیں ان کو ہی یہ علامتیں نظر آتی ہیں اس میں جو کیف و سرور اور لذتیں ہوتی ہیں وہ قلم کے احاطہ میں نہیں لائی جاسکتیں۔

## قارئین گرامی:۔

اس شب میں فجر اور عشاء کی نمازیں باجماعت ادا کرنی چاہئیں کیونکہ نمازوں کو



باجماعت ادا کرنے کا ثواب شب بیداری سی زیادہ ہے اس لئے پہلے نماز ہے بعد میں شب بیداری ہے یہ کیسی عبادت ہے کہ انسان نماز عشاء کو ادا ہی نہ کرے جو کہ فرض عین ہے۔

نماز جنازہ جو کہ فرض کفایہ ہے اس کی طرف ہم بھاگے بھاگے جاتے ہیں اور ہمارے اوپر پانچ وقت کی نماز جو فرض عین ہے اس کی طرف ہم کم ہی جاتے ہیں۔

نماز جنازہ ہو تو بھاگ کر ہم پہلی صف میں جاتے ہیں اور نماز پنجگانہ میں ہم کوشش کرتے ہیں کہ آخری صف میں ہوں مگر جو اجر و ثواب کے بارے میں آقا کریم علیہ التحیۃ والثناء کی حدیث شریف اس کے برعکس ہے کہ جو آدمی نماز پنجگانہ میں پہلی صف میں نماز ادا کرے تو اسے زیادہ ثواب ملے گا مگر ہمارا عمل بالکل اس کے مخالف ہے۔ بہر حال غنیۃ الطالبین میں ایک مقولہ لکھا ہے کہ اللہ رب العزت نے پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں میں چھپا رکھا ہے بندہ کی اطاعت میں اپنی رضا کو اس کی نافرمانیوں میں اپنے غضب کو درمیانی نماز (نماز عصر) کو باقی نمازوں میں مخلوق میں اپنے اولیاء کو اور ماہ رمضان میں شب قدر کو چھپا رکھا ہے۔

شب قدر کو سمندر کا پانی میٹھا ہو جاتا ہے اس کے بارے میں دو روایتیں ملاحظہ فرمائیں

(۱)۔ حضرت سیدنا عبید ابن عمران رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ "میں ایک رات بحیرہ قلزم کے کنارے پر تھا اور اسی کھاری پانی سے وضو کرنے لگا جب میں نے پانی چکھا تو شہد سے بھی زیادہ میٹھا معلوم ہوا مجھے بے حد تعجب ہوا میں نے جب حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے فرمایا "اے عبید رضی اللہ تعالی عنہ وہ لیلۃ القدر ہوگی" مزید فرمایا جس شخص نے رات اللہ تعالی کی یاد میں گزاری اس نے گویا ہزار ماہ سے بھی زیادہ عرصہ عبادت کی اور اللہ تعالی اس کے تمام گناہوں کو معاف فرمادے گا۔

(فیضان رمضان المبارک ص ۲۰۸، تذکرۃ الواعظین ص ۶۲۶)

(۲)۔ حضرت سیدنا عثمان ابن العاص رضی اللہ تعالی عنہ کے غلام نے ان سے عرض کیا "اے آقا

Scanned with CamScanner

رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے کشتی بانی کرتے ہوئے ایک عرصہ گزرا میں نے دریا کے پانی میں ایک عجیب بات محسوس کی جس کو میری عقل تسلیم کرنے سے منکر ہے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا ''وہ کیا عجیب بات ہے'' عرض کیا اے آقا رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر سال ایک ایسی رات بھی آتی ہے کہ جس میں سمندر کا پانی میٹھا ہو جاتا ہے آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے غلام سے فرمایا اس بار خیال رکھنا جیسے ہی رات میں پانی میٹھا ہو جائے تو مجھے مطلع کرنا جب رمضان کی ستائیسویں رات آئی تو غلام نے آقا سے عرض کی کہ آج سمندر کا پانی میٹھا ہو چکا ہے۔

(روح البیان ج ۱۰ ص ۴۸۱)

شب قدر کی تاریخ کے بارے میں اختلاف ہے البتہ اس کی آخری شب عشرے میں ہونے کی روایات کثیر ہیں۔ خداوند قدوس نے اس کو اپنی مشیت کے تحت پوشیدہ رکھا ہے۔ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ کہتی ہیں کہ میرے سرتاج صاحب معراج حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا'' کہ شب قدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرے کی طاق راتوں یعنی اکیسویں، تیئسویں، پچیسویں، ستائیسویں، اور انتیسویں راتوں میں تلاش کرو'' (بخاری شریف ج ۲ ص ۳۱۱) اسی طرح حضرت عائشہ سے ایک اور روایت منقول ہے۔ ﴿قالت کان رسول اللہ ﷺ یجاور فی العشر الاخر من رمضان ویقول تحرو الیلۃ القدز فی العشر الا واخر من رمضان﴾ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ آخری عشرے میں اعتکاف بیٹھتے اور فرماتے کہ شب قدر کو آخری عشرۂ رمضان میں تلاش کرو۔ مسلم شریف میں امام مسلم حدیث نقل کرتے ہیں کہ ﴿وعن ابن عمر قال ان رجالاً من اصحاب النبی ﷺ ارو لیلۃ القدر فی المسلم فی السبع الاواخر فقال رسول اللہ ﷺ اری راؤیا کم قد تو اطات فی التسبع الا واخر فمن کان متحریھا فی السبع الاواخر﴾ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول



اللہ ﷺ کے چند اصحاب نے خواب میں شب قدر کو رمضان کی آخری سات راتوں میں دیکھا۔ اس سلسلہ میں نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ میں تمہارے خوابوں میں مماثلت دیکھتا ہوں۔ تم میں سے شب قدر کا متلاشی شب قدر کو رمضان کی آخری سات راتوں میں تلاش کر لے۔ (رمضان المبارک ۲۸۷ و مسلم شریف) اسی طرح اس عظیم المرتبہ رات کو طاق راتوں میں تلاش کرنے کے بارے میں ایک روایت ملاحظہ فرمائیں۔ حضرت ابن عباس سے مروی ہے کہ آقائے نامدار مدنی تاجدار تاجدار مدینہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ تم شب قدر کو رمضان کی آخری راتوں میں تلاش کرو۔ خصوصاً پچیسویں، ستائیسویں اور انتیسویں راتوں میں اس کو ڈھونڈو۔ یہ تو اس کی رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرنے کا مختصر بیان تھا اب میں یہاں مختصر سا یہ بیان کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ آخر اس عظیم الشان شب کو پوشیدہ کیوں رکھا گیا؟ اس کا صحیح علم تو خداوند کریم کو ہی ہے بہر حال میں اپنی ناقص عقل کے تحت یہ کہوں گا کہ حدیث کی کتب میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ میرے اور تمہارے آقا و مولیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام صحابہ کرام کے ساتھ بیٹھے تھے اور ہم اس انتظار میں تھے کہ آپ ہمیں شب قدر کے بارے میں بتائیں (کہ کس رات میں ہے؟) دو مسلمان آپس میں لڑ رہے تھے۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ''میں اس لئے آیا تھا کہ تمہیں شب قدر بتاؤں لیکن فلاں فلاں شخص جھگڑ رہے تھے۔ اس لئے اس کا تعین اٹھا لیا گیا۔ اور ممکن ہے کہ اسی میں تمہاری بہتری ہو۔ اب اس کو نویں، ساتویں، اور پانچویں راتوں میں تلاش کرو۔ بہر حال ارے میرے بھائیو، بہنو......

اس روایت پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا شب قدر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بتانے والے تھے کہ دو مسلمان بھائیوں کے آپس میں جھگڑ کرنا مانع ہوا۔

اس عظیم المرتبت رات یعنی لیلۃ القدر کے بارے میں آئمہ اربعہ کے مختلف اقوال ہیں اس کو ملاحظہ فرمائیں۔

Scanned with CamScanner

امام الآئمہ سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان عالیشان ہے کہ لیلۃ القدر سارے سال میں گھومتی رہتی ہے کبھی تو یہ ماہ رمضان المقدس میں ہوتی ہے اور کبھی کبھار دوسرے مہینوں میں اور اسی طرح کا قول حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس سیدنا عبد اللہ بن مسعود اور سیدنا حضرت عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے منقول ہے۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۵۳)

حضرت سیدنا امام ابو یوسف اور سیدنا امام محمد رحمۃ اللہ تعالیٰ عنہما نے ارشاد فرمایا کہ لیلۃ القدر ماہ رمضان المعظم کی آخری پندرہ راتوں میں ہے۔

حضرت سیدنا امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک شب قدر رمضان المبارک کے عشرہ اخیرہ میں ہے اور اس کا دن معین ہے اس میں تا ابد (قیامت تک) کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

(عمدۃ القاری ج ۸ ص ۲۵۳)

اسی طرح حضرت سیدنا امام مالک اور حضرت سیدنا امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ عنہما کے نزدیک شب قدر رمضان کی آخری طاق راتوں میں پائی جاتی ہے یہ رات ہر سال ان طاق راتوں میں گھومتی رہتے ہے۔ (تفسیر صاوی ج ۶ ص ۲۴۰)

## ستائیسویں شب کی تعیین:۔

جب شب قدر کو رمضان کی آخری طاق راتوں میں پوشیدہ رکھا گیا ہے تو پھر ستائیسویں ۲۷ شب کی تعیین آخر کیوں کی گئی ہے؟ اسکا جواب ملاحظہ فرمائیں:۔

مجتہد ائمہ کرام نے ستائیسویں شب کو شب قدر قرار دیا ہے۔ حضرت ابی ابن کعب ستائیسویں شب کو ہی شب قدر شمار کرتے تھے۔ امام اعظم ابوحنیفہ بھی اسی قول کے قائل ہیں۔ اب کچھ



روایات ملاحظہ فرمائیں کہ جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ شب قدر ۲۷ ویں شب کو ہی ہے۔

۱۔ ﴿عن معاویہ بن ابی سفیان عن النبی ﷺ فی لیلۃ القدر قال لیلۃ القدر لیلۃ سبع وعشرین﴾ (ابوداؤد) حضرت معاویہ بن ابی سفیان آقا علیہ الصلوۃ والسلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے لیلۃ القدر کے بارے میں فرمایا کہ وہ رمضان کی ستائیسویں شب ہے۔ اسی طرح ایک اور روایت جسکو حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ روایت فرما رہے ہیں۔ ﴿یقول سألت ابی بن کعب فقلت ان اخاک ابن مسعود یقول من یقم الحول یصب لیلۃ القدر فقال رحمہ اللہ اراد ان لا یتکل الناس اما انہ قد علم انها فی رمضان وانها فی العشر الاواكر وانها لیلة سبع وعشرين ثم حلف لا يستثنى انها ليلة سبع وعشرن فقست با ى شيء تقول ذلك يا ابا المنذر قال بالعلامة او بالايه التي اخبرنا رسول الله ﷺ انها تطلع يو ممئذ لاشعاع لها﴾ (مسلم شریف) حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا۔ کہ آپ کے بھائی حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص سال بھر راتوں کو قیام کرے گا۔ وہ لیلۃ القدر کو پائیگا۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے۔ وہ جانتے ہیں کہ یہ رات رمضان میں ہی ہے۔ اور ستائیسویں رات رمضان کی ہے۔ پھر اس بات پر قسم کھائی۔ میں نے پوچھا کہ آپ کو کیسے معلوم ہوا۔ جواب دیا کہ ان نشانیوں کو دیکھتے ہوئے جو ہمیں بتائی گئی ہیں۔ کہ اس دن سورج شعاعوں کے بغیر نکلتا ہے۔ اور روایت میں ہے کہ حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس خدا کی قسم جس کے سواء کوئی معبود نہیں کہ یہ رات رمضان میں ہی ہے۔ آپ نے اس پر انشاء اللہ بھی نہیں فرمایا۔ اور پختہ قسم کھالی پھر فرمایا مجھے خوب معلوم ہے کہ وہ کون سی رات ہے۔ جس میں قیام کرنے کے بارے میں حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا حکم ہے۔ یہ ستائیسویں رات ہے اسکی صبح کو سورج سفید رنگ کے ساتھ نکلتا ہے اور تیزی زیادہ نہیں ہوتی۔

Scanned with CamScanner

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ شب قدر رمضان کی ستائیسویں شب ہے۔

حضرت سیدنا عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بھی ارشاد فرماتے ہیں کہ شب قدر ۲۷ویں شب ہے۔آپ نے اپنے بیان کی تائید میں دو دلائل پیش کیے ہیں فرمایا:

(۱)۔لیلۃ القدر کا لفظ نو حروف پر مشتمل ہے اور یہ کلمہ سورہ قدر میں تین بار استعمال ہوا ہے اور اسطرح نو کو تین سے ضرب دیں تو ۲۷ آتا ہے۔

(۲)۔سورہ قدر میں تیس کلمات ہیں اور ستائیسواں کلمہ ھی ہے اس کا مرکز و محور لیلۃ القدر ہے لہذا ستائیسویں شب ہوئی۔ (تفسیر عزیزی)

حضرت عمر اور دیگر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے زیادہ تر شب قدر کو زیادہ تر ستائیسویں رات میں آنے کے قول کو ترجیح دی ہے اور کسی نے اس پر حتمی فیصلہ نہیں کیا۔

محدثین، بزرگان دین اور مفسرین کی بھاری اکثریت کی رائے یہی ہے کہ ہر سال شب قدر ۲۷ویں شب کو ہی ہوتی ہے۔

علمائے کرام نے شب قدر کی مختلف عبادات ذکر کی ہیں۔

حضرت مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم ارشاد فرماتے ہیں ''جو کوئی شب قدر میں سورہ قدر سات بار پڑھتا ہے اللہ عزوجل اسے ہر بلا سے محفوظ فرما دیتا ہے اور (۷۰۰۰۰) ستر ہزار فرشتے اس کے لئے جنت کی دعا کرتے ہیں اور جو کوئی (سال بھر میں جب بھی) جمعہ کے روز نماز جمعہ سے قبل تین بار پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس روز کے تمام نماز پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھتا ہے۔ (نزھۃ المجالس ج ۱ ص ۱۶۷)

علمائے کرام نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر کوئی اس عظیم اور بزرگ تر رات میں اپنے والدین (جو وفات پا چکے ہوں) کو ثواب پہنچانا چاہتا ہو تو وہ دو رکعت نماز نفل اس انداز سے



پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص کو سات مرتبہ پڑھے نماز کو مکمل کرنے کے بعد مندرجہ ذیل وظیفہ ستر مرتبہ پڑھے۔

﴿استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ﴾

انشاءاللہ العزیز اس نماز کو پڑھنے والے ابھی اپنے مصلے سے نہ اٹھنے پائیں گے کہ اللہ رب العزت ان کے والدین کے اعمال سیہ (گناہ) کو معاف فرما کر مغفرت فرما دے گا اور ان نمازیوں کے نماز پڑھنے پر اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے کہ اس کے لئے جنت کو آراستہ پیراستہ کردو اور اس نماز کو پڑھنے والا جب تک تمام جنتی نعمتیں مرنے سے پہلے دیکھ نہ لے گا اسے موت نہ آئے گی۔

## قارئین محترم:۔

یہ وہ متبرک اور عظیم المرتبت رات ہے کہ اس رات میں نوافل پڑھنے والا گو کہ نوافل پڑھتا ہے مگر اس کے نامۂ اعمال میں فرائض کے برابر ثواب لکھا جاتا ہے۔

کتنے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جو یہ رات بیدار ہو کر گزارتے ہیں؟

جو کوئی اس مبارک رات میں دو رکعت نماز نفل اس انداز سے پڑھے گا کہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر ایک ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص تین تین بار پڑھے گا تو خداوند کریم اس کو شب قدر کا ثواب عطا فرمائے گا اور اس کے ان نوافل پڑھنے کی وجہ سے ہی اس کے لئے جنت الفردوس میں ایک ایسا بشر عطا فرمائے گا کہ جو مشرق سے مغرب تک پھیلا ہوگا اور اس کو حضرت ادریس ،حضرت یعقوب اور حضرت نوح علیہم السلام کا ثواب عطا فرمائے گا۔

اسی طرح علمائے کرام مزید ارشاد فرماتے ہیں کہ جو خوش نصیب اس رات سورہ فاتحہ کے بعد سورہ قدر (انا انزلناہ) ایک بار اور سورہ اخلاص (قل ھو اللہ) ۲۷ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ

Scanned with CamScanner

رب العزت اس کو اس طرح گناہوں سے پاک ومنزہ کر دیگا جیسے وہ آج ہی اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو۔

یہ وہ رات ہے کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام اس میں بے حد عبادت کرتے اور اپنے ساتھ اپنے اہل وعیال کو بھی جگاتے اور عبادت کرواتے لہذا ہمیں اس سے یہی سبق حاصل کرنا چاہیئے کہ کم از کم سارا سال نہیں تو شب قدر عبادات الٰہی میں گزارنی چاہیئے۔

اگر آدمی اس رات میں دو رکعت نماز نفل یوں ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد شریف کے بعد سورہ الم نشرح ایک ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھے اور نوافل کو مکمل کرنے کے بعد سورہ قدر سات بار پڑھے تو اس کا بے پناہ اجر وثواب ہے۔

اسی طرح جو کوئی شب قدر میں چار رکعت نوافل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ تکاثر ایک ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے تو اللہ رب العزت اس کو سکرات میں آسانی عطا فرمائے گا اور اس نماز کے پڑھنے کی وجہ سے وہ قبر کے عذاب سے بھی محفوظ رہے گا۔ (نزھۃ المجالس)

سورہ قدر کی اس قدر فضیلت ہے کہ جو آدمی وضو کے بعد آسمان کی طرف دیکھ کر سورہ قدر پڑھے گا تو انشاء اللہ العزیز اس کی نظر کبھی کمزور نہ ہوگی۔ (مسائل القرآن ص ۲۹۱)

بعض اکابر علمائے کرام فرماتے ہیں جو شخص رات کو دس آیات قرآن مجید فرقان حمید کی اس نیت سے پڑھے کہ میں شب قدر کی برکت اور ثواب سے محروم نہ رہوں تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ شب قدر کے ثواب اور برکت سے محروم نہ رہے گا اسی طرح کچھ علمائے کرام نے دو رکعات کا بیان فرمایا ہے بہر حال شب قدر میں نوافل ادا کرنے کا کئی گناہ بڑھ کر ثواب ملتا ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے ستائیسویں شب (شب قدر) کو صبح تک عبادت میں گزاری تو وہ آدمی



مجھے بہت پسند ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے شب قدر بیدار ہو کر گزاری اور اس میں دو رکعت نفل ادا کیے اور اللہ رب العزت سے بخشش طلب کی تو خدا اس کو بخش دیتا ہے۔ اور اسے اپنی رحمت میں جگہ عطا فرماتا ہے اور حضرت جبریل امین اس پر اپنے پر پھیرتے ہیں اور جس پر حضرت جبریل پر پھیریں تو وہ جنت میں داخل ہوتا ہے۔

جو کوئی لیلۃ القدر کو بارہ رکعات نماز تین سلام سے پڑھے یعنی چار چار کر کے پڑھے اور ان میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین بار سورہ قدر اور پچاس بار سورہ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں جا کر ایک مرتبہ ﴿سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر﴾ کہے تو اللہ تعالیٰ اسکی دعا قبول کرے گا اور اس کے تمام گناہ معاف فرمائے گا۔

(رمضان المبارک ۳۰۵)

اسی طرح علمائے کرام فرماتے ہیں کہ جس نے بیس رکعت نماز نفل اس انداز سے ادا کی کہ اس نے ہر رکعت میں سورہ الحمد شریف کے بعد ۲۱ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی تو اللہ رب العزت اس کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے اس طرح کر دیتا ہے جس طرح وہ آج ہی اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔

اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام کا ارشاد عالیشان ہے کہ جس نے اس شب صلوۃ التسبیح ادا کی اللہ اس کے اگلے پچھلے سب گناہ مٹا دیتا ہے۔

مقبول عبادت درود شریف ہے اس کی بے پناہ فضیلت واہمیت ہے اور اس رات کو تو اس کے پڑھنے کی فضیلت اور بھی بڑھ جاتی ہے درود شریف اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ عبادت ہے۔

شب قدر کی بہترین دعا یہ ہے۔

Scanned with CamScanner

﴿اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی﴾

(ترمذی ج ۵ ص ۳۰۶)

جس نے شب قدر میں اس دعا کی کثرت کی اللہ اس کو معاف فرمادے گا۔

حضرت سیدنا اسماعیل حقی رحمۃ اللہ علیہ تفسیر روح البیان میں نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ جس کسی نے شب قدر میں خلوص نیت کے ساتھ نوافل پڑھے تو اللہ تعالی اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادیتا ہے (روح البیان ج ۱۰ ص ۴۸۰)

## قارئین عظام:۔

کتنے ہی خوش نصیب ہیں وہ افراد جو اس عظیم البرکت رات کو بیداری کی حالت میں گزارتے ہیں جو نوافل ادا کرتے ہیں تسبیح تحلیل کرتے ہیں جو ذکر کی محافل میں شرکت کرتے ہیں جو تلاوت قرآن کریم اور درود شریف کی کثرت کرتے ہیں جو استغفار کرتے ہیں جو بارگاہ الہی سے گڑگڑا کر دعا کرتے ہیں بخشش و مغفرت طلب کرتے ہیں جو اپنے والدین کو ایصال ثواب کرتے ہیں یہی وہ افراد ہیں کہ جن سے اللہ تعالی اور اس کا پیارا حبیب (علیہ الصلوۃ والسلام) بے حد محبت کرتے ہیں یہی افراد آقا کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے پسندیدہ افراد ہیں خدا ہمیں اپنی عبادت کی توفیق دے اور ہمیں ان ہی افراد میں شامل کرے جن سے وہ محبت کرتا ہے

(آمین ثم آمین)



# باب نمبر 6

## ☆عید الفطر☆

خداوند کریم نے اپنی متبرک اور لاریب کتاب قرآن حکیم میں ارشاد فرمایا کہ ﴿قل بفضل اللہ وبرحمتہ فبذالک فلیفرحوا﴾

(پارہ نمبر ۱۱ سورہ یونس آیت نمبر ۵۸ ترجمہ کنزالایمان)

تم فرماؤ اللہ عزوجل ہی کے فضل اور اسی کی رحمت پر چاہیئے کہ خوشی کریں۔

قارئین محترم:۔

عید کا لفظ ''عود'' سے مشتق ہے جسکا معنی ''خوشی'' اور ''لوٹنا'' کیونکہ یہ دن مسلمانوں پر بار بار لوٹ کر آتا ہے اور ان کے درمیان خوشیاں بکھیر جاتا ہے۔

''المفردات'' میں حضرت علامہ راغب اصفہانی رقم کرتے ہیں کہ لفظ عید لغت کے اعتبار سے اس دن کو کہا جاتا ہے کہ جو بار بار لوٹ کر آئے اور اصطلاح میں عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو کہا جاتا ہے۔ یہ دن شریعت میں خوشی منانے کے لئے مقرر کیا گیا ہے جسطرح اس پر حضور اکرم علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے اس فرمان میں متنبہ کیا ہے۔ کہ ایام منیٰ کھانے پینے اور ازدواجی تعلقات کے دن ہیں (غیر حجاج کے لئے) چنانچہ عید کا لفظ خوشی اور مسرت حاصل کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ (المفردات)

علامہ ابن عابدین شامی حنفی فرماتے ہیں کہ عید کو عید اس لئے کہا جاتا ہے کہ ہر سال اللہ تبارک وتعالیٰ اس دن اپنے بندوں پر انواع واقسام کے احسانات اور انعامات لوٹاتا ہے اس دن فرح وسرور اور نشاط وانبساط منانا لوگوں کی عادت ہے نیز آپ فرماتے ہیں کہ نیک شگون کے طور پر اس دن کو عید کہا جاتا ہے تاکہ ہماری زندگی میں یہ دن بار بار کر لوٹ کر آئے جس طرح قافلے کو

Scanned with CamScanner

قافلہ نیک شگون کے اس وجہ سے کہتے ہیں تا کہ وہ جس طرح جارہا ہے اسی طرح انعام واکرام کے ساتھ واپس لوٹے یادرہے کہ قافلہ کے معنی ''لوٹ کرآنے والا'' ہے۔

## قارئین گرامی:۔

رمضان المبارک کامہینہ رحمت، مغفرت اور آزادی جہنم کامہینہ ہے لہذا مسلمان اللہ تعالی کے ان احسانات وانعامات کی خوشی میں عید سعید مناتے ہیں اور عید الفطر کے دن خوشی و مسرت کا اظہار کرنا یہ سنت ہے لہذا ادائے سنت کی نیت سے ہمیں اس دن خوشی اور مسرت کا اظہار کرنا چاہیئے۔

عید کادن وہ دن ہے جس میں اللہ تعالی کی رحمت نازل ہوتی ہے یہ دن مسلمانوں کے لئے خوشی اور مسرت کاپیغام لیکرآتا ہے یہ دن اللہ رب العزت کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کادن ہے یہ دن بخشش ومغفرت کادن ہے۔

عید کے دن سارا سال غموں کی چکی میں پسنے والی قوم خوشیاں مناتی ہے۔

حضرت وھب بن منبہ رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کریم نے اس عید الفطر کے دن جنت کو پیدا فرمایا اور اسی دن درخت طوبی کو جنت میں لگایا اور اسی دن حضرت جبریل امین کو وحی کے لئے منتخب کیا گیا اور اسی دن فرعون کے جادوگروں کی توبہ قبول ہوئی

خداوند قدوس نے رمضان المبارک کے متبرک مہینے کے بعد عید الفطر کی نعمت عظمی سے نوازا نماز عید الفطر سنت مؤکدہ ہے آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے پہلی مرتبہ نماز عید الفطر سن ۲ ہجری میں ادا کی اور اس کے بعد آپ نے کبھی بھی اس کو ترک نہ فرمایا۔

عید کادن بچوں، بوڑھوں، جوانوں اور عورتوں کے لئے یکساں طور پر شگفتگی وتازگی اور معاصیوں کے لئے مغفرت الغرض اہل اسلام کے لئے جنت الفردوس کاپیغام لیکرآتا ہے لہذا ابلا



شک وشبہ یہ ہمارے لئے اللہ رب العزت کی طرف سے بہت بڑی نعمت عظمی ہے اسی کے بارے میں آقائے کریم حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد عالیشان فرمایا ہے کہ۔

﴿نادٍ منادٍ من السماء كل ليلة الى الفجار الصبح يا باغي الخير تمم والبشر ويا باغي الشر اقصر وابصر هل من يغفرله من تائب يتاب عليه هل من داع يستجاب له هل من سائل يعطى سؤله ولله عز وجل كل فطر من شهر رمضان كل ليلة عتقاء من النار ستون الفا فاذا كان يوم الفطر اعتق في جميع الشهر ثلاثين مرة ستين الفا﴾

**ترجمہ:۔**

ماہ رمضان المقدس کی ہر شب طلوع صبح تک ایک منادی کرنے والا ندا کرتا ہے کہ اے بھلائی کے طلبگار نیکی کو پورا کرو اور خوش ہو اور شر کے طالب گناہوں سے رک جاؤ اور عبرت کے لئے غور سے دیکھ ہے کوئی مغفرت کو طلب کرنے والا جسکی مغفرت کی جائے اور ہے کوئی توبہ کرنے والا جس کی توبہ قبول کی جائے ہے کوئی دعا کرنے والا جس کی دعا کو قبول کیا جائے ہے کوئی سوالی (سائل) جس کا سوال پورا کیا جائے اللہ عزوجل رمضان کے مہینے میں ہر شب بوقت افطاری ساٹھ ہزار آدمیوں کو آزادی جہنم سے نوازتا ہے اور جب شوال المکرم کا دن آتا ہے تو جس قدر سارے ماہ میں آزاد کیے اس کے برابر (عید کے دن) جہنم سے آزاد کرتا ہے۔

(زواجر ج ا ص ۱۰۱)

## قارئین گرامی:۔

اس حدیث مبارکہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالی رمضان المعظم کے ہر دن ساٹھ ہزار 60000 ہزار افراد کو جہنم سے آزادی عطا فرماتے ہیں جناب اسلامی مہینہ کبھی انتیس دن کا ہوتا

Scanned with CamScanner

ہے اور کبھی تیس دن کا اگر ہم انتیس ہی دن لیں تو ہم انتیس کو ساٹھ ہزار سے ضرب دیں تو معلوم ہوگا کہ 1740000 افراد کو آزادی جہنم کا پروانہ جاری کیا جاتا ہے اور اگر تیس دن لیں تو پھر اٹھارہ لاکھ افراد بنیں گے لہذا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عید کے دن اس تعداد سے بھی زیادہ اللہ تعالی اہل اسلام کو آزادی دوزخ کا پروانہ جاری کرتا ہے۔اسی لئے تو اس کو لیلۃ الجائزہ یا لیلۃ الانعام کہا جاتا ہے۔(انعام واکرام کی رات)

حضور نبی معظم جناب محمد مصطفےٰ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ’’جس نے عیدین کی رات قیام کیا اس دن اس کا دل نہیں مرے گا جس دن لوگوں کے دل مر جائیں گے۔

(سنن ابن ماجہ ج۲ ص ۳۶۵)

یہ تو اللہ تعالی کی طرف سے ہمارے لئے عیدی ہے جو وہ اس قسم کے انعامات اور احسانات کی صورت میں ہمیں عطا کرتا ہے اسی قسم کی ایک اور حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔جسکو جناب حضرت سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ تعالی عنہ روایت کرتے ہیں اس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ ’’وہ افراد جو پانچ راتوں کو قیام کرتے ہیں خدائے بزرگ و برتر کی عبادت کرتے ہیں ان کے لئے اللہ کریم کے پاس یہ انعام اور اکرام ہے کہ اللہ ان کے لئے جنت کو واجب کر دیتا ہے اور جہنم کو حرام کر دیتا ہے وہ پانچ راتیں یہ ہیں ماہ ذوالحجہ کی آٹھویں نویں اور دسویں رات چوتھی رات عید الفطر کی یعنی یکم شوال المکرم اور پانچویں رات ماہ شعبان المعظم کی پندرھویں رات یعنی شب برات‘‘ (الترغیب والترھیب ج۲ ص۹۶)

عید کے دن شیطان بڑا روتا ہے واویلے کرتا ہے جس طرح حضرت وہب بن منبہ فرماتے ہین کہ ابلیس (دشمن انسان) عید کے دن نوحہ زاری کرتا ہے تو شیطان کی ساری ذریت اسکے اردگرد جمع ہو جاتی ہے کہ جناب کیا وجہ ہے آپ اتنی زیادہ آہ وزاری آخر کیوں کر رہے ہیں تو دشمن انسان گویا ہوتا ہے کہ ﴿قد غفر لھذہ الامتی فی ھذہ الیوم﴾ (آج کے دن اللہ



تعالی نے امت مصطفے کو بخش دیا ہے ) لہذا اے میری ذریت تم انہیں دوبارہ لذتوں اور خواہشات نفسانی یعنی گناہوں میں مشغول کرو۔

(درۃ الناصحین ص ۱۷۱،مکاشفۃ القلوب ص ۶۵۱)

کیا ہمارے ساتھ اسی طرح نہیں ہوتا کہ کچھ افراد ایسے ہوتے ہیں کہ جو رمضان کی بھی عزت کا لحاظ نہیں رکھتے رمضان کی بے حرمتی کرتے ہیں اس کے گواہ ہمارے اخبارات ہیں دیکھ لیجئے جناح ۲۰۰۵ رمضان المبارک (آٹھ اکتوبر کو زلزلہ آیا) اس کے دو تین دن بعد جناح اخبار میں بمع تصاویر یہ خبر شائع ہوئی کہ ’’رمضان میں دن کے وقت لڑکے لڑکیاں اکٹھے مشروبات پی رہے ہیں بوس و کنار اور خوش گپیوں میں مصروف ہیں‘ یہ حرکت سر عام اسلام آباد کے ہائس سپاٹ ہوٹل پر ہو رہی تھی جناح کی ٹیم نے چھاپا مارا گاڑیوں کے نمبروں کی تصاویر کھینچی اور اخبارات میں شائع کی اس قسم کی خبریں رمضان المبارک کے مقدس و متبرک مہینے میں شائع ہوتی رہتی ہیں یہ ہمارے اسلامی ملک کا حال ہے جہاں ہر طرف فحاشی عریانی بے حیائی عام ہے جو کہ ماہ رمضان المبارک میں بھی سر عام ہوتی ہے۔

یہی عناصر عید کے دن اور بھی زیادہ جوش و خروش کے ساتھ بے حیائی فحاشی اور عریانی میں شامل ہوتے ہیں ہر طرف رقص و سرور کی محافل منعقد ہوتی ہیں سرکس و میلے منعقد ہوتے ہیں جہاں پر ہمارے گھروں کی عزتیں (ہماری بہنیں بیٹیاں) سر عام مردوں کے ساتھ گھومتی پھرتی ہیں ان کے لباس ان کی عادات واطوار نہایت شرمناک ہوتے ہیں ذرا ایک لمحہ کے لئے سوچیئے کہ خدا ان کو معاف کرے گا ذرا بھی نہیں ارے خدا کے بندو! کچھ سنبھلو کچھ سوچو سمجھو کچھ اپنے آپ کو بہتر کرو اور فحاشی اور عریانی کے خلاف جہاد کرو۔

اسی طرح آقائے نامدار مدنی تاجدار مدینہ علیہ الصلوۃ والسلام نے اس نعمت عظمی کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ

Scanned with CamScanner

﴿فاذا کان یوم عیدهم یعنی یوم فطرهم باهی بهم ملائکة فقال یا ملائکة ماجزاء اجر وفی عمله قالوا ربنا جزائه این یوفی اجره قال ملائکة عبدی وامائی قضوا فریضة علیهم ثم خرضوا ویعجون الی الدعاء وعزتی وجلالی وکرمی وعلوی وارتفائی مکانی ولاجیبنهم فیقولوا ارجعوا دفقد غفرت حکم وبدلت سیئاتکم حسنات قال فیرجعون مغفور الهم﴾

(الترغیب والترہیب، مشکوٰۃ شریف ص۱۸۲، بیہقی شعب الایمان)

جب عید الفطر کا دن ہوتا ہے تو خداوند قدوس اپنے ملائکہ کے سامنے اپنے بندوں کی عبادت پر فخر فرماتا ہے اور فرماتا ہے کہ اے میرے فرشتو! اس مزدور کے لئے جو اپنی مزدوری پوری پوری ادا کرے کیا بدلہ ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار اس کا بدلہ یہی ہے کہ اس کی اجرت پوری پوری ادا کی جائے تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اے میرے ملائکہ! میرے غلاموں اور باندیوں نے میرا فریضہ پورا کر دیا پھر دعا کے لئے چلاتے ہوئے عیدگاہ کی طرف نکلے ہیں میری عزت، جلال اور بلندی مرتبہ کی قسم میں ان لوگوں کی دعا کو ضرور قبول کروں گا پھر ارشاد فرماتا ہے کہ لوگو! واپس جاؤ میں نے تمہارے گناہ معاف کر دیے ہیں اور تمہاری بدیوں کو نیکیوں سے بدل دیا ہے۔

سرکار مدینہ سرور قلب وسینہ جناب محمد مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد عالیشان ہے کہ وہ لوگ عیدگاہ سے اس طرح (حال) واپس لوٹتے ہیں کہ وہ بخشے ہوتے ہیں۔

## قارئین ذی وقار:۔

عید الفطر اور عید الاضحیٰ ہمارے لئے عید سعید ہے اور ہم اس کو عید وعید منا رہے ہیں ارے خدا کے بندو! عید میٹھا کھانا کھانا، اچھے اچھے نئے کپڑے پہننے کا نام عید نہیں ہے دین اسلام



ایک عالمگیر مذہب ہے اس لئے اس نے سب کے ساتھ بھلائی کا درس دیا ہے اور اس میں امیر ہو یا غریب گورا ہو یا کالا رنگ ونسل کی کوئی تمیز نہیں ہے اس نے عید سعید کے ہنگاموں سے لطف اندوز ہونے کی اجازت صرف محدود حلقہ کو نہیں دی بلکہ اپنے تمام پیروکاروں کو اس نعمت عظمیٰ سے لطف اندوز ہونے کی اجازت دی ہے یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ جو امراء ہیں وہ تو اس نعمت عظمیٰ کے ہنگاموں سے لطف اندوز ہوں گے مگر وہ جو غرباء ومساکین ہیں وہ عید سے کس طرح لطف اندوز ہوں گے؟

برادران اسلام:۔ اسلام نے مسلمان کو مسلمان کا بھائی قرار دیا ہے اور اسنے امراء کو یہ درس دیا ہے کہ تم خوشیاں ضرور مناؤ مگر اپنے قرب وجوار کے غرباء کو دیکھو ان کا جائزہ لو ان کا مشاہدہ کرو۔ یہ لوگ مذہبی ناطے میں تمہارے بھائی ہیں مگر غریبی ومفلسی کے باعث اس نعمت عظمیٰ کے ہنگاموں سے لطف اندوز ہونے سے قاصر ہیں نئے کپڑے خود پہننے سے قبل ان کو کپڑے پہناؤ ان کو اچھے اچھے کھانے کھلاؤ اپنی مانگ سجانے سے قبل ہی ان غریب ومفلس اور نادار حضرات کی مانگ میں خوشی کا سندور بھر دو تا کہ یہ تمہارے مذہبی بھائی تمہارے ساتھ مل کر عید کی خوشیوں سے لطف اندوز ہوں میرے بھائیو اگر تم خود نئے کپڑے پہنو اچھے اچھے کھانے کھاؤ لیکن تمہارا دوسرا مفلس ونادار مذہبی بھائی ان سب نعمتوں سے محروم ہو تو اس صورت میں تم ہی محفل کے روح رواں ہوں گے مگر تمہارے یہ مفلس ونادار بھائی عید کے جشن میں تمہارے ساتھ شریک نہ ہو سکیں گے۔

عید وہ نعمتِ عظمیٰ ہے کہ جس کے بارے میں ہمارے رحیم وکریم آقا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ ''عید کے روز اللہ رب العزت زمین پر کچھ فرشتوں کا نزول کرتا ہے جو منادی کرتے ہیں کہ اے غلامان محمد ﷺ چلو اور اپنے رب کریم کے حضور میں آؤ۔ جو کہ لازوال بخشش والا ہے۔ تھوڑے سے تھوڑا نیک عمل بھی قبول فرماتا ہے۔ اور بڑے سے بڑا گناہ بھی

معاف کر دیتا ہے پھر جب سب لوگ میدان عیدگاہ میں جمع ہوتے ہیں۔ تو رب کریم خوش وخرم ہو کر اپنے ملائکہ سے فرماتا ہے اے میرے فرشتو تم نے دیکھا کہ امتِ محمدیہ پر میں نے رمضان کے روزے فرض کیئے تھے۔ انہوں نے مہینے بھر کے روزے رکھے۔ مسجدوں کو آباد کیا اور میرے کلام مجید کی تلاوت کی اپنی خواہشوں کو روکا اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کی اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کی اور اب اور اب سے اظہار تشکر کیلئے میری بارگاہ میں حاضر ہیں۔ میں انکو بہشت میں انکے اعمال کا بدلہ دونگا پھر (رب کریم) ارشاد فرماتا ہے۔ اے امتیانِ محمد ﷺ جو چاہو مانگو۔ اپنی عزت وجلال کی قسم۔ اس موقع پر مجھ سے جو کچھ مانگو گے میں تم کو عطا کرونگا۔ تم عیدگاہ سے پاک وصاف ہوکر نکلو گے۔ تم مجھ سے خوش ہو اور میں تم سے راضی ہوں۔ اور یہ ارشادات سن کر ملائکہ خوش وخرم ہوتے ہیں اور اس کی امتیان محمد ﷺ کو بشارت سناتے ہیں۔ (تذکرۃ الواعظین ص ۳۶۲)

## قارئینِ محترم!

دیکھ لیجئے: خدا کتنا ہی رحیم وکریم ہے کہ وہ اس متبرک ومقدس دن کو آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے سے ان کے امتیوں کے بڑے سے بڑے گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔ تو یہ لوگ عیدگاہ سے اس طرح واپس لوٹتے ہیں کہ وہ بالکل گناہوں سے پاک وصاف ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کی عبادت دیکھ کر رب کریم اپنے ملائکہ سے فخر کرتا ہے۔ اور اُن کی عبادت کو پسند کرتا۔ تو کتنا ہی اچھا ہو کہ عوام اپنے ساتھ اپنے مفلس ونادار بھائیوں کو خوشیوں میں شامل کریں۔

عید کے دن نئے نئے کپڑے پہننا، اچھے اچھے کھانے کھانا یہ مفہوم عید نہیں بلکہ نادار لوگوں کو بھی اپنے ساتھ خوشیوں میں شامل کرنا۔ اللہ کی رضا وخوشنودی حاصل کرنا۔ دراصل صحیح خوشی یہ ہے کہ خدا ہم سے خوش ہوجائے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ ملاحظہ فرمائیں۔



حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عید کے دن اپنے بیٹے کو پرانی قمیض پہنے دیکھا تو رو پڑے۔ بیٹے نے کہا ابا جان! آپ کس لئے روتے ہیں؟ آپ نے فرمایا اے بیٹے مجھے اندیشہ ہے کہ آج عید کے دن جب لڑکے تجھے پھٹے پرانے کپڑوں میں دیکھیں گے تو تیرا دل ٹوٹ جائے گا۔ بیٹے نے جواب دیا۔ دل اس کا ٹوٹے گا جو رضائے الٰہی کو نہ پاسکا یا اس کا جس نے ماں یا باپ کی نافرمانی کی ہو۔ اور مجھ کو امید ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی رضامندی کے طفیل مجھ سے راضی ہے۔ یہ سن کر حضرت عمر رو پڑے اور بیٹے کو گلے لگالیا اس کیلئے دعا کی۔

کسی شاعر نے کیا ہی خوب کہا ہے۔

قالوا اغدًا العيد ما ذا انت لابسه — قلت خلعة ساقٍ عبده الحرعا
فقر وصبر ثوبان بينهما — قلب يرى ربه اعيا داو الجمعا
العيد لي ماتم ان غبت يا اقلي — والعيد ان كنت لي تراء مستمعا

ا۔ انہوں کہا کل عید ہے تم کیا پہنو گے؟ میں نے کہا ایسی پوشاک جس نے بندے کو رفتہ رفتہ بہت کچھ دیا۔

۲۔ فقر اور صبر دو کپڑے ہیں ان کے درمیان دل ہے جس کو اس کا مالک عیدوں اور جمعوں میں دیکھتا ہے۔

۳۔ تب میری عید نہیں ہوگی اے امید اگر تو مجھ سے غائب ہوجائے اور اگر تو میرے سامنے اور کانوں کے قریب ہوئی تو پھر میری عید ہوگی۔

(مکاشفۃ القلوب مترجم ص ۶۵۲ باب نمبر ۱۰۴)

عید الفطر ایک متبرک دن ہے کہ اس دن لوگ ایک دوسرے کو عید کی مبارکباد دیتے ہیں۔ ہر طرف سے ''السلام علیکم'' کی صدائیں آتی ہیں لوگ گلے ملتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مسلمانوں کی باہمی محبت ویگانگت ترقی پاتی ہے۔ عید ہمیں عالمگیر اخوت اور بھائی چارے کا درس

Scanned with CamScanner

دیتی ہے۔عید کے بابرکت دن کی وجہ سے لوگوں کی باہمی کدورتیں اور دشمنیاں محبت والفت میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔

صدقہ فطر شریعت اسلامیہ کی رو سے نماز عید الفطر سے قبل ادا کرنا ہر صاحب حیثیت اور صاحب نصاب مسلمان پر لازم ہے۔صدقہ فطر ہی کی وجہ سے اس عید کو عید الفطر کہتے ہیں۔صدقہ فطر اڑھائی کلوگرام فی کس کے حساب سے ادا کیا جاتا (صدقہ فطر کے احکام و مسائل آپ اگلے باب میں ملاحظہ فرمائیں گی)

اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ غریب و مفلس اور نادار افراد بھی اس عید کی خوشیوں اور مسرتوں میں ہمارے ساتھ شریک ہو سکیں۔اور یہ دین اسلام کا امتیاز ہے اسلامی احکام میں یہی حکمت رکھی گئی ہے کہ امراء اور صاحب حیثیت لوگ اپنے غریب اور کم حیثیت مذہبی بھائیوں کا احساس رکھیں اور ان سے پوری پوری ہمدردی کریں اور ان سے پیار اور محبت سے پیش آئیں۔اور اپنے ساتھ عید کی خوشیوں میں شریک کریں۔

عید کے دن جب لوگ عید گاہ کی طرف روانہ ہوتے ہیں تو بڑا ہی حسین وجمیل منظر ہوتا ہے۔رنگ برنگ اور زرق برق کے لباس عجیب بہار دیتے ہیں۔نماز عید عظیم اجتماع اسلامی تہذیب وتمدن کا مظہر ہے اس سے شوکت اسلام کا اظہار ہوتا ہے۔عید کا اجتماع ہمیں اتحاد کا درس دیتا ہے۔اس میں غریب و مسکین، مفلس و نادار امراء اور صاحب حیثیت لوگ اکٹھے مل کر نماز عید ادا کرتے ہیں۔اجتماعی دعا ہوتی ہے جس میں ملک کی سلامتی، رب کی رحمتوں اور برکتوں کا سوال کیا جاتا ہے۔اور یہ دعا کی جاتی ہے کہ آنے والے دن رحمتوں کا پیغام لیکر آئیں۔

عید میلاد النبی و عید الفطر اور عید الضحیٰ یہ اہم اسلامی تہوار ہیں۔ہر سال میں یہ تہوار نہایت تزک و احتشام کے ساتھ منائے جاتے ہیں۔یہ تہوار اسلامی اقدار وروایات کی عکاسی کرتے ہیں۔ان تہواروں سے خوشی و مسرت، سیر و تفریح اور شان وشوکت کا اظہار ہوتا ہے



۔اس لئے ان عظیم اور متبرک تہواروں میں ناجائز اور لغو باتوں سے مکمل طور پر اجتناب کیا جائے

مگر افسوس صد افسوس ان مسلمانوں پر جو بڑی مشکل کے ساتھ ماہ رمضان المبارک گزارتے ہیں۔جب شوال کا چاند نظر آتا ہے چاند رات کو ہر طرف بازاروں میں گہما گہمی ہوتی ہے۔عورتیں اور مرد ایک ساتھ چل رہے ہوتے ہیں۔عورتیں غیر محرموں کے ساتھ گھوم پھر رہی ہوتی ہیں۔ماڈرن لباس زیب تن کیا ہوتا ہے۔قمیض ایسی کہ سارے بازو ننگے ہوتے ہیں۔اور باقی لباس اس طرح کا ہوتا ہے کہ سارا جسم واضح نظر آتا ہے۔جب کہ عورت کا سارا جسم ستر عورت ہے۔اسلام میں اس قدر پردہ کی تاکید ہے کہ (آقائے نامدار مدنی تاجدار علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ''جب تک کسی عورت کا بال ننگا رہتا ہے تو سارے فرشتے اس عورت پر لعنت بھیجتے ہیں''۔)

ساتھ ساتھ ہماری بگڑی ہوئی نوجوان نسل نے ہر طرف ڈیک لگائے ہوتے ہیں گانے سنے سنائے جاتے ہیں۔سیٹیاں ماری جاتی ہیں۔ہماری آج کی بگڑی ہوئی نوجوان نسل مغرب کی تقلید کر رہی ہے۔یہ نوجوان نسل دوشیزاؤں کے ساتھ خوش گپیوں میں مشغول ہوتی ہے۔موٹر سائیکلوں پر نوجوان لڑکیوں کو اپنے ساتھ پیچھے بٹھا کر ریس لگائی جاتی ہے۔جس کے نتیجے میں ایکسیڈنٹ ہوتے ہیں۔اپنے ہاتھ اور پاؤں تڑوا کر بیٹھ جاتے ہیں کہیں سڑکوں پر اپنے آپ کو نمایاں کرنے کے لئے ریس لگاتے ہیں اصل میں ہماری یہ نوجوان نسل قبر اور قیامت سے بے خوف ہو گئی ہے انکی شکل وصورت یہود ونصاریٰ کے ساتھ ملتی ہے انکی عکاسی اقبال یوں کرتے ہیں۔

وضع میں ہو تم نصاریٰ تو تمدن میں ہنود    یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود
یوں تو سید بھی ہو مرزا بھی ہو افغان بھی ہو    تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تم مسلمان بھی ہو؟

میرے بھائیو! کتنا ہی اچھا ہو کہ ہم یہ وقت جو برائی میں گزارتے ہیں ہم عبادت

Scanned with CamScanner

خداوندی میں گزاریں خدا کو یاد کریں ذرا قبر کو اور قیامت کے احوال وغیرہ کو یاد کریں تا کہ ہماری دین و دنیا سنور جائے اور ہم ان برائیوں سے بچ جائیں ساری زندگی غفلت میں گزر رہی ہے ہم گناہوں سے توبہ بالکل نہیں کر رہے قبر اور قیامت ہمیں بالکل یاد ہی نہیں میرے بھائیوں غفلت سے ہمیں آخرت میں شرمندگی اٹھانی پڑے گی اسی لئے فرمان خداوندی ہے کہ ﴿واتقوا الله ان الله خبیر بما تعملون﴾ (اور اللہ سے ڈرو بیشک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے آگاہ ہے اور خبر رکھتا ہے)

میرے بھائیو! غفلت کی زندگی نہ گزارو غفلت سے شرمندگی ہوا کرتی ہے اور اس کی وجہ سے نعمت زائل ہو جاتی ہے غفلت کی وجہ سے خدمت کا جذبہ کم ہو جاتا ہے اور ملامت و پشیمانی اور حسد کی فراوانی ہوتی ہے۔

ایک دفعہ ایک نیک آدمی نے اپنے استاد کو خواب میں دیکھا اور پوچھا آپ کے نزدیک سب سے بڑی حسرت کونسی ہے؟ جواب دیا غفلت کی حسرت سب سے بڑی ہے شاعر کہتا ہے۔

انت فی غفلت وقلبک ساھی ذھب العمر والذنوب کما ھی

تو غفلت میں مبتلا ہے اور تیرا دل بھولنے والا ہے عمر ختم ہو گئی اور گناہ ویسے کے ویسے موجود ہیں۔

مضی الدھر والایام والذنب حاصل وجاء رسول الموت والقلب غافل

زمانہ گزر گیا اور گناہوں کو چھوڑ گیا موت کا قاصد آ پہنچا اور دل (خدا سے) غافل رہا۔

مکاشفۃ القلوب کے صفحہ نمبر ۶۷ پر امام غزالی رقم فرماتے ہیں کہ حضرت شقیق بلخی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں لوگ تین باتیں محض زبانی کرتے ہیں مگر عمل اس کے خلاف کرتے ہیں۔

1۔ وہ کہتے ہیں ہم اللہ کے بندے ہیں لیکن کام غلاموں جیسے نہیں کرتے بلکہ آزادوں کی طرح اپنی مرضی پر چلتے ہیں۔



2۔ یہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہی ہمیں رزق دیتا ہے لیکن ان کے دل دنیا اور متاع دنیا جمع کیے بغیر مطمئن نہیں ہوتے اور یہ ان کے اقرار کے سراسر خلاف ہے۔

3۔ کہتے ہیں کہ آخر ہمیں مرجانا ہے مگر کام ایسے کرتے ہیں کہ جیسے ان کو کبھی مرنا ہی نہیں۔

کیا ہمارا شمار انہی افراد میں نہیں ہوتا؟ ذرا سوچئے پھر فیصلہ کیجئے کہ ہمارا کیا بنے گا؟

میرے بھائیو کچھ خدا کا خوف کرو اندھیری کوٹھڑی کے لئے کچھ تیار کیجئے جس میں بچھوؤں سانپوں کا بسیرا ہوگا امید ہے کہ آپ اس طرح غور و فکر کریں گے انشاء اللہ۔

ہمارے ملک پاکستان کے دارالحکومت اور اس کے دل یعنی اسلام آباد اور لاہور کی حالت دیکھ کر تو دل خون کے آنسو روتا ہے ہر طرف بے حیائی عام ہے ہمارے گھروں کی زینت سڑکوں پر بازاروں میں تھیٹروں میں سینما گھروں میں دندناتی پھرتی ہے یہی حالت ہمارے ملک کے دیگر شہروں میں ہے بے حیائی بیغیرتی عام ہے ان کی عادات و اطوار چال چلن سب کچھ اسلام کے منافی ہے نام اسلامی ہیں مگر کام غیر اسلامی۔ لعنت ہے ایسے مردوں اور عورتوں پر صد افسوس ہے ان پر۔

بہر حال میں امید کرتا ہوں کہ آپ ان بے حیائی کے کاموں کو چھوڑ کر اپنی عادات و اطوار شکل و صورت چال چلن سب کچھ اسلامی طریقوں کے مطابق بنائیں گے۔

شاید کہ اتر جائے تیرے دل میں میری بات

بہر حال میرے بھائیو! عید کا تہوار ہر قوم و ملت کے لوگ اپنے اپنے عقائد و تصورات کے مطابق مناتے ہیں مگر مسلمان چونکہ سب سے جدا ایک الگ حیثیت کے حامل ہیں مسلمان قوم چونکہ اپنی فطرت عقائد و نظریات اور ملی اقدار کے لحاظ سے دنیا کی تمام اقوام و ملل سے منفرد اور ممتاز ہے اس لئے اس کا عید منانے کا انداز سب سے نرالا ہے حضرت اقبال بول اٹھے کہ

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی

Scanned with CamScanner

دراصل عید اور اسلام میں روح کی لطافت بدن ولباس کی طہارت وصفائی وقلب کے تزکیے مجموعی شخصیت کی نفاست کے ساتھ بصد عجز وانکسار وبغایت خشوع وخضوع تمام مسلمانوں کا اسلامی اتحاد واخوت کے جذبے سے سرشار ہوکر اللہ رب العزت کی بارگاہ اقدس میں سجدہ شکر ادا کرنے کا نام عید ہے۔

عید کے متعلق آقائے کریم ﷺ سے حضرت ابو ہریرہ روایت کرتے ہیں کہ اپنی عیدوں کو تکبیروں سے زینت بخشو حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ جس شخص نے عید کے دن تین سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ پڑھا اور مسلمان مرنے والوں کی روحوں کو اس کا ثواب ہدیہ کیا تو ہر مسلمان کی قبر میں ایک ہزار انوار داخل ہوتے ہیں اور جب وہ مرے گا اللہ تعالی اس کی قبر میں ایک ہزار انوار داخل فرمائے گا۔

## زندگی کا مقصد:۔

میرے بھائیو! ہماری زندگیوں کا کیا مقصد ہے؟ ہماری زندگیوں کا مقصد بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کرنا کھانا پینا سونا کپڑے پہننا نہیں ہماری زندگی کا مقصد قرآن کریم فرقان حمید بتاتا ہے ﴿وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون﴾

میں نے جن وانس کو پیدا نہیں کیا مگر اپنی عبادت کے لئے پھر سورہ ملک میں ارشاد فرمایا کہ ﴿خلق الموت والحیوۃ لیبلوکم ایکم احسن عملا﴾

(پارہ نمبر ۲۹ سورہ ملک آیت ۲)

کنز الایمان میں اعلی حضرت اس کا ترجمہ یوں فرماتے ہیں کہ ''موت اور زندگی پیدا کی تمہاری جانچ ہو (دنیاوی زندگی میں) تم میں سے کون کام کا زیادہ اچھا ہے۔

## خدا کی رضا:۔



اللہ تعالی دیکھنا چاہتا ہے کہ تم میں سے کونسا شخص زیادہ مطیع وفرمانبردار ہے کونسا زیادہ مخلص خدا کی عبادت کرنے والا ہے کون خدا کی رضا کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کرنے والا ہے کون خدا کی رضا کی خاطر دوسروں کو دوست رکھتا ہے اور خدا کی رضا ہی کی خاطر دوسرے افراد سے دشمنی رکھتا ہے۔

لہذا میرے بھائیو بے حیائی اور فحاشی وعیاشی اور خرافات کا ارتکاب کرکے اس یوم سعید (یوم عید) کو اپنے لئے یوم وعید نہ بنائیں شاعر کہتا ہے

لیس العید لمن لبس الجدید    انما العید لمن خاف الوعید

یعنی عید اسکی نہیں جس نے نئے کپڑے پہن لئے عید تو اسکی ہے جو عذاب الہی سے ڈر گیا۔

آج ہم اپنے نہایت برے اعمال کے ساتھ عذاب الہی کو دعوت دے رہے ہیں خداوند کریم کو للکار رہے ہیں مگر جب خداوند کریم اپنے ہاتھ کو ذرا ہی حرکت دیتا ہے تو ہر طرف لاشیں ہی لاشیں ہوتی ہیں لہذا عید کو عید ہی رہنے دیجئے اس کو وعید نہ بنایئے مہربانی۔ اگر آپ خود ڈوبنا چاہتے ہیں تو دوسروں کو ساتھ لیکر کیوں ڈوب رہے ہیں آپ گناہ کو پسند کرتے ہیں بے حیائی و بے شرمی وبدکاری کو پسند کرتے ہیں تو پھر زمین پر یا کسی کائنات میں ایسی جگہ کو تلاش کریں جہاں پر خدا نہ دیکھ رہا ہو جہاں پر خدا کا عذاب نہ آسکے تو یہ ناممکن ہے تو خوف خدا کرو اور برائی سے اجتناب کرو۔

ہمارے ملک پاکستان جس کو ہمارے آباؤ اجداد نے اسلام کے نام پر حاصل کیا تھا جس کے لئے ہماری ماؤں نے اپنے بیٹوں کو سینے سے جدا کیا بیویوں نے اپنے شوہروں کو قربان کیا ماؤں بہنوں کی عزت کو انگریزوں نے لوٹا لاکھ بچے یتیم ہوئے جس کے لئے ہر ایک نے یہ نعرہ بلند کیا کہ ''پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ آج اس ملک کی حالت اس قدر بگڑ چکی ہے

Scanned with CamScanner

کہ اس ملک پاکستان کا دل داتا کی نگری لاہور میں میراتھن ریس کا انعقاد کیا جاتا ہے ۲۹ جنوری ۲۰۰۶ کو لاہور میں یہ ریس منعقد ہوئی یاد رہے کہ اس سے قبل بھی یہ ریس منعقد ہو چکی ہے یہ ریس ہر سال منعقد ہوتی ہے۔

یہ ریس اس بات کی واضح دلیل ہے کہ ہماری قوم خواب غفلت میں سوئی ہوئی ہے جس کو بیدار کرنے کے لئے آج ایک مرتبہ پھر شاعر مشرق قلندر لاہوری حضرت علامہ اقبال کی ضرورت ہے یہ ریس ہماری بے شرمی و بے حیائی کی واضح دلیل ہے یہ ریس ہمیں یہ بتانا چاہتی ہے کہ ہمارے اور غیر مسلموں (خصوصاً عیسائیوں اور ہندوؤں) کے درمیان سوائے مذہب کے اور کسی چیز کا فرق نہیں ہے ہم غیر مسلموں کی تقلید کر رہے ہیں یہ مخلوط ریس ہمارے چہروں پر زوردار طمانچہ ہے کہ تم مسلمان ہو کر یہ بے غیرتی کے کام کر رہے ہو کیا تم سے شرم نام کی چیز ختم ہو چکی ہے؟

ادھر ہمارے زلزلہ سے متاثر بھائی سردی سے مر رہے ہیں ادھر ہماری فیشن پرست ماڈرن قوم میں ریس کا انعقاد کر رہی ہے آج پھر کسی محمد بن قاسم کی ضرورت ہے آج پھر کسی محمود غزنوی کی ضرورت ہے کیا آج کے دور کی کوئی ماں کسی محمد بن قاسم کو کسی محمود غزنوی کو جنم دے گی؟ جو آکر ہمیں اس قسم کی بے غیرتیوں اور بے شرمیوں سے بچائے۔ خدا کوئی محمود غزنوی اور محمد بن قاسم کو پیدا کرے آمین ثم آمین۔

برادران عزیز! ہمیں اس قسم کی بے شمار بے حیائیوں کے خلاف اٹھنا پڑے گا اور ہمیں اپنی بہنوں اور ماؤں کی عصمت کی حفاظت کرنا پڑے گی ان کے ننگے سروں کو ڈھانپنا پڑے گا ان کے ننگے سروں کو ڈھانپنے کے لئے آسمان سے کسی پیکر نوری کا نزول نہیں ہوگا بلکہ اس کے بار کو ہمیں اپنے کندھوں پر اٹھانا پڑے گا اگر ہم یہ طاقت نہیں رکھتے تو ہمیں ڈوب کر مر جانا چاہیے جب کسی قوم کی بیٹیاں ننگے سر ہو جائیں تو اصل میں بیٹیاں ہی ننگے سر نہیں ہوتیں بلکہ اس قوم کی غیرت کا جنازہ نکل جاتا ہے اس قسم کی قوموں کو زندہ رہنے کا کوئی حق حاصل نہیں دراصل یہ قومیں



بے غیرت ہو جاتی ہیں۔

میری یہ دعا ہے کہ خداوند قدوس اپنے حبیب کریم علیہ الصلوۃ والسلام کے صدقے سیدھے راستے کو دکھانے کے بعد ہمیں اس پر گامزن بھی فرمائے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکرانہ ادا کرنے کی توفیق دے اور عید کو عید ہی رکھنے کی توفیق دے نہ کے عید وعید بنانے کی اور پاکستان میں اسلامی حکومت کا نفاذ کرے۔ اور ہماری غیرت ایمانی کو زندہ کرے اور ہمیں شیطان کے جال سے محفوظ رکھے آمین ثم آمین بجاہ النبی الکریم الامین۔

Scanned with CamScanner

# باب نمبر:7 مسائل رمضان

## حضرات گرامی!

میں اب مختصر طور پر رمضان کے مسائل ذکر کروں گا اگر اس میں غلطی پائیں تو وہ میری طرف سے ہوگی اور اگر اس کو صحیح پائیں تو یہ خداوند کے فضل وکرم کے باعث سمجھیں میں پوری کوشش کروں گا صحیح صحیح مفتی بہ مسائل بحوالہ کتب آپ کے سامنے رکھوں خدا مجھے صحیح صحیح مسائل کو آپ تک پہنچانے کی توفیق دے آمین ثم آمین بجاہ النبی الکریم۔

نماز کی طرح روزہ بھی فرض عین ہے جو کہ ہر ایک کے لئے رکھنا ضروری ہے اور اسکی فرضیت کا انکار کرنے والا کافر اور بلا عذر اسکو ترک کرنے والا سخت گناہ گار اور عذاب جہنم کا مستحق ہے

بے روزہ کے بارے میں آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام کی حدیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے بغیر کسی وجہ کے (بلا عذر) رمضان المبارک کا ایک روزہ ترک کر دیا تو ساری عمر کے روزے اسکی قضاء نہیں بن سکتے (نیز فرمایا کہ) ﴿ویحرک فی الجحیم لتسع ماۃ الف سنۃ بسبب فطار الصوم الواحد﴾ اور اسے ایک روزہ چھوڑنے کی سزا میں نو لاکھ سال جہنم میں جلایا جائے گا (تذکرۃ الواعظین ص ۳۱۰)

اسی طرح درۃ الناصحین جلد نمبر ۲ صفحہ نمبر ۲۶۸ میں حدیث مبارکہ رقم فرماتے ہیں (جسکا مفہوم کچھ یوں ہے) آقائے کریم رووف الرحیم علیہ الصلوۃ والسلام ایک مرتبہ مسجد نبوی میں تشریف لائے اور وعظ ونصیحت فرمانے کے لئے منبر کے پہلے درجہ پر قدم مبارک رکھا تو فرمایا آمین پھر دوسرے پر قدم رکھا اور فرمایا آمین پھر تیسرے پر قدم رکھا تو فرمایا آمین تو صحابہ نے

Scanned with CamScanner



عرض کی یا حبیب اللہ آپ نے آج وہ عمل کیا ہے جو آپ نے کبھی نہیں کیا۔

آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس حضرت جبریل امیں تشریف لائے تھے اور دعا کی کہ کسی نے رمضان المبارک کا مہینہ پایا اور تمام روزے نہ رکھے وہ ہلاک ہو میں نے کہا آمین پھر کہا کسی نے والدین کو بڑھاپے میں پایا اور جنت میں داخل نہ ہو میں نے کہا آمین پھر کہا کہ جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اس نے مجھ پر درود نہ پڑھا تو وہ ہلاک ہو میں نے کہا آمین۔

حضرات محترم:۔ ذرا خود سوچئے کہ جب دعا کرنے والے جبریل امیں ہوں اور آمین کہنے والے آقائے کریم علیہ الصلوۃ والسلام ہوں تو خدا کیوں نہیں دعا قبول کرے گا بہر حال میں پہلے ان افراد کا ذکر کروں گا جن کو روزہ کی رخصت ہے۔

مسافر کو رخصت ہے لیکن اگر طاقت رکھتا ہو تو اس کا روزہ رکھنا پسندیدہ ہے اس سفر کا اعتبار ہوگا جو سفر شرعی ہو اور سفر شرعی وہ سفر ہے کہ جو تین دن اور تین راتوں کا سفر ہو علمائے کرام نے تقریبا ۹۸ کلومیٹر کو سفر شرعی قرار دیا ہے۔ (تبیان القرآن، ردالمختار)

کوئی مریض ہے کہ جس کو بیماری کے بڑھ جانے کا خوف ہو کمزوری بے حد زیادہ ہو جان کا خطرہ ہو یا کوئی پاگل ہو یا جہاد کر رہا ہو تو اس کو روزہ کی رخصت ہے

(ردالمختار، کنز الدقائق)

اگر کوئی حامل خاتون ہے اور اس کو روزہ رکھنے سے اپنی جان کا خدشہ ہے یا بچہ کی جان کا یا کوئی دودھ پلانے والی خاتون ہے اور اس کو روزہ رکھنے کی وجہ سے دودھ کے سوکھ جانے کا اندیشہ ہو یا بچہ یا اپنی جان کا خدشہ ہو تو اس کو روزے کی رخصت ہے۔

یا کوئی شیخ فانی ہے ایسا بوڑھا ہے کہ جس کو روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو اور آئندہ امید نہ ہو کہ کبھی طاقت ملے گی تو وہ روزہ نہ رکھے بلکہ دونوں وقت ایک مسکین کو پیٹ بھر کر کھانا کھلائے یا

کسی کو (مسکین) صدقہ فطر ادا کرے تو یہ ایک روزے کا فدیہ ہے۔
(کنز الدقائق، جنتی زیور)

یہ چند افراد ہیں کہ جن کو روزے کی رخصت ہے ان کے روزہ نہ رکھنے سے یہ عتاب کے مستحق نہ ہوں گے یہ بعد میں ان روزوں کی قضاء ادا کریں گے سوائے شیخ فانی کے۔

اور ان کے لئے بہتر یہ ہے کہ وہ اعلانیہ طور پر روزے داروں کے سامنے نہ کھائیں بلکہ ان سے چھپ کر کھائیں۔

ان افراد کے علاوہ کوئی اور فرد روزہ نہیں چھوڑ سکتا کیونکہ بغیر عذر کے روزہ چھوڑنے کا بے حد گناہ ہے روزہ تو پہلی امتوں اور نبیوں کی سنت بھی ہے۔

## مفسدات روزہ:۔

اب میں ان چیزوں کا ذکر کروں گا جن سے روزہ فاسد ہوتا ہے

(۱)۔روزہ تین باتوں سے فاسد ہوتا ہے جماع کرنا اگرچہ انزال نہ ہو چھونا اس حالت میں کہ انزال ہوا اور باہر سے کوئی چیز جوف میں داخل ہو کہ باہر اس کا علاقہ نہ رہے (درمختار ج ۱ ص ۱۵۰)

(۲)۔اگر کسی نے بوس و کنار کیا اور انزال ہو گیا تو روزہ فاسد ہے قضا ہوگی کفارہ نہیں اگر روزے کی حالت میں کسی نے خشک یا تر چیز فرج داخل میں رکھی اور فرج داخل کے اندر بالکل غائب ہو گئی تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۴۸۱)

(۳)۔شرم گاہ کے دخول سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے قضا اور کفارہ لازم آتا ہے چاہے منی خارج ہو یا منی خارج نہ ہو روزہ فاسد ہوگا۔

(۴)۔اگر کسی نے کنکری یا پتھر وغیرہ نگل لیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا مگر کفارہ لازم نہیں آئے گا قضاء کرے گا۔ (درالمختار علی ھامش ردالمحتار ج ۲ ص ۱۴۰، فتاوی دیوبند ج ۶ ص ۴۱۹)



(۵)۔اگر کسی نے پان تمباکو وغیرہ کو کھا لیا تو اس کا روزہ فاسد ہو جائے گا قضا لازم آئے گی (فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۴۸۶)

یاد رہے کہ اگر کسی کو کھٹی ڈکاریں آئی تو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوتا (فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۴۸۶)

(۶)۔اگر کوئی چیز مثلا دانتوں کا خون اور کوئی مواد اندر چلا گیا تو روزہ فاسد ہو جائے گا ردالمحتار میں اس کے بارے میں پوری عبارت یوں ہے کہ ﴿خرج الدمن بین اثنانه و دخل حلقه یعنی ولم یصل الی جوفه اما اذا وصل فان غلب الدم او تساویا فسد والا لا﴾ (فتاوی رضویہ) کلی یا مسواک کرتے وقت اگر دانتوں سے تھوڑی مقدار میں خون نکلا اور روزے دار نے اس کو تھوک دیا تو روزہ فاسد نہیں ہوگا (فتاوی رضویہ ج ۱۰ ص ۵۰۸)

## قارئین گرامی:۔

رمضان المقدس میں روزے دار کو دانت نکلوانے سے پرہیز کرنا چاہیے کیونکہ اس کی وجہ سے بڑی احتیاط کے باوجود خون حلق میں چلا جاتا ہے تو اس طرح خون کے اندر چلے جانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے۔

(۷)۔کان میں دوائی یا تیل ڈالا تو روزہ فاسد ہو جائے گا اگر پانی [illegible] کے اندر چلا جائے تو روزہ فاسد نہ ہوگا۔ (فتاوی رضویہ)

(۸)۔اگر کسی کو قے آئے اور خود بخود آئے تو روزہ نہ ٹوٹے گا اگر قصداً [illegible] تو روزہ فاسد ہوگا یعنی اگر کسی نے قے کی مگر وہ منہ بھر کے نہ تھی تو روزہ نہ ٹوٹے گا۔ (فتاوی رضویہ)

(۹)۔روزے میں انجکشن لگوانے سے پرہیز کرنی چاہیے اس کے بارے میں علمائے کرام کا اختلاف ہے انجکشن اگر بحالت مجبوری لگوایا تو اسکی قضا کرنی چاہیے کیونکہ [illegible] انسانی جسم سے

Scanned with CamScanner

اندر مدافعتی قوت کا کام کرتا ہے۔

(۱۰)۔ اگر انسان کو گہرا زخم آجائے اور اس پر دوائی لگائے تو دماغ تک یا شریان اور ورید تک یا پیٹ میں چلی جائے تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔ قصداً روزہ فاسد کرنے سے قضا اور کفارہ دونوں لازم آئیں گے۔ (فتاوی رضویہ)

(۱۱)۔ اگر آدمی سویا ہوا تھا کہ کوئی چیز اس کے حلق میں چلی گئی تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔

(الجوہرۃ النیرۃ ج۱ص۱۶۹)

**نوٹ:**۔ صاحب جوہرہ نیرہ رقم طراز ہیں کہ روزے کے تین درجے ہیں ایک عام لوگوں کا روزہ یہ کہ پیٹ کو کھانے پینے اور شرم گاہ کو جماع سے باز رکھنا دوسرا خواص کا روزہ کہ ان چیزوں کے علاوہ کان، آنکھ، زبان، ہاتھ، پاؤں اور تمام اعضاء کو گناہ سے باز رکھنا تیسرا خاص الخاص کا روزہ کہ جمیع ماسوا اللہ سے اپنے کو بالکل جدا کر کے صرف اسی کی طرف متوجہ ہونا۔

(۱۲)۔ رمضان کے دن میں نہ روزہ کی نیت کی ہے اور نہ یہ کہ روزہ نہیں اگرچہ معلوم ہے کہ رمضان کا مہینہ ہے تو روزہ نہ ہوا۔ (بہار شریعت حصہ پنجم ج۱ص۳۰۱)

(۱۳)۔ اگر شکر یا چینی وغیرہ اس قسم کی چیزیں منہ میں رکھیں جو گھل جاتی ہیں منہ میں رکھیں اور تھوک نگل گیا تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔ (درمختار مع ردالمحتار ج۳ص۳۶۷)

(۱۴)۔ اگر کسی نے حقنہ کروایا یا ناک کے نتھنوں میں کوئی دوائی چڑھائی تو روزہ فاسد ہوجائے گا

(فتاوی عالمگیری ج۱ص۲۰۴)

## جن سے روزہ فاسد نہیں ہوتا:۔

(۱)۔ آنکھوں میں سرمہ لگانے سے روزہ فاسد نہیں ہوتا نہ ہی بالوں میں تیل لگانے سے نہ مسواک کرنے سے برش سے پرہیز بہتر ہے (فتاوی رضویہ ج۱۰ص۵۱۰)



(۲)۔ اگر کسی نے بھول کر کھانا کھالیا یا احتلام ہوگیا یا گرد وغبار خود بخود حلق میں داخل ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (عالمگیری ج۱ص۱۷۹)

(۳)۔ اگر کسی نے بھول کر کھانا کھایا پھر یاد آیا تو بدستور کھاتا رہا تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔

(۴)۔ اگر بتی کا دھواں خود بخود داخل ہوا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ اگر قصداً داخل کیا تو روزہ فاسد ہوجائے گا۔ (ردالمحتار ج۲ص۱۳۴)

(۵)۔ اگر کسی نے فصد کھلوایا (پچھنہ لگوایا) تو روزہ فاسد نہیں ہوگا اگر ضعف کے خیال سے بچے تو مناسب اور پچکاری سے مرد کا روزہ نہ جائے گا جبکہ عورت کا روزہ جاتا رہے گا۔

(فتاوی رضویہ ج۱۰ص۴۸۷، ردالمحتار ص۱۵۰ج۱)

(۶)۔ اگر کسی نے کلی کی اور کلی کرتے ہوئے کچھ پانی منہ میں باقی رہ گیا اور روزے دار اس کو تھوک کے ساتھ نگل گیا تو روزہ فاسد نہ ہوگا۔

(بزازیہ ج۴ص۱۰۰ فتاوی رضویہ ج۱۰ص۴۹۶)

(۷)۔ کھٹی ڈکاریں آئیں تو روزہ فاسد نہ ہوگا۔ (فتاوی رضویہ)

(۸)۔ اگر کوئی عورت (جس کا شوہر سخت ہے) کھانے کو چکھے یا اپنے چھوٹے بچے کو چبا کر کھلائے تو روزہ فاسد نہ ہوگا اور اگر بغیر عذر کے چبائے یا چکھے تو روزہ فاسد ہوجائے گا

(نور الایضاح، مراقی الفلاح ص۳۷۱، فتاوی رضویہ ج۱۰ص۵۰۱)

(۹)۔ اگر کسی نے مرچیں کوٹیں یا آٹا چھانا یا کوئی دوا کوٹی حلق میں اس کا ذائقہ یا اثر معلوم ہوا تو روزہ فاسد نہ ہوگا۔ (فتاوی عالمگیری ج۱ص۱۹۰)

(۱۰)۔ اگر کسی نے چوپائے کی شرم گاہ کو چھوا اگرچہ انزال ہوگیا روزہ نہ گیا۔

(فتاوی امجدیہ، درمختار، بہار شریعت)

(۱۱)۔ جنابت کی حالت میں صبح کی بلکہ سارا دن جنبی رہا تو روزہ فاسد نہ ہوا مگر اتنی دیر حالت

Scanned with CamScanner

جنابت میں رہنا گناہ اور حرام ہے۔ (بہار شریعت، فتاوی رضویہ، درمختار)

(۱۲)۔تل یا تل کے برابر کوئی چیز چبائی اور تھوک کے ساتھ حلق میں اتر گئی روزہ فاسد نہیں ہوا۔

(بہار شریعت، فتح القدیر)

(۱۳)۔بات کرنے سے ہونٹ تر ہو گئے اور اسے پی گیا یا منہ سے رال ٹپکی مگر تار ٹوٹا نہ تھا کہ اسے چڑھا کر پی گیا یا ناک میں رینٹھ آگئی ناک سے باہر آئی منقطع نہ ہوئی تھی کہ اسے چڑھا کر نگل گیا یا کھنکار منہ میں آیا اور کھا گیا روزہ فاسد نہ ہوگا۔ مگر ان باتوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔

(فتاوی عالمگیری، فتاوی امجدیہ، ردالمحتار، درالمختار)

(۱۴)۔بھولے سے جماع کر رہا تھا کہ روزہ یاد آتے ہی الگ ہو گیا تو روزہ فاسد نہ ہوگا یا صبح صادق سے پیشتر جماع میں مشغول تھا صبح ہوتے ہی الگ ہو گیا تو روزہ فاسد نہ ہوا۔

(درمختار، بہار شریعت)

(۱۵)۔غیر سبیلین میں جماع کیا تو جب تک انزال نہ ہوا تو روزہ فاسد نہ ہوا اسی طرح ہاتھ سے منی نکالی اگرچہ یہ سخت حرام ہے تب بھی روزہ فاسد نہ ہوگا۔

(بہار شریعت ص ۴۰۹ حصہ پنجم)

## جن سے صرف قضاء لازم آتی ہے:۔

(۱)۔آنسو یا پسینے کے قطرے منہ کے اندر چلے گئے تو روزہ جاتا رہا قضا لازم آئے گی

(۲)۔اگر کسی نے قصداً قے کی تو قضاء لازم آئے گی۔

(۳)۔اگر کسی نے کسی سے جبری روزہ تڑوایا تو قضاء لازم آئے گی۔

(۴)۔اگر کسی نے بیوی کے سوتے ہی اس سے جماع کر لیا تو قضا لازم آئے گی۔

(۵)۔سحری کا وقت ختم ہو جانے کے بعد کوئی کھاتا رہا تو اس پر قضا لازم آئے گی۔



(۶)۔اگر کوئی روزے کی حالت میں بیوی سے لپٹا اور اسی حالت میں انزال ہو گیا تو روزہ کی قضاء لازم آئے گی۔ کفارہ واجب نہیں۔ (درمختار ج ۲ ص ۱۴۲)

(۷)۔اگر کسی کو احتلام ہوا اگرچہ اس حالت میں روزہ نہیں جاتا مگر اس نے یہ سمجھا کہ روزہ فاسد ہو گیا ہے اور افطار کر لیا تو قضا لازم آئے گی۔

(۸)۔اگر کسی نے شدت پیاس یا ہلاکت کے اندیشہ سے روزہ افطار کر لیا تو قضا لازم آئے گی کفارہ ساقط ہو جائے گا۔ (ردالمختار۔ج ۲ ص ۱۵۸)

(۹)۔اگر کسی کو صرف بیوی کے پاس بیٹھنے سے ہی انزال ہو گیا تو قضا لازم آئے گی کفارہ نہیں۔

(درالمختار ج ۲ ص ۱۴۲)

(۱۰)۔گمان کیا کہ سورج غروب ہو چکا ہے کھا پی لیا بعد میں معلوم ہوا کہ سورج غروب نہیں ہوا تو قضا لازم آئے گی۔

(۱۱)۔پتھر، مٹی، روئی وغیرہ یا ایسی کوئی چیز جس سے لوگ گھن کرتے ہوں تو اس کے کھانے سے قضا لازم آئے گی۔ (درالمختار)

(۱۲)۔بھول کر کھا پی لیا یا نظر کرنے سے انزال ہو گیا تو یہ گمان کر کے مزید کھایا کہ روزہ جاتا رہا تو قضا لازم ہے۔

(۱۳)۔وضو کرتے ہوئے ناک میں پانی چڑھایا تو وہ دماغ تک پہنچ گیا تو اگر اسے روزہ یاد تھا تو روزہ ٹوٹ گیا قضا لازم آئے گی اگر روزہ یاد نہیں تھا تو روزہ نہ گیا (عالمگیری ج ۱ ص ۲۰۲)

(۱۴)۔رمضان کے فرضی روزوں کے علاوہ کوئی اور روزہ توڑا تو قضا لازم ہے (درمختار)

(۱۵)۔اگر کسی نے ناک میں بحالت مجبوری دوا چڑھائی یا حقنہ کروایا تو قضا لازم آئے گی۔

(درمختار ج ۳ ص ۳۷۶)

Scanned with CamScanner

## قضا روزے رکھنے کے مسائل:۔

(۱)۔ وہ روزے جو رمضان المقدس میں نہ رکھے ہوں یا وہ روزے کہ جن کی قضا شرعی طور پر لازم ہے تو اس کو سال کے اندر اندر روزے پورے کر لینے چاہیے۔

(۲)۔ قضا روزے رکھنے کے لئے یہ لازم نہیں ہے کہ ان کے لئے کوئی دن یا تاریخ متعین کی جائے بلکہ جتنے روزے قضا ہو گئے ہیں ان کے بدلے اتنے روزے رکھ لینے چاہئیں۔

(۳)۔ جتنے روزے قضا ہو گئے ہیں خواہ وہ سب ایک دم رکھ لیں خواہ تھوڑے تھوڑے کر کے رکھیں۔ (ہدایہ)

(۴)۔ قضا روزوں کے رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ رات کو نیت کر لی جائے اگر کسی نے صبح صادق کے بعد قضا کی نیت کی تو اس کی قضا درست نہ ہوگی بلکہ وہ نفلی روزہ ہوگا۔ اور قضا کا روزہ رکھنا پھر واجب ہوگا۔

(۵)۔ اگر کسی کے دو سال کے کچھ روزے رہ گئے ہوں تو قضا کرتے ہوئے یہ تعین کرنا ضروری ہے کہ کس سال کے روزوں کی قضا کر رہا ہے۔

(۶)۔ اگر بیماری سے صحت نہیں ہوئی اور اسی حالت میں موت آ گئی یا سفر میں مر گیا تو جتنے روزے بیماری یا سفر کی وجہ سے چھوٹے ہیں آخرت میں ان کا مواخذہ نہ ہوگا کیونکہ قضا رکھنے کی ان کو مہلت ہی نہ ملی۔

(۷)۔ اگر سفر سے واپسی کے بعد اتنی مہلت مل گئی کہ چاہتا تو سب روزوں کی قضا کر سکتا تھا اس کو اپنے تمام قضا شدہ روزوں کے فدیہ کی ادائیگی کی وصیت کر دینی چاہیے۔ (فتاوی عالمگیری)

(۸)۔ اگر بیماری کے سبب رمضان المبارک کے دس روزے چھوٹ گئے اور صحت ہونے کے بعد پانچ دن زندہ رہا ہو اور روزے نہ رکھے تو اس سے پانچ روزوں کا مواخذہ ہوگا لہٰذا اسے



چاہیے کہ وہ ان دنوں کے فدیہ کی وصیت کر جائے جبکہ اس کے پاس مال موجود ہو۔ (درمختار)

(۹)۔ میت کے روزے قضا ہو گئے تھے تو اس کا ولی اسکی طرف سے فدیہ ادا کرے یعنی جب کہ وصیت کی اور مال چھوڑا ہو ورنہ ولی پر ادا ضروری نہیں کر دے تو بہتر ہے۔

(بہار شریعت ج ۱ حصہ پنجم ص ۴۱۲)

## وہ امور جن سے قضاء و کفارہ دونوں لازم آتے ہیں:۔

کفارہ کے لازم ہونے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ روزہ توڑنے کے بعد کوئی ایسا امر نہ واقع ہوا ہو جو روزہ کے منافی ہو یا بغیر اختیار ایسا امر نہ پایا گیا ہو جس کی وجہ سے روزہ افطار کرنے کی رخصت ہوتی۔ مثلاً عورت کو اسی دن حیض و نفاس آ گیا یا کسی روزے کو توڑنے کے بعد اسی دن میں ایسا بیمار ہو گیا جس میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے تو کفارہ ساقط ہے اور سفر سے ساقط نہ ہوگا کہ یہ اختیاری امر ہے۔ یوں ہی اگر اپنے آپ کو (بذات خود) زخمی کر لیا تو حالت یہ ہو گئی کہ روزہ نہ رکھ سکے تو اس سے کفارہ ساقط نہ ہوگا۔

(الجوہرۃ النیرۃ ج ۱ بہار شریعت ج ۱ ص ۴۱۲)

(۱)۔ قضا و کفارہ لازم ہوگا جب عمداً کھا پی لیا، جماع کر لیا۔

(۲)۔ اگر عورت نے نابالغ یا مجنون سے وطی کروائی تو عورت پر کفارہ ہوگا مرد پر نہیں۔

(۳)۔ جس جگہ روزے توڑنے سے کفارہ لازم آتا ہے اس میں شرط یہ ہے کہ رات ہی سے روزہ رمضان المبارک کی نیت ہو اگر دن میں نیت کی اور توڑ دیا تو کفارہ لازم نہیں قضا کافی ہے۔

(الجوہرۃ النیرۃ ج ۱ ص ۱۷۲)

(۴)۔ اگر کسی پر رمضان شریف کے روزے تھے پھر اس نے قضا روزے کو توڑ دیا تو اس پر کفارہ لازم نہ آئے گا۔ (بہار شریعت)

Scanned with CamScanner

(۵)۔ کچا گوشت کھایا اگرچہ مردار کا ہو کفارہ لازم ہے اگر سڑا ہوا ہو اور اس میں کیڑے پڑ جائیں تو کفارہ لازم نہیں آئے گا۔ (بہار شریعت ج ا ص ۴۱۳ حصہ پنجم)

(۶)۔ اگر کسی نے چنے کا ساگ کھایا تو کفارہ لازم آئے گا۔ (ایضاً)

(۷)۔ قصداً مباشرت کرنے سے میاں بیوی (اگر دونوں روزے سے ہوں) تو ان کا روزہ ٹوٹ جائے گا قضا اور کفارہ دونوں لازم آئیں گے۔

(۸)۔ اگر مجبور کر کے روزہ فاسد کرایا گیا تو قضا لازم آئے گی کفارہ نہیں۔

(ردالمختار، بہار شریعت)

(۹)۔ کسی عورت کو ملتانی مٹی (جس کو عموماً گاچی کہا جاتا ہے) کھانے کی عادت ہو اور اگر وہ کھا لے تو روزہ ٹوٹ جائے گا کفارہ لازم آئے گا۔ (رمضان المبارک ص۲۰)

(۱۰)۔ احتلام ہوا اور اسے معلوم بھی تھا کہ روزہ نہ گیا پھر کھا پی لیا تو کفارہ لازم ہے۔

(ردالمختار ج۳ ص۳۷۵)

(۱۱)۔ کچے چاول دال مسور مونگ یا باجرہ کھا لیا تو کفارہ لازم نہیں یہی حکم کچے جو کا ہے اگر بھنے ہوئے ہوں تو کفارہ لازم آئے گا۔ (فتاوی عالمگیری ج ا ص ۲۰۲)

(۱۲)۔ خربوزہ یا تربوز کا چھلکا کھا لیا اگر خشک ہو یا اس طرح کا ہو کہ اس کے کھانے سے لوگ گھن کرتے ہوں تو اس کے کھانے سے کفارہ لازم نہ ہوگا اگر پسند کرتے ہوں تو کفارہ لازم ہوگا۔

(فتاوی عالمگیری ج ا ص ۲۰۳)

(۱۳)۔ سحری کے وقت ابھی لقمہ منہ میں تھا کہ صبح صادق کا وقت ہو گیا یا بھول کر کھا رہے تھے لقمہ منہ میں تھا کہ یاد آ گیا پھر بھی اس کو کھا گیا تو ان دونوں صورتوں میں کفارہ لازم آئے گا اگر منہ سے نکال کر پھر کھا گیا تو پھر صرف قضا واجب ہوگی کفارہ لازم نہ آئے گا۔ (ایضاً)

۱۴ کسی نے دو روزے فاسد کئے تو دونوں کے لئے اس پر دو کفارے لازم آئیں گے دو



کفارے دے اگرچہ پہلے کا کفارہ ابھی تک ادا نہ کیا ہو۔ (ردالمختار ج۳ ص۳۹۱) جبکہ دونوں دو رمضان المبارک کے ہوں اور اگر دونوں روزے ایک ہی رمضان کے ہوں اور پہلے کا کفارہ نہ ادا کیا ہو تو ایک ہی کفارہ دوں کے لئے کافی ہے۔ (الجوہرۃ النیرۃ ج ا ص ۱۷۳)

(۱۵)۔ کفارہ کے وجوب کے لئے ایک شرط یہ بھی ہے کہ روزہ دار کو علم ہو کہ اسلام میں قصداً بلا عذر شرعی روزہ توڑنا حرام ہے تو اسے روزہ توڑنے پر کفارہ ادا کرنا پڑے گا اگرچہ اسے یہ معلوم نہ بھی ہو کہ روزہ توڑنے سے کفارہ واجب ہوتا ہے اگر کوئی شخص یہ نہ جانتا ہو کہ روزہ توڑنا حرام فعل ہے لیکن اس نے ارادۃً روزہ توڑ دیا تو اس پر کفارہ واجب نہ ہوگا۔ (کتب کثیرہ)

(۱۶)۔ اگر مشک، زعفران، کافور یا سرکہ کھایا تو اس پر بھی کفارہ واجب ہوگا۔

(فتاوی عالمگیری ج ا ص ۲۰۳، بہار شریعت حصہ پنجم ج ا ص ۴۱۳)

(۱۷)۔ تل یا تل کے برابر کوئی چیز منہ میں ڈال کر بغیر چبائے نگل گیا تو کفارہ بھی لازم آئے گا۔

(درمختار، بہار شریعت ص ۴۱۳)

(۱۸)۔ ماہ رمضان المعظم میں کسی مسلمان قیدی کو قتل کے لئے لایا گیا اس نے پانی مانگا پانی پیا پھر اس کو چھوڑ دیا گیا تو اس پر کفارہ لازم آئے گا۔

(فتاوی عالمگیری، ج ا بہار شریعت حصہ پنجم ص ۴۱۳)

یاد رہے کہ جن صورتوں سے کفارہ لازم نہیں آتا ان میں شرط ہے کہ ایک ہی بار ایسا ہوا ہو اور معصیت کا قصد نہ کیا ہو ورنہ ان میں کفارہ دینا پڑے گا۔ (درمختار)

(۱۹)۔ اگر کسی نے تھوک کو چاٹا تو کفارہ لازم نہ آئے گا ہاں اگر اسے اپنے محبوب کا تھوک تبرک یا لذت کی وجہ سے چاٹا تو کفارہ لازم آئے گا۔ (کتب کثیرہ)

اسی طرح روٹی کے لقمے کا بھی حکم ہے۔

(۲۰)۔ بلا عذر کسی چیز کا چکھنا مکروہ ہے چکھنے سے مراد وہ نہیں جو آجکل عوام الناس میں مشہور ہے

Scanned with CamScanner

چکھنا تو یہ ہے کہ زبان پر رکھ کر مزہ دریافت کریں اسطرح کہ حلق تک نہ پہنچ پائے۔ اگر کھالیا تو روزہ جاتا رہا اور اگر کفارے کی شرائط پائی گئیں تو کفارہ لازم آئے گا۔(بہارشریعت)

(۲۱)۔تھوڑا نمک کھالیا تو کفارہ و قضا لازم ہوگی۔

## ☆کفارے کے کچھ مختصر احکام☆

(۱)۔روزہ توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ غلام آزاد کرے یا ساٹھ روزے رکھے یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے آج کل کا دور غلاموں کا دور نہیں لہٰذا باقی دو ہی صورتیں باقی رہ گئی ہیں ایک تو ساٹھ روزے پے در پے رکھنا دوم یہ کہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا۔ (کتب کثیرہ)

(۲)۔کفارے کے ساٹھ روزے پے در پے رکھے۔اس طرح کہ ان کے درمیان ناغہ نہ ہو۔اگر ناغہ ہوا تو پھر نئے سرے سے روزے رکھے گا۔مثال کے طور پر اگر اس نے اٹھاون ۵۸ روزے رکھے پھر ناغہ کرلیا تو پھر دوبارہ نئے سرے سے روزے رکھے گا بخلاف کفارہ یمیں اور کفارہ ظہار کے۔ (درمختار، فتاوٰی دیوبند، بہارشریعت وغیرہ)

(۳)۔اگر اس نے (مثال کے طور پر) پچاس روزے رکھے پھر کسی بیماری کی وجہ سے، کسی عذر کی وجہ سے روزہ چھوٹا ہو تو یہ ناغے شمار نہیں ہوں گے بلکہ صحت کے بعد پہلے روزے ملا کر ساٹھ روزے مکمل کرے گا۔یعنی صحت کے بعد دس روزے مزید رکھے گا۔اسی طرح اگر عورت کو حیض و نفاس آگیا تو یہی حکم ہے۔ (بہارشریعت حصہ پنجم ص ۱۴۴، ردالمحتار ج ۳ ص ۳۹۰)

(۴)۔اگر کسی کو یہ طاقت نہیں کہ وہ ساٹھ روزے لگاتار رکھے تو اس کو رخصت ہے وہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے دو وقتوں کا اور وہ بھی پیٹ بھر کر۔

(۵)۔یہ بھی صحیح ہے کہ کھانے کی جتنی قیمت صدقۂ فطر بنتی ہے وہ ساٹھ مسکینوں کے اندر تقسیم کردے

(۶)۔یہ جائز نہیں کہ ساٹھ صدقۂ فطر ایک ہی مسکین کو دے دے۔



(۷)۔اس طرح صحیح ہے کہ ساٹھ دن تک ایک ہی مسکین کو کھانا کھلاتا رہے۔

(۸)۔ایسا بوڑھا شخص جو فدیہ دیتا رہا روزے رکھنے پر قادر ہوگیا تو اب وہ روزے رکھے فدیہ نفل (کفارہ) ہوگا روزوں کی قضاء کرے۔

(۹)۔ایسا مریض جو گرمیوں میں روزہ رکھنے کے قابل نہیں اسے چاہیئے کہ سردیوں میں روزے رکھے قضاء کرے (فدیہ نہ دے)۔

(۱۰)۔وہ مریض کہ جس کے مرض کے زائل ہونے کی توقع نہیں ہے وہ بھی روزہ نہ رکھے اور یہ بھی روزے کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا۔

(۱۱)۔دائمی مریض اور سخت بوڑھا انسان یا بوڑھی عورت جن کیلئے روزہ رکھنا سخت دشوار ہو یعنی وہ دن بدن بوڑھے اور کمزور ہوں گے نہ اب روزہ رکھنے پر قادر ہیں نہ آئندہ ہونگے۔تو ان کیلئے جائز ہے کہ روزہ نہ رکھیں۔اور ہر روزے کے بدلے فدیہ میں ایک مسکین کو کھانا کھلائیں۔

(۱۲)۔روزوں کو چھوڑنے والوں پر لازم ہے کہ وہ سرِ عام کھانے پینے سے احتراز کریں۔اور لوگوں کے سامنے اس طرح رہیں جس طرح روزہ ہوتا ہے۔اسی طرح اس آدمی کیلئے بھی یہی حکم ہے جو روزہ کو فاسد کردیتا ہے۔اور کافر مسلمان ہو یا بچہ بالغ ہو تب بھی ان کیلئے یہی حکم ہے۔

## ☆قے کی چند صورتیں اور احادیث☆

قے کی چند صورتیں اور احادیث نبویہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

قے کے بارے میں آقائے کریم رؤف الرحیم کے ارشاد گرامی درج ذیل ہیں ملاحظہ کریں:۔

(۱)۔

حضرت سیدنا ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ حضور پرنور شافع یوم النشور ﷺ کا فرمانِ

عالیشان ہے ﴿من ذرعه القی فی شهر رمضان فلا یفطر ومن تقا عامدا فقد افطر﴾

(کنز العمال ج۸ص۲۳۰)

ترجمہ:۔جس کو ماہ رمضان میں خود بخود قے آئی اس کا روزہ نہ ٹوٹا اور جس نے جان بوجھ کر قے کی اسکا روزہ ٹوٹ گیا۔

(۲)۔اسی طرح فرمایا کہ جس کو خود بخود قے آئی اس پر قضا نہیں اور جس نے جان بوجھ کر قے کی وہ روزہ کی قضا کرے۔

میں قے کی کچھ صورتیں اس لئے تحریر کر رہا ہوں کیونکہ ہم میں سے اکثر اس کے مسائل سے بے بہرہ و بے خبر ہیں۔

منہ بھر قے:۔منہ بھر قے وہ ہے کہ جس کو بلا تکلف نہ روکا جاسکے۔

(عالمگیری ج۱ص۲۰۴)

کس قے سے وضو ٹوٹتا ہے؟اب میں یہ بتاتا جاؤں کہ کس سے وضو فاسد ہوتا ہے اور کس سے نہیں ہوتا۔

(۱)۔اگر بلغم کی قے آئی تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

(کنز الدقائق، بہار شریعت، درمختار ج۳ص۳۹۴)

(۲)۔اگر قے میں جما ہوا خون آیا اور وہ منہ بھر سے کم ہے تو وضو نہیں ٹوٹے گا۔

(بہار شریعت ج۲ص۱۸)

(۳)۔بہتے ہوئے خون کی قے آئی تو وضو فاسد ہوجائے گا۔ (کتب کثیرہ)

(۴)۔وضو کی حالت میں اگر منہ بھر کر قے آئی اور اس میں کھانا پانی یا صفراء (کڑوا پانی) آیا تو وضو ٹوٹ جائے گا۔ (درمختار ج۳ص۳۹۳)



(۵)۔بہتے ہوئے خون کی قے سے وضو اس وقت فاسد ہوتا ہے جبکہ خون تھوک پر غالب ہو۔

(شامی ج۱ص۲۶۷)

## ☆روزہ کس قے سے فاسد ہوتا ہے؟☆

(۱)۔اگر قے میں صرف بلغم نکلا تو روزہ فاسد نہیں ہوگا۔ (درمختار ج۳ص۳۹۴)

(۲)۔روزہ میں خود بخود کتنی ہی قے آئی ہو اس سے روزہ فاسد نہیں ہوگا۔

(درمختار ج۳ص۳۹۲)

(۳)۔اگر قصداً (عمداً) قے کی مگر تھوڑی سی آئی منہ بھر کر نہ آئی تو اب بھی روزہ نہ ٹوٹا۔

(درمختار ج۳ص۳۹۳)

(۴)۔منہ بھر سے کم قے آئی اور منہ ہی سے دوبارہ لوٹ گئی یا خود ہی لوٹا دی اس صورت میں بھی روزہ نہ جائے گا۔ (ایضاً)

(۵)۔اگر روزہ یاد ہونے کے باوجود قصداً (عمداً، جان بوجھ کر) قے کی اور اگر وہ منہ بھر کر آئے تو پھر روزہ فاسد ہوجائے گا۔ (درمختار ج۳ص۳۹۲، بہار شریعت)

(۶)۔عمداً منہ بھر کر قے ہونے کی صورت میں روزہ فاسد ہوجائے گا جبکہ قے میں کھانا یا پانی یا خون یا صفراء (کڑوا پانی) آئے۔ (ایضاً)

(۷)۔بغیر کسی اختیار کے منہ بھر قے ہوگئی روزہ نہ جائے گا البتہ اگر اس میں سے ایک چنے کے برابر واپس لوٹا دی تو روزہ چلا جائے گا۔ (ایضاً)

## ☆مختصر سے کچھ تراویح کے مسائل☆

(۱)۔تراویح کی جماعت کے ساتھ نماز بدعت حسنہ ہے کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک دن حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام بنا کر نماز پڑھی اور دوسرے دن تمام صحابہ

Scanned with CamScanner

کو جماعت سے نماز پڑھتے ہوئے دیکھ کر فرمایا (نعمة البدعة هذه) یعنی یہ اچھی بدعت ہے۔

(مشکوۃ المصابیح ص ۱۱۵ صحیح بخاری)

(۲)۔نماز تراویح کا وقت نماز عشاء کے فرض پڑھنے کے بعد سے لیکر فجر کے طلوع ہونے تک ہے وتر کی نماز تراویح سے قبل جائز نہیں بلکہ بعد میں مستحب ہے۔

(ردالمحتار، عالمگیری ج ۱ ص ۱۱۵)

(۳)۔وتر کی نماز جماعت کے ساتھ رمضان میں زیادہ افضل ہے کیونکہ قاضی خان فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ رمضان میں وتروں کی امامت فرماتے تھے۔ (مراقی)

(۴)۔تراویح پڑھانے والے کی اجرت لینا جائز نہیں ہاں اگر پڑھوانے والا کہے کہ فیس دوں گا (یعنی اس کو اجرت کے ملنے یا نہ ملنے کا معلوم نہ ہو) پھر بعد میں خدمت کر دی تو حرج نہیں کیونکہ ﴿انما الاعمال بالنیات﴾ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔

(۵)۔دوسری جواز کی صورت یہ ہے کہ حافظ کو بطور ملازمت رکھ کر رقم طے کر لی جائے یعنی حافظ کو کہے کہ میں فلاں سے فلاں وقت کے لئے تمہیں کو نوکر رکھوں گا اور یہ اجرت دوں گا جو کام میں مرضی کروالوں پھر اس سے جو کام چاہے لے سکتا ہے۔ (فتاوی رضویہ)

(۶)۔نماز تراویح سے پہلے عشاء کے فرض پڑھنا ضروری ہے جب تک وہ فرض نہیں پڑھے گا وہ نہ تراویح پڑھ سکتا ہے نہ وتر۔ (درمختار)

(۷)۔حافظ قرآن کے لئے تراویح پڑھانے کی وجہ سے روزے سے چھوٹ نہیں ہے کیونکہ روزہ فرض ہے اور تراویح سنت۔ (فتاوی رضویہ ص ۳۳۲ ج ۱۰)

(۸)۔اگر فرض نماز جماعت سے نہ پڑھی اور لیٹ آیا تو فرض پڑھ کر تراویح میں بھی لیٹ ملا تو وتروں کی امام کے ساتھ اقتدا کر سکتا ہے وتروں کے بعد باقی تراویح ادا کرے گا۔

(۹)۔بالغ مرد کی اقتداء بچے کے پیچھے مطلقاً اگرچہ نفل نماز میں ہو صحیح مذہب پر درست نہیں ہے۔



(درمختار کتاب الصلوۃ ج ۱ ص ۸۴)

(۱۰)۔کسی نے نماز عشاء تراویح اور وتر گھر ادا کئے پھر تراویح کی امامت کی تو یہ مکروہ ہے۔

(فتاوی قاضی خان، جلد ۱، ص ۱۱۱)

(۱۱)۔ایک امام کا دو مساجد میں مکمل طور پر نماز تراویح پڑھانا جائز نہیں ہے۔

(فتاوی ہندیہ، جلد ۱، ص ۱۱۶)

(۱۲)۔تراویح سارے رمضان المبارک میں سنت مؤکدہ ہے اس کا ترک کرنا مکروہ ہے۔

(فتاوی ہندیہ، جلد ۱، صفحہ ۱۱۸، درمختار، ج ۲ ص ۴۹۳)

(۱۳)۔تراویح میں سجدہ تلاوت فوراً اسی وقت واجب ہوتا ہے اسے نماز میں ہی ادا کرے گا اور یہ نماز کا جزو بن گیا ہے اگر بھول گیا اور حرمت نماز باقی ہو تو یاد آجائے تو فوری سجدہ تلاوت اور سجدہ سہو کر لے۔ (درمختار، باب سجود التلاوۃ۔ ج ۱ ص ۱۰۵)

(۱۴)۔اگر امام کو تراویح میں کسی ایسے شخص نے جو کہ قرآن کھول کر سن رہا تھا لقمہ دیا اور امام نے لے لیا تو امام اور تمام مقتدیوں کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

(۱۵)۔اکثر لوگ تراویح میں پہلی رکعت کے رکوع کے وقت اٹھ کر فوراً مل جاتے ہیں پہلے بیٹھے رہتے ہیں ایسا جائز نہیں ہے بلکہ یہ منافقین سے مشابہت ہے کیونکہ پانچویں سپارے کے آخر میں ارشاد باری تعالی ہے۔

﴿واذا قاموا الی الصلوة قاموا کسالی﴾ (النساء ۱۴۲)

**ترجمہ:** ''منافق جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو تھکے جی سے''

(۱۶)۔تراویح کی رکعات کے بارے میں اگر شک ہو جائے تو امام کا اعتبار کیا جائے گا یعنی جو امام کہے گا کیونکہ ردالمحتار میں ہے ''اگر امام کو کم کا یقین ہو تو ان پر اعادہ لازم ہے مگر ان میں سے جسے تکمیل کا یقین ہو۔ (ردالمحتار، باب السجود السہو ج ۱ ص ۵۰۷)

Scanned with CamScanner

یعنی شک کا اعتبار نہیں کریں گے جبکہ یقین پایا جائے اور امام اور مقتدی تمام کو شک ہو تو کم سے کم شک کی تعداد کو لیا جائے گا اور باقی ادا کی جائیں گی۔

(۱۷)۔ بلا عذر تراویح بیٹھ کر پڑھنا مکروہ ہے اور بعض فقہائے کرام تو کہتے ہیں نماز ہی نہیں ہوتی

(ردالمحتار ج ۲ ص ۴۹۴)

(۱۸)۔ دو رکعت کے بعد بیٹھنا بھول گیا تو جب تک تیسری کا سجدہ نہ کیا بیٹھ گیا تو سجدہ سہو کر لے لیکن سجدہ کر لیا تو چار پوری کرے شمار دو ہی ہوں گی اور تین پر سلام پھیرا اور دوسری رکعت کا قعدہ بھی نہ کیا تھا تو نماز ہی نہ ہوئی دوبارہ پڑھے۔ (عالمگیری، ج ا ص ۱۱۸، نور الایضاح)

(۱۹)۔ اگر کسی وجہ سے نماز فاسد ہو جائے تو اس میں پڑھے گئے قرآن پاک کا اعادہ کرے یا کوئی آیت یا سورۃ رہ گئی اور آگے بڑھ گیا مستحب یہ ہے کہ اسے پڑھ کر پھر جتنا پڑھ لیا تھا اسے دوبارہ پڑھے تا کہ ختم و قرآن میں نقصان نہ رہے اور نہ ہی ترتیب ٹوٹے۔ (عالمگیری، ایضاً)

## ☆اعتکاف کے مسائل☆

(۱)۔ فنائے مسجد جو جگہ مسجد سے باہر ہے مگر مسجد کی ضروریات کے لئے استعمال ہے مثلاً جوتا اتارنے کی جگہ اور غسل خانہ وغیرہ ان میں جانے سے اعتکاف نہیں ٹوٹے گا۔

(فتاوی امجدیہ، ج ا ص ۳۹۹)

(۲)۔ بلا اجازت شرعیہ اگر نکل کر باہر چلا گیا تو اعتکاف ٹوٹ گیا۔ (فتاوی امجدیہ ایضاً)

(۳)۔ عورت بھی مسجد بیت سے بغیر عذر نہیں نکل سکتی اگر نکلی (بھول کر ہی ہو) اور اگرچہ گھر ہی میں رہی تو اعتکاف ٹوٹ گیا۔ (عالمگیری، ردالمحتار، بہار شریعت ج ا ص ۴۲۷)

(۴)۔ معتکف کو مسجد سے نکلنے کے دو عذر ہیں ایک حاجت طبعی کہ مسجد میں پوری نہ ہو سکے جیسے پاخانہ استنجا، وضو، غسل وغیرہ اگر مسجد میں پانی کی بوند کے گرنے سے امن ہو تا جائز نہیں ہے



دوسری حاجت شرعی عید اور جمعہ کے لئے۔ (بہار شریعت ج ا ص ۴۲۷)

(۵)۔ منارہ مسجد میں شامل ہے اگر اسکا راستہ مسجد میں ہو اگر باہر ہو تو مؤذن جا سکتا ہے

(بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۷)

(۶)۔ اگر معتکف میں ارہ پر چڑھا تو بلا اختلاف اس کا اعتکاف فاسد نہ ہوگا کیونکہ میں ارہ مسجد کے حکم میں ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۳ ص ۴۴۷)

(۷)۔ مساجد سے متصل مدارس جن کے درمیان راستہ فاصل نہ ہو صرف ایک فصیل ہو جو صحنوں کا امتیاز کرے تو ان میں جانا مسجد سے باہر جانا نہیں ہے ایسی جگہ معتکف کا جانا جائز کہ گویا وہ مسجد کا ہی ایک حصہ ہیں۔ (فتاوی رضویہ ایضاً)

(۸)۔ معتکف کا کسی دوسری مسجد میں جمعہ پڑھنے کے بعد چھ رکعت سے زیادہ ٹھہرنا مکروہ ہے۔

(درمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۴۳۷)

(۹)۔ وقتی نماز با جماعت پڑھنے کے لئے کسی دوسری مسجد میں جانا جائز نہیں افضل یہی ہے کہ اسی مسجد میں بلا جماعت نماز ادا کرے۔ (جد الممتار ج ۲ ص ۲۲۲)

(۱۰)۔ غسل جنابت کے لئے مسجد سے نکلنا جائز ہے اگر مسجد میں غسل ممکن نہ ہو۔

(ردالمحتار ج ۳ ص ۴۳۵)

(۱۱)۔ اگر استنجا خانے یا غسل خانے مسجد سے جدا ہوں تو بغیر حاجت طبعی وہاں جانا جائز نہیں۔

(۱۲)۔ بلا ضرورت شرعی مسجد سے باہر نکلنا خواہ بھول کر ہو یا جان بوجھ کر یا غلطی سے بہر صورت اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے البتہ بھول کر یا غلطی سے نکلا تو گناہ نہ ہوگا۔

(ردالمحتار ج ۳ ص ۴۳۸)

(۱۳)۔ روزہ اعتکاف کے لئے شرط ہے اس لئے اگر روزہ توڑ دیا تو اعتکاف بھی ٹوٹ جائے گا۔

(۱۴)۔ جماع کرنے سے خواہ جان بوجھ کر یا بھول کر ہو دن ہو یا رات مسجد ہو یا باہر انزال ہو یا

نہ ہو ہر صورت میں اعتکاف ٹوٹ جاتا ہے۔ (درمختار ردالمحتار، ج ۳ ص ۴۴۲)

(۱۵)۔ بوس وکنار اعتکاف میں ناجائز ہیں مگر اعتکاف نہیں ٹوٹتا اگر انزال ہو گیا تو اعتکاف ٹوٹ گیا۔ (درمختار، ردالمحتار، ج ۳ ص ۴۴۲)

(۱۶)۔ معتکف کو نیند کی حالت میں چلنے کی عادت ہو اور مسجد سے باہر چلا گیا تو اعتکاف جاتا رہا۔

(۱۷)۔ کھانا لیکر آنے والا کوئی نہ ہو تو کھانا لانے کے لئے باہر جا سکتا ہے لیکن کھانا لا کر مسجد میں کھائے گا۔ (البحر الرائق ج ۲ ص ۳۰۲)

(۱۸)۔ اعتکاف واجب میں غسل واجب کے سوا اور کسی غسل (گرمی میں ٹھنڈک کی وجہ سے) کیلئے نکلنا درست نہیں البتہ مسجد میں غسل خانہ ہو تو تبریدا (ٹھنڈک کیلئے) غسل کرنا صحیح ہے (فتاوی رضویہ)

(۱۹)۔ حقہ نوشی مسجد میں مکروہ ہے اگر معتکف عادی ہے تو اعتکاف کو ترک کرے کیونکہ سنت کی ادا کیوجہ سے ارتکاب مکروہ درست نہیں ہے۔ (کتب کثیرہ)

(۲۰)۔ پیشاب کرنے کے لئے (مسجد سے باہر) گیا تھا قرض خواہ نے روک لیا تو اعتکاف فاسد ہو گیا۔ (عالمگیری ج ۱ ص ۲۱۲)

(۲۱)۔ مرض کے علاج کے لئے مسجد سے نکلا تو اعتکاف فاسد ہو گیا۔ (ردالمحتار ج ۳ ص ۴۳۸)

(۲۲)۔ معتکف کا امامت کرانا وعظ کرنا اعتراضات کا جواب دینا پیشاب وغیرہ کے لئے ننگے منہ جانا سب جائز ہے۔ (فتاوی نوریہ ج ۲ ص ۱۶۵)

(۲۳)۔ اعتکاف کی منت مانتے وقت یہ شرط طے کر لی کہ مریض کی عیادت اور نماز جنازہ اور مجلس علم میں حاضر ہو گا تو یہ شرط جائز ہے اب اگر ان کاموں کے لئے جائے تو اعتکاف فاسد نہ ہو گا خالی دل میں نیت کر لینا کافی نہیں بلکہ زبان سے کہہ لینا ضروری ہے۔

(عالمگیری، ردالمحتار، بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۸)



(۲۴)۔ معتکف نے دن میں بھول کر کھا لیا تو اعتکاف فاسد نہ ہوا گالی گلوچ یا جھگڑا کرنے سے اعتکاف فاسد نہیں ہوتا مگر بے نور و بے برکت ہو جاتا ہے۔

(عالمگیری، بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۸)

(۲۵)۔ معتکف نے حرام مال یا نشہ کی چیز رات میں کھائی تو اعتکاف فاسد نہ ہوا مگر اس حرام کا گناہ ہو گا توبہ کرے۔ (عالمگیری، ردالمحتار، بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۸)

(۲۶)۔ معتکف کا مسجد میں خرید و فروخت کرنا اگر وہ اپنی ذات کے لئے یا اہل وعیال کے لئے ہو تو جائز ہے اور تجارت کی غرض سے مکروہ ہے۔

(نور الایضاح، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۴۲۸)

(۲۷)۔ معتکف اگر بہ نیت عبادت سکوت (خاموشی) اختیار کرے تو مکروہ تحریمی ہے اور اگر ثواب کی نیت سے نہ ہو تو حرج نہیں یعنی فضول گوئی سے بچنے کے لئے تو یہ افضل ہے کیونکہ بری بات منہ سے نہ نکالنا واجب ہے۔ جس بات میں نہ ثواب ہو نہ گناہ معتکف کو مکروہ ہے مگر بوقت ضرورت اور بلا ضرورت مسجد میں مباح کلام نیکیوں کو ایسے کھاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو۔

(درمختار، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۴۲۸)

(۲۸)۔ منت کے اعتکاف کے لئے روزہ شرط ہے اگرچہ وہ نیت کے وقت یہ ہی کیوں نہ نیت کرلے کہ وہ روزہ نہیں رکھے گا تب بھی روزہ رکھنا واجب ہے رات کے اعتکاف کی منت صحیح نہیں کیونکہ رات کا روزہ نہیں۔ (عالمگیری، درمختار، بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۶)

(۲۹)۔ معتکف پر لازم ہے کہ وہ جس مسجد میں اعتکاف شروع کرے اسی میں ہی پورا کرے اگر شدید مجبوری پیش آجائے کہ اعتکاف کرنا ممکن نہ ہو مثلاً مسجد منہدم (گر) ہو گئی یا کسی نے زبردستی نکال دیا یا کوئی جان مال کا خطرہ ہو تو دوسری مسجد میں منتقل ہو کر اعتکاف پورا کرنا جائز ہے اسطرح اعتکاف نہ ٹوٹے گا مگر راستے میں کہیں نہ ٹھہرے بلکہ سیدھا دوسری مسجد میں چلا جائے۔ (فتح القدیر)

Scanned with CamScanner

(۳۰)۔حضرت امام شافعی فرماتے ہیں کہ معتکف اعتکاف میں بیٹھ کر اچھی بات کرے اس کے سوا کچھ نہ کہے لہٰذا از حد احتیاط کرنی چاہیے اور گالی گلوچ اور لڑائی جھگڑے سے بچنا چاہیے یہ سخت مکروہ ہے۔

(۳۱)۔خاموش رہنے کا بہترین فائدہ غیبت اور جھوٹ سے بچا رہنا ہے کیونکہ ان سے بچے بغیر انسان اعتکاف سے کچھ نور و برکت حاصل نہیں کر سکتا۔

(۳۲)۔مسجد میں حجامت کروانا مسجد کے آداب کے خلاف ہے مگر جمعہ کی تیاری کے لئے داڑھی یا سر کے بالوں کو خود سنوارنے میں کوئی حرج نہیں لیکن مسجد میں کوئی بال نہ گرے داڑھی بھی مونڈنا یا بالشت سے کم کرنا خلاف شرع ہے اور مسجد میں تو یہ بدرجہ اولی ناجائز اور حرام ہے اعتکاف میں اس سے باز رہنا چاہیے۔ (کتب کثیرہ)

(۳۳)۔جنون اور بیہوشی سے اعتکاف فاسد ہو جائے گا اگر یہ طول پکڑ لیں کیونکہ اس سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے۔ (بہار شریعت حصہ پنجم ص ۴۲۸)

(۳۴)۔معتکفہ کو اگر دوران اعتکاف حیض یا نفاس شروع ہو جائے تو اعتکاف فاسد ہو جائے گا۔

(۳۵)۔اگر ڈوبتے یا جلنے والے کو بچانے کے لئے مسجد سے باہر گیا یا گواہی دینے مسجد سے باہر گیا یا جہاد میں سب لوگوں کو بلاوا ہوا اور معتکف بھی نکلا یا مریض کی عیادت یا نماز جنازہ کے لئے گیا اگرچہ کوئی دوسرا پڑھنے والا نہ ہو تو ان تمام صورتوں میں اعتکاف فاسد ہو گیا۔

(عالمگیری، بہار شریعت، حصہ پنجم ص ۴۲۸)

مگر ان صورتوں میں گناہ نہ ہوگا اور قضا لازم آئے گی۔

یہ مختصر سے کچھ چیدہ چیدہ اعتکاف کے مسائل تھے اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح طور پر اعتکاف کی برکتیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



## ☆سحر و افطار کی چند ضروری باتیں☆

حضور ﷺ نے فرمایا کہ ''میری امت ہمیشہ خیر سے رہے گی جب تک افطار میں جلدی اور سحر میں دیر کرے گی''۔ (صحیح بخاری، باب تعجیل الافطار، ج ۱ ص ۲۶۳)

مگر تعجیل اور تاخیر سے مراد یہ ہے کہ سحری میں اتنی تاخیر اور افطاری میں اتنی تعجیل نہ ہو کہ سورج کے طلوع و غروب میں شک ہو جائے یعنی سحری میں اسوقت تک کھائے کہ جب تک طلوع فجر کا ظن غالب نہ ہوا اور غالب ظن یہ ہوا کہ سورج طلوع ہو گیا اور کھاتا رہا تو روزہ فاسد ہو گیا اور اگر افطار کے وقت یہ شک ہوا کہ سورج غروب ہو گیا ہو گا اور روزہ افطار کر لیا تو یہ حرام ہے اور روزہ فاسد ہو جائے گا وجہ فرق یہ ہے کہ ﴿الیقین لایزول بالشک﴾ یعنی شک سے یقین زائل نہیں ہوگا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰ ص ۵۶۲،۵۶۳)

اے مسلمانو! اس دین کا علم حاصل کرنا تم پر فرض ہے اور اسی طرح ہر مسلمان پر اوقات کا جاننا بھی فرض عین ہے افسوس کہ ہزاروں آدمی حتی کہ بہت سے ذی علم بھی صبح صادق و کاذب کی ٹھیک تمیز نہیں کر سکتے حتی کہ اتنی مجہول العام باتیں مشہور ہیں کہ سن سن کر بندہ حیران ہوتا ہے مثلاً اذان ہو رہی ہو تو اکثر لوگ کہتے ہیں کہ اذان کے ختم ہونے تک وقت ہوتا ہے اور اکثر مؤذن پانچ منٹ بعد اذان دیتے ہیں البتہ یاد رکھیں جب سائرن یا اعلان ہو گیا تو اس کے بعد ایک سیکنڈ بھی وقت نہیں اسلیئے اپنے روزے کی حفاظت کرنا بہت ضروری ہے تھوڑی سی غلطی سے انسان فرض کی ادائیگی سے محروم رہ سکتا ہے۔

(۱)۔مسافر اگر صبح صادق کے وقت اپنے شہر کی حدود میں ہو تو روزہ لازم ہو جاتا ہے اگر اس دن کے روزہ کی افطار کی اجازت ہوتی تو تب بھی ناجائز اور حرام ہی ہوتا۔

(فتاویٰ نوریہ ج ۲ ص ۲۷)

(۲)۔سحری کرنا مستحب ہے کیونکہ سحری ہی کی وجہ سے مسلماں اور اہل کتاب میں امتیاز ہے۔

(۳)۔وقت سے پہلے روزہ افطار کرنے کی بہت سخت سزا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میں سورہا تھا دو آدمی آئے اور مجھے ایک پہاڑی پر لے گئے میں نے سخت آوازیں سنیں دریافت کیا تو کہا کہ یہ جہنمیوں کی آوازیں ہیں پھر مجھے آگے لے جایا گیا ایک قوم کو دیکھا کہ وہ لوگ الٹے لٹکائے گئے ہیں ان کی باچھیں چیری ہوئی ہیں کہ جن سے خون بہتا تھا میں نے کہا کہ یہ کون لوگ ہیں کہا یہ وہ لوگ ہیں جو وقت سے پہلے روزہ افطار کرتے تھے۔

اسلئے اتنی جلدی نہ کریں کہ روزہ ٹوٹ جائے اور قضا لازم آئے۔

(۴)۔اگر مطلع ابر آلود ہونے کی وجہ سے یقین کے ساتھ کہ سورج ڈوب چکا ہے روزہ کھول لیا تو پھر سورج طلوع ہو گیا تو قضا ہے کفارہ نہیں۔

## ☆فطرانہ کے مسائل☆

صدقہ فطر آزاد مسلمان اور مالک نصاب پر واجب ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ نماز عید کو جانے سے پیشتر اس کو ادا کر دیں اس لئے اس کے مسائل کا جاننا بھی ضروری ہے تو ذیل میں ہم فطرانہ کے چند ضروری مسائل ذکر کرتے ہیں۔

(۱)۔صدقہ فطر واجب ہے عمر بھر اس کا وقت ہے یعنی جب تک ادا نہ کرے گا ساقط نہ ہوگا جب بھی ادا کر لے قضا نہیں ہے ادا ہے اگرچہ مسنون (سنت) قبل نماز عید ادا کرنا ہے۔

(درمختار، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۶)

(۲)۔صدقہ فطر واجب ہونے کے لئے عاقل بالغ ہونا شرط نہیں بلکہ بچہ یا مجنون بھی اگر صاحب نصاب ہو تو اس کے مال سے انکا سرپرست ادا کرے۔ (ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۲)

(۳)۔صدقہ فطر شخص پر واجب ہے نہ کہ مال پر اس لئے اگر آدمی مر گیا تو صدقہ فطر اس کے مال



سے ادا نہیں کیا جائے گا ہاں اگر ادا کر دیں تو کوئی حرج نہیں۔

(بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۶)

(۴)۔اسکے واجب ہونے کا وقت عید الفطر کے دن فجر کا طلوع ہونا ہے تو جو اس وقت کو پانے سے پہلے ہی مر گیا یا فقیر ہو گیا یا پھر اسکے بعد وہ غنی ہوا اسلام لایا یا بعد میں پیدا ہوا تو اس صورت میں صدقہ فطر واجب نہ ہوگا۔ (نور الایضاح، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۶)

(۵)۔نابالغ بچہ اگر مالک نصاب نہیں تو سرپرست صدقہ فطر دے گا اگر مالک نصاب ہے تو سرپرست اس کے مال سے نکالے گا۔ (نور الایضاح باب صدقۃ الفطر)

(۶)۔اگر سرپرست نے فطرانہ ادا نہ کیا اور نہ ہی اس کے مال سے نکالا یہاں تک کہ نابالغ بالغ ہو گیا تو وہ خود تمام فطرانہ ادا کرے گا۔ (بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۷)

(۷)۔صدقہ فطر کے لئے روزے رکھنا شرط نہیں یعنی کسی عذر کی وجہ سے یا معاذ اللہ بلا عذر روزے نہ رکھے تب بھی صدقہ فطر واجب ہے۔ (ردالمحتار، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۷)

(۸)۔ماں پر اپنے چھوٹے بچوں کا صدقہ دینا واجب نہیں اور اگر عورت نے بغیر حکم کے اپنے شوہر کا فطرانہ ادا کر دیا تو ادا نہ ہوگا۔ (ردالمحتار، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۸، ۳۸۷)

(۹)۔مالک نصاب پر اپنی طرف سے اپنے چھوٹے بچوں کی طرف سے اگر کوئی مجنون (پاگل) اولاد ہو تو اس کی طرف سے بھی صدقہ فطر واجب ہے ان میں سے کوئی مالک نصاب ہو تو اسکے مال سے دے گا اور مرد پر اپنی بیوی یا ماں باپ یا چھوٹے بہن بھائی اور دیگر رشتہ داروں کا صدقہ فطر واجب نہیں۔ (فتاوی عالمگیری، ج ۱ ص ۱۲۳، ۱۲۲)

(۱۰)۔باپ پر اپنی عاقل بالغ اولاد کا فطرہ واجب نہیں۔ (درمختار، ردالمحتار ج ۳ ص ۳۱۸)

اوپر جو ذکر ہوا بیوی یا ماں باپ یا چھوٹے بہن بھائی یا عاقل بالغ بیٹا جن کا نفقہ یعنی خرچہ جس کے ذمہ ہے اس آدمی نے اگر ان کا فطرہ بغیر اجازت دے دیا تو ادا ہو جائے گا مگر نفقہ

Scanned with CamScanner

ان کے ذمہ نہ ہو تو فطرہ بغیر اجازت ادا نہ ہوگا۔

(۱۱)۔صدقہ فطر کے مصارف وہی ہیں جو کہ مصارف زکوۃ ہیں یعنی جن کو زکوۃ دینا جائز ہے ان کو صدقہ فطر بھی دے سکتے ہیں جن کو زکوۃ نہیں دے سکتے ان کو صدقہ فطر بھی نہیں دے سکتے۔

(درمختار، ردالمحتار، بہار شریعت حصہ پنجم ص ۳۸۸)

(۱۲)۔صدقہ فطر ادا کرنے کا افضل وقت یہ ہے کہ صبح صادق کے بعد اور عید کی نماز ادا کرنے سے پہلے ادا کر دیا جائے مگر چاند رات یا رمضان المبارک کے کسی دن بھی یا رمضان سے پہلے ادا کر دیا تب بھی صدقہ فطر ادا ہو جائے گا ایسا کرنا بالکل جائز ہے۔

(عالمگیری ج ۱ ص ۱۹۲)

(۱۳)۔تمام آدمیوں کا ایک فقیر کو فطرہ دینا جائز ہے اور اسی طرح ایک گروہ پر جو فطرہ واجب ہے وہ تمام ایک فقیر کو دینا جائز ہے مگر ایک آدمی کا فطرہ بہت سے فقیروں کو دینے کے جائز ہونے میں اختلاف ہے (کیونکہ اس طرح کسی ایک کا بھی فائدہ نہیں ہوتا)۔

(نور الایضاح، باب صدقۃ الفطر)

## ☆عید الفطر کے مسائل☆

عید الفطر بھی اللہ تعالی کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اس پر خوشی کا اظہار سنت مبارکہ ہے اس وجہ سے ادائے سنت کے لئے ہمیں بھی اللہ عزوجل کے فضل و رحمت پر ضرور اظہار مسرت کرنا چاہیے لیکن یہ یاد رکھیں کہ اللہ عزوجل نے جو ہمارے لئے عید کا دن مقرر کیا ہے وہ ہمارا خرافات کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے یوم وعید نہ بن جائے ایسی خرافات سے بچنا چاہیے اور اللہ کے نبی ﷺ کی سنت کے مطابق خوشی منانی چاہیے عید الفطر کے دن بھی شرعی مسائل ہیں اسلئے وہ ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں۔



(۱)۔عید کی نماز کا افضل وقت سورج ایک یا دو نیزہ بلند ہونے پر ہے۔

(۲)۔عیدین کی نماز ان پر واجب ہے جن پر جمعہ واجب ہے بلا وجہ عید کی نماز چھوڑنا گمراہی و بدعت ہے۔

(بہار شریعت، حصہ چہارم ص ۳۰۹)

(۳)۔عید کی نماز بغیر اذان و اقامت کے ہے صرف دوبارہ اتنا کہہ سکتا ہے کہ ﴿الصلوۃ جامعۃ﴾

(عالمگیری، درمختار، بہار شریعت۔ایضاً)

(۴)۔کسی عذر کی وجہ سے اگر عید کی نماز نہ ہو سکی مثلاً سخت بارش یا کوئی گواہ لیٹ ملا تو عید الفطر کی نماز دوسرے دن پڑھیں گے وقت پہلے دن والا ہی ہے عید کی نماز تیسرے دن نہیں پڑھی جا سکتی اور اگر بغیر عذر پہلے دن نہ پڑھی تو دوسرے دن بھی نہیں پڑھ سکتے۔

(عالمگیری، درمختار، قاضی خان، بہار شریعت حصہ چہارم ص ۳۱۱)

(۵)۔نماز عید سے قبل نفل نماز مطلقاً مکروہ ہے گھر میں اور عیدگاہ میں اور نماز عید کے بعد عیدگاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے گھر پڑھ سکتا ہے بلکہ مستحب ہے۔

(درمختار، ردالمحتار، بہار شریعت حصہ چہارم ص ۳۱۰)

(۶)۔امام کو مقتدی اگر رکوع میں پائے تو کھڑے ہو کر تکبیر تحریمہ کہے پھر دیکھے کہ اگر عید کی تکبیریں کہے گا تو رکوع نہیں پا سکے گا تو رکوع کرلے لیکن اگر ممکن ہو تو تکبیریں کہے اگر وہ تکبیریں نہ کہہ سکا تو رکوع میں بغیر ہاتھ اٹھائے تکبیریں کہے پھر بھی وہ اگر تینوں تکبیریں نہ کہہ سکا یعنی امام نے رکوع سے سر اٹھا لیا تو امام کے ساتھ سر اٹھا لے اور جو رہ گئیں ہیں وہ ساقط ہو جائیں گی۔

(فتاوی عالمگیری)

(۷)۔پھر اگر رکوع کے بعد امام کی اقتدا کی یا دوسری رکعت میں پایا تو اپنی پہلی رکعت کی تکبیریں امام کے سلام پھیرنے کے بعد جب پہلی رکعت ادا کرنے کے لئے اٹھے تو کہے۔ (عالمگیری)

(۸)۔اگر دوسری رکعت کے رکوع کے بعد اور سلام پھیرنے سے پہلے شریک ہوا تو اپنی دونوں

Scanned with CamScanner

رکعتیں تکبیروں کے ساتھ پوری کرے گا۔ (عالمگیری)

(۹)۔امام اگر تکبیر کہنا بھول گیا اور رکوع میں چلا گیا تو قیام کی طرف نہ لوٹے نہ رکوع میں کہے۔

(ردالمحتار، بہارشریعت حصہ چہارم ص ۳۱۰)

(۱۰)۔اگر مقتدی نے امام کے تکبیر کہنے کے بعد یعنی پہلی رکعت میں قرأت میں اقتدا کی تکبیر تحریمہ کے بعد تکبیریں کہہ لے اگر نہ کہیں تو رکوع میں کہہ لے۔

(عالمگیری، درمختار، بہارشریعت حصہ چہارم، ص ۳۱۰)

(۱۱)۔عیدالفطر کو جاتے وقت اونچی آواز میں تکبیر نہ کہے۔

(درمختار، ردالمحتار، بہارشریعت حصہ چہارم ص ۳۱۰)

(۱۲)۔نماز کے بعد امام دو خطبے پڑھے گا یہ سنت ہے اس کے بغیر بھی عید ہو جاتی ہے مگر ایسا کرنا برا عمل ہے

(۱۳)۔جو شخص عید کی نماز نہ پا سکا وہ اس نماز کی قضا نہیں کرے گا کیونکہ عید کی قضا نہیں ہے۔

(۱۴)۔عید کی نماز عورتیں با جماعت پڑھ سکتی ہیں مگر پردہ کا مکمل انتظام موجود ہو۔

(۱۵)۔عید کی نماز کے بعد دعا مانگنا جائز ہے اس کی ممانعت کی کوئی صورت نہیں عید کی نماز کے بعد دعا مانگنا مسنون مستحب ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج ۸ ص ۵۱۲)

(۱۶)۔امام نے نماز پڑھ لی اور کوئی شخص باقی رہ گیا یعنی شامل نہ ہوا یا شامل ہوا تھا نماز فاسد ہوگئی تو دوسری جگہ جماعت میں مل جائے تو پڑھ لے ورنہ نہیں پڑھ سکتا بہتر یہ ہے کہ وہ شخص چار رکعت چاشت پڑھے۔ (درمختار، بہارشریعت حصہ چہارم ص ۳۱۱)

اللہ عزوجل ہمیں عید سعید کی خوشی اللہ اور اسکے رسول کے بتائے ہوئے طریقے پر منانے کی توفیق عطا فرمائے اور ایسی باتوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے جو کہ اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی کا سبب بنیں خدا ہمیں رمضان کے مسائل سمجھنے کی توفیق دے۔ آمین ثم آمین



# باب نمبر:8

## رمضان المبارک کے واقعات

یوں تو رمضان المبارک کی فضیلت خود ہی بہت زیادہ ہے تو اسی طرح جو واقعات اس میں رونما ہوئے ہیں ان کی فضیلت تو اور ہی زیادہ ہو جاتی ہے اس ماہ مبارک میں بہت سے واقعات رونما ہوئے جو تاریخی اعتبار سے بہت اہمیت رکھتے ہیں مگر رمضان کے ساتھ نسبت ہو جانے کی وجہ سے فضیلت مزید بڑھ گئی ہے کیونکہ رمضان المبارک میں اللہ عزوجل کا فضل اپنے بندوں پر بہت زیادہ ہوتا ہے اور رحمت خدا جوش میں ہوتی ہے اور جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیطان کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ لوگوں میں یہی بات مشہور ہے کہ جو آدمی رمضان میں فوت ہوا اس کی بخشش کا قوی امکان ہے۔

اس لئے ہم بالترتیب رمضان کے واقعات کو ذکر کریں گے سب سے پہلے حضور ﷺ پھر صحابہ کرام اور پھر اولیائے عظام کے متعلق واقعات ذکر کریں گے یاد رہے کہ پہلی تمام امتوں پر روزے تو فرض تھے مگر وہ امت محمدیہ پر فرض کیے گئے روزوں سے مختلف تھے بعض امتیں ایام بیض کے روزے رکھتی تھیں تو بعض عاشورہ کا اور بعض جمعرات کا رکھتی تھیں تو بعض سوموار کا اور رمضان کی یہ فضیلت بھی صرف امت محمدیہ کو ہی ملی اسی وجہ سے پچھلے انبیاء کرام علیہم السلام کا اس باب میں ذکر نہیں کیا گیا۔

رمضان المبارک زیادہ فضیلت کا حامل قرآن کریم کے نزول کی وجہ سے بھی ہے اور بعثت نبوی کی وجہ سے بھی اسی میں زوجہ رسول اکرم ﷺ حضرت خدیجۃ الکبری اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہما اور بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالی عنہا کا وصال بھی ہوا حضرت

Scanned with CamScanner

علی رضی اللہ تعالی عنہ کی شہادت بھی اسی مہینے میں ہوئی اور بھی بہت سی شخصیات کو یہ فضیلت حاصل ہوئی کہ ان کا وصال مبارک اسی ماہ میں ہوا ذیل میں ہم ان شخصیات کے بارے میں مختصراً وضاحت کریں گے۔

## (1)۔نزول قرآن اور بعثت نبوی ﷺ (۲۷ رمضان المبارک)

اس عظیم ماہ مبارک کو یہ بھی شرف حاصل ہوا کہ حضور اکرم ﷺ منصب نبوت پر جلوہ افروز ہوئے اسی کو ہی بعثت نبوی کہتے ہیں اور اسی کو ہی نزول قرآن کا آغاز بھی کہا جاتا ہے کیونکہ ۲۷ رمضان المبارک کو ہی وحی کی ابتدا ہوئی اور وحی کا نازل ہونا ہی اعلان نبوت تھا یعنی منصب نبوت پر فائز ہونا تھا اس کا آغاز اس طرح ہوا کہ ماہِ رمضان المبارک کے مہینے میں جب حضور پُر نور ﷺ حسب معمول غار حرا کی خلوتوں میں گوشہ نشین تھے عبادت اور ذکر الٰہی اور آیات ربانی میں غور وتدبر میں شب و روز منہمک تھے اور ماہ رمضان المبارک کی ایک بابرکت رات ایک سعید ترین ساعت میں نزولِ وحی کا آغاز ہوا اور جبریل امیں نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو آپ کے رب قدوس کا پہلا روح پرور پیغام پہنچایا۔

﴿اقرأ باسم ربک الذی خلق﴾ (سورہ علق آیات ۱ تا ۵)

آپ ان آیتوں کو دہراتے ہوئے گھر آئے اور گھر والوں سے کہا کمبل اوڑھا دو پھر سارا واقعہ حضرت خدیجہ کو سنایا۔ حضرت خدیجہ آپ ﷺ کو اپنے چچا زاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں ورقہ بن نوفل نے ساری بات سن کر بتایا کہ وہ جبریل علیہ السلام تھے۔

کچھ عرصہ کے لئے نزول وحی کا سلسلہ رک گیا کان غیب کی لذتوں سے آشنا ہو چکے تھے روح اس پیغام کی لطافتوں کا مزہ چکھ چکی تھی کئی راتیں اس طرح گزر گئیں دن اسی طرح بیت گئے اللہ عزوجل کو اپنے محبوب کی یہ بے قراری اور بے چینی گوارہ نہ ہوئی کیونکہ حضور ﷺ پر



یہ موقع پہلی دفعہ آیا تھا کچھ عرصہ بعد نزول وحی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا جس کا ذکر حضور ﷺ نے یوں فرمایا۔

دریں اثنا میں (حراء سے واپسی پر وادی میں) چل رہا تھا کہ میں نے آسمان کی طرف سے آواز سنی میں نے اپنی نگاہیں اوپر اٹھا کر دیکھا تو اچانک مجھے وہ فرشتہ نظر آیا جو حراء میں میرے پاس آیا تھا وہ فرشتہ اب زمین وآسمان کے درمیان ایک کرسی پر بیٹھا ہوا تھا اسے اس حالت میں دیکھ کر میں مرعوب ہوا پھر میں گھر لوٹ آیا میں نے کہا مجھے چادر اوڑھا دو جب میں چادر اوڑھ کر لیٹا ہوا تھا تو اللہ تعالی نے یہ آیت مجھ پر نازل فرمائی۔ (ضیاء النبی ج ۲ ص ۲۱۰)

﴿یایھا المدثر قم فانذر وربک فکبر وثیابک فطھر والرجز فاھجر﴾
(المدثر ۱ تا ۵)(ضیاء النبی ج ۲ ص ۲۱۰)

اس کے بعد نزول وحی کا سلسلہ بڑی سرگرمی سے شروع ہوا۔

الغرض قرآن پاک کے نزول کی ابتدا رمضان میں ہوئی پھر آہستہ آہستہ اترتا رہا اور ۲۲ سال ۲ ماہ اور ۲۲ دن تک حضور ﷺ کی زندگی میں نازل ہوتا رہا اس طرح رمضان المبارک کو قرآن پاک کی سالگرہ اچھی طرح منانی چاہیے اور وہ اسی طرح ہو سکتا ہے کہ ہم زیادہ سے زیادہ رمضان میں اس کی تلاوت کریں درس قرآن کا اہتمام کریں شبینوں میں قرآن پاک سنیں تا کہ ہم بھی حضور ﷺ اور جبریل علیہ السلام کی سنت پوری کریں۔

## (2)۔غزوہ بدر (۱۷ رمضان المبارک)

تاریخ اسلام کا یہ وہ معرکہ ہے جب اسلام اور کفر حق اور باطل سچ اور جھوٹ کی پہلی ٹکر ہوئی اسی معرکہ میں فرزندان اسلام کی تعداد لشکر کفار کی تعداد سے ایک تہائی تھی وسائل اور اسلحہ کے اعتبار سے بظاہر بہت کمزور تھے جزیرہ عرب کا ماحول سراسر ان کے خلاف تھا انتہائی خوش فہمی

Scanned with CamScanner

کے باوجود اسلام کے غلبہ اور فتح مند ہونے کی پیش گوئی نہیں کی جا سکتی تھی کفر بڑے رعب اور دبدبہ کے ساتھ حق کی بے سروسامانی سے نبرد آزما ہونے کے لئے تین گنا فوج لیکر بڑے غرور سے میدان میں آیا تھا لیکن اس کو شکست کا سامنا کرنا پڑا جس نے ان کی کمر توڑ دی پھر انہیں کبھی ہمت نہ ہوئی کہ وہ اس شان سے حق کو للکار سکیں۔

مؤرخین اس معرکہ کو غزوۂ بدر الکبری، غزوہ بدر العظمی کے نام سے یاد کرتے ہیں لیکن رب قدوس نے اپنی کتاب مقدس میں اسے یوم الفرقان کا لقب دیا ہے یعنی وہ دن جب حق اور باطل کے درمیان فرق ہو گیا اندھوں اور بہروں کو بھی پتہ چل گیا کہ حق کا علمبردار کون ہے اور باطل کون ہے ارشاد خداوندی ہے۔ (ضیاء النبی ج ۳)

﴿وما انزلنا علی عبدنا یوم الفرقان یوم التقی الجمعن﴾ (الانفال ۴)

**ترجمہ:**

''اور جسے ہم نے اتارا اپنے (محبوب) بندہ پر فیصلہ کے دن جس روز آمنے سامنے ہوئے تھے دونوں لشکر''۔

دوسری جگہ غزوہ بدر کو ایک اور نام دیا۔

﴿یوم نبطش البطشۃ الکبری انا منتقمون﴾ (سورہ دخان ۱۶)

**ترجمہ:**

''جس روز ہم انہیں پوری شدت سے پکڑیں گے اس روز ہم ان سے بدلہ لے لیں گے''۔

اس واقعہ کا کچھ مختصر سا حصہ آپ کے سامنے رکھوں گا۔

رسول اللہ ﷺ ۱۲ رمضان المبارک ۲ ہجری کو اپنے ۳۱۳ جاں نثار ساتھیوں کو لیکر میدان بدر کی طرف روانہ ہوئے مقام بدر مدینہ سے ۱۳۰ کلو میٹر دور ہے۔ حضور ﷺ وہاں پہنچے تو ابو جہل وہاں پہلے ہی موجود تھا اس کا لشکر تقریباً ایک ہزار افراد پر مشتمل تھا ہر قسم کے جنگی ساز و سامان کی



فراوانی تھی۔ جبکہ مسلمان اسکے بالکل برعکس تھے صرف ان کے دلوں میں یاد خدا زبان پر حبیب کبریا کی نعت خوانی تھی۔ یہی ان کا اسلحہ اور یہی ان کے پیٹ بھرنے کا سبب تھا۔ حضور ﷺ نے ساری رات عبادت و ریاضت اور دعا میں گزاری۔ نماز فجر ادا کرنے کے بعد جہاد کے متعلق مسلمانوں سے خطاب کیا۔ پھر آپ نے کافروں کی قتل گاہ کی نشاندہی کی۔ پھر آپ نے لشکر ترتیب دیا یہ ۱۷ سترہ رمضان المبارک کا دن تھا۔ سیدنا علی المرتضی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہے: آپ نے فرمایا! کہ روز بدر جب جنگ شروع ہوئی تو میں کچھ وقت تک اس جنگ میں داد شجاعت دیتا رہا پھر میں تیزی سے عریش میں آیا (عریش وہ جگہ ہے جس کو حضرت سعد بن معاذ کے مشورے پر حضور ﷺ کی حفاظت کیلئے بنایا گیا تھا) تو میں نے دیکھا کہ حضور ﷺ سربسجود ہیں۔ اور زبان مبارک سے ''یاحیی یاقیوم'' کا ورد فرمارہے ہیں۔ اس کے علاوہ اور کوئی جملہ حضور اقدس ﷺ کی زبان سے نہیں نکل رہا تھا۔ میں پھر میدان میں لوٹ آیا اور کچھ دیر مشرکین مکہ سے نبرد آزما رہا کچھ دیر کے بعد پھر خیریت معلوم کرنے عریش میں آیا تو دیکھا حضور ﷺ ابھی تک سربسجود اور زبان پاک سے ''یا حیی یا قیوم'' کا ورد فرمارہے ہیں۔ پھر میں دوڑ کر میدان جنگ میں آیا۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ میں اسی طرح کئی بار آیا اور واپس گیا لیکن حضور ﷺ کو یاحیی یاقیوم کا ورد کرتے ہوئے پایا۔ یہاں تک کہ دشمن شکست شرمناک سے دوچار ہو کر میدان جنگ سے بھاگ نکلا اور اللہ عزوجل نے اپنے محبوب کے مجاہدین کو فتح مبین سے سرفراز فرمایا۔ (ضیاء النبی، ج ۳)

صحابہ کرام کی سرفروشی اور محبت رسول کا ایک روح پرور واقعہ سماعت فرمائیے۔ عوف بن حارث، ان کی والدہ ماجدہ کا نام عفراء ہے وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور پوچھنے لگے یارسول اللہ! یہ فرمائیے اللہ تعالیٰ اپنے بندے سے کس بات پر خوش ہوتا ہے؟ تو فرمایا کہ بندہ کا سربرہنہ حالت میں دشمن کے حلقہ میں اپنا ہاتھ گھسیڑ لینا یہ ارشاد سنتے ہی انہوں نے اپنی زرہ اتار

Scanned with CamScanner

کر پرے پھینکی پھر اپنی تلوار بے نیام کی اور کفار کی صفوں میں گھس گئے داد شجاعت دیتے رہے۔ دشمنان اسلام کو اپنی شمشیر سے تہ تیغ کرتے رہے یہاں تک کہ جام شہادت نوش کرلیا اپنی جان کا نذرانہ اپنے خالق کریم کے حضورﷺ میں پیش کر دیا صدق واخلاص کے یہ وہ پیکر تھے کہ جنہوں نے اپنے جذبہ جاں نثاری سے اعداء اسلام کے چھکے چھڑادیئے تھے۔

(ابن کثیر، ج ۲، ص ۴۱۰)، (ضیاء النبی، ج ۳)

اسی جنگ میں معاذ اور معوذ رضی اللہ عنہما نے ابوجہل کو واصل جہنم کیا اور خود بھی جام شہادت نوش فرمائی۔

مسلمانوں کو اس جنگ میں عظیم فتح ہوئی اور ان کے چودہ آدمی شہید ہوئے اور کفار کے ۷۰ آدمی واصل جہنم ہوئے۔

## (3)۔فتح مکہ (۲۰ رمضان المبارک)

یہ ہجرت کا آٹھواں سال تھا رمضان شریف کی برکتوں اور سعادتوں والا مہینہ تھا۔ اور اس کی بیس تاریخ تھی جب مکہ نے اپنے بند دروازے اللہ کے محبوبﷺ اور ان کے غلاموں کے استقبال کیلئے کھول دیئے تھے۔ فتح مکہ کا دن تاریخ انسانیت کا مبارک ترین دن ہے۔ اسی روز ذلالت میں بھٹکنے والے کاروان انسانیت کو صراط مستقیم تک رسائی نصیب ہوئی۔ اسی روز اللہ تعالیٰ اور اسکے بندوں کے درمیان اوہام، تعصب، جہالت اور نفس پرستی اور اندھی تقلید کے جتنے حجابات تھے سب تار تار کردیئے گئے۔ انسان کو خود شناسی اور خدا شناسی کی نعمت عظمیٰ اور سعادت کبریٰ سے بہرہ ور کردیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: ﴿جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا﴾۔ کی صداقتوں کا لوگوں نے اپنی ظاہری آنکھوں سے بھی مشاہدہ کیا۔ اس کا سبب صلح حدیبیہ کی تہ شدہ دو شرطوں کا مان کر توڑ دینا تھا۔ بنوخزاعہ نے دوستی کا ہاتھ حضورﷺ کی



طرف بڑھایا تھا۔ پھر غزوۂ موتہ میں مسلمانوں کے تین عظیم جرنیل شہید ہوئے۔ تو اہل مکہ کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ مسلمان کمزور ہو گئے ہوں گے۔ تو اس طرح باقی قبائل نے مل کر رات کو بنوخزاعہ پر حملہ کیا اور بہت سے آدمیوں کو قتل کیا۔ پھر جب حضورﷺ کو اطلاع پہنچی تو آپ بہت بڑے لشکر کے ساتھ مکہ کی طرف چلے۔ لشکر کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ جب آپﷺ مرالظہران کی بستی میں پہنچے رات کو پڑاؤ کیا تو مکہ سے ابوسفیان دو آدمیوں کے ساتھ مدینہ جارہا تھا۔ وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ ہزاروں خیمے ہیں اور ان کے آگے چولہے جل رہے ہیں۔ پھر جب وہ اسلام قبول کر کے مکہ جانے لگا تو وہ حضرت عباس کے ساتھ رستے میں رک کر مسلمانوں کے لشکر کو دیکھنے لگا۔ مسلمانوں کے دستے گزرتے جاتے اور ابوسفیان عباس سے پوچھتے یہ کون سا دستہ ہے۔ یہ کون سا دستہ ہے؟ ابوسفیان بار بار پوچھتے کہ ابھی تک محمدﷺ کا دستہ نہیں آیا۔ ابھی تک محمدﷺ کا دستہ نہیں آیا؟ تو حضورﷺ اتنا بڑا لشکر لے کر مکہ میں مختلف طرفوں سے فاتحانہ داخل ہوئے۔ آپ نے قتل سے پہلے ہی منع فرمایا تھا۔ مگر خالد بن ولید کے لشکر پر جب کفار حملہ آور ہوئے تو اس وقت انہوں نے دو کافروں کو قتل کیا۔ تو حضورﷺ مکہ میں فاتحانہ طور پر داخل ہوئے اور حضورﷺ یعنی (فتح و کامرانی کے بارات کے دولہا) کی گردن جھکی ہوئی تھی۔ پیکر و عجز و نیاز بنے اپنے رب کریم کی حمد وثناء میں مصروف تھے۔ جبین سعادت کجاوے کی سامنے والی لکڑی کو چھو رہی تھی۔ آپ نے کفار مکہ کو مکمل امان دی اور کہا کہ ابوسفیان کے گھر جو چھپ گیا اسے امان ہے جو اپنے گھر کے اندر رہا اور دروازہ بند کرلیا اسے امان، جو مسجد حرم میں گیا اسے امان، جس نے ہتھیار ڈال دیئے اسے امان۔ (ضیاء النبی، ج ۳، ص ۴۳۲)

چشم فلک نے بہت سے فاتح دیکھے ہوں گے مگر ایسا فاتح اسے دیکھنے کو نہ ملا ہوگا۔ پھر حضورﷺ نے کعبہ کو بتوں سے پاک کیا یوں یہ عظیم فتح مکمل ہوئی۔

Scanned with CamScanner

## (4)۔سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (۱۰ رمضان المبارک)

رمضان المبارک کا ایک اہم ترین واقعہ حضرت خدیجۃ الکبری کی وفات ہے جو کہ دس رمضان المبارک کو ہوا اور وہ بعثت نبوی کا دسواں سال تھا۔

آنحضرت ﷺ کی بعثت سے پہلے وہ طاہرہ کے لقب سے مشہور تھیں ہن کی والدہ فاطمہ بنت زائدہ تھیں ان کے والد اپنے قبیلے میں ممتاز تھے ان کی پہلی شادی ابو نالہ سے ہوئی جس سے دولڑکے پیدا ہوئے پھر عتیق سے ہوئی اس سے ایک لڑکی پیدا ہوئی اس کا نام ہند تھا جس کی وجہ سے آپ ام ہند کے نام سے پکاری جاتی تھیں۔

عتیق کے انتقال کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا حضور ﷺ کے نکاح میں آئیں پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا سے چھ اولادیں ہوئیں دو صاحبزادے (دونوں بچپن میں انتقال کر گئے) اور چار صاحبزادیاں (حضرت فاطمۃ الزہرا، حضرت زینب، حضرت رقیہ ،حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالی عنہن)۔

حضرت خدیجہ سے حضور ﷺ کی بے انتہا محبت تھی جب وہ عقد نکاح میں آئیں تو ان کی عمر چالیس برس تھی اور حضور ﷺ کی عمر پچیس برس تھی وہ حضور ﷺ کے ساتھ نکاح میں آنے کے بعد پچیس برس تک زندہ رہیں ان کی زندگی تک حضور ﷺ نے دوسری شادی نہیں کی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کی وفات کے بعد جب بھی حضور ﷺ کے گھر میں کوئی جانور ذبح ہوتا تو آپ ڈھونڈ ڈھونڈ کر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کی ہم نشین عورتوں کے پاس گوشت بھجواتے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کہتی تھیں کہ گو میں نے خدیجۃ الکبری کو نہیں دیکھا لیکن مجھ کو جسقدر رشک ان پر آتا تھا کسی اور پر نہیں آتا تھا جس کی وجہ یہ تھی کہ حضور ﷺ ہمیشہ ان کا ذکر کیا کرتے تھے ایک دفعہ حضرت خدیجہ کی بہن ہالہ حضور ﷺ سے ملاقات کے لئے



آئیں تو اجازت چاہی ان کی آواز حضرت خدیجۃ الکبری رضی اللہ تعالی عنہا سے ملتی تھی آپ کے کانوں میں آواز پڑی تو خدیجۃ الکبری یاد آگئیں آپ بے جھجک اٹھے اور فرمایا ’’خدیجہ آئیں ہوں گی‘‘ حضرت عائشہ بھی موجود تھیں ان کو رشک ہوا بولیں آپ ایک بڑھیا کو یاد کرتے ہیں جو مرگئیں ہیں اور خدا نے ان سے اچھی بیویاں آپ کو دیں تو آپ نے فرمایا ہرگز نہیں جب لوگوں نے میری تکذیب کی تو انہوں نے تصدیق کی جب لوگ کافر تھے وہ اسلام لائیں جب میرا کوئی مددگار نہ تھا تو انہوں نے میری مدد کی۔ (سیرت النبی ج ۱ حصہ دوم ۲۳۹)

آپ کا وصال مبارک بعثت کے دسویں سال ۱۰ رمضان المبارک کو ہوا اللہ تعالی آپ پر کروڑوں رحمتیں فرمائے۔ (آمین)

## (5)۔حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالی عنہا (3 رمضان المبارک)

آپ حضور ﷺ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی ہیں آپ کی والدہ ماجدہ حضرت خدیجہ بنت خویلد ہیں آپ نبوت سے پانچ سال قبل پیدا ہوئیں جس سال قریش بیت اللہ کی تعمیر کر رہے تھے۔

حضرت فاطمہ سے عقد کی درخواست سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ نے کی اور ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے کی تھیں لیکن حضور ﷺ نے کچھ جواب نہ دیا پھر حضرت علی نے درخواست پیش کی تو آپ نے فرمایا تمہارے پاس مہر ادا کرنے کو کچھ ہے بولے ایک گھوڑا اور زرہ کے سوا کچھ نہیں گھوڑا تو لڑائی کے لئے تھا اور زرہ فروخت کر دی اور قیمت حضور ﷺ کو پیش کر دی۔

اسطرح رسم شادی ادا کی گئی حضور ﷺ ہمیشہ حضرت علی اور حضرت فاطمہ کے تعلقات میں خوشگواری پیدا کرنے کی کوشش فرماتے تھے۔ چنانچہ جب حضرت علی اور حضرت فاطمہ میں کبھی

Scanned with CamScanner

کبھی خانگی معاملات کے متعلق رنجش ہو جاتی تو حضور ﷺ دونوں میں صلح کرادیتے پھر آپ بہت خوش ہوتے ایک دن آپ سے خوشی کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا میں نے ان دو شخصوں میں مصلاحت کرادی ہے جو مجھ کو محبوب ہیں۔

حضرت فاطمۃ الزہرا کی پانچ اولادیں ہوئیں حسن، حسین، محسن، ام کلثوم، زینب حضرت محسن نے بچپن میں ہی انتقال کیا۔

حضرت فاطمہ نے تین رمضان المبارک ۱۱ ہجری میں حضور ﷺ کے انتقال کے چھ ماہ بعد وفات پائی اس وقت آپ کی عمر مبارک ۲۹ سال تھی۔

## (6)۔حضرت علی المرتضی رضی اللہ تعالی عنہ(۲۱ رمضان المبارک)

حضور اکرم ﷺ کے داماد اور سیدۃ النساء حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالی عنہا کا زوج محترم ہونے کا شرف بہت بڑا شرف ہے اور یہ حاصل ہے تو صرف حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو حاصل ہے اللہ عزوجل نے اس کمال کے علاوہ اور بھی بہت سے کمالات و درجات سے نوازا آپ آغوش نبوت میں پل کر جوان ہوئے حضور اکرم ﷺ کی خصوصی شفقت آپ ہی کو حاصل ہے سب سے پہلے آپ ہی نے اسلام قبول کیا آپ حضور کے بہت قریب تھے یہ کچھ باتیں ہیں اس کے علاوہ بہت سے کمالات ایسے ہیں جو آپ میں پائے جاتے ہیں جس کی احادیث مبارکہ اور تفاسیر شاہد ہیں آپ اپنے تقوی و طہارت علم و حلم، عبادات و ریاضت، سخاوت و شجاعت، فصاحت و بلاغت، اور فقاہت و ذہانت کے لحاظ سے اپنی مثال آپ تھے۔

خیبر کا وہ قلعہ جو مرحب کا پایہ تخت تھا اس کا فتح کرنا آسان کام نہ تھا بہت کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی چنانچہ حضور ﷺ نے دست مبارک میں جھنڈا پکڑ کر فرمایا کہ میں کل یہ جھنڈا ایک ایسے شخص کو دوں گا جس کے ہاتھ پر خدا تعالی فتح عطا فرمائے گا۔



صحابہ کرام علیہم الرضوان بڑے بے قرار تھے کیونکہ ہر صحابی کی یہ آرزو تھی کہ اے کاش رسول اللہ ﷺ کل صبح مجھے یہ جھنڈا عنایت فرمائیں صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے حضرت علی کو طلب کیا صحابہ نے عرض کی ”یارسول اللہ ﷺ ان کی آنکھیں دکھتی ہیں“ آپ نے حضرت علی کو پیغام بھیجا جب حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ حاضر ہوئے تو مختار دو عالم ﷺ نے ان کی آنکھوں پر اپنا لعاب دہن لگایا تو وہ بالکل ٹھیک ہو گئیں پھر حضور ﷺ نے حضرت علی کو جھنڈا عنایت فرمایا اور اللہ تعالی نے آپ کو فتح نصیب فرمائی۔ (ضیاء النبی ص ۲۲۹، ۲۳۰)

مذکورہ حدیث مبارک بخاری شریف اور مشکوۃ شریف میں موجود ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے خلفاء ثلاثہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہم کی بیعت فرمائی ان کے پیچھے نمازیں پڑھتے رہے پھر ان کے بعد خلیفہ چہارم مقرر ہوئے آپ نے اپنی شہادت کی پیشگی اطلاع دے دی تھی۔

سنہ ۴۰ھ کو ۲۱ رمضان المبارک میں امیر المؤمنین شہید ہو گئے صحیح روایت ہے کہ جنگ نہروان سے بقیہ خوارج میں عبد اللہ بن ملجم مرادی، مرک بن عبداللہ تمیمی اور عمرو بن اکر تمیمی سعدی نے حجاز میں ایک مقام پر اکٹھے ہو کر منصوبہ بنایا امراء اسلام کو شہید کرنے کا۔ چنانچہ ابن ملجم نے ۱۷ رمضان المبارک کو مسجد میں آپ پر ایک سخت وار کیا۔ آپ اتوار کے روز ۲۱ رمضان المبارک کو شہید ہو گئے۔ آپ کے قاتل کو حضرت حسن نے اسی تلوار سے ہی واصل جہنم کردیا۔

(تاریخ ابن خلدون، حصہ اول، ص ۴۳۶، ۴۳۸)

## (7)۔سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا(۱۷ رمضان المبارک)

حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ کی حیات میں دوسرا نکاح نہ کی پھر ہجرت سے تین سال قبل حضرت خدیجہ نے وفات پائی پھر ۳ سال قبل از ہجرت ہی حضور نے حضرت عائشہ سے نکاح

Scanned with CamScanner

کیا۔اس وقت حضرت عائشہ کی عمر سات سال تھی اور پھر مدینہ میں پہنچ کر جب حضرت عائشہ کی عمر نو یا دس سال تھی تو رسم عروسی ادا کی گئی۔ (تاریخ ابن خلدون، حصہ اول ص ۱۷۴)

جب رسم عروسی ادا کی گئی تو آپ کی عمر نو سال تھی سہیلیوں کے ساتھ جھولا جھول رہی تھیں کہ ام رومان (آپ کی والدہ) نے حضرت عائشہ کو آواز دی ان کو اس واقعہ کی خبر تک نہ تھی ماں کے پاس آئیں انہوں نے منہ دھویا بال درست کیے اور گھر لے گئیں گھر میں عورتوں نے مبارک بادری چاشت کے وقت حضور ﷺ تشریف لائے تو رسم عروسی ادا ہوئی شوال میں نکاح ہوا اور شوال میں ہی یہ رسم ادا ہوئی۔اہل عرب اس ماہ کو مکروہ خیال کرتے تھے کیونکہ طاعون اسی ماہ میں آیا تھا اور اسی ماہ میں رسم عروسی اور نکاح کی وجہ سے اس ماہ کی کراہت کو ختم کرنا تھی۔

(سیرۃ النبی ﷺ، ج ۲، ص ۲۴۱)

حضرت عائشہ ۴ نبوی میں پیدا ہوئیں اور ۱۰ نبوی میں حضور ﷺ کے نکاح میں آئیں۔
پھر ۱۳ نبوی میں آپ نے ہجرت کی اور جب مدینہ کے حالات درست ہوئے تو رسم عروسی ادا ہوئی نو سال کی عمر میں حضرت عائشہ حضور ﷺ کے پاس آئیں اور نو سال حضور ﷺ کے ساتھ رہیں۔
آپ کے انتقال کے وقت حضرت عائشہ کی عمر اٹھارہ سال تھی۔حضرت عائشہ حضور ﷺ کے بعد ۴۸ سال زندہ رہیں اور ۵۷ھ میں وفات پائی اس وقت آپ کی عمر ۶۶ سال تھی (آپ ۱۷ رمضان المبارک کو فوت ہوئیں) اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔آپ کی علمی قابلیت بہت زیادہ تھی صحابہ کرام کو جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تو وہ آپ کے پاس اس کے حل کے لیے آتے (ترمذی) بعض لوگوں کا قول ہے کہ احکام شریعہ میں سے ایک چوتھائی ان سے منقول ہے۔

(سیرۃ النبی ﷺ، ج ۲، ص ۲۴۱، ۲۴۲)



## نوٹ:۔

ابھی تک جو حالات و واقعات گزر چکے ہیں وہ حضور ﷺ کی قربت کے لحاظ سے تھے۔
یعنی جو واقعات حضور ﷺ کے دور میں رمضان میں ہوئے اور وہ نفوس قدسیات کے وصالات جو حضور ﷺ کے قریبی ہیں اور رمضان میں ہوئے ان کا ذکر ہوا ہے اب بعد کے دور کے اولیائے کرام کے بارے میں مختصر اوضاحت کروں گا پہلے وہ اولیائے کرام جن کی پیدائش رمضان المبارک میں ہوئی یا اہم واقعات جو رمضان میں ہوئے وہ پیش کروں گا اور پھر وہ اولیائے کرام جنہوں نے رمضان میں وصال پایا ان کا تذکرہ کیا جائے گا۔انشاءاللہ

### (1)۔ولادت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ (یکم رمضان المبارک)

حضرت غوث الاعظم رمضان المبارک کی پہلی تاریخ کو پیدا ہوئے آپ کی ولادت ۴۷۰ھ میں ہوئی آپ کا آبائی وطن ایران کا ایک قدیم قصبہ جیلان ہے
غوث الاعظم صحیح النسب سید ہیں والد محترم کی طرف سے بارہویں پشت میں آپ کا سلسلہ نسب حضرت سیدنا امام حسن سے اور والدہ جو کہ حضرت سید عبداللہ صومعی کی بیٹی تھیں ان کا سلسلہ نسب تیرھویں پشت میں حضرت امام حسین سے ملتا ہے اس طرح آپ کی والدہ حسینی سید اور والد حسنی سید ہوئے۔

آپ کی ولادت کے ایک دو اہم واقعات درج ذیل ہیں۔
جس رات آپ کی ولادت ہوئی تو آپ کے والد نے خواب میں حضور ﷺ کو دیکھا آپ صحابہ کرام اور اولیاء عظام کے ساتھ تشریف لائے اور فرمایا ''اے ابو صالح تجھے اللہ تعالی نے فرزند صالح عطا فرمایا ہے وہ میرے بیٹے کی طرح ہے اور اولیاء میں اس کا مرتبہ بہت بلند ہے
معتبر مؤرخین نے لکھا ہے کہ اس پورے شہر میں جس قدر بچے پیدا ہوئے وہ لڑکے تھے

Scanned with CamScanner

اور وہ تمام جوان ہو کر ولایت کی منزل تک پہنچے۔ (اللہ کے سفیر ص ۱۶۵)

جب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نے اعلان کیا کہ ﴿قدمی هذه علی رقبة کل ولی الله﴾ تو اس وقت سر جھکانے والے حضرات میں حضرت عدی بن مسافر رحمۃ اللہ علیہ کا نام بہت نمایاں ہے وہ عدی ہیں کہ جن کے بارے میں غوث الاعظم نے فرمایا تھا کہ ''اگر نبوت ریاضت کے ذریعے حاصل ہوتی تو شیخ عدی بن مسافر نبی ہوتے۔ آپ کا مقام اولیاء میں اس طرح ہے کہ جسطرح حضور ﷺ کا انبیاء میں سب سے بلند ہے آپ کا وصال مبارک ۱۱ ربیع الثانی ۵۶۰ھ میں ہوا۔

آپ کی عبادت کا عالم یہ تھا کہ چالیس سال تک عشاء کے وضو سے صبح کی نماز ادا فرماتے رہے اور سر تکیہ پر نہ رکھا پندرہ برس اسی عالم میں گزرے کہ تمام شب ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر نماز پڑھتے رہے ایک ایک رکعت میں ایک ایک قرآن پاک ختم کیا کرتے تھے جب پوری طرح تزکیہ باطنی ہو چکا تو پھر آپ کو خرقہ خلافت ملا آپ کی تقاریر کو سننے کے لئے دور دراز سے لوگ آتے اور لاکھوں کی تعداد ہوتی تھی اور بغیر سپیکر کے تمام لوگوں تک آواز برابر پہنچتی مجلس میں کہیں تل دھرنے کی جگہ نہ ہوتی تھی کوئی جلسہ ایسا نہ ہوتا تھا جس میں دو چار موتیں خوف الٰہی سے واقع نہ ہوتی تھیں۔

## (2)۔ حضرت حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبندی قدس سرہ (۷ رمضان المبارک)

آپ خواجہ محمد معصوم سرہندی کے فرزند تھے آپ کی ولادت باسعادت ۷ رمضان المبارک ۱۰۳۴ھ میں بروز جمعۃ المبارک ہوئی حضرت مجدد الف ثانی نے مرض الموت میں حضرت قیوم الثانی سے ارشاد فرمایا تھا کہ اس سال میرے وصال کے بعد تمہارے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو قرب الٰہی میں اور کمالات میں میرے برابر ہوگا۔



آپ نے علوم ظاہری و باطنی اپنے والد ماجد سے حاصل کیا آپ نے ۱۱ ربیع الاول ۱۰۷۹ھ کو مسند ارشاد پر جلوس فرمایا مولانا محمد عابد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ شروع شروع میں میرے دل میں خیال آیا کہ مرشد کو اس قدر کشف ضرور ہونا چاہیے کہ سالک کے بعض حضرات سے واقف ہو کر ان کا دفیعہ کر سکے آپ نے اسی وقت مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ محمد عابد سنو ''اولیاء اللہ کے بندے ہوتے ہیں انہیں علم غیب کا ہونا اور ان سے کرامات کا صدور واجب نہیں اور ان باتوں کے نہ ہونے سے ان کے کمال میں نقص لازم نہیں آتا۔ آپ نے مرض کی وجہ سے ۲۲ محرم الحرام ۱۱۱۴ھ کو سرہند شریف میں رحلت فرمائی۔ ﴿انا لله و انا اليه راجعون﴾

(تاریخ مشائخ نقشبندیہ ص ۴۲۸ تا ۴۳۳)

## (3)۔ محمد ابراہیم جان خلیل (۸ رمضان المبارک)

آپ حضرت پیر محمد اسماعیل روشن کے فرزند ہیں آپ کی ولادت باسعادت ۸ رمضان المبارک ۱۳۳۴ھ کو ہوئی۔ فارسی اور عربی کی تعلیم آپ نے اپنے والد بزرگوار سے حاصل کی۔ آپ نے طیبہ کالج دہلی میں داخل ہو کر طب کی تعلیم حاصل کی اور علوم دینیہ اور فنون عربیہ میں کامل دسترس حاصل کی۔

آپ گوٹھ گلزار خلیل میں ایک طرف تو اپنے علم کے چشمے سے لوگوں کو سیراب کر رہے ہیں اور ساتھ ہی آپ نے ایک دارالعلوم قائم کیا۔ جسمیں قرآن و حدیث اور فقہ و تفسیر کی تعلیم دی جارہی ہے۔ آپ خدمت دین کا بڑا جذبہ رکھتے ہیں آپ شعر و شاعری سے بھی بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ آپ آج بھی ساما رو ضلع تھرپارکر (سندھ) میں مجددی سرہندی مسند رشد و ہدایت پر جلوہ افروز ہیں اور مخلوق خدا کی ہدایت فرما رہے ہیں۔

(سندھ کے صوفیائے نقشبند حصہ اول، صفحہ نمبر ۶۰۴)

Scanned with CamScanner

## (4)۔حضرت شیخ رکن الدین ابوالفتح (۹ رمضان المبارک)

آپ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے اور شیخ صدرالدین عارف کے بیٹے تھے۔ایک دن آپ کی ولادت سے قبل آپ کی والدہ اپنے خسر حضرت بہاؤ الدین ذکریا کو سلام کرنے آئی حضرت بہاؤ الدین آپ کی تعظیم کرتے ہوئے کھڑے ہو گئے آپ کی والدہ کو تعجب ہوا تو حضرت نے فرمایا کہ ''یہ تعظیم اس بچے کی ہے جو تیرے پیٹ میں ہے وہ چراغ خاندان ہوگا'' (سالک السالکین ج ۲ ص ۵۲۷)

آپ کی ولادت مبارک ۹ رمضان المبارک ۶۴۹ھ بروز جمعہ کو ہوئی آپ کے دادا نے آپ کا نام رکن الدین رکھا اور ابوالفتح کنیت تھی اور فضل اللہ لقب تھا آپ نے تعلیم و تربیت اپنے دادا سے ہی حاصل کی بچپن میں ایک دن اپنے دادا کی دستار کو سر پر پہن لیا آپ کے والد نے دستار اتارنے کو کہا تو دادا نے آپ کے والد سے فرمایا کہ اس نے یہ دستار بطور حق اپنے سر پر رکھی ہے۔ (ایضا)

پھر جب آپ سجادہ نشین ہوئے تو وہی دستار پہنی اور شیخ شہاب الدین کا خرقہ جو آپ کو والد سے ملا تھا زیب تن فرمایا۔

وفات سے تین ماہ قبل گوشہ تنہائی اختیار کرلیا تھا اور ۱۶ رجب المرجب ۷۳۵ھ کو جوار رحمت میں داخل ہوئے۔ (ایضا)

## (5)۔حضرت خواجہ نور محمد مہاروی (۱۴ رمضان المبارک)

آپ کے والد ماجد کا نام ہنداں تھا انہوں نے مہار میں سکونت اختیار کی آپ کی ولادت مبارک ۱۴ رمضان المبارک ۱۱۴۲ھ کو چوتالہ میں ہوئی آپ کا لقب نور محمد تھا آپ نے حافظ محمد مسعود مہاروی سے قرآن مجید حفظ کیا۔اور باقی تعلیم لاہور اور دہلی سے حاصل کی پھر جب



حضرت مولانا فخرالدین دہلی میں آئے تو آپ نے علوم ظاہری ان سے حاصل کیے آپ کے ایک مرید غلام حسین کا آپ سے سوکوس فاصلہ پر انتقال ہوا آپ کو مولوی غلام حسین کے جنازہ کے ہمراہ لوگوں نے دیکھا آپ ہر آنے جانے والے کے مافی الضمیر کو بتادیتے تھے۔

آپ ہمیشہ تلقین کرتے تھے کہ کم کھانا، کم سونا، کم بولنا اور لوگوں سے کم ملنا جلنا اختیار کرو۔

آپ ۳ ذوالحجہ ۱۲۰۵ھ کو جوار رحمت میں داخل ہوئے مزار فیض آثار مہار میں واقع ہے۔

## (6)۔غلام محمد ملکانی۔ (۱۴ رمضان المبارک)

سندھ میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے ایک معروف بزرگ غلام محمد ملکانی ہیں۔جن کی ذات سے سندھ میں سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کو بڑا فروغ حاصل ہوا آپ کی ولادت ۱۴ رمضان المبارک ۱۲۷۶ھ میں ملکانی نامی ایک بلوچ خاندان میں ہوئی آپ نے مختلف علمائے کرام کے پاس عربی اور فارسی کی تعلیم حاصل کی آپ نے تحصیل علم کے بعد چالیس سال تک تشنگان علم کو اپنے علم سے سیراب کیا آپ نے اپنی زندگی کے کچھ ایام سیر وسیاحت میں بھی گزارے اور حجاز کا سفر بھی کیا اسی سفر میں والد گرامی وصال فرما گئے اور ان کو جنت البقیع میں ہی دفن کیا حجاز سے واپس ہو کر آپ نے حضرت خواجہ ولی محمد ملا کی طرف سے بیعت کی اور سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں اجازت وخلافت حاصل کی آپ نے موہڑا شریف کے خواجہ محمد قاسم نقشبندی اور گولڑا شریف کے خواجہ پیر مہر علی شاہ جیلانی کی صحبت کا بھی شرف حاصل کیا اور اجازت حاصل کی پھر آپ نے ۱۳۲۶ھ میں چھ ماہ میں قرآن پاک حفظ کیا آپ وعظ فرماتے تو روتے روتے لوگوں کی ہچکیاں بندھ جاتی تھیں۔

آخر آپ ۲۲ جمادی الثانی ۱۳۵۴ھ ۲۲ ستمبر ۱۹۳۵ء بروز اتوار اس دنیا فانی سے رخصت ہوگئے۔﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾ (تذکرہ اولیاء پاک وہند ص ۳۵۹ تا ۳۶۱)

Scanned with CamScanner

## (7)۔سلطان الاولیاء خواجہ محمد زمان (۲۱ رمضان المبارک)

نقشبندی سلسلہ کے وہ جگمگاتے ہوئے آفتاب وماہتاب جنکے فیوضات کی کرنوں نے نہ صرف سرزمیں سندھ کو بلکہ پورے ہندوستان اوراسکے علاوہ دیگر بہت سے ممالک کو ایسا مستفید کیا کہ ان کی جلائی ہوئی شمعوں سے آج بھی بدعقیدگی اور بداعمالیوں کی ظلمتیں چھٹ رہی ہیں اور قلوب کی دنیا میں اجالا ہورہا ہے۔

آپ کا اسم گرامی محمد زمان ہے اور لقب سلطان الاولیاء ہے آپ کے والد گرامی کا نام شیخ حاجی عبداللطیف ہے آپ کے آباؤاجداد پشت در پشت کامل اولیاء ہیں اور سہروردی سلسلے سے ہیں صرف آپ اور آپ کے والد گرامی نقشبندی سلسلے سے وابستہ ہیں۔

آپ ۲۱ رمضان المبارک ۱۱۲۵ھ کو اس دنیا میں تشریف لائے آپ نے قرآن پاک اپنے والد صاحب سے ہی حفظ کیا اور باقی بھی کافی تعلیم والد محترم سے ہی حاصل کی اور باطنی علم حضرت ابوالمساکین خواجہ محمد سے حاصل کیا اور انہی کی بیعت کر کے آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں داخل ہوئے راہ سلوک میں شب وروز لگن کی وجہ سے خواجہ ابوالمساکین نے خلافت آپ کو سونپی اور اپنی مسند پر بٹھایا آپ کے جوتے درست فرمائے اپنی دستار آپ کو عطا کی اور آپ سے دعا فرمائی اس طرح خواجہ ابوالمساکین نے خود خلوت اختیار کی اور تمام کام خواجہ محمد زمان کے سپرد کیے آپ توکل، تحمل اور بردباری کا ایک بے مثال نمونہ تھے آپ شہرت اور دکھلاوے کی وجہ سے کرامت کے بہت خلاف تھے لیکن پھر بھی بے اختیاری طور پر آپ سے بہت سی کرامتوں کا ظہور ہوا آخر آپ کو جوڑوں کا درد زیادہ رہنے لگا اور بخار کھانسی بھی زیادہ ہونے لگی اور آپ ۴ ذیقعد ۱۱۸۸ھ کو اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ (سندھ کے صوفیائے نقشبند ج ۱ ص ۳۱۳)

## (8)۔سید حاجی وارث علی شاہ (۱۱ رمضان المبارک)



حضور وارث پاک کی ذات اقدس ایسی ہے جن کے متعلق کچھ لکھنا اس طرح ہے جیسے سورج کو چراغ دیا جائے۔ سلسلہ وارثیہ ایسی ایسی باریکیاں اپنے اندر سمائے ہوئے ہیں جن کو عام انسان سمجھنے سے قاصر ہے جب کوئی قریب ہو کر مشاہدہ کرے تو اس پر تمام راز آشکارا ہو جائیں۔

آپ سلسلہ عالیہ وارثیہ کے جد اعلیٰ ہیں اور آپ کو ہر سلسلہ یعنی قادریہ، چشتیہ اور نقشبندیہ وغیرہ سے خاص نسبت ہے کیونکہ آپ سیدنا امام حسین علیہ السلام کی چھبیسویں (۲۶) پشت ہیں۔ آپ ہر سلسلہ کے مالک ومختار ہیں۔

حاجی وارث علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت عیسیٰ سے خاص نسبت تھی اور حضرت عیسیٰ جب رفع الی السماء ہوئے تو زرد رنگ کی دو چادریں زیب تن کی ہوئی تھیں آپ کو حضور سیدنا عبدالقادر جیلانی کے کہنے پر اس وقت کے سجادہ نشین نے دو احرام زرد رنگ کے عطا کیے اس سے اگلے سال آپ اسی زرد احرام میں حج کیا لوگ معترض ہوئے تو شاہ سعود نے تین مرتبہ آپ کو سفید احرام عطا کیا آپ جب پہنتے تو زرد ہو جاتا۔ اسی وجہ سے آپ وارثی فقراء کیلئے زرد احرام میں حج کرنے کی اجازت ہے۔

آپ کا سلسلہ بیعت بہت وسیع تھا کبھی تو آپ فرماتے کہ جو ہم سے محبت کرے وہ ہمارا مرید ہے آپ ہمیشہ برہنہ پا وسر رہتے مگر کبھی بھی آپ کے پاؤں گرد آلود نہ ہوئے آپ ۱۱ رمضان المبارک ۱۲۳۸ھ کو پیدا ہوئے اور ۳۰ محرم الحرام ۱۳۲۳ھ بروز جمعرات کو اس دنیا کو خیر آباد کہا۔

## (9)۔شیخ القرآن غلام علی (۱۱ رمضان المبارک)

شیخ القرآن غلام علی کے والد کا نام سلطان احمد چوہدری تھا۔ آپ ۱۱ رمضان المبارک ۱۳۳۸ھ بروز جمعۃ المبارک کو پیدا ہوئے آپ کی ایک سعادت یہ بھی ہے کہ آپ نے اپنی والدہ

Scanned with CamScanner

ماجدہ کے علاوہ ایک انتہائی نیکوکار پرہیز گار پاک جسم اور پاک روح سید زادی کا دودھ بھی پیا ۔آپ کبھی کبھی فرماتے تھے کہ ”اللہ تعالیٰ نے میری والدہ کے علاوہ مجھے ایک عظیم الشان والدہ عطا فرمائیں اور وہ بھی سید ہزائدہ۔اور آپ فرماتے کہ میں کچھ بھی نہیں صرف اور صرف میری رضائی ماں کے دودھ کا اثر ہے۔

کبھی کبھی آپ بطور تحدیث نعمت اپنے نام کے بارے میں ارشاد فرماتے کہ میرا نام غلام علی ہے علی کرم اللہ وجہہ نے کبھی بھی شکست کا سامنا نہیں فرمایا یونہی علی کے نام غلام علی کو سیاست، مذہب دین، مناظرہ اور باقی معاملات میں شکست کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

آپ کی کنیت ابوالبیان اور ابوالفضل بیان کی جاتی ہے اور واقعی آپ ابوالبیان تھے بڑی فصیح وبلیغ تقریر فرماتے تھے آپ پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم تھا۔

آپ کا لقب شیخ القرآن ہے اور واقعی آپ نے زندگی بھر قرآن کو اپنا لباس بنائے رکھا ۱۹۹۴ء میں حرمین شریفین کی حاضری کے لئے حاضر ہوئے وہاں بھی آپ دن رات، صبح شام کتب خانوں کے چکر لگاتے رہتے کیونکہ آپ نے حکومت پاکستان کو ہنگامی طور پر ٹیکس لگانے کے بارے میں فتوی دینا تھا تو پھر تحقیق کے بعد کہا کہ بوقت ضرورت ہنگامی بنیادوں پر ہنگامی ٹیکس جائز ہے۔

حضرت شیخ القرآن نے کئی بار الیکشن لڑا اور دوبار متحدہ جماعت علمائے پاکستان کے صدر مقرر ہوئے۔

## (10)۔حضرت شیخ بہاؤالدین ذکریا (۲۷ رمضان المبارک)

حضرت بہاؤالدین ذکریا ملتانی قریشی، اسدی، ہاشمی قبیلے سے تعلق رکھتے تھے آپ کے والد گرامی کا نام شیخ وجیہ الدین تھا اور والدہ کا نام بی بی فاطمہ تھا۔



آپ ۲۷ رمضان المبارک ۵۶۶ھ بروز جمعہ کو کوٹ کروڑ میں پیدا ہوئے ۱۲ سال کی عمر میں والدہ ماجدہ کا سایہ سر سے اٹھ گیا آپ نے سات سال کی عمر میں سات قراتوں کے ساتھ قرآن پاک حفظ کیا پھر ”بخارا“ آکر علم کی تکمیل کی وہاں آپ بہاؤ الدین فرشتہ کے نام سے مشہور ہوئے۔

آپ نے بہت سے علاقوں میں سیر وسیاحت کی اور بہت سے درویشوں سے فیوض و برکات حاصل کئے پھر بغداد آکر حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردی سے بیعت ہوئے چند دنوں میں ہی آپ نے اپنے پیر سے بہت نعمت پائی یہاں تک حضور ﷺ نے خواب میں آکر خرقہ کی بشارت دی اور صبح آپ کو خرقہ خلافت عطا کیا گیا آپ کے پیر ومرشد نے آپ کو ملتان بھیجا ملتان آکر جلد ہی آپ شیخ الاسلام کے عہدے پر فائز ہوئے۔آپ ۷ صفر المظفر ۶۶۶ھ کو بروز جمعرات جوار رحمت میں داخل ہوئے آپ کے ایک مرید خواجہ کمال الدین تجارت کرتے تھے تو ایک دفعہ ان کا جہاز ڈوبنے لگا تو آپ نے اپنے پیر کو پکارا تو آپ نے جہاز کو ڈوبنے سے بچالیا

(تذکرہ اولیائے پاک وہند ص۱۴۱تا۴۹)

## (11)۔سید عبدالہادی (۲۷ رمضان المبارک)

آپ کی ولادت ۲۷ رمضان المبارک ۵۸۰ھ بروز جمعرات کو ہوئی آپ مادر زاد ولی تھے رمضان المبارک میں اپنی والدہ کا دودھ نہیں پیتے تھے۔اگر وہ زبردستی پلاتیں تو آپ منہ پھیر لیتے تھے آپ صحیح النسب حسینی سادات میں حضرت امام موسیٰ کاظم کی اولاد میں سے تھے۔

آپ نے سات سال کی عمر میں حفظ قرآن کیا پھر علم دینیہ کی طرف متوجہ ہوئے اور ۸ سال کی قلیل مدت میں تمام علوم دینیہ کی تکمیل کی اور آپ تفسیر وحدیث میں ایک اعلیٰ مقام رکھتے تھے۔تحصیل علم کے بعد آپ تصوف کی طرف مائل ہوئے۔

Scanned with CamScanner

آپ نے حج کی سعادت حاصل کرنے کے بعد ہندوستان میں کوہ ناگرنار (جونا گڑھ) کے اندر ریاضت اور چلہ کشی میں منہمک اور مصروف ہو گئے۔

(سندھ کے صوفیائے نقشبند حصہ اول ص ۲۹۹)

آپ ہمیشہ نقاب کرتے تھے عبادت کی وجہ سے آپ کے چہرے سے انوار وتجلیات کی بارش ہونے لگی تو دور دور سے بادشاہ وگدا آپ کے فیوضات کو لوٹنے کے لئے آئے۔

عشق رسول ﷺ کا عالم یہ تھا کہ جب بھی آقا کا نام آجائے تو آپ کا چہرہ کھل اٹھتا خلاف شرع کام پر آپ کو سخت جلال آتا۔ آپ اپنی زندگی کے آخری ایام میں دنیا سے لاتعلق ہو کر اپنے رب کی طرف محو ہو گئے اور تریسٹھ سال کی عمر پا کر ربیع الاول ۶۵۲ھ میں اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔

## (12)۔ الحاج محمد ہالائی (۲۷ رمضان المبارک)

آپ کے آباؤ اجداد ''بوبک'' نامی علاقہ سے ہجرت کر کے ہالا میں آباد ہوئے تھے اور وہیں پر ہی ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۷۶ھ شب قدر میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کا وجود انوار الٰہی سے مستنیر اور روشن تھا اور اپنے وقت کے بہترین عالم اور صوفی بنے

عربی کی ابتدائی کتابیں ہالا میں ہی خلیفہ عبداللطیف صاحب سے پڑھیں پھر ضلع دادو کے ''پاٹ'' نامی علاقہ میں مولانا حسن اللہ صاحب پاٹائی کے مدرسہ میں تحصیل علم کے لئے داخل ہوئے اور سند فراغت اور دستار فضیلت مولانا محمد حسن (کنڈی والا) کے مدرسہ سے حاصل کی۔ تکمیل علم کے بعد تبلیغ دین اور اشاعت علوم دینیہ کیلئے درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا یہاں تک کہ دور دور سے طلباء آکر آپ سے مستفیض ہونے لگے۔

اسی اثناء میں والد گرامی کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ آپ کو ذخیرہ کتب کا بہت شوق تھا چنانچہ



ترکہ میں ملنے والی رقم سے حج کیا اور باقی رقم سے کتابیں خرید لیں۔

آپ کی شب خیزی اور ریاضت کی عادت تو بچپن سے ہی تھی۔ آپ نے حضرت مولانا میاں ولی محمد کا دامن پکڑا اور بیعت ہوئے اور روحانی علم حاصل کرتے رہے ان کے بعد مشہور نقشبندی روحانی سرھندی بزرگ خواجہ حاجی عبدالرحمٰن صاحب کے پاس روحانی تکمیل کی۔

(سندھ کے صوفیائے نقشبند حصہ دوم، ص ۲۵۳)

آپ نے بے شمار کتابیں مختلف زبانوں میں لکھیں آخر کار ماہ ذیقعد کے آخری ہفتے میں آپ پر فالج کا حملہ ہوا اور اسی عارضہ میں مبتلا رہ کر ربیع الآخر ۱۳۳۶ھ بروز جمعہ کو اس دار فانی سے چل بسے۔

## (13)۔ یوم آزادی مبارک (۲۷ رمضان المبارک)

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء سے دو سال ماقبل برطانیہ کی نمائندگی میں ٹھیک اسی تاریخ ہی میں جاپانیوں سے ہتھیار رکھوائے گئے تو انگریز ماؤنٹ بیٹن نے ۱۴ اگست کی تاریخ کا انتخاب صرف اسی لئے کیا تاکہ وہ تاریخ میں اپنے لیے ایک اور اہم باب قائم کرے لیکن وہ یہ جانتا تھا کہ اللہ تعالیٰ تو بہتر تدبیر کرنے والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی یہی بڑی حکمت عملی تھی کہ انگریزوں نے جس دن کو چنا وہ دن اسکی بے خبری میں اسلامی کیلنڈر ۲۷ رمضان المبارک کا دن نکلتا ہے اس طرح دنیا میں اسلام کے نام پر حاصل کیے جانے والے اس ملک پاکستان کا یوم ولادت ۲۷ رمضان المبارک ۱۳۶۵ھ بروز جمعۃ المبارک (۱۴ اگست ۱۹۴۷ء) ٹھہرا (جمعۃ الوداع) اس طرح یہ رات بڑی فضیلتوں کی حامل ہے اس کی تفصیل ماقبل گزر چکی ہے۔

ہمارے اسلامی کیلنڈر کی رو سے ہمارا یوم آزادی ۲۷ رمضان المبارک ہے۔ اس روز ہم روزے سے ہوتے ہیں رات بھر مسجدوں اور گھروں میں عبادت ہوتی ہے اس پاکیزہ رات کو

Scanned with CamScanner

ہم اگر اپنے اہل وعیال کیلئے، پاکستان کیلئے اور عالم اسلام کیلئے دعا مانگیں تو ضرور قبول ہوگی اس رات کی عبادت ہزار مہینوں سے بھی افضل ہے ہمیں چاہیئے کہ ہم جشن آزادی ۱۴ اگست کے ساتھ ساتھ ۲۷ رمضان المبارک کو بھی منائیں اور زیادہ سے زیادہ عبادت کریں تا کہ اللہ تعالیٰ ہم پر ہمارے اہل وعیال پر اور ملک پاکستان پر اور عالم اسلام پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے اور ہمارے ملک پاکستان کو اسلام کا مرکز بنائے اور اسکے مسائل کو حل فرمائے۔

آزادی اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اسکی قدر و منزلت وہی جانتے ہیں کہ جنہوں نے اپنے عزیز و اقارب کو چھوڑا اور حتیٰ کہ اپنے خون کے آخری قطرے کے بہانے میں بھی گریز نہ کیا یا پھر آزادی کی قدر و منزلت کشمیر، فلسطین، بوسنیا، چیچنیا، اراکان، عراق، فلپائن کے مورو، مقدونیا اور دوسری متعدد جگہوں پر آزادی کیلئے برسرِ پیکار مسلمانوں سے پوچھو۔ ان کی عزتیں جان و مال سب کچھ اسی جدوجہد کے نذر ہو رہا ہے۔

افسوس آج ہم اس آزادی کی اور اس ملک کی جس کی بنیادوں میں ہمارے باپ دادا کا خون ہے کس طرح پامالی کر رہے ہیں آج ہر ایک جانتا ہے کہ وہ ملک جو کہ "لا الٰہ الا اللہ" کے نعرے پر لیا گیا تھا آج ہم آزادی حاصل کرنے کے باوجود انگریزوں کے غلام بنے بیٹھے ہیں آخر ایسا کیوں ہے؟ اس کی وجہ ہے تو یہ کہ ہم نے قرآن و سنت کو چھوڑ دیا ہے اور یہود و نصاریٰ کے طرق پر چل پڑے ہیں اگر ہماری یہی حالت رہی تو ہمارے مستقبل کا برا انجام ہمارے لئے اٹل ہے۔

اے اللہ پاکستان کے لوگوں کو سچا پکا مسلمان بنا اور پاکستان کو دنیا کیلئے ایک کامیاب اور ناقابل تسخیر اسلامی مملکت بنا کہ جس پر پورا عالم اسلام فخر کرے (آمین ثم آمین)

## (14)۔ حضرت سید غوث علی شاہ (رمضان المبارک)

آپ حضرت سید احمد علی صاحب کے بیٹے تھے جنکو درجہ ولایت حاصل تھا اور آپ کی



والدہ بھی صاحب جذب تھیں آپ رمضان المبارک ۱۲۱۹ھ کو بروز جمعہ پیدا ہوئے۔ آپکی تعلیم دہلی میں ہوئی حدیث و فقہ کی کتب شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اور حضرت مولانا شاہ محمد اسحٰق سے پڑھیں۔ آپ کو علم ہیئت و دیگر علوم ظاہری و باطنی میں بھی دستگاہ حاصل تھی۔

روحانی فیوض کی مستفادات کو دیکھا جائے تو آپ کئی سلسلوں میں بیعت تھے خاندان سہروردیہ میں حضرت سید فدا حسین رسول شاہی سے اور خاندان قادریہ میں حضرت سید اعظم علی صاحب سے نقشبندی سلسلہ میں حضرت حبیب اللہ شاہ سے اور خاندان چشتیہ میں حضرت امیر الدین سے حاصل بیعت تھے۔

آپ نے سیر و سیاحت بھی کافی کی ہندوستان، مکہ معظمہ، مدینہ منورہ، بغداد، نجف اشرف، بیت المقدس میں بھی حاضر ہوئے مصر، روم، شام کی سیر و سیاحت بھی کی آپ نے نواسی (۸۹) بزرگوں سے ملاقات کی اور انکے باطنی فیوضات سے مستفید ہوئے۔ آپ کا وصال پانی پت میں ہوا۔ آپ قلندر صاحب کے ایک حجرہ میں قیام پذیر تھے آپ نے ۲۶ ربیع الاول ۱۲۲۷ھ اس دار فانی سے کوچ کیا۔

آپ کی تعلیمات سے نہ صرف اہل علم اور اہل تصوف ہی مستفید ہوسکتے ہیں بلکہ ہر شخص آپکی تعلیمات سے بہترین فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

(تذکرہ اولیائے پاک و ہند ص ۳۸۰-۳۸۶)

## (15)۔ حضرت خواجہ ناصر الدین عبید اللہ (رمضان المبارک)

آپکا نام عبیداللہ اور لقب ناصر الدین ہے آپکے والد گرامی کا اسم مبارک محمود بن شہاب الدین ہے آپ کی ولادت رمضان المبارک ۸۰۶ھ میں ہوئی۔ آپ مادر زاد ولی تھے کیونکہ ولادت کے بعد آپ نے چالیس دن تک (جو کہ ایام نفاس ہیں) اپنی والدہ کا دودھ نہ پیا جب

Scanned with CamScanner

انہوں نے نفاس سے پاک ہو کر غسل فرمایا تب دودھ پینا شروع کیا۔

بچپن ہی سے آثار رشد وہدایت اور انوار قبول وعنائت آپ کی پیشانی مبارک پر نمایاں تھے۔ آپ کے جد امجد خواجہ شہاب الدین تھے انہوں نے وقت اخیر اپنے پوتوں کو بلایا تو جب خواجہ عبداللہ صاحب آئے تو شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ نے تعظیم کرتے ہوئے فرمایا کہ مجھے عبداللہ کے بارے میں بشارت نبوی ﷺ ہے یہ پیر عالم گیر ہوگا اور اس سے شریعت وطریقت کو رونق حاصل ہوگی۔ (تاریخ مشائخ نقشبند، ص ۲۳۷)

حضرت خواجہ فضل اللہ ابواللیثی (جو سمرقند کے اکابر علماء میں سے ہیں) فرماتے تھے ہم خواجہ عبداللہ کے کمال باطن سے آگاہ نہیں ہیں مگر یہ جانتے ہیں کہ انہوں نے بحسب ظاہر علوم رسمی سے بہت کم پڑھا ہے اور ایسا دن کم ہوگا کہ وہ تفسیر قاضی بیضاوی میں ہمارے سامنے کوئی شک پیش کریں اور ہم سب اس کے حل سے عاجز نہ آئے ہوں۔ آپ نے تقریباً آٹھ سال سیر وسیاحت میں گزارے اور اکابر مشائخ عظام سے شرف ملاقات پایا اور آپ ۸۹ سال پاکر ۲۹ ربیع الاول ۸۹۵ھ کو وصال فرما گئے۔

## (16)۔غوث عالم خواجہ محمد زمان ثانی (رمضان المبارک)

آپ خواجہ گل محمد کے صاحبزادے اور خواجہ محمد زماں (اول) کے پوتے ہیں آپ کی ولادت سے قبل حضرت سلطان اولیاء محمد زمان (اول) کے ایک خاص مرید حافظ ہدایت اللہ بار بار فرمایا کرتے تھے کہ مجھے سلطان الاولیاء نے دو بشارتیں دی تھیں ایک یہ کہ تم پر مرنے سے پہلے حقیقت احمدی ظاہر ہوگی اور دوسری ہم تمہاری زندگی میں ضرور واپس آئیں گے تو لوگ اعتراض کرتے تھے کہ مرا ہوا انسان کیسے واپس آسکتا ہے۔ لیکن ہدایت اللہ صاحب فرماتے تھے کہ میرے پیر کی بات جھوٹی نہیں ہوسکتی۔ آخر رمضان المبارک کے رحمتوں اور



برکتوں والے مہینہ میں ۱۱۹۹ھ میں وہ شمس طلوع ہوا آپ واقعی ہی خواجہ محمد زمان (اول) ہی تھے کیونکہ ان کا فرمان تھا کہ میں تمہاری زندگی میں واپس آؤں گا آپ کے خواجہ محمد زمان (اول) کے ساتھ نہ صرف نام میں مماثلت تھی بلکہ آپ کا اسم اور جسم اور حقیقت میں یعنی اپنے دادا خواجہ محمد زمان (اول) کے ساتھ نہ صرف نام میں مماثلت تھی آپ مادر زاد ولی تھے بچپن سے ہی کرامتوں کا ظہور ہونا شروع ہوگیا۔

حضرت خواجہ محمد زمان (اول) کے وہ مرید جو کہ ان کی عمر میں زندہ تھے وہ کہتے ہیں کہ آپ صورت وسیرت، عادات، ظاہر وباطن، خصائص وشمائل، نام وکام العرض ہر چیز میں اپنے دادا کے مماثل اور مشابہ ہیں۔

(سندھ کے صوفیاء نقشبند، حصہ اول، ص ۳۴۵)

آپ کا وصال ۱۷ صفر المظفر ۱۲۴۷ھ کو جمعرات کو شام غروب شمس کے وقت ہوا۔

## (17)۔خواجہ محمد سعید مہاجر مکی (رمضان المبارک ۱۲۶۴ھ)

آپ خواجہ محمد حسن شاہ مدنی کے صاحبزادے اور جانشین تھے آپ بھی مادرزاد ولی تھے۔ آپ کی ولادت باسعادت رحمتوں اور برکتوں والے مہینے رمضان المبارک میں ہوئی۔ آپ کی ولادت ۱۲۶۴ھ کو ہوئی دن اور تاریخ صحیح طور معلوم نہ ہوسکی۔ آپ نے علوم ظاہر سید علی شاہ بخاری صاحب سے حاصل کی اس کے علاوہ آپ کے والد کمال درجہ کے عالم تھے آپ نے درس حدیث اور تصوف کے علوم اپنے والد گرامی سے ہی حاصل کئے اس لئے آپ نے بھی علوم ظاہری اور باطنی میں کمال درجہ کی مہارت حاصل کی۔ ولایت کے بچپن میں ہی آثار موجود تھے اسی وجہ سے والد گرامی قطب وقت نے آپ کو خلافت واجازت سے نوازا۔ آخر چوتھے حج کے موقع پر مدینہ منورہ میں آپ کے والد گرامی کا انتقال ہوگیا تو وہیں دستار بندی کی گئی۔

Scanned with CamScanner

(سندھ کے صوفیاء نقشبند حصہ اول، ص ۳۸۱)

آپ دن رات ذکر الٰہی میں مصروف رہتے آپ کا زیادہ وقت ذکر واذکار، نماز اور مراقبے میں گزرتا یا پھر لوگوں کو قرآن وحدیث کے فیوض وبرکات سے مستفید کرتے اور رشد وہدایت فرماتے۔ آپ کی پوری زندگی ایک پیکر رسول تھی آخر اس محنت ومشقت اور مجاہدہ سے آپ کی طبیعت ناساز ہوئی اور ۲ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ کو اپنی جان آفرینندہ جان کے سپرد کردی۔

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے قریب مدفون ہوئے۔

(ایضاً صفحہ نمبر ۳۹۰)

## (18)۔ میاں پیر محمد (رمضان المبارک ۱۲۰۴ھ)

آپ حضرت خواجہ میاں محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ کے چھوٹے صاحبزادے تھے۔ آپ کی ولادت رمضان المبارک کے مسعود اور مبارک ماہ میں ۱۲۰۴ھ کو ہوئی آپ مادرزاد ولی تھے اسی وجہ سے آپ رمضان المبارک کے تقدس کے پیش نظر دن کو دودھ نہ پیتے اور افطاری کے وقت پیتے تھے۔ آپ نے لواری شریف میں جانشین وقت خواجہ احمد زمان رحمۃ اللہ تعالیٰ سے شرف بیعت حاصل کیا اور نقشبندی سلسلہ میں داخل ہوئے باطنی علوم اپنے مرشد اور والد گرامی سے حاصل کر کے سلوک کی منزلیں طے کرتے رہے اور اعلیٰ مقام سے فیض یاب ہوئے۔

آپ پیکر سنت واخلاص تھے اور بڑے بھائی خواجہ محمد صادق کے وصال کے بعد سجادہ نشین ہوئے۔ اور مریدوں کو اسرار وحقائق سے فیض یاب کرتے رہے اور ۶ شعبان المعظم ۱۲۷۵ھ کو اس دار فانی سے رخصت ہوگئے۔

(سندھ کے صوفیائے نقشبند حصہ دوم، ص ۳۶۹)



**نوٹ:۔**

(الحمدللہ کے فضل وکرم سے میری کوشش کے مطابق جہاں تک میں ڈھونڈ سکا وہ آپ کے سامنے حاضر خدمت ہے جن کی پیدائش رمضان المبارک میں ہے ابھی ان اولیاء کرام کے ذکر کرنے کی کوشش کروں گا کہ جن کا وصال وعرس رمضان المبارک میں ہے)

# اعراس ووصال

| | |
|---|---|
| حضرت سری سقطی | مفتی احمد یار خان |
| زلزلہ | علامہ ابوالفیض محمد عبدالکریم |
| حضرت سید میراں شاہ بھیکہ | حضرت خواجہ حبیب عجمی |
| حضرت داؤد وطائی | حضرت یحیٰ بن معاذ |
| شیخ شرف الدین بوعلی قلندر | قاضی حمید الدین ناگوری |
| پیر سید محمد امیر شاہ گیلانی | حضرت بایزید بسطامی |
| حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی | حضرت مخدوم محمد سیوستانی |
| ڈاکٹر محمد بن علی المالکی | حضرت پیر قمر الدین سیالوی |
| حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ | مفتی محمد رفیق صاحب |
| مفتی اقتدار احمد خان نعیمی | قاضی سید عبدالمالک |
| حضرت عزیزاں رامیتنی | سلطان علی خان تالپور |
| اختتامیہ | ماخذ ومراجع |

Scanned with CamScanner

## (1)۔حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ (۳رمضان المبارک)

آپ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے ماموں تھے آپ وہ پہلے فرد ہیں کہ جنہوں نے بغداد میں حقائق وتوحید کی بنیاد ڈالی (تذکرۃ الاولیاء ص۱۶۱)

ابتدائی دور میں آپ کی ایک دوکان تھی آپ نے کبھی بھی ناجائز نفع نہ کمایا یہی وجہ تھی کہ ایک دفعہ پورے بازار کو آگ لگ گئی مگر آپ کی دوکان کو کچھ نہ ہوا پھر آپ نے بطور شکرانہ دوکان کا سارا مال صدقہ کر دیا (ایضاً)

آپ دوکان میں ہی پردہ میں نوافل وعبادت کرتے اسی دوران ایک شخص کوہ لگام سے آیا اور پردہ اٹھا کر سلام کیا اور عرض کیا کہ کوہ لگام کے فلاں بزرگ آپ کو سلام کہہ رہے ہیں آپ نے سلام کا جواب دے کر فرمایا (اس بزرگ کے بارے میں) کہ مخلوق سے منقطع ہو کر عبادت کرنا مردوں کا کام ہے زندہ وہ ہے جو مخلوق سے وابستہ رہ کر یاد الٰہی کرے۔

(تذکرۃ اولیاء شیخ فریدالدین عطار ص۱۶۱)

حضرت جنید بغدادی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سری سقطی سے زیادہ عبادت گزار کسی کو نہیں دیکھا آپ کی زندگی کے ۹۸ سالوں میں سوائے مرض الموت کے انہیں کبھی لیٹا ہوا نہیں دیکھا گیا"

آپ فرماتے تھے کہ تصوف تین باتوں میں پایا جاتا ہے۔

(۱)۔صوفی کا نور معرفت اسکی پرہیز گاری کے نور کو نہ بجھادے۔

(۲)۔اپنے باطن سے کوئی بات نہ کہے جو نص قرآنی یا نص سنت سے ثابت ہو

(۳)۔کرامات دکھانے کی خاطر کوئی غیر محتاط بات نہ کر جائے۔

(تذکرے اور صحبتیں ص۸۸)



آخر آپ نے بستر علالت پر رہنے کی وجہ سے تین رمضان المبارک ۲۵۰ھ کو وصال فرمایا۔ (محفل اولیاء ص۱۲۴)

بعض روایات میں ۲۵۳ھ بھی وصال ملتا ہے۔

## (2)۔مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ (۳رمضان المبارک)

ماضی قریب میں اعلیٰ حضرت کے خلفاء وتلامذہ میں سے جن لوگوں نے دین اسلام کے انتشار کے لئے جدوجہد کی وہ تمام قابل ستائش ہیں لیکن آپ کے تلمیذ رشید شیخ التفسیر مفتی احمد یار خان نعیمی کا کردار سرفہرست ہے۔آپ کی ولادت باسعادت ۱۳۲۴ھ میں ضلع بدایون کے ایک صوفیانہ گھرانے مولانا یار محمد خان کے ہاں ہوئی آپ کے والد گرامی کا ایک بہت بڑا مدرسہ قائم کیا ہوا تھا آپ کی لوگ بڑی عزت کرتے تھے آپ کو (ملاجی) کہتے تھے۔

آپ کا خاندان شرافت اور دیانت اور علم کے لحاظ سے بہت معروف تھا ابتدائی تعلیم والد گرامی سے ہی حاصل کی پھر جامعہ شمس العلوم میں علامہ قدیر بخش بدایونی اور کچھ اسباق مولانا عزیز احمد صاحب سے پڑھے مدرسہ میں آپ کے ذوق کے سبب علیحدہ کمرہ مہیا تھا آپ کی پوری حیات مبارکہ اصولوں پر مبنی اور اوقات کار کی پابندی بہترین نمونہ تھی حتیٰ کہ ایام بیماری میں بھی آپ کے اوقات کار میں فرق نہ آتا تھا۔

آپ کی تصانیف کا عمر کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو ایک ایک دن میں کئی کئی صفحات تحریر میں آئیں آپ کی تالیفات اردو جو کہ ان گنت ہیں ایک نمایاں حیثیت رکھتی ہیں تبلیغی اشاعتی میدان میں آپ نے ان مٹ (نہ مٹنے والے) نقوش چھوڑے جو کہ رہتی دنیا تک آپ کے نام مبارک کو تابندہ رکھیں گے آخر یہ علم کا شمس ۳ رمضان المبارک ۱۳۹۱ھ کو غروب ہوا آپ کے آخری الفاظ کچھ یوں تھے کہ "اے اللہ پاکستان کی حفاظت فرما پھر یہ شعر پڑھا

Scanned with CamScanner

حج کرنے والے کعبہ کو جائیں گے    ہم سرکار کی گلی کو کعبہ بناتے جائیں گے

﴿انا للہ وانا الیہ راجعون﴾

## (3)۔زلزلہ (۳ رمضان المبارک)

ہمارے پاکستان کے مشرقی حصے میں ۳ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ بروز ہفتہ یعنی ۸ اکتوبر ۲۰۰۵ء صبح تقریبا 8:52 پر خوفناک قیامت خیز زلزلہ آیا جس میں سرحد کشمیر کا بڑا حصہ نیز پنجاب کا بھی کچھ حصہ متاثر ہوا بعض اطلاعات کے مطابق فوت ہونے والوں کی تعداد ۳ لاکھ کے قریب تک معلوم ہوئی ہے اور حقیقت تو یہ ہے تعداد کس طرح معلوم کی جا سکتی ہے کیونکہ کئی کئی بستیاں اور گاؤں پورے کے پورے صفحہ ہستی سے ہی مٹ گئے کئی ایسے ہیں جن پر پہاڑ گرے اور زمیں برابر ہوگئی ان کا شمار کس طرح کیا جا سکتا ہے زلزلہ کا سبب کیا ہے اعلی حضرت سے یہ سوال پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ زلزلہ گناہوں کے سبب سے آتا ہے تو صرف کشمیر وغیرہ میں ہی گناہ ہوتے تھے بلکہ یہ اللہ تعالی کی رحمت ہے ورنہ یہ تو واضح ہی ہے کہ پاکستان میں آج کل کیا اسلام پر ہو رہا ہے اور کیا؟ نہیں ہم انگریزوں کے غلام بنے ہوئے ہیں ان کے طرق پر گامزن ہیں اگر انگریز ہی پاور فل ہیں تو امریکہ میں آنے والے سیلاب (سمندری طوفان) کو روکتے پاکستان کے زلزلے کو روکتے نہیں بلکہ زندگی موت اللہ کے ہاتھ میں ہے ہماری مثال اس مچھلی کی طرح ہے جس نے کانٹا نگل لیا ہے اور پھر ادھر ادھر بھاگ رہی ہے اب تو وہ موت کے منہ میں آچکی ہے اور ہم نے بھی موت کا کانٹا نگل لیا ہے اب ہم جو کچھ مرضی کرلیں جو بھی ڈگریاں کمالیں کچھ بھی نہ کر سکیں گے اور اچانک موت آ کر دبوچ لے گی اور یہ بات یاد رہے کہ صرف گناہ گاروں پر ہی اللہ کا عذاب ہوتا ہے اور باقی جو اس ضمن میں فوت ہوئے ان میں کچھ نیک تھے اور کچھ اسلام میں اعلی مقام رکھتے تھے تو ان کے لئے یہ امتحان ہے اور اگر فوت ہو جائیں تو ان کے لئے بلندی درجات



کا سبب ہے۔ اس لئے ہمیں ایسی مشکلات میں فضول کلمات کفر سے بچنا چاہیئے کہیں ایسا نہ ہو کہ ہم ایمان سے ہی ہاتھ دھو بیٹھیں۔

اب صرف ایک صالح حکمران کی ضرورت ہے کیونکہ جذبہ ایمانی اس قوم میں موجود ہے صرف اس قوم کو منظم کرنے والا چاہیے اللہ تعالی ایسی آفات سے ہمیں محفوظ رکھے اور تمام شہیدوں کی مغفرت فرمائے۔ اور ہم سب کو گناہ کرتے ہوئے صرف اسی زلزلے کو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اسی گناہ میں ہم محو ہوں اور زلزلہ آجائے اور پلک جھپکنے میں ہمارا کچومر بن جائے۔

## (4)۔علامہ ابوالفیض محمد عبدالکریم ابدالوی رحمۃ اللہ علیہ (۴ رمضان المبارک)

آپ کا شمار پاکستان کے ان اصحاب علم وحکمت اور ارباب نظر و دانش میں ہوتا ہے کہ جنہوں نے دین اسلام کے احیاء اور اشاعت کا بیڑہ اٹھایا اپنے چراغ جلا کر ان چراغوں کے اجالے سے جہالت و گمراہی کو کافور کیا آپ نے تعلیم وتربیت وتبلیغ محدث اعظم پاکستان حضرت شیخ الحدیث محمد سردار احمد چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی اور بیعت وخلافت پیر محمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ بھیرہ شریف سے حاصل کی اسی وجہ سے آپ مجمع البحرین تھے آپ علوم وفنون میں مکمل مہارت رکھتے تھے آپ کے دارالعلوم چشتیہ رضویہ سے اب بھی کئی مومنوں کے دل منور ہو رہے ہیں آپکی خانقاہ ڈوگراں میں ہے اور اسی وجہ سے ڈوگراں عاشقان مصطفے کا قلعہ ہے اور ڈوگراں میں بہت سی مساجد اور مدارس ہیں آپ کا بیان عام فہم ہوتا تھا آپ ''توکل علی اللہ'' کے بہترین نمونہ تھے اور شاگردوں کو بھی یہی درس دیتے تھے آپ نے اپنے آرام کو ترک کر کے گھر گھر گاؤں گاؤں دین کے ڈنکے بجائے عشق مصطفے ﷺ کے چراغ روشن کیے علم ومعرفت کے پودے لگائے اور لوگوں کو پند ونصائح کیں آپ محدث عظیم ہونے کے ساتھ ایک عظیم مصنف

Scanned with CamScanner

بھی تھے کیونکہ آپ نے ۱۳ کتابیں مفصل و مدلل لکھیں۔

آخر یہ پیکر عشق و وفا ۴ رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ ۳۱ اکتوبر ۲۰۰۳ء بروز جمعۃ المبارک کو آٹھ بج کر پندرہ منٹ پر خانقاہ ڈوگراں میں دار فانی سے دار بقا کی طرف منتقل ہوگیا۔

﴿انا لله وانا اليه راجعون﴾

## (5)۔ حضرت سید میراں شاہ بھیکہ (۵ رمضان المبارک)

آپ سید یوسف شاہ کے صاحبزادے تھے جو کہ حسینی سید تھے اور آپکی والدہ کا نام بی بی ملکو تھا آپ ۷ رجب ۱۰۳۱ھ کو پیدا ہوئے (بستان معرفت ص ۱۰۹)

آپ کا نام محمد سعید تھا سید شاہ بھیکہ کنیت تھی جو کہ مشہور ہوئی شروع بچپن میں آپ ہر وقت کھیل کود میں مصروف رہتے ایک دن شاہ جلال فاضل مجذوب نے آپ کو دیکھا اور جان گئے کہ آپ سید یوسف کے فرزند ہیں تو انہوں نے پھر انہیں پند و نصائح کیں اور تعلیم کا آغاز کروایا پھر آپ نے بہت سیر و سیاحت کی اور بزرگوں سے فیوضات حاصل کیے آخر آپ حضرت شاہ ابو المعالی سے بیعت ہوئے اور باطنی فیوضات لیتے رہے یہاں تک آپ کی عبادت و ریاضت و مجاہدہ کی وجہ سے پیر و مرشد نے خود آ کر کہرام میں آپ کو پیراہن، کلاہ، جامہ اور چادر عطا فرمائی ایک مرتبہ نوان محمد شاہ (حاکم وقت) نے آپ سے دعا کی التجا کی کہ سلطنت اس کی اولاد میں رہے تو آپ نے مراقبہ کر کے فرمایا کہ محمد شاہ کو سلطنت حضرت نظام الدین اولیاء کی سفارش سے دو پشت کے لئے ملی تو اس میں کس کی مجال ہے کہ دخل دے۔ آپ ۵ رمضان المبارک ۱۱۳۱ھ کو واصل بحق ہوئے۔

## (6)۔ حضرت خواجہ حبیب عجمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (۹ رمضان المبارک)

حضرت حبیب عجمی بہت بڑے صاحب نسبت افضل اولیاء میں سے تھے لیکن آپ ابتدا



میں نہایت بدنام اور سخت دل تھے آپ بہت امیر تھے اور سود پر قرض دیتے تھے ایک دفعہ مقروض سے بکرے کی سری لی اسے پکا ہی رہے تھے کہ فقیر آیا اسے مایوس کر کے بھیجا پھر جب سری والا دیگچے کا ڈھکنا اٹھایا تو ایک عجیب منظر تھا اس میں زندہ خون بھرا ہوا تھا پھر اس وقت سے سود سے توبہ کر لی لوگ تمام سود خور کہتے تھے تنگ آ کر حضرت حسن بصری کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور ان کی چند باتوں نے دل کی دنیا ہی بدل کر رکھ دی آپ کی توبہ کی خبر فوراً ہر طرف پھیلی آپ حیران ہوتے تھے کہ ابھی توبہ کیے ہوئے ایک دن ہی گزرا ہے اللہ نے آپ کی خبر اپنے دوستوں اور بچوں تک پہنچا دی اور میرا نام نیکی کے ساتھ مشہور کر دیا۔

ایک دفعہ حضرت امام احمد بن حنبل نے سوال کیا کہ کسی آدمی کی پانچ نمازوں میں سے ایک نماز رہ گئی ہے تو کیا کرے تو آپ نے فرمایا سب نمازوں کی قضا کرے اس لئے کہ وہ خدا سے غافل ہو کر اس قدر بے عدلی کا مرتکب ہو گیا ہے کہ ایک نماز چھوڑ دی۔

(تذکرے اور صحبتیں، ص ۵۶، تذکرۃ الاولیاء، ص ۳۸)

ایک کنیز ۲۰ سال تک آپ کے ہاں رہی آپ نے اس کا چہرہ تک نہ دیکھا۔ ایک دن اسی کنیز کو کہنے لگے کہ کنیز کو بلاؤ اس نے عرض کی کہ حضور میں ہی ہوں۔ کیونکہ آپ اللہ کے خیال میں ہر وقت مست رہتے ہیں کسی کی طرف متوجہ نہ ہوتے یہی وجہ تھی کہ آپ نے اپنی کنیز کو نہ پہچانا

(الیضاً) (تذکرۃ الاولیاء، ص ۳۸)

آپ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ رضائے الٰہی کس چیز میں ہے؟ فرمایا "فی قلب ليس فيه ظبار النفاق" (اس دل میں جس میں نفاق کا غبار نہ ہو)

(تذکرے اور صحبتیں، ص ۵۷، تذکرۃ الاولیاء، ص ۳۸)

آپ نے ۱۲۰ھ میں ۹ رمضان المبارک کو اس دنیا فانی کو خیر آباد کہا۔

Scanned with CamScanner

## (7)۔ حضرت داؤد طائی علیہ الرحمۃ (۹ رمضان المبارک)

حضرت داؤد طائی علیہ الرحمۃ بڑی شان والے بزرگ ہیں۔ آپ امام ابوحنیفہ سے بھی شرف تلمذ حاصل کرتے رہے آپ نے بیس برس امام صاحب سے علم حاصل کیا۔ علم فقہ میں آپ کو بہت مہارت تھی آپ نے روحانی فیض حبیب رائی حضرت فضیل بن عیاض اور حضرت ابراہیم ادہم جیسی برگزیدہ ہستیوں سے بھی شرف نیاز حاصل کیا آپ وہ بزرگ ہیں کہ جن کی زندگی کو صرف ایک شعر نے بدلا۔ کسی گویے نے آپ کے سامنے یہ شعر پڑھا۔

باءیّ خدیک تبدء ی البلا — وباء ی عینک ماذاسالا

کونسا چہرہ خاک میں نہیں ملا — اورکونسی آنکھ زمیں پر نہیں بہی

جب آپ نے یہ شعر سنا تو عالم بے خودی میں امام حنیفہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اپنی طبیعت کا دنیا سے اچاٹ ہونے کے بارے میں بتایا اور کہا کہ نہ معلوم سی شے قلب کو مضطرب کئے ہوئے ہے۔ یہ سن کر امام صاحب نے فرمایا گوشہ نشینی اختیار کرلو آپ کی قناعت کا عالم یہ تھا کہ بیس دینا رورثہ میں ملے تھے بیس سال اسی سے اپنے اخراجات پورے کرتے رہے۔ ایک مرتبہ حضرت قاضی عیاض آپ کے ہاں پہنچے تو دیکھا کہ آپ روٹی کا ٹکڑا ہاتھ میں لئے رو رہے ہیں وجہ پوچھی تو فرمایا کہ دل تو یہ چاہتا ہے کہ اس کو کھالوں مگر یہ معلوم نہیں رزق حلال ہے یا نہیں۔ آپ لوگوں کو ہمیشہ پند ونصائح کرتے تھے موت سے ڈرنے کی تلقین کرتے اور فرماتے کہ دنیا سے روزہ رکھو اور آخرت میں افطار کرو آپ فرماتے کہ ترک دنیا سے بندہ خدا تک رسائی حاصل کرلیتا ہے۔ (تذکرۃ الاولیاء صفحہ نمبر ۱۳۶، ۱۳۷، ۱۳۸)

کسی نے آپ کو خواب میں پرواز کرتے دیکھا اور یہ کہتے سنا کہ آج مجھے قید سے چھٹکارا مل گیا اور بیدار ہوکر تعبیر پوچھنے آیا تو آپ کی وفات کی خبر سنی تو کہنے لگا تعبیر مل گئی (ایضاً)



آپ نے ۹ رمضان المبارک ۱۶۲ھ کو وصال فرمایا۔

## (8)۔ شیخ شرف الدین بوعلی قلندر (۹ رمضان المبارک)

حضرت شرف الدین بوعلی قلندر صاحب جذب اور صاحب کرامت تھے۔ آپ فخر الدین صاحب کے صاحبزادے اور حضرت امام ابوحنیفہ (کوفی) کی اولاد میں سے ہیں۔ والدہ کا نام بی بی فاطمہ ہے۔ آپ پانی پت میں پیدا ہوئے۔ آپ کا نام شرف الدین ہے اور بوعلی کہلانے کی وجہ یہ ہے کہ ایک دفعہ آپ منبر پر جوش وخروش سے وعظ فرمارہے تھے کہ ایک فقیر آیا اور کہا کہ اے شرف الدین افسوس ہے کہ تو جس کام کیلئے پیدا کیا گیا ہے وہ تو نے بالکل فراموش کردیا ہے۔ پھر آپ نے مکتب کو ترک کیا اور حضرت شہاب الدین عاشق خدا کے مرید ہوئے اور بارہ برس تک دریا میں استغراق کے عالم میں کھڑے رہے یہاں تک کہ مچھلیوں نے آپکی پنڈلیوں کا گوشت تک کھالیا پھر ندا آئی ہم نے تیری عبادت قبول کرلی ہے مانگ جو کچھ چاہتا ہے اور دریا سے باہر نکل آ۔ آپ نے فرمایا "تو خود نکال تو نکلوں گا" اسی وقت ایک بزرگ نے آکر گود میں لے لیا آپ نے جھنجلا کر کہا اے شخص تو کون ہے؟ جس نے میری بارہ سال کی محنت ضائع کی تو اس شخص نے فرمایا میں علی ہوں آپ قدموں پر گر پڑے حضرت علی نے آپ کو باطنی نعمتوں سے مالا مال کردیا۔ اسطرح آپ بوعلی قلندر مشہور ہوئے۔

ایک دفعہ پانی پت کی تمام عورتیں جو بے اولاد تھیں اولاد کی فریاد لے کر آئیں آپ نے پان کا ایک ایک ٹکڑا سب کو کھلا دیا صرف ایک عورت کے علاوہ تمام نے کھالیا اور مدت گزرنے کے بعد سب کی مرادیں بر آئیں سوائے اس عورت کے وہ نادم ہوکر بارگاہ میں آئی اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور بتایا کہ میں نے وہ پتھر کے نیچے پان کا ٹکڑا دبا دیا تھا تو آپ نے فرمایا غمگین ہونے کی کیا بات ہے جا وہ پتھر اٹھا کر دیکھ جب دیکھا گیا تو وہ حیران رہ گئی بچہ پتھر کے نیچے کھیل رہا تھا۔

Scanned with CamScanner

آپ نے ۹ رمضان المبارک ۲۴ے ھ کو انتقال فرمایا۔ (تذکرہ اولیائے ہند، ص ۱۰۴)

## (9)۔قاضی حافظ حمید الدین ناگوری (۱۰ رمضان المبارک)

حضرت قاضی حمید الدین ناگوری ارض ہند کے اولیائے کبار میں شمار ہوتے ہیں۔آپ جس کو مرید بنا لیتے تھے اسی کو کامل کر دیتے تھے آپ کا لقب سلطان العارفین آپکو حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے ملا تھا کیونکہ خواجہ نواز نے منادی کردی کہ جس کا جو دل چاہے مانگے جو مانگے وہ پائے۔ جو خواہش ہے وہ مولا کی خواہش کے مطابق ہے۔ یہ سن کر آپ بہت خوش ہوئے اور آپ کو سلطان العارفین کہا جسکی وجہ سے آپ اسی لقب سے مشہور ہوئے آپ کو بیعت وخلافت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری سے ہی ملی۔

پیشہ کے اعتبار سے آپ کے پاس کچھ زمین تھی جس میں آپ خود ہل چلا کر گزر بسر کرتے تھے آپ حافظ بھی تھے اور شاعر بھی مصنف بھی تھے اور متصوف بھی تھے آپ شیخ شریعت بھی تھے اور شیخ طریقت بھی تھے آپ کی سب سے مشہور کتاب اصول طریقہ ہے علم کے حصول پر بہت زور دیتے تھے آپ کے مکتوبات تصوف سے بھرے ہوئے ہیں۔

(تذکرۃ الاولیائے پاک وہند ص ۶۴ محفل اولیاء ص ۲۹۱)

آپ نے ۱۰ رمضان المبارک کو ۶۷۸ ھ کو وصال فرمایا اور مزار شریف ناگور میں ہی واقع ہے۔

## (10)۔حضرت پیر سید محمد امیر شاہ الگیلانی (۱۳ رمضان المبارک)

آپ حضرت شاہ محمد غوث قادری جو کہ جمعیت علمائے پاکستان کے مرکزی سینئر نائب صدر تھے ان کے سجادہ نشین تھے آپ نے تقریبا اڑھائی درجن کتابوں کی تصنیف فرمائی مزاج میں حد درجہ اخلاص، نرمی اور شفقت پائی جاتی تھی۔



قائد اعظم محمد علی جناح جب پشاور جاتے تو آپ کے والد گرامی کے مہمان بنتے تھے اس وجہ سے تو دین و مذہب اور ملک وملت کے لئے قربانیاں دینا آپ کو ورثہ میں ملا ہوا تھا ۔آپ کو قائد اہل سنت مولانا شاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اور مولانا عبدالستار نیازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا کافی اعتماد حاصل تھا آپ سلسلی اور نسبی سید تھے کیونکہ آپ کے دادا پیر دادا تمام ایک دوسرے کے مرید تھے آپ نے ۸۴ برس عمر پا کر ۱۳ رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ کو وصال فرمایا آپ کا جنازہ پشاور کی تاریخ میں سب سے بڑا جنازہ تھا ایک اندازے کے مطابق جنازے کی تعداد ایک لاکھ بتائی گئی۔ (اہلسنت)

## (11)۔حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (۱۴ رمضان المبارک)

آپ ایک بہت بڑے ولی اور شیخ ہو گزرے ہیں آپ نے ریاضت اور مجاہدہ سے قرب الٰہی کیا حضرت جنید بغدادی کا قول ہے کہ حضرت بایزید بسطامی کو اولیاء میں وہ مقام حاصل ہے جو حضرت جبریل کو ملائکہ میں حاصل ہے اور مقام توحید میں تمام بزرگوں کی انتہا آپ کی ابتدا ہے کیونکہ آپ کا ہی قول ہے کہ لوگ اگر دو سال تک بھی گلشن معرفت میں سرگشتہ رہیں جب کہیں جا کر ان کو وہ ایک پھول مل سکتا ہے جو مجموعی طور پر ابتدا ہی میں مجھے مل گیا۔

آپ نے بچپن میں جب مکتب میں سورہ لقمان کی یہ آیت پڑھی کہ ﴿ان اشکر لی ولوالدیک﴾ میرا شکر اور والدین کا شکر ادا کرو تو آپ نے سیدھے جا کر والدہ سے کہا کہ مجھ سے دو ہستیوں کا شکر بیک وقت ادا نہیں ہوتا لہذا آپ مجھے خدا سے طلب کر لیں تا کہ میں آپ کا شکر ادا کروں یا پھر اس کے سپرد کر دیں تا کہ اس کے شکر میں مشغول ہو جاؤں پھر آپ کی والدہ نے کہا میں اپنے حقوق سے دستبردار ہو کر تجھے خدا کے سپرد کرتی ہوں پھر آپ شام کی طرف نکل گئے اور بہت سے بزرگوں سے فیض حاصل کیا اور خصوصی فیض امام جعفر صادق سے ملا اور انہوں نے آپ کی باطنی تکمیل کر کے بسطام کی طرف واپس بھیجا پھر جب آپ گھر آئے تو والدہ وضو کرتے ہوئے

Scanned with CamScanner

فرمارہی تھیں یا اللہ میرے مسافر کو راحت پہنچا اور بزرگوں سے اسکو خوش رکھ کر اچھا بدلہ دے یہ سن کر آپ زار و قطار رونے لگے اور پھر والدہ سے ملاقات کی تو والدہ نے فرمایا کہ تم نے اس قدر طویل سفر اختیار کیا کہ روتے روتے میری بصارت ختم ہوگئی اور تیرے غم سے میری کمر جھک گئی ایک رات آپ کی ماں نے پانی مانگا پھر انہیں نیند آگئی آپ پانی ندی سے لیکر آئے والدہ کو سویا ہوا پایا شدید سردی کا موسم تھا پوری رات آپ ماں کے پاس پانی لیکر کھڑے رہے والدہ نے اٹھ کر پانی پیا تو فرمایا تم نے پانی ادھر رکھ کیوں نہ دیا تو آپ نے فرمایا میں ڈرتا تھا کہ آپ پھر پانی مانگیں اور میں حاضر نہ ہوں یہ بات سن کر آپ کی والدہ بہت خوش ہوئیں اور دعاؤں سے نوازا انہی دعاؤں کا نتیجہ تھا کہ آپ اس مقام پر پہنچے کہ فرمایا "تین سال تک تو اللہ تعالی میرا آئینہ بنا رہا لیکن اب میں خود آئینہ بن گیا ہوں اس لئے کہ میں نے اس کی یاد میں خود کو بھی فراموش کر دیا ہے اور اب اللہ تعالی میری زبان بن چکا ہے یعنی میری زبان سے بولنے والا اللہ ہے اور اسوقت میرا وجود درمیان سے ختم ہو جاتا ہے یہی وجہ تھی کہ آپ عالم جذب میں کئی ایسے الفاظ کہہ دیتے جو ایک عام انسان کے لئے کلمہ کفر ہیں لیکن مجذوب مرفوع القلم ہوتا ہے آپ ۱۴ رمضان المبارک ۲۶۱ھ کو دار فانی سے دار باقی کی طرف منتقل ہوئے اور بسطام میں ہی مدفون ہوئے۔

(تاریخ مشائخ نقشبندیہ ص ۸۱، تذکرۃ الاولیاء ص ۸۸، محفل اولیاء ص ۱۷)۔

## (12)۔حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ (۱۵ رمضان المبارک)

آپ کا اسم گرامی علی بن احمد اور کنیت ابوالحسن ہے طریقت میں آپ نے سلطان العارفین بایزید بسطامی سے روحانی تربیت حاصل کی آپ کی تربیت حضرت بایزید نے بطریق اویسیت کی کیونکہ آپ کی ولادت حضرت بایزید کی وفات کے بعد ہوئی آپ کے شب و روز ریاضت و مجاہدہ میں بسر ہوتے تھے آپ کے زہد و عبادت، تقوی و پرہیزگاری اور سلوک و معرفت



کے پیش نظر ہی حضرت شیخ ابوالعباس قصاب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ ہمارے بعد ہمارا بازار ابوالحسن خرقانی سنبھالیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا کیونکہ حضرت استاذ ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ میں جب خرقان کی حدود میں داخل ہوا تو حضرت ابوالحسن خرقانی کی دہشت سے میری فصاحت و بلاغت جاتی رہی میں نے خیال کیا کہ میں اپنی ولایت سے معزول ہو گیا ہوں۔

شروع شروع میں بارہ سال آپ کا یہ معمول تھا کہ عشاء کی نماز ادا کر کے خرقان سے بسطام جاتے دیدار و حاضری دیتے پھر واپس آتے حتی کہ مزار کی طرف پیٹھ نہ کرتے اور عشاء کے وضو سے خرقان میں فجر ادا فرماتے بارہ سال کے بعد آپ نے بایزید بسطامی سے خلافت پائی۔

یہ بھی روایت ہے کہ حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ تعالی ہر سال ایک مرتبہ دہستان اسی راستے سے گزر کر جاتے تو فرقان کے علاقے میں ٹھہر کر اس طرح سانس لیتے جیسے کوئی خوشبو سونگھتا ہے پوچھا گیا تو فرمایا کہ چوروں ڈاکوؤں اور راہزنوں کے اس گاؤں میں مجھے ایک مرد خدا کی خوشبو آتی ہے جس کا نام علی اور کنیت ابوالحسن ہوگی پھر آپ نے فرمایا کہ وہ مجھ سے تین درجہ آگے ہوگا کہ وہ اہل وعیال کا بوجھ اٹھائے گا کھیتی باڑی کرے گا اور درخت لگایا کرے گا۔

آپ نقشبندی ہونے کی وجہ سے سماع کے خلاف تھے ایک مرتبہ سماع شروع ہوئی تو آپ اٹھے سات مرتبہ زمین پر پاؤں مارا خانقاہ کی دیواریں ہلنے لگیں رقص کرنے لگیں پھر لوگوں نے روکا تو آپ رکے پھر فرمایا سماع اس شخص کے لئے جائز ہے کہ جس کی نظر اوپر عرش معلی تک اور نیچے تحت الثری تک ہو۔

آپ نے پیر و مرشد کے ادب میں موت کے وقت فرمایا کہ میری قبر تیس گز گہری کرنا تا کہ حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ تعالی علیہ کی قبر سے اونچی نہ ہو آپ نے ۱۵ رمضان المبارک ۴۲۵ھ کو وصال فرمایا اور خرقان ہی میں مدفون ہوئے۔(تاریخ مشائخ نقشبندیہ ص ۹۴)

Scanned with CamScanner

## (13)۔حضرت مخدوم سیوستانی (۱۵رمضان المبارک)

آپ حضرت مخدوم محمد عارف کے صاحبزادے اور مخدوم عبدالواحد سیوستانی کے سجادہ نشین تھے آپ جذبی کیفیت اور کشف جیسی صفات رکھتے تھے۔

آپ نے شریعت وطریقت کی تکمیل اپنے والد گرامی سے ہی کی آپ کی زبان اتنی صاحب کرامت تھی کہ جو کچھ کہہ دیتے وہی کچھ ہو کر رہتا اور جذبی کیفیت آپ پر اس طرح رہتی تھی کہ اکثر آپ نماز میں ہی سندھی زبان میں اپنے رب سے مناجات کرنا شروع کر دیتے اور کبھی ایک رکعت ہی ادا کرکے سلام پھیر دیتے آپ کے فیوضات کو لوٹنے کے لئے تمام لوگ آتے حتی کہ ہندو، سکھ وغیرہ بھی آکر آپ کی تعظیم وتکریم کرتے اور دعائیں لےکر جاتے اور آپ کے وقت کے حکمران بھی آپ کے سارے خاندان کی عزت کرتے تھے۔

آپ سادات کرام کی بہت تکریم کرتے تھے اسی سبب سے تو آپ کو یہ مقام عالی ملا اور اسی قرب الٰہی کے باعث ہی آپ کا وصال بھی رمضان المبارک میں ہوا آپ ۱۵رمضان المبارک ۱۳۱۶ھ کو اس دنیا سے دوسری دنیا کی طرف رخصت ہوئے۔

(سندھ کے صوفیائے نقشبند حصہ اول ص ۴۹۹)

## (14)۔ڈاکٹر محمد بن علی مالکی (۱۵رمضان المبارک)

حضرت فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر محمد بن علوی المالکی رحمۃ اللہ علیہ کا شمار دنیائے عرب کے سرخیل علماء اسلام میں ہوتا ہے۔آپ شہرت یافتہ ''مصنف، محقق، دانشور اور سکالر تھے آپ مسلک کے اعتبار سے مالکی اور قادری بزرگ تھے۔آپ کی ولادت مکہ مکرمہ میں ہوئی آپ کے والد گرامی الشیخ السید علوی المالکی کے وصال مبارک کے بعد لوگوں کے اصرار پر آپ مکہ مکرمہ میں اپنے والد گرامی کی مسند پر لوگوں کو درس دیتے رہے۔آپ ۱۴۲۱ھ تک مکہ مکرمہ میں درس دینے



کے فرائض انجام دیتے رہے اور ریڈیو پر بھی آپ کا درس نشر ہوتا رہا آپ نے الجزائر، انڈیا، کینڈا، انڈونیشیا، مراکش، لندن، پاکستان اور اس کے علاوہ بہت سے ممالک میں انٹرنیشنل کانفرنسوں میں فروغ اسلام کیلئے شرکت کی۔آپ کے مزاج میں کمال درجہ کی نرمی، سنجیدگی اور متانت پائی جاتی تھی۔آپ نے تقریباً پچاس کتابوں کی تصنیف کی آپ قادری سلسلہ میں اس طرح داخل تھے کہ آپ کو خلیفہ امام احمد رضا خان صاحب حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی سے خلافت واجازت ملی تھی اور آپ کے والد گرامی اور جد امجد کو مفتی ہند مولانا شاہ مصطفیٰ رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ سے طریقت میں اجازت ملی تھی۔آپ نے مکہ ہی میں دنیا کو خیر آباد کیا اور ۱۵رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ کو دنیا سے رخصت فرمائی۔

## (15)۔حضرت پیر قمرالدین سیالوی (۱۸رمضان المبارک)

حضرت پیر قمرالدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ وہ منور قمر ہیں کہ جن کی روشنیوں سے نہ صرف برصغیر کا گوشہ گوشہ روشن ہوا بلکہ عالم میں فیضان جاری ہے۔آپ کی ذہانت، فراست، علمی مقام اور درویشی صفت کا ڈنکا چاردانگ عالم میں بج رہا ہے۔آپ کی زندگی کا ہر ہر لمحہ اشاعت دین اور پیغام اخوت کیلئے وقف رہا۔آپ کی ولادت ۱۵جمادی الاولی کو ہوئی آپ کا نام نامی اسم گرامی سجادہ نشین شمس العارفین اور صاحبزادہ شمس العارفین حضرت خواجہ محمد الدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ نے محمد قمرالدین سیالوی رحمۃ اللہ علیہ رکھا۔آپ کی تعلیم وتربیت حضرت خواجہ محمد ضیاء الدین رحمۃ اللہ علیہ نے کی آپ نے بڑے بڑے جید علماء کے پاس درس نظامی مکمل کیا اور چھوٹی عمر میں ہی ''کنز الدقائق'' کے ایک مشکل مقام کی تشریح عربی زبان میں لکھ کر بڑے بڑے فضلا کو حیرت میں ڈال دیا۔

چوبیس سال کی عمر میں جب حضرت محمد ضیاء الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا وصال

Scanned with CamScanner

مبارک ہوا مسند سجادگی پر متمکن ہوئے۔آپ کو بہت سے علوم پر دسترس حاصل تھی حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے ہر باطل فرقہ کو مناظرہ کیلئے للکارا اور آخر اسے بھاگنے پر مجبور کر دیا اور اہل سنت کا جھنڈا بلند کر دیا۔ ۱۹۶۵ء کی جنگ میں شیخ الاسلام چودہ دن تک رائفل لئے لاہور کے محاذ پر موجود رہے اور اپنے گھر کے تمام زیورات جنگ کے فنڈ میں جمع کرا دیئے اور کسی کو خبر بھی نہ ہونے دی اور جہاد کشمیر میں عقیدت مندوں کے ساتھ پچاس ہزار کا سرحد سے اسلحہ لے کر شرکت فرمائی۔

تحریک ختم نبوت و تحریک نظام مصطفیٰ کے عروج میں آپ کا کردار نمایاں ہے۔

حضرت شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ وصال سے پہلے اکثر اپنی زبان سے یہ شعر پڑھتے تھے۔

خون دل دے کے نکھاریں گے رخ برگ گلاب
ہم نے گلشن کے تحفظ کی قسم کھائی ہے

۱۵ رمضان المبارک ۱۴۰۱ھ کو باوجود اصرار کے آپ سفر پر روانہ ہوئے اور ایکسیڈنٹ سے شدید زخمی ہوئے اور ۱۸ رمضان المبارک ۱۴۰۱ھ کی رات ۱۷ اور ۱۸ رمضان المبارک کی درمیانی شب رات پونے گیارہ بجے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

(انا للہ و انا الیہ راجعون)

## (16)۔حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی (۱۸ رمضان المبارک ۷۵۷ھ)

آپ کے والد گرامی کا نام سید یحییٰ اور دادا کا نام سید عبد اللطیف تھا آپ صحیح النسب سید تھے آپ اودھ میں پیدا ہوئے۔نو برس کے تھے کہ دست پدر سر سے اٹھ گیا اور والدہ پر تمام تربیت و تعلیم کا بار آ گیا۔آپ کی والدہ بھی بڑی عقلمند اور نیک دل سیدہ تھیں انہوں نے اپنی تمام تر توجہ اپنے اس فرزند پر کر دی۔آپ مولانا عبد الکریم شیروانی کے درس میں بھی تعلیم پاتے رہے اور مولانا افتخار الدین گیلانی سے بھی پڑھا البتہ آپ بہت جلد ہی علوم ظاہر میں ماہر ہو گئے۔

Scanned with CamScanner



والدہ ماجدہ کی توجہ تو آپ کی تربیت کی طرف تو ہی تھی مگر آپ کی حالت کچھ اور تھی۔ آپ ہمیشہ روزہ رکھتے کبھی نماز باجماعت قضاء نہ ہوتی آپ ایک بزرگ کی صحبت میں رہتے تھے جس کی وجہ سے آپ کی طبیعت عبادت و ریاضت کی طرف خود ہی مائل ہو گئی۔چالیس سال تک آپ کا عبادت و ریاضت و مجاہدہ کا یہی معمول رہا۔پھر دہلی آ کر سلطان المشائخ کے مرید رہے اس کے بعد آپ شیخ کے پاس ہی زیادہ رہے اور وہاں بھی آپ عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے آخر آپ نے پیر و مرشد سے خلافت پائی۔آپ کا اخلاق نہایت بلند تھا دشمن کیساتھ بھی ایسا سلوک کرتے جو کہ دوستوں کے ساتھ بھی کوئی کم ہی کرتا ہے۔

ایک تراب نامی شخص نے آپ کو شدید زخمی کیا اور مریدوں نے اس کو پکڑ لیا اور اس کو قتل اور مار پیٹ کا ارادہ کیا لیکن آپ نے اسی زخمی حالت میں اس کو بلا کر انعام عطا کیا اور فرمایا! بادشاہ سلطان محمد تغلق نے آپ کو مارنے کا ارادہ کیا اس طرح کہ ضیافت پر بلائیں گے اور کھانا طلائی اور نقرئی میں پیش کریں گے اگر کھالیا تو خلاف شرع کی وجہ سے دھرلیں گے نہ کھایا تو گستاخ سلطان کے دھرلیں گے آپ کو ان کے ناپاک ارادوں کا پتہ چل گیا آپ ان کی ضیافت پر گئے اور کھانا برتنوں سے ہاتھ پر ڈال کر دوسرے ہاتھ سے کھانا شروع کر دیا جس سے سب شرمندہ ہو گئے۔

(محفل اولیاء،ص۳۳۱)

آپ کا وصال مبارک بعض روایات میں ۱۷ رمضان المبارک اور بعض روایات میں ۱۸ رمضان المبارک ۷۵۷ھ کو ملتا ہے آپ کا مزار مبارک دہلی کے قریب ہی واقع ہے

## (17)۔حضرت یحییٰ بن معاذ (۱۸ رمضان المبارک ۱۵۷ھ)

حضرت یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ آپ ان اولیاء کرام میں سے ہیں کہ جن کو حقائق و دقائق پر مکمل دسترس حاصل تھی۔اور تاثیر آمیز مواعظ کی وجہ سے آپ کو واعظ کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا۔آپ عہد طفولیت ہی سے معارف و حقائق سے اسطرح آشنا رہے کہ کبھی گناہ کبیرہ کا

ارتکاب نہ کیا۔ آپ اپنی عبادت وریاضت کی بناپر ممتاز زمانہ رہے۔ بعض عظیم بزرگانِ دین کا مقولہ ہے کہ دنیا میں دو ہی یحییٰ ہوئے ہیں۔ اول حضرت یحییٰ بن ذکریا علیہ الصلوۃ والسلام اور دوسرے حضرت یحییٰ بن معاذ۔ حضرت یحییٰ کو تو منازل خوف طے کرنے کا شرف حاصل ہوا اور یحییٰ بن معاذ نے رجا کی جادہ پیمائی میں مقام حاصل کیا۔

## (18)۔ مفتی محمد رفیق صاحب (۲۰ رمضان المبارک ۱۴۲۲ھ)

حضرت علامہ مفتی محمد رفیق صاحب ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو میانوالی ضلع سرگودھا میں پیدا ہوئے۔ مفتی صاحب کے والد مفتی غلام جیلانی شاہسوارِ علم وعمل تھے۔ مفتی محمد رفیق صاحب کی مادری زبان پنجابی تھی مگر عربی، اردو اور فارسی میں مہارت کا یہ عالم تھا کہ آپ جس زبان میں گفتگو کرتے وہی آپ کی مادری زبان معلوم ہوتی تھی۔ سمندر کو کوزے میں بند کرنا صرف آپ جیسے لوگوں ہی کی بات تھی۔ آپ کی خوش نویسی کا یہ عالم تھا کہ آپ کی تحریر پر ایک عام لکھنے والے سے لیکر ماہر کاتب تک اور علماء سے لیکر ججز تک جس کسی کی بھی نظر پڑی وہ انگشت بدندان رہ گیا۔ آپ کو جملہ علوم متداولہ، عقلیہ ونقلیہ پر کامل دسترس حاصل تھی۔ آپ مختصر علالت کے بعد بروز جمعرات ۲۰ رمضان ۱۴۲۲ھ بمطابق ۶ دسمبر ۲۰۰۱ء کو اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔

## (19)۔ مفتی اقتدار خان نعیمی (۲۱ رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ)

مفسر قرآن حضرت حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہٗ کے فرزند ارجمند نامور عالم دین، محقق، مناظر اور مفسر مفتی اقتدار احمد خان صاحب نعیمی آپ برصغیر پاک وہند کے عظیم علمی وروحانی خاندان کے صاحبِ علم اور متقی چشم وچراغ تھے۔ آپ نہایت زیرک اور باشعور ہستی تھے اسلامیانِ پاکستان کا وقار تھے۔ خطۂ گجرات کیلئے انکا وجود بالخصوص اللہ تعالیٰ کا خاص انعام تھا۔ آپ نے شدید بیماری اور تکلیف کے باوجود جس انداز میں خدمت قرآن کریم کا سلسلہ



جاری رکھا وہ آپکا جہاد تھا۔ آپ نے برطانیہ میں طویل علالت کے بعد ۱۲ رمضان المبارک ۱۴۲۵ھ بمطابق ۵ نومبر ۲۰۰۴ء کو انتقال فرمایا۔

## (20)۔ قاضی سید عبدالملک (۲۵ رمضان المبارک ۸۶۴ھ)

حضرت قاضی عبدالملک کئی سلسلوں سے وابستہ تھے۔ آپ سلسلہ چشتیہ، جہانیہ، قادریہ، سہروردیہ میں حضرت سید جلال الدین بخاری کے مرید اور خلیفہ تھے۔ قاضی عبدالملک نے حضرت قاضی شیخ قوام الدین دہلوی سے بھی خرقۂ خلافت پایا۔ آپ نے ۲۵ رمضان المعظم ۸۶۴ھ کو وفات پائی اور آپ کا مزار بہرائچ میں مولوی شاہ نعیم اللہ کے مزار کے قریب ہے۔

(تذکرۃ الاولیاء پاک وہند، ص ۲۰۰)

## (21)۔ حضرت عزیزاں رامیتنی (۲۷ رمضان المبارک ۷۲۱ھ)

آپ خواجہ محمود فغنوی قدس سرہٗ کے خلفاء میں سے ہیں۔ آپ ۵۹۱ھ کو رامیتن میں پیدا ہوئے۔ اتفاقات زمانہ سے آپ رامیتن سے باورد میں تشریف لائے۔ اور عرصہ دراز تک یہاں لوگوں کو راہ خدا بتاتے رہے۔ خوارزم گئے اور حسب معمول ہدایت خلق اور ریاضت اور مجاہدہ میں مشغول رہے۔ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے صحبت دار تھے۔ آپ ہر وقت عبادت خداوندی میں مشغول رہتے۔ آپ ۲۷ رمضان المبارک ۷۲۱ھ بمطابق ۱۳۲۱ء کو آپ اپنے پروردگار سے جاملے۔

(تاریخ مشائخ نقشبند، ص ۱۳۵)

## (22)۔ سلطان علی خان تالپوری ۱۲۱۹ھ

آپ خواجہ محمد زمان کے ذی استعداد مریدوں میں سے باکمال بزرگ تھے۔ آپ نہ صرف عربی، فارسی کے متجر عالم تھے بلکہ حکیم حاذق اور فلسفہ فلکیات اور علم نجوم کے بھی بڑے ماہر

Scanned with CamScanner

تھے۔آپ نے اپنی تصنیف میں جہاں تالپور حکمرانوں کی، علماو حکما کی ناقدری کے بہت شکوے کئے ہیں وہاں اپنے مرشد خواجہ محمد زمان کی بہت تعریف کی ہے۔"زیج سلطان علی خانی" میں تاریخ تالیف رمضان ۱۲۱۹ھ درج ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ تیرھویں صدی کے صوفیاء میں سے ہیں (سندھ کے صوفیاء نقشبند، جلد دوم، ص ۲۹۳)

## اختتامیہ:۔

اللہ رب العزت کا بے حد کروڑھا شکر ہے کہ جس نے مجھے یہ ہمت دی کہ جو کام میں نے "۲۵ ستمبر ۲۰۰۵" کو شروع کیا تھا آج اس کے فضل وکرم کے ساتھ "۱۴ اپریل ۲۰۰۶" بروز جمعۃ المبارک صبح ۷ بج کر ایک منٹ پر پائے تکمیل تک پہنچا۔(یا اللہ تیرا کروڑھا شکر ہے) دعا ہے کہ خداوند ہمیں سیدھے راستے پر چلنے کی توفیق دے۔ "آمین ثم آمین"

طالب دعا:۔

محمد برھان الحق جلالی



# ☆ مآخذ مراجع ☆


### تفاسیر

1۔قرآن مجید فرقان حمید
2۔خزائن العرفان و کنز الایمان
3۔تفسیر نعیمی
4۔تفسیر ضیاء القرآن
5۔تفسیر مظہری
6۔تفسیر قرطبی
7۔تفسیر روح البیان
8۔تفسیر صاوی
9۔تفسیر عزیزی
10۔تفسیر تبیان القرآن
11۔تفسیر الدر المنثور

### کتب احادیث

1۔بخاری شریف
2۔مشکوۃ شریف
3۔بیہقی شریف
4۔ابن ماجہ شریف
5۔ترمذی شریف
6۔مسلم شریف
7۔سنن نسائی شریف
8۔الترغیب والترھیب
9۔زرقانی شریف
10۔طحاوی شریف
11۔مصنف ابن ابی شیبہ
12۔بزاز شریف
13۔عمدۃ القاری
14 کنز العمال
15۔شعب الایمان
16۔موطا امام مالک
17۔جامع المسانید
18۔صحیح ابن خزیمہ
19۔جامع الصغیر
20۔طبرانی شریف
21۔مسند امام احمد


Scanned with CamScanner

## ﴿فقہی کتب﴾

1۔بہار شریعت

2۔فتاوی رضویہ

3۔فتاوی امجدیہ

4۔فتاوی نوریہ

5۔البحر الرائق

6۔فتاوی عالمگیری

7۔فتاوی قاضی خان

8۔فتاوی ہندیہ

9۔نور الایضاح

10۔در مختار ورد المحتار

11۔الجوہرۃ النیرۃ

12۔المختصر القدوری

13۔البدائع الصنائع

14۔کنز الدقائق

## ﴿تاریخی کتب﴾

1۔تاریخ اسلام

2۔تاریخ ابن خلدون

3۔تاریخ الخلفاء

4۔تاریخ مشائخ نقشبندیہ

5۔طبقات ابن سعد

6۔سیرۃ النبی

7۔ضیاء النبی

## ﴿متفرق کتب﴾

1۔سید عبد القادر جیلانی

2۔رمضان المبارک

3۔فیضان رمضان

4۔کلیات اقبال

5۔فضائل رمضان

6۔اللہ کے سفیر

7۔تذکرہ اولیائے پاک و ہند

8۔المفردات

9۔تحفۃ الواعظین

10۔تذکرۃ الاولیاء

11۔سندھ کے صوفیائے نقشبند

12۔سالک السالکین

Scanned with CamScanner



13۔جنتی زیور

14۔تذکرۃ الواعظین

15۔مکاشفۃ القلوب

16۔محفل اولیاء

17۔تذکرے اور صحبتیں

18۔تنبیہ الغافلین

19۔رضائے مصطفےٰ گوجرانوالا

20۔ماہنامہ جلالیہ بھکھی شریف

21۔جمال کرم لاہور

22۔اخبار جناح

23۔روزنامہ نوائے وقت

24۔ماہنامہ اہل سنت

25۔ماہنامہ ضیائے حرم